کِتابُ المُرکبّات

المعروف

مخزن المُرکبّات

مع

عِلاج الامراض و معلم دواسازی

شمس الاطبا حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی خان صاحب

جدید
مکتبہ دانیال

۲۰۰۰ دو ہزار مرکبات پر مشتمل

مرکبات پر تمام کتب سے بڑی کتاب

کتاب المرکبات

المعروف

مخزن المرکبات

مع

علاج الامراض و معلم دواسازی

مؤلفہ و مرتبہ

شمس الاطبا حکیم و ڈاکٹر غلام جیلانی خاں صاحب

ناشر

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

نام کتاب ———— مخزن المرکبات

مصنف ———— شمس الاطباء حکیم غلام جیلانی خان صاحب

طابع ———— ابوبکر صدیق

ناشر ———— صادقی پبلی کیشنز لاہور

مطبع ———— ندیم یونس پرنٹرز لاہور

تعداد ———— چھ سو

بار ———— اول

کمپوزنگ ———— بخاری کمپیوٹر کمپوزرز

16 - پیسہ اخبار لاہور (فون : 321580)

قیمت -/400 روپے

تقسیم کار

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
جلال الدین ہسپتال بلڈنگ
اردو بازار لاہور

فون : 260736

ہر ایک مطب اور ہر ایک دواخانہ میں یہ کتاب ضرور موجود ہونی چاہیے
اس کتاب کے آخر میں یہ دو نہایت مفید ضمیمے ہیں

ضمیمہ نمبر①

معلم دواسازی

جس میں یونانی دواسازی کے وہ مسلمہ اصول و قواعد بتائے گئے ہیں جو ہندوستان بالخصوص دہلی کے مشہور دواخانوں میں معمول ہیں۔ اور ہر قسم کے مرکبات مثلاً انوشدارو، تریاق، جوارش، خمیرا شربت، عرق، معجون، مفرح اور یاقوتی وغیرہ کے بنانے کے صحیح و آسان طریق بتائے گئے ہیں۔ نیز خاص خاص ادویہ کے احراق و تمحیص اصلاح و تدبیر، ترویق و تقطیر، تصعید و تکلیس اور تشویہ و تصفیہ وغیرہ کے متعلق تمام ضروری اعمال دوا سازی نہایت وضاحت سے سلیس اردو میں بیان کئے گئے ہیں۔ پس دواسازوں اور عطاروں کے لئے یہ ضمیمہ نہایت ہی مفید ہے۔

ضمیمہ نمبر②

علاج الامراض

جس میں ترتیب وار ہر مرض کا مشہور اردو نام طبی..... عربی نام..... ویدک ہندی نام اور ڈاکٹری انگریزی نام لکھ کر اس کے علاج کے متعلق جس قدر مفید و مجرب مرکبات معمول و مستعمل ہیں۔ ان سب کو اس کی تحت میں ترتیب وار بمعہ مقدار خوراک لکھ دیا ہے۔ جس سے یہ نہایت آسانی سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ فلاں مرض میں کون کون سے مرکبات مفید ہیں۔ پس ہر ایک معالج یعنی حکیم، ڈاکٹر اور وید کے لئے یہ ضمیمہ علاج الامراض نہایت مفید اور کار آمد ہے۔

دیباچہ

علم طب کا سب سے ضروری حصہ علم العلاج ہے جو زیادہ تر مرکب ادویہ پر منحصر ہے۔ پس طب اور اطباء کی کامیابی و ترقی کا بہت بڑا راز مرکب ادویہ کی صحیح ترکیب اور ان کی خوبی و پاکیزگی پر منحصر ہے۔

طب یونانی کی معالجات کی کتابوں میں اکثر مرکبات کے صرف نام ہی لکھے ہوتے ہیں مثلاً جوارش جالینوس، خمیرہ ابریشم، دواء المسک، شربت اعجاز، عرق شیر وغیرہ وغیرہ اور ان مرکبات کے نسخہ جات نہیں لکھے ہوتے اس لئے ان کو قرابادینوں میں تلاش کرنا پڑتا ہے اور ہر ایک قرابادین میں قدیم و جدید سب قسم کے مرکبات کے نسخہ جات نہیں ملتے۔

عام عطار چونکہ دوا سازی کے مسلمہ اصول و قواعد سے بخوبی واقف نہیں ہوتے اس لئے ہر قصبہ و شہر کے عام عطاروں سے جو یونانی مرکبات ملتے ہیں وہ نہ تو معتبر ہوتے ہیں اور نہ مفید، نیز

وقت ضرورت سب قسم کے مرکبات نہیں ملتے ان سب امور و ضروریات کو ملحوظ و مدنظر رکھتے ہوئے اس کتاب کو مرتب کیا ہے۔ اس میں تمام قرابادینوں مثلاً قرابادین اعظم و اکمل مولفہ حکیم محمد اعظم خان ناظم جہاں قرابادین کبیر مولفہ حکیم محمد حسین خان قرابادین قادری مولفہ حکیم محمد اکبر ارازانی قرابادین احسانی، قرابادین جلالی و قرابدین جدید وغیرہ اور بالخصوص علاج الامراض فارسی مولفہ اشرف الحکماء حکیم محمد شریف خاں مرحوم جد اعلیٰ جناب مسیح الملک حکیم محمد اجمل خاں کے تمام قدیم و جدید منتخب و مجرب نسخہ جات اور ہندوستان کے معتبر و مشہور دواخانوں کے قدیم و جدید خاص خاص اور ممتاز مرکبات ترتیب وار آسان و عام فہم لغت کی ترتیب میں درج کئے گئے ہیں۔

اس کتاب میں مندرجہ ذیل امتیازی خصوصیات ہیں

① اس میں تقریباً ڈیڑھ دو ہزار قدیم و جدید یونانی مرکبات کے صحیح نسخہ جات درج ہیں۔ جن میں سے اکثر ہندوستان بالخصوص دہلی و لکھنؤ وغیرہ کے معزز طبی خاندانوں کے معمولات و مجربات ہیں۔ اور اکثر بڑے بڑے معتبر و مشہور دواخانوں کے خاص خاص اور ممتاز مرکبات ہیں۔

② تمام قدیم و جدید مرکبات کے صحیح منتخب اور مستند نسخہ جات درج کئے گئے ہیں اور تمام نسخہ جات میں ادویہ کے مشہور نام لکھے ہیں۔ اور ان کے وزن ہندوستان کے مشہور مروجہ اوزان یعنی تولہ و ماشہ میں بیان کئے ہیں۔ درہم و مثقال وغیرہ میں نہیں لکھے۔

③ ہر ایک مرکب کے ساتھ اس کے بنانے کی ترکیب اس کے فوائد و منافع مقدار خوراک اور طریق استعمال بمع مناسب بدرقات درج ہے اور بعض خصوصی امورات کو فائدہ کی تحت میں لکھا ہے۔

④ **ضمیمہ معلم دواسازی** میں دواسازی کے وہ مسلمہ اصول و قواعد بتائے گئے ہیں جو کہ ہندوستان بالخصوص دہلی کے بڑے بڑے دواخانوں میں معمول ہیں۔ ہر قسم کے مرکبات مثلاً اطریفل، انوشدارو و تریاق، جوارش خمیرہ شربت عرق طلاء لبوب، لعوق معجون و یاقوتی وغیرہ کے بنانے کے صحیح و آسان طریق لکھے ہیں۔ نیز خاص خاص ادویہ کے احراق و تکمیس اصلاح و تدبیر ترویق تقطیر تصعید و تکلیس، تشویہ و تصفیہ وغیرہ کے متعلق تمام ضروری اعمال دواسازی کو نہایت وضاحت سے آسان طریق پر سلیس اردو میں بیان کیا ہے۔

⑤ **ضمیمہ علاج الامراض** میں ترتیب وار ہر مرض کا اردو ہندی عربی اور انگریزی نام لکھ کر اس کے علاج میں جس قدر مفید و مجرب مرکبات معمول و مستعمل ہیں ان سب کو اس کی تحت میں ترتیب وار بمعہ مقدار خوراک لکھا ہے جس سے با آسانی معلوم ہو سکتا ہے کہ فلاں مرض میں کون کون سے مرکبات مفید ہیں۔ مذکورہ بالا خصوصیات کے لحاظ سے یہ کتاب ہر ایک معالج (حکیم، ڈاکٹر، وید) اور ہر ایک دواساز و عطار کے لئے نہایت ضروری و مفید ہے۔

فہرست

فہرست کتاب المرکبات

باب الدال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

آبزن آبزنات (یا) حمام جلوسی

طبی اصطلاح میں آبزن سے مراد ہے۔ کسی بڑے برتن ٹب یا ناند وغیرہ میں نیم گرم پانی یا دواؤں کا صاف نیم گرم جوشاندہ بھر کر اس میں مریض کو تا بہ کمر پانی کے سرد ہونے تک بٹھانا۔ جدید اطباء مصر اس کو حمام جلوسی یا حمام نصفی کہتے ہیں۔ اور انگریزی میں اس کو سٹر باتھ یا ہپ باتھ کہتے ہیں۔

نوٹ :۔ مطلق آبزن کا اطلاق آبزن رطب پر ہوتا ہے۔ کیونکہ آبزن یا بس میں بدن پر پانی کا استعمال نہیں ہوتا بلکہ اس میں صرف گرم بخارات کے ذریعے بدن پر پسینہ لایا جاتا ہے۔ آبزن یا بس حمام یا بس اور حمام ہوائی بھی کہتے ہیں۔ انگریزی میں اس کو ہاٹ ائر باتھ کہتے ہیں۔

آبزن بزوری۔ سنگ گردہ اور مثانہ میں مفید ہے۔ استعمال مریض کو جوشاندہ میں بٹھائیں۔ نسخہ۔ تخم خطمی، بادیان، تخم سویہ، تخم کرفس، تخم میتھی، تخم کڑ، اجوائن دیسی ہیلیون، کلونجی، تخم شلغم، تخم قلت، تخم گذر، تخم خربوزہ، دوقو ہر ایک ۳ ماشہ حسب معمول تیار کریں۔

آبزن رطب۔ جو واسطے دفع حرارت و یبوست کے بحالت بخار یا اس کے سوا بدن پر سردی اور تری پہنچانے کے لئے مفید ہے۔ نسخہ، گل بنفشہ، گل نیلو فر، کشنیز سبز ہر ایک ایک تولہ، تخم کاہو، تخم خرفہ نیم کوفتہ ہر ایک ۶ ماشہ، برگ بید، برگ کاہو، تخم خیارین تراشہ کدوئے سبز ہر ایک تولہ، پوست خشخاش کوفتہ، تخم خشخاش ہر ایک ۶ ماشہ، برگ بارتنگ، گل بستان افروز، گل خطمی سفید، شاہسفرم یعنی نازبو، ہر ایک ۹ ماشہ۔ جو مقشر کوفتہ ۲ تولہ، سب کو چار سیر پانی میں جوش دے کر چھان لیں اور پھر ٹب میں نیم گرم پانی بھر کر اس میں دوا کا پانی ملا دیں۔ اور پھر اس میں روغن بنفشہ ۲ تولہ اور بکری کا دودھ نصف سیر ملا کر اس میں مریض کو تا بہ گردن بٹھائیں۔ اور اس کے دماغ میں گرمی خشکی غالب ہو تو یہی پانی لے کر متواتر اس کے سر پر بھی دھارتے رہیں۔ ورنہ پانی کے سرد ہونے تک مریض کو اس میں بٹھائے رکھیں۔ پھر

مریض کو باہر نکال کر اس کے بدن کو تولیے وغیرہ سے خشک کر کے اس کو لباس پہنا دیں اور بستر پر لٹا دیں لیکن ہوازدگی سے بچائیں۔

آبزن قابض۔ حیض کی زیادتی کو روکتا ہے۔ اور خروج مقعد اور بواسیر خون کو بند کرنے میں خصوصاً" مفید ہے۔ استعمال بوقت ضرورت جوشاندہ میں بیٹھیں نسخہ گلنار، برگ مورد، مازو، شب یمانی، بلوط، خرنوب، پوست انار ہر ایک ۶ ماشہ۔ تمام دواؤں کو جو کوب کر کے پانی میں جوش دے کر پانی میں بیٹھیں

آبزن محلل۔ جو امراض باردہ میں گرمی پہنچانے اور مواد کو تحلیل کرنے میں مفید و مستعمل ہے نسخہ۔ گل بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش یعنی دو نہ مروا۔ اسطو خودوس برنجاسف، زوفا خشک ہر ایک ۲ تولہ۔ گیہوں کی بھوسی ۵ تولہ ۔ سب ادویہ کو حسب معمول جوش دے کر اور صاف کر کے نیم گرم پانی کے ٹب میں ملا کر اور اس میں روغن قسط شیریں ۲ تولہ ڈال کر اس میں مریض کو بٹھائیں۔

آبزن مرطب۔ جو رفع تشنج کے لئے مفید و معمول ہے نسخہ گل بنفشہ ۔ گل نیلو فر ہر ایک ۲ تولہ ۔ برگ بید جو مقشر کوفتہ ہر ایک ۲ تولہ، تراشہ کدو، کھیرا اور ککڑی تازہ ہر ایک ..... کاٹ کر ریزہ ریزہ کئے ہوئے ان سب دواؤں کو چار سیر عرق بید یا گلاب یا صاف پانی میں خوب جوش دے کر اور مل کر چھان کر پھر اس پانی کو ایک خالی ٹب میں ڈال کر اس کو نیم گرم پانی سے بھر دیں۔ پھر اس میں ایک سیر تازہ بکری کا دودھ ملا کر مریض کو اس میں پانی کے سرد ہونے تک بٹھائیں۔ اور یہ عمل دو دن میں دوبار صبح و شام کریں۔

آبزن مفتت حصاۃ گردہ اور مثانہ کی پتھری کے رفع کرنے میں مفید ہے۔ استعمال جوشاندہ کر کے مریض کو اس میں بٹھا دیں۔ نسخہ۔ بابونہ، درمنہ ترکی نمام مرزنجوش، برگ شلغم، سرگین کبوتر ہر ایک ۴ ماشہ سب کو جو کوب کر کے پانی میں جوش دیں۔ اور پھر کسی ٹب میں ڈال کر مریض کو اس میں بٹھائیں۔

آبزن مفید حصاۃ۔ جو گردہ و مثانہ کی پتھری میں مفید ہے۔ نسخہ ' بابونہ اکلیل الملک ' مرزنجوش 'کرفس 'کرنب 'گوکھرو سویا' ہنسراج ' خطمی کے پتے ہر ایک دو تولہ سب ادویہ کو حسب معمول جوش دے کر اور چھان کر نیم گرم پانی کے ٹب میں ملا کر اس میں مریض کو بٹھائیں۔

اثاناسیا صغیر۔ اثاناسیا کبیر

(آثاناسیا یونانی لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں مرض سے رہائی دینے والی دوا)

آثاناسیا صغیر۔ یہ بھی اثاناسیا کبیر کے قریب قریب فوائد رکھتی ہے۔ استعمال ۳ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ ۔ میعہ سائلہ' زعفران' قسط' بالچھڑ افیون سلیخہ ہر ایک ۱۴ ماشہ' عصارہ غافث ۲۸ ماشہ' اصل السوس مقشر ۳ تولہ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

اثاناسیا کبیر۔ جگر' تلی' معدہ کے ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ کھانسی کو زائل کرتی ہے بلغمی دستوں کو بند کرتی ہے۔ اور مثانہ و گردہ کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ ضعف جگر میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال ۲ سے ۳ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی یا عرق سیب ٦ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ زعفران' افیون' جند بیدستر' مر' بزرا لبنج' قسط' قروماناً' غافث ' خشخاش' سنبل الطیب' جنگلی بھیڑ کا سینگ اور بھیڑیے کا جگر ہر ایک ٦ ماشہ شہد خالص سہ چند ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں۔

اثیر الملوک

حلق کے ورم نیز لہاۃ کوے کے گر جانے کو دور کرتا ہے۔ خنازیری گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے مرض خناق میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال گلے میں متورم جگہ پر چھڑکیں۔ نسخہ کافور ۴ رتی' الائچی' زعفران ہر ایک ۳ ماشہ' طباشیر سفید' سماق ہر ایک ۷ ماشہ زرورد ۵ ماشہ' شکر طبرزد' مورد مسلم' تخم خرفہ ہر ایک ۱۴ ماشہ' حاشا ۱۸ ماشہ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

اطریفل اطریفلات

لفظ اطریفل معرب ہے۔ ہندی لفظ "تری پھل" کا جس کے معنی ہیں تین پھل چونکہ اس مرکب دوا کا جزو اعظم ہڑ' بہڑہ آملہ یہ تین پھل یا دوائیں ہوتی ہیں اس لئے اس کو اس نام سے نامزد کیا گیا ہے۔

اطریفل۔ چونکہ معجون کی قسم کا ایک مرکب ہے اس لئے اس کے بنانے میں ان تمام ہدایات کو مد نظر رکھیں۔ جو کہ معجون کے بنانے میں بیان کی گئی ہیں۔ لیکن اطریفل کے بنانے میں صرف اس قدر فرق ہے کہ ہلیلہ جات بہڑہ و آملہ کو باریک کوٹ چھان کر اور روغن بادام شیریں یا گائے کے گھی میں چرب کر کے قوام میں ملاتے ہیں اس سے ایک تو قوام نرم رہتا ہے اور دوسرے دوا کی قوت دیر تک قائم رہتی ہے۔

اطریفل اسطوخودوس۔ سر کے درد کو زائل کرتا ہے۔ اس کو ہمیشہ استعمال کرنا بالوں کو سیاہ رکھتا ہے۔ دماغ اور معدہ کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔ یہ بلغمی اور سوداوی بیماروں میں خصوصیت سے مفید ہے **استعمال** صبح یا رات کو سوتے وقت' سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ** پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی' پوست بلیلہ' ہلیلہ سیاہ' آملہ' برگ سناء مکی' تربد سفید .سفائج فستقی' اسطوخودوس' مصطگی رومی افیتمون' کشمش' مویز منقیٰ ہر ایک ۲ تولہ ۱۰ ماشہ' شہد سب دواؤں سے تگنا' حسب معمول اطریفل بنائیں **فائدہ** موسم گرما میں نیز گرم مزاج اشخاص کے لئے بجائے شہد قند یا مصری میں بنائیں۔

اطریفل افتیمون علویخانی ۔ دماغی سوداوی امراض بالخصوص مالیخولیا میں مفید و مستعمل ہے **استعمال** علی الصباح ۹ ماشہ عرق شاہترہ ۶ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ** گلقند آفتابی۔ مویز منقیٰ' شہد سفید ہر ایک سوا پاؤ' عرق گلاب' عرق گاؤ زبان' عرق دار چینی عرق فرنجمشک ہر ایک پاؤ سیر' پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' ہلیلہ سیاہ' آملہ منقیٰ زرشک منقیٰ ہر ایک ۳۵ ماشہ' گاؤ زبان' شاہترہ' اسطوخودوس' افتیمون افسنتین رومی فرنجمشک سناء مکی' بادر نجبویہ ہر ایک ۲۵ ماشہ' .سفائج فستقی' تربد سفید مدبر' راسن' تخم حنظل' ریوند چینی زراوند مدحرج' انیسون' سنبل الطیب' حجرارمنی' لاجورد مغسول ہر ایک ۱۷ ماشہ' غاریقون سفید نرم ۱۱ ماشہ' حب بلسان عود صلیب۔ دار چینی نارمشک' تمام' پودینہ نہری سلیخہ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ **ترکیب** اول الذکر تینوں دواؤں کو عرقیات مذکورہ میں حل

کر کے جوش دیں اور مل کر نچوڑ لیں۔ اور پھر قوام پر لے آئیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام شیریں سے چرب کر کے قوام مذکورہ میں شامل کریں۔

اطریفل افتیمون مسہل۔ مرض دوار کو زائل کرتا ہے۔ اور سوداوی اور صفراوی و بلغمی مواد کو دماغ سے براہ اسہال خارج کرنے میں خصوصیت سے معمول ہے استعمال، سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ نمک ہندی ۷ ماشہ افتیمون غاریقون۔ مغزبل گاؤ زبان بادر نجبویہ گل سرخ ہر ایک ۱۷ ماشہ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ، پوست بلیلہ۔ اسطوخودوس۔ آملہ مقشر۔ سفائج فستقی۔ تربد سفید ہر ایک ۲۵ ماشہ ایارج فیقرا ۳ تولہ۔ شہد سہ چند۔ حسب دستور اطریفل تیار کریں۔

اطریفل بادیان۔ اس کو ہمیشہ استعمال میں رکھنا ضعف بصارت سے محفوظ رکھتا ہے اور آنکھ کی جملہ بیماریوں میں معمول ہے استعمال صبح نہار منہ ۳ تولہ سونف کے عرق ۲ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ کشنیز، گل سرخ ہر ایک ۱ تولہ۔ بادیان ۷ تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ بدستور تیار کریں۔

اطریفل دیدان۔ معدہ کی بلغمی رطوبات کو چھانٹتا ہے۔ اور پیٹ کے کیڑے مارتا ہے اور بالخصوص اسی غرض کے لئے مفید و معمول ہے۔ استعمال رات کو سوتے وقت یا صبح نہار منہ ۵ سے ۱۲ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ برنگ کابلی ۳ تولہ تربد سفید مجوف حب النیل۔ قسط تلخ ہر ایک ۱۸ ماشہ، ترمس، افسنتین، درمنہ ترکی۔ افتیمون نمک سانبھر تخم حنظل سعد کوفی۔ تخم راسن ہر ایک ۱۰ ماشہ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔ تین روز کے استعمال کے بعد ہلکا مسہل لیں۔ تاکہ کیڑے خارج ہو جائیں۔

اطریفل زمانی۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ معدہ کو فضلات سے صاف کرتا ہے قولنج کو زائل کرتا ہے۔ اور مالیخولیائے مراقی۔ نزلہ۔ سر کے درد اور تبخیر میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ تربد سفید کشنیز خشک ہر ایک ۷ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ سقمونیا مشوی گل بنفشہ ہر ایک ۴ تولہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ گل نیلوفر ہر ایک، ۲ تولہ صندل سفید۔ کتیرا ہر ایک ۱ تولہ ترکیب تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام ۱۵ تولہ سے چرب کر کے علیحدہ رکھیں اور عناب، سپستان ہر ایک ۱۰۰ عدد گل بنفشہ ۵ تولہ کو پانی میں

جوش دیں اور صاف کر کے شیرہ مربہ ہلیلہ ڈیڑھ گنا اضافہ کر کے سہ چند شہد کے قوام میں اطریفل تیار کریں۔

اطریفل حکیم علی۔ چھیپ۔ جھائیں۔ سیاہ داغ اور برص میں معمول و مفید ہے استعمال ۷ سے ۹ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ یا عرق منڈی ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ کابلی' پوست بلیلہ' آملہ 'افتیمون' ہرایک ڈیڑھ تولہ۔ عاقرقرحا شیطرج ہندی ہرایک ۷ ماشہ۔ دار فلفل۔ قرفہ ہرایک ۱ تولہ شہد سہ چند۔ حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل سنائی۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ مالیخولیا کی تمام اقسام کو زائل کرتا ہے سر کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۷ ماشہ سے ۱۲ ماشہ صبح نہار منہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق مکو ۶ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ ہلیلہ کابلی' بلیلہ' آملہ' سنا کی' ہموزن شہد سہ چند' حسب معمول تیار کریں۔ بنسخہ دیگر برگ سنا کی کشنیز خشک ہرایک ۱۲ تولہ مصطگی رومی ۵ تولہ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ابریشم مقرض ہرایک ۲ تولہ شاہترہ لاجورد مغسول ہرایک ۱ تولہ گل گاؤ زبان بادرنجبویہ۔ اسطوخودوس۔ .سفائج ہرایک چھ ماشہ شہد سہ چند بدستور معمول تیار کریں۔

اطریفل شاہترہ۔ خون کو صاف کرتا ہے خارش کو زائل کرتا ہے۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ آتشک اور آتشک کے سبب جو دماغ میں گرمی محسوس ہو اس کے زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال ۷ ماشہ ہمراہ مصفی خون ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شاہترہ ۴ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ شہد خالص سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل صغیر۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔ ذہن کو صاف کرتا ہے۔ بادی بواسیر کو زائل کرتا ہے تقویت دماغ میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال ۵ سے ۱۲ ماشہ۔ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ خشک مقشر پوست بلیلہ ہرایک ۵ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند بدستور معلوم اطریفل بنائیں۔

اطریفل غددی۔ دماغ اور معدہ کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔ مرض کنٹھ مالا میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال علی الصباح ۱۲ سے ۱۵ ماشہ تک پانی یا عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ۔ اسطوخودوس ۱ تولہ سنا کی ۲ تولہ۔ افتیمون ۳ تولہ۔ ہلیلہ۔ آملہ۔ تربد سفید ہرایک ۲ تولہ۔ .سفائج فستقی ۱ تولہ غاریقون نرکچور۔ شیطرج۔ نوشادر ہرایک ۱۰ ماشہ۔ انیسون۔ قرفہ۔ سنبل الطیب۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ مصطگی ہرایک ۷ ماشہ۔ بکری کے گردن کی گلٹیاں خشک ۵ تولہ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل عرق مدنی۔ عرق مدنی یعنی ناروا کے زخم کو خشک کرتا اور بھرتا ہے کرم زخم کو ہلاک کرتا ہے استعمال ۔ صبح نہار منہ ایک تولہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ زبد مجوف زنجبیل کمیلا ہر ایک ۱۰ ماشہ ۔ شہد سہ چند حسب معمول اطریفل تیار کریں۔

فائدہ۔ عرق مدنی ناروا ایک قسم کا خبیث زخم ہوتا ہے۔ جس میں باریک سوت کے مطابق ایک لمبا کیڑا نکلتا ہے۔ بعض محققین اس کیڑے کی لمبائی ۲۰ گز تک بتاتے ہیں۔ جو تالاب یا جوہڑ کے گندہ پانی پینے سے ہو جاتا ہے۔

اطریفل فولادی۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ بادی اور خونی بواسیر کو زائل کرتا ہے شقیقہ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ نزول الما اور آنکھ کے دیگر امراض نیز بلغمی مزاج اشخاص میں خصوصیت سے معمول ہے استعمال رات کو سوتے وقت یا صبح ۵ سے ۱۲ ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ مویز منقی۔ نمک سنگ ۔ فلفل دراز ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ کشتہ فولاد ہر ایک دو تولہ۔ ستاور ۳ تولہ اصل السوس ۴ تولہ۔ آملہ خشک ۱۰ تولہ نبات سفید ۲۰ تولہ۔ شہد خالص ۱۳۰ تولہ حسب معمول اطریفل تیار کریں۔

اطریفل قنبیلی۔ معدہ اور تمام بدن کے غلیظ بلغمی مواد کو چھانٹتا ہے۔ جوڑوں کے درد کو دور کرتا ہے۔ لیکن پیٹ کے کیڑے مارنے خصوصا" چرنوں اور کیچوؤں میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں پیٹ کو صاف کرنے کے لئے پہلے مریض کو ایک مسہل دے لیں۔ غذا میں میٹھی چیزوں سے پرہیز رکھیں۔ چار پانچ روز دوا دینے کے بعد پھر ایک مسہل دے دیں۔ تاکہ مردہ کرم خارج ہو جائیں۔

نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ آملہ مقشر ہر ایک ۱۰ ماشہ کمیلا ۱۴ ماشہ۔ برنگ کابلی مقشر ۲۰ ماشہ تربد سفید مجوف ۶ ماشہ۔ حب السلاطین مدبر ۳ ماشہ قسط تلخ۔ ریوند چینی۔ سورنجاں۔ اندرجو تلخ ہر ایک ۵ ماشہ۔ ترمس۔ افسنتین۔ درمنہ ترکی افتیمون۔ خرول۔ نمک لفطی۔ تخم حنظل۔ سعد کوفی۔ راسن شیخ ارمنی۔ پلاس پاپڑہ۔ برگ سناء مکی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ زیرہ کرمانی

زنجبیل ۔ انیسون مصطگی۔ گلرخ ہر ایک ۳ ماشہ کیرا۔ رب السوس ہر ایک ۱
ماشہ۔ شہد سہ چند۔ حسب معمول اطریفل تیار کریں۔

اطریفل کبیر۔ بینائی کو تیز کرتا ہے نزلہ کو روکتا ہے اور دماغ و معدہ کی
تقویت باہ کو بڑھانے اور بواسیر کو زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے
استعمال رات کو سوتے وقت ۷ ماشہ ہمراہ گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ ہلیلہ
سیاہ۔ ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز ہر ایک ۱۸ ماشہ۔
زنجبیل۔ جلوتری۔ بوزیدان۔ شقاقل مصری۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔
اندرجوشیریں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ کنجد مقشر۔ خشخاش سفید۔ مغز انار دانہ
جنگلی ہر ایک ۹ ماشہ۔ ترنجبین خراسانی ۱۰ تولہ۔ شہد ۳ پاؤ حسب معمول اطریفل تیار
کریں۔

اطریفل کشمکشی۔ دماغ اور معدہ کو قوت دیتا ہے جریان۔ سرعت
انزال اور گرمی سے دھات آنے میں خصوصیت سے معمول ہے استعمال علی الصباح
۹ ماشہ۔ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔
ہلیلہ سیاہ۔ آملہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ کشنیز خشک ۱۴ ماشہ۔ نبات سفید ۷ تولہ شیرہ کشمش ۴
تولہ حسب معمول اطریفل بنائیں۔

اطریفل کشنیزی۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ سر اور
کان کے درد کو زائل کرتا ہے۔ آشوب چشم۔ نزلہ اور آنکھ کی دیگر بیماریوں میں
مفید و معمول ہے استعمال ۔ رات کو سوتے وقت ۹ ماشہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے
ہمراہ کھائیں نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ پوست بلیلہ۔ کشنیز
خشک ہر ایک ۵ تولہ۔ شہد سہ چند حسب دستور اطریفل تیار کریں۔

اطریفل مقوی دماغ۔ سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ نزلہ کو روکتا
ہے۔ بینائی کو تیز کرتا ہے۔ پھیپھڑا اور سینہ کے دیگر اعضا کو نزلہ سے محفوظ رکھتا
ہے تقویت دماغ میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ علی الصباح ایک تولہ عرق بادیان ۱۲
تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔
آملہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ مغز بادام ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم خشخاش۔ تخم کاہو۔ دار چینی۔

اسطوخودوس ہر ایک ۶ ماشہ۔ بنفشہ بیخ بادیان۔ اصل السوس ۔ گاؤ زبان ہر ایک ۹ ماشہ۔ عناب ۵ دانہ۔ پستان ۱۷ دانہ۔ زوفا خشک۔ عود غرقی۔ سنبل الطیب ہر ایک ۴ ماشہ۔ بیخ سوسن۔ پرسیاؤشاں ہر ایک ۵ ماشہ انجیر زرد ۷ دانہ۔ مویز منقی ۴ تولہ۔ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

اطریفل مقل۔ خونی بواسیر میں خون کو بند کرنے کے لئے خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال علی الصباح ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک ۱ تولہ۔ مقل ارزق (گوگل) ۳ تولہ۔ مویز منقی ۴ تولہ۔ شہد سہ چند ترکیب منقی کو پیس کر اور گوگل سبز گندنا کے عرق میں حل کر کے بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے سب کو ملائیں اور شہد کے قوام میں اطریفل بنائیں۔

اطریفل مسہل۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے اور سر کے پرانے درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال روزانہ علی الصباح بقدر ۲ تولہ ہمراہ مطبوخ ہفت روزہ ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زنگی۔ پوست بلیلہ آملہ مقشر۔ بسفائج اسطوخودوس گاؤزبان۔ غاریقون۔ بادیان ہر ایک ۹ ماشہ مویز منقیٰ سنا مکی ہر ایک ۲ تولہ تربد سفید مجوف ۱ تولہ ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ شہد سہ چند حسب دستور اطریفل بنائیں نوٹ: مطبوخ ہفت روزہ کا نسخہ دیکھو مطبوخات۔

اطریفل ملین۔ دماغی بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔ معدہ اور امعاء کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ سر کے درد اور رفع قبض میں مفید ہے استعمال رات کو سوتے وقت ۹ سے ۱۲ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ یا گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ مقشر۔ تربد سفید مجوف ہر ایک ۱ تولہ ریوند چینی بادیان مصطگی اسطوخودوس ہر ایک ۴ تولہ سقمونیا مشوی ۷ تولہ شہد سہ چند بدستور سابق اطریفل بنالیں۔

اطریفل معمول۔ خون کے فساد نزلہ تبخیر کو دور کرتا ہے۔ جنون میں معمول و مفید ہے۔ استعمال ایک سے دو تولہ تک عرق منڈی ۷ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ قرفہ شاہترہ۔ آلاچی خورد۔ تج۔ مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ۔ گل

سرخ۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ۹ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد تربد موصوف ہر ایک ۳ تولہ ۔ شکر سفید سہ چند حسب معمول اطریفل بنائیں۔

اطریفل ہامانی۔ بالوں کو سیاہ رکھتا ہے۔ برص کے سفید داغوں کو دور کرتا ہے بلغمی امراض میں خصوصاً بعد تنقیہ کے خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال علی الصبح ایک تولہ عرق شاہترہ ۱۲ تولہ یا عرق مرکب مصفی خون ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۵ تولہ ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر۔ افتیمون برنگ کابلی مقشر ہر ایک ۳ تولہ تربد سفید موصوف ۴ تولہ۔ اسطوخودوس۔ سفائج فستقی ہر ایک ۲ تولہ غاریقون ا تولہ کندر سعد قسط زنجبیل زوفا ہر ایک ا تولہ شیطرج ہندی ساذج مصطگی انیسون حاشا ہر ایک ۷ ماشہ فلفل۔ دار فلفل۔ نارمشک ہر ایک ا تولہ شہد سہ چند بدستور معروف اطریفل تیار کریں۔

امروسیا۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ جگر اور تلی کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے استسقاء کو زائل کرتا ہے گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ ضعف معدہ اور اسہال میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے۔ استعمال ۴ ماشہ گرم پانی کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ قسط تلخ سفید مرچ دار فلفل ہر ایک دو ماشہ۔ زیرہ کرمانی۔ دوقو۔ عود بلسان۔ سلیخہ۔ قردمانا۔ غنچہ اذخر تخم کرفس ہر ایک ۳ ماشہ درج ترکی۔ زعفران ہر ایک ۷ ماشہ مر ۹ ماشہ۔ حب الغار ۱۰ دانہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں اور ٦ ماہ بعد کام میں لائیں۔

فائدہ۔ امروسیا یونانی لفظ سے ہے۔ جس کے معنی "مواد کا بند کرنے والا" ہیں۔ بقراط نے بادشاہ وقت کے لئے اس کو ترتیب دیا تھا۔

انکباب (یا) بھپارہ

انکباب کے معنی ہیں بھپارہ یا بھاپ لینا۔ یعنی دواؤں کے جوشاندہ کی بھاپ کسی عضو یا تمام بدن پر پہنچانا۔ چنانچہ کسی سوراخ دار برتن میں جوشاندہ ڈال کر اس کے سوراخ کے ذریعے عضو ماؤف کو بھپارہ دیتے ہیں۔ اور اگر سارے بدن کو بھپارہ دینا ہو تو مریض کو تاب گردن چادر یا کمبل اوڑھا کر اس کو کرسی وغیرہ پر بٹھا کر بھپارہ دیتے ہیں یہ عمل دس پندرہ منٹ تک کرنا چاہئے۔ جدید اطبائے مصر اس عمل کو حمام بخاری کہتے ہیں۔ اور

انگریزی میں اس کو و ےپیز باتھ کہتے ہیں۔
(نوٹ) ڈاکٹری میں یہ عمل اس طرح کیا جاتا ہے کہ ایک کھلے منہ کی دیگچی میں دواؤں کا جوشاندہ ڈال کر اس کو سپرٹ لمپ پر رکھ دیتے ہیں۔ اور اس کے اوپر بید کی بنی ہوئی کرسی بچھا کر اس پر مریض کو تابہ گردن کمبل اوڑھا کر بٹھا دیتے ہیں۔ سپرٹ لمپ کی حرارت سے دوا کا پانی جوش کھاتا ہے۔ اور اس کی بھاپ سارے جسم پر اثر کرتی ہے۔
انکباب اوراقی۔ بواسیر مسوں کو تحلیل کرنے میں معمول و مفید ہے۔ استعمال بواسیری مسوں پر جوشاندہ کی بھاپ پہنچائیں۔ نسخہ ۔ برگ بکائن برگ گندر برگ سنبھالو برگ بھنگ برگ جامن۔ برگ سرس۔ برگ نیب۔ برگ درخت کنگھی۔ برگ ارہر امر بیل ہر ایک ۷ ماشہ پانی میں ڈال کر دیگچی میں خوب جوش دیں۔

انکباب حار۔ جو درد گوش بارونزلی اور ریحی میں تحلیل مادہ کے لئے جس کو قطورات سے آرام نہ ہو معمول و مفید ہے۔ نیز کان سے پیپ آنے کو بھی نافع ہے نسخہ گل خطمی۔ گل بابونہ، اکلیل الملک۔ بزرکتان۔ تخم مرو۔ نمام۔ مرزنجوش پر سیاؤشاں ہر ایک ۶ ماشہ۔ زوفا خشک ۱۳ ماشہ سب کو آدھا سیر پانی میں جوش دے کر اس کو ایک لوٹے میں ڈال کر اس کی ٹونٹی سے بھاپ پہنچائیں۔

انکباب دافع درد گوش جو درد و ورم بارد گوش میں مفید ہے۔ نسخہ بابونہ۔ افستین۔ اکلیل الملک ہر ایک ایک تولہ۔ سب کو نصف سیر گائے کے دودھ میں جوش دے کر حسب معمول بھپارہ دیں۔

انکباب منضج ثبور۔ کان کی پھنسی کو پکانے اور اس کے زخم کو مواد کے صاف کرنے میں مفید ہے۔ نسخہ السی ۔ میتھی۔ سویا۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ گل خیرہ۔ مکوہ۔ برگ نیب ہر ایک ایک تولہ سب کو نصف سیر پانی میں جوش دے کر حسب معمول بھپارہ دیں۔

انکباب نافع خناق۔ جو خناق دموی و صفراوی میں انتہائے مرض میں جب کہ خناق سخت ہو گیا ہو مفید ہے۔ نسخہ۔ بنفشہ۔ خبازی۔ عنب الثعلب۔ گل خطمی اکلیل الملک ہر ایک ۱ تولہ۔ سب کو نصف سیر پانی میں جوش دے کر اس کی بھاپ حلق میں پہنچائیں۔

اکسیر سرخ۔ یہ قوت باہ کے لئے بہت مفید ہے۔ نا مرد کو مرد اور مرد کو جوانمرد بناتی ہے۔ مقدار خوراک ایک چاول تازہ مکھن میں رکھ کر کھائیں۔ اور اوپر سے دودھ پئیں۔ نسخہ شنگرف قسم اعلیٰ بیش سفید (بچھناک) ہر ایک دو تولہ پہلے بیش سفید کو باحتیاط سفوف کریں اور زمین قند کو کوٹ کر اس کا عرق نچوڑ لیں۔ پھر زمین قند کے عرق میں بیش کے سفوف کو ملا کر اور اس کے درمیان میں شنگرف کی ثابت ڈلی رکھ کر اور موٹے کپڑے میں مضبوط لپیٹ کر گولہ بنائیں اور ایک تانبے کے دیگچہ میں روغن معصفر (روغن کڑ) تین سیر ڈال کر اس میں دوا کے اس گولے کو ڈال دیں اور دیگچہ کا منہ خوب بند کر کے اور سرپوش کو ایک پتھر سے دبا کر اسے چولھے پر چڑھا دیں۔ پہلے ایک پہر یعنی تین گھنٹہ تک دھیمی آنچ دیں۔ پھر تین پہر یا ۹ گھنٹے تک تیز آنچ دیتے رہیں۔ جب دیگچہ میں زور شور کی آوازیں پیدا ہونے لگیں تو سرپوش کا خیال رکھیں۔ کہ کھلنے نہ پائے۔ پورے بارہ گھنٹہ آنچ دے چکنے کے بعد دیگچہ کو اتار لیں اور سرد ہونے پر شنگرف کی ڈلی نکال کر خوب باریک سفوف کر کے رکھ لیں اور حسب ضرورت بطریق مذکورہ بالا استعمال کریں۔

(نوٹ) اس دوا کو سردی کے موسم میں استعمال کرنا چاہیے۔ نیز گرم مزاج والوں میں احتیاط سے استعمال کریں بلغمی مزاجوں اور کمزوروں میں بالخصوص مفید ہے۔

اتقرِیفلِ صغیر۔ یہ اپنے خواص میں اتقرِیفلِ کبیر کے مشابہ ہے استعمال صبح نہار منہ ۴ ماشہ، عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک ۳ تولہ۔ سعد کوفی۔ باچھڑ۔ کندر۔ وج ترکی۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۵ تولہ زنجبیل ۔ عسل بلادر ہر ایک چار تولہ۔ شہد خالص سہ چند ہمہ ادویہ بطریق اتقرِیفلِ کبیر تیار کریں۔

اتقرِیفلِ کبیر۔ ہاضمہ بڑھاتی ہے۔ معدہ قوت دیتی ہے۔ باہ کو زیادہ کرتی ہے مرع فالج۔ لقوہ۔ نسیان اور دیگر امراض بلغمی میں اور بالخصوص بلغمی مزاجوں میں مفید و معمول ہے استعمال چار ماشہ علی الصبح عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں

نسخہ عاقر قرحا۔ شونیز۔ قسط شیریں۔ فلفل۔ دار فلفل۔ وج ترکی ہر ایک ۳ تولہ۔ برگ سداب۔ جنطیانہ۔ زراوند مدحرج۔ ہینگ۔ حب الغار۔ جند بید ستر شیطرج

انوشدارو

انوشدارو معجون کی طرح ایک مرکب دوا ہے جس میں جز و اعظم آملہ ہوتا ہے۔ بنانے کی ترکیب آملہ پختہ تازہ وزن کر کے پانی میں پکا کر خوب اچھی طرح ملکر اس کی گھٹلی علیحدہ کریں۔ اور جھرجھرے کپڑے کی ایک موٹی صافی میں چھانیں۔ تاکہ اس کا گودا کپڑے میں نکل آئے اور ریشہ رہ جائے پھر بقیہ ریشہ اور گھٹلی کو وزن کر کے آملہ کے گودے کا وزن معلوم کریں اور اس سے دو چند شکر ملا کر قوام پختہ کریں اور قوام کے رہتے ہوئے اس میں دیگر اجزائے مسفوف ملائیں۔ اگر آملہ تازہ نہ ہوں بلکہ خشک ہوں تو ان کی گھٹلیاں نکال کر وزن کر کے دھولیں تاکہ گردوغبار سے صاف ہو جائیں پھر ان کو گائے کے تازہ دودھ میں ڈبو کر بارہ گھنٹے تک بھگو رکھیں۔ پھر زیادہ پانی ڈال کر جوش دیں۔ تاکہ آملہ کا کسیلا پن اور دودھ کی چکنائی دور ہو جائے۔ پھر دوسرے پانی میں جوش دے کر اور بطریق مذکورہ بالا مل کر اور جھرجھرے کپڑے میں چھان کر انوشدارو بنائیں۔

انوشدارو جدواری۔ مقوی جمیع اعضائے رئیسہ و معدہ اور قابض ہے پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ آملہ دس تولہ۔ دودھ میں بھگو کر کپڑے میں چھان لیں۔ قند سفید ایک سیر۔ نصف سیر گلاب خالص میں ملا کر قوام کریں۔ بالچھڑ۔ گل سرخ ہر ایک چھ ماشہ ۔ سعد کوفی۔ جدوار بنفسجی۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۳ ماشہ۔ طباشیر۔ پوست ترنج ہر ایک ۴ ماشہ۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ مقشر زرشک منقی ہر ایک ۷ ماشہ زرشک کا شیرہ گلاب خالص ۳ تولہ میں نکال کر ملائیں ' ادویہ کو باریک پیس کر ملائیں ۔ بطریق معلومہ انوشدارو تیار کریں

انوشداروئے سادہ۔ مقوی معدہ وجمع آلات غذا و ہاضم طعام ہے لینت بواسیر کے لئے از حد مفید ہے۔ خوراک پانچ ماشہ سے ۹ ماشہ تک عرق بادیان یا عرق گاؤزبان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ آملہ منقی آٹھ تولہ۔ طباشیر سفید کشنیز خشک پوست بیرون پستہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ غنچہ گل سرخ بائیس ماشہ۔ سعد کوفی پندرہ ماشہ۔ قرنفل۔ مصطگی۔ اسارون۔ بالچھڑ ہر ایک ایک تولہ۔ ایک تولہ آلائچی سرخ۔ تالیسپتر جلوتری الائچی سفید۔ جوزبوا۔ قرفہ۔ زعفران۔ پ وست ترنج۔ بابونہ ہر ایک سات ماشہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر نبات سفید و شہد خالص سب دواؤں سے سہ گنا لے کر قوام کریں اور ادویہ مسنونہ ملا کر

بطریق مذکور انوشدارو تیار کریں۔

انوشدارو سادہ۔ غذا ہضم کرنے معدہ کو قوت بخشنے اور دستوں کو روکنے بالخصوص اسہال معدی میں مفید و معمول ہے استعمال ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ گل سرخ ا تولہ سعد کوفی ۷/ا ماشہ ۔ قرنفل ۔ مصطگی اسارون بالچھڑ ہر ایک ۱۰ ماشہ آلاچگی خورد۔ آلاچگی کلاں۔ زرنب۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ قرفہ۔ زعفران ہر ایک ۷ ماشہ ۔ آملہ مقشر آدھ سیر۔ قند سیاہ۔ شہد خالص ہر ایک ۳۳ تولہ ترکیب آملہ کو ۲۴ گھنٹہ گائے کے دودھ میں تر رکھیں۔ پھر مل چھان کر حسب معمول انوشدارو بنائیں۔

انوشدارو قابض۔ زلق الا معاء اسہال معدی و معوی میں مفید ہے۔ سوء ہضم کو دور کرتی ہے۔ مجرب ہے استعمال ۵ سے ۹ ماشہ تک کی مقدار میں عرق بادیان ۲ تولہ کے ہمراہ دیں۔ نسخہ سعد کوفی (ناگر موتھ) اڑھائی تولہ۔ پوست بیرون پستہ۔ زرشک بیدانہ۔ اسارون (تگر) صندل سفید گلاب میں گھسا ہوا۔ خرفہ سیاہ۔ گاؤزبان ۔ کشنیز خشک مقشر (بھوسی سے اتارا ہوا) طباشیر۔ قرنفل ہر ایک ا تولہ گل سرخ۔ مصطگی ہر ایک ۲ تولہ دار چینی سنبل الطیب (بالچھڑ) زرنب (تالیس پتر) آلاچگی خورد۔ اشنہ (چھڑیلہ) مشک خالص۔ زعفران، عنبر اشہب۔ گلنار فارسی۔ اقاقیا ہر ایک ایک تولہ۔ صدف سوختہ ساذج ہندی (تیز پات) فرنجمشک۔ رال مغز بیل۔ صمغ عربی۔ نشاستہ دانہ مویز ہر ایک ا تولہ آملہ گٹھلی سے صاف چالیس تولہ۔ بسد ڈیڑھ تولہ۔ جائفل جاوتری ہر ایک دو ماشہ الائچی بڑی ۳ ماشہ شہد خالص نصف سیر۔ گلاب ایک بوتل۔ نبات سفید۔ یعنی کھانڈ یا مصری ڈیڑھ سیر بطریق مذکورہ بالا انوشدارو بنائیں۔

انوشداروئے لولوی۔ بے حد مقوی اعضاء رئیسہ۔ تمام اقسام مالیخولیا کے واسطے عموماً" و مالیخولیائے مراقی کے لئے خصوصاً" نہایت نافع۔ خفقان کو زائل کرتی ہے۔ ضعف جمیع احشا خصوصاً" معدہ و جگر میں مستعمل ہے۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے۔ سرور و نشاط پیدا کرتی ہے۔ مقوی باہ ہے۔ بصارت کو بڑھاتی ہے بہت مفید و مجرب ہے۔ بے شمار منافع کا مجموعہ ہے خوراک پانچ ماشہ سے نو ماشہ تک ہمراہ عرق بید مشک چھ تولہ نسخہ غنچہ گل سرخ اٹھارہ، ماشہ، سعد کوفی۔ سنبل الطیب ہر ایک ۱۴ ماشہ، مروارید نا سفتہ، یشب کافوری، یاقوت رمانی۔ عقیق یمنی۔ بسد احمر سوختہ مغسول۔ مرجان قرمزی۔ زمرد کہنہ۔ لعل بدخشانی فادزہر معدنی۔ عنبر اشہب۔ ورق طلا محلول۔ ورق نقرہ محلول۔ کہربائے شمعی۔ درونج

عقربی۔ پوست بیرون پستہ۔ ابریشم مقرض۔ گل گاؤزبان۔ زعفران۔ غنچہ اذخر۔ خولنجاں۔ نالیسپتر۔ اسارون۔ جاوتری ہر ایک چار ماشہ۔ پوست ترنج۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری دار چینی۔ طباشیر سفید۔ فرنجمشک۔ صندل سفید۔ سازج ہندی۔ گل ارمنی مغسول۔ گل داغستانی۔ دانہ الائچی سفید۔ بادرنجبویہ ہر ایک چھ ماشہ۔ مشک تبتی دو ماشہ۔ شیرہ آملہ منقی چوبیس تولہ۔ زرشک منقی تین تولہ (آملہ اور زرشک کو ساڑھے چار سیر پانی میں بھگو دیا جائے۔ اور ایک دن رات گزر جانے کے بعد خوب جوش دیا جائے تاکہ ڈیڑھ سیر پانی باقی رہ جائے) پھر خوب مل کر قند سفید رب شیریں۔ رب امرود۔ سب ادویہ کا نصف وزن کر کے شامل کریں۔ شہد خالص مصفی سب ادویہ کے برابر وزن کر کے گلاب خالص میں حل کر کے نرم آگ پر جوش دے کر جھاگ اتارتے جائیں۔ جب جھاگ آنی موقوف ہو جائیں۔ تو آملہ وزرشک بھی اس میں شامل کر کے قوام کریں اور بقیہ ادویہ مسفوفہ ملاکر انوشدارو بطریق مذکورہ تیار کر کے چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

انوشدارو لولوی خفقان کو زائل کرتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ اعضائے رئیسہ خصوصا معدہ کی تقویت میں معمول ہے استعمال علی الصبح ۷ ماشہ ہمراہ عرق سونف ۶ تولہ اور عرق مکو ۶ تولہ استعمال کریں نسخہ عنبرا شہب دو ماشہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد شیب۔ سعد کوفی اذخر ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ ابریشم مقرض۔ طباشیر۔ سازج ہندی۔ سنبل۔ گل ارمنی ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ عود خام ۲ تولہ۔ شیرہ آملہ ۱۱ تولہ نبات سفید اور شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

انوشدارو مقوی جگر سوء القنیہ و استسقاء میں نہایت مفید و مجرب ہے ہمیشہ معمول ہے خوراک ۷ ماشہ علی الصباح ہمراہ عرق کاسنی ۱۲ تولہ نسخہ گل سرخ سعد کوفی۔ فلفل سیاہ۔ قرنفل۔ اسارون۔ حب بلسان۔ باچھڑ۔ ریوند چینی۔ مصطگی۔ زرنباد جلوتری۔ زرنب۔ جو زبوا۔ زنجبیل۔ سازج ہندی۔ اذخر مکی ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل غافث سات ماشہ۔ دار چینی ۱۴ ماشہ۔ مجیٹھ چار ماشہ۔ آملہ منقی ڈھائی تولہ۔ باریک پیس کر بلسان کے تیل میں چرب کر کے تمام ادویہ کے برابر گلقند اور دوگنا شہد ملا کر حسب دستور تیار کریں۔

ایارج۔ ایارجات

ایارج کے لغوی معنی ہیں دوائے الٰہی یعنی خدا کی دوا اور اصطلاح طب میں اس کے معنی ہیں مسہل دوا۔ اس نام کا مسہل پہلا مرکب ہے۔ جو دست آور فائدہ اور تنقیہ دماغ کے لئے زمانہ قدیم میں ترتیب دیا گیا۔ پھر اس کے اجزا میں وقتاً فوقتاً ترمیم ہوتی رہی۔

ایارج بارد گرم دردوں کو دور کرتا ہے۔ دانت اور کان کے درد نیز گرمی سے آنکھ دکھنے کو زائل کرتا ہے۔ مرض دوار اور دیگر دماغی گرم بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال ۹ ماشہ شربت ترنجبین ۳ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد مجوف بنفشہ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ ایارج فیقرا ۱۰ ماشہ۔ گل سرخ۔ تخم کاسنی ہر ایک ۵ ماشہ۔ کتیرا۔ محمودہ مشوئی ہر ایک ۳ ماشہ۔ حسب دستور تیار کریں۔

ایارج شیبار مالی خولیا میں بلغمی اور سوداوی مواد کے اخراج کے لئے خصوصیت ہے۔ مفید و معمول ہے استعمال رات کو سوتے وقت بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق گلاب ۹ تولہ یا گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ گل سرخ کندر۔ حب النیل۔ کیترا۔ دار چینی ہر ایک ۲ تولہ۔ صبر زرد۔ گوگل ہر ایک ۴ تولہ۔ ریوند چینی ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ غاریقون ہر ایک ۵ تولہ۔ اسارون۔ سنبل الطیب۔ زیرہ کرمانی ہر ایک ایک تولہ۔ تربد سفید مجوف۔ تخم حنظل ہر ایک ۶ تولہ۔ تخم گندر جنگلی۔ کبابہ ہر ایک چھ ماشہ بدستور معروف تیار کریں۔

ایارج فیقرا دماغ اور معدہ کو فضلات سے پاک کرتا ہے۔ غلیظ بلغم کو چھانٹتا ہے سر کی درد کو دور کرتا ہے۔ فالج لقوہ۔ استرخا اور جوڑوں کے درد کو زائل کرتا ہے۔ تنقیہ دماغ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۷ ماشہ شہد یا گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں اگر معدہ میں امتلا نہ ہو۔ ورنہ گلقند کے ساتھ کھائیں نسخہ بالچھڑ۔ دار چینی۔ عود بلسان۔ حب بلسان۔ سلیخہ۔ مصطگی۔ اسارون۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ صبر سقوطری دو چند حسب معمول تیار کریں فائدہ چونکہ ایارج فیقرا گردہ کے لئے مضر ہے اس لئے بوقت استعمال اس کے ساتھ عناب کسی مناسب طریقہ سے استعمال کریں۔ کیونکہ یہ اس کا مصلح ہے۔ اسی طرح ایارج فیقرا

اطریفلات کے ساتھ دماغی فضلات کا تنقیہ کرتا ہے۔ اور گلقند کے ہمراہ معدہ کا بوقت استعمال حسب ضرورت بدرقہ تجویز کرنا چاہیے۔

ایارج کبیر دماغ کا تنقیہ کرتا ہے اور صفراوی بلغمی۔ سودای درد سر میں خصوصاً معمول و مفید ہے استعمال ۱۴ ماشہ ہمراہ شربت قند استعمال کریں۔ نسخہ کیترا ۳ ماشہ۔ نمک ہندی ۱۰ ماشہ۔ گل سرخ۔ زنجبیل ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ تخم حنظل تولہ۔ سقمونیا ۱۴ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۱۷ ماشہ۔ افتیمون۔ اسطو خودوس ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ ۔ ایارج فیقرا تربد موصوف ہر ایک ۳ تولہ بدستور معلوم تیار کریں

ایارج لوغا ذیا جذام ۔ برص اور کان کے درد کو زائل کرتا ہے۔ تمام عصبی بیماریوں مثلاً فالج۔ لقوہ۔ رعشہ اور دماغی امراض۔ دوار۔ شقیقہ۔ بیضہ۔ خوذہ وغیرہ میں معمول و مفید ہے استعمال ۱ تولہ ماء العسل کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ تخم حنظل۔ پیاز مشوی غاریقون۔ سقمونیا۔ کنگی سیاہ۔ اشق اسقور دیون ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ افتیمون۔ کماوذریوس گوگل ایلوا ہر ایک ۹ ماشہ۔ حاشا۔ انیسون۔ ساذج ہندی۔ فراسیون۔ جعدہ۔ سلیخہ۔ فلفل سفید۔ جاؤشیر۔ جند بیدستر۔ سنبل الطیب۔ فطر اسالیون۔ زراوند طویل۔ عصارہ افسنتین فرفیون۔ حماما۔ زنجبیل ہر ایک ۷ ماشہ پکھان بید۔ اسطو خودوس ہر ایک ۳ ماشہ شہد خالص سہ چند ہمہ ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں اور تیاری کے ۶ ماہ بعد قابل استعمال سمجھیں۔ فائدہ لوغاذیا ایک حکیم کا نام ہے۔ جس نے اس مرکب کو ترتیب دیا ہے۔

ایارج ہو فقراطیس (ایارج بقراط) معدہ کی رطوبت کو خشک کرنے اور تبخیری سر کے درد کو تسکین دینے میں معمول و مفید ہے استعمال بقدر ۱۴ ماشہ ہمراہ گرم پانی استعمال کریں نسخہ جنطیانہ۔ سنبل الطیب۔ تخم حنظل۔ زراوند مدحرج۔ دار چینی۔ تج ہر ایک ۳ ماشہ۔ فطراسالیون۔ کماذریوس۔ اسطو خودوس۔ فلفلمویہ۔ مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ ایلوا ۴ تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں اور ۶ ماہ بعد استعمال کریں فائدہ اس دوا کا موجد بقراط ہے۔ بقراط کا نام اصل میں ہبقراط HIPPOCRA + E ہے اس لئے اس دوا کا نام ایارج ' ہبقراطی یا ایارج بقراطی ہونا چاہیے تھا۔ لیکن تلفظ یا کتابت کی غلطی سے ہو فقرالیس بن گیا

باب الباء

باد مہرج (معرب باد مہرہ یا مہرہ باد) محلل ریاح ہے قولنج ریحی و بلغمی میں بہت مفید و مستعمل ہے خوراک سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ یا مربائے زنجبیل نو ماشہ نسخہ حلبہ۔ ہزار اسپند ہر ایک آٹھ تولہ۔ درونج عقربی۔ عاقر قرحا قلفل۔ دار قلفل۔ اسارون۔ سلیخہ۔ قسط شیریں۔ زعفران۔ زنجبیل ہر ایک سات ماشہ شہد خالص مصفے سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں

بتیسا گٹھا کمر کے درد کو زائل کر کے اسے قوت دیتا ہے۔ عورتوں کی تمام اندرونی شکایات مثلاً سیلان الرحم و بیقاعدگی حیض وغیرہ میں بہت مفید اور مستعمل ہے خوراک ایک لڈو روزانہ گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ مازو مائیں خورد۔ پٹھانی لودھ۔ بابڑنگ۔ باؤ کھمبا۔ گل دھاوا۔ گوکھرو کلاں۔ گوکھرو خورد گل سپاری (چکنی ڈلی) موسلا سینبل۔ سمندر سوکھ۔ چھال درخت مولسری۔ گوند ڈھاک۔ الائچی خورد۔ مجیٹھ۔ پلنگ توڑ۔ کرکس ہر ایک ایک تولہ۔ سنگجراحت دو تولہ۔ گوند ببول سات تولہ سب کو باریک کر کے گھی میں بریاں کر کے رکھیں۔ پھر آرد برنج ساٹھی آدھ سیر۔ مغز نارجیل۔ چھوارہ چرونجی۔ پھول مکھانہ ہر ایک ایک چھٹانک۔ شکر سفید ۳ پاؤ۔ گھی ۳ پاؤ

ترکیب سب دواؤں کو کوٹ چھان کر کے چاولوں کا آٹا اور شکر ملا کر مغزیات اضافہ کر کے گھی میں تیار کریں۔

بتیسا دیگر تمام فوائد مثل نسخہ مذکورہ بالا نسخہ موصلی سینبل۔ مجیٹھ سپاری کہنہ پلنگ توڑ۔ تخم گذر۔ تخم سروالی۔ نیجبند مغز کونچ۔ گل دھاوا۔ چڑیا کند۔ چینا گوند۔ مغزپلاس پاپڑہ اندرجو۔ تیج بل۔ سمندر سوکھ۔ بابڑنگ۔ اجوائن دیسی تالمکھانہ سونٹھ گوکھرو خورہ۔ گوکھرو کلاں۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ دار چینی۔ مازو۔ باؤ کھنبا۔ لودھ پٹھانی۔ موچرس۔ کرکس۔ بھوپھلی۔ الائچی خورد اسگندھ ہر ایک ا تولہ۔ سنگجراحت تین تولہ۔ میدہ گندم۔ میدہ برنج ساٹھی ہر ایک پاؤ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ گھی آدھ سیر۔ بطریق مذکورہ بالا تیار کر کے استعمال کریں۔

نجور (مفرح بخارات کا) اس دوا کو کہتے ہیں۔ جس کو آگ میں جلا کر دھواں لیا جائے۔

نجور سیلان الانف۔ زکام جو گرمی کے باعث ہو اور ریزش نہ ہوتی ہو اس میں مفید ہے نسخہ کافور ایک ماشہ۔ گیہوں کی بھوسی۔ جو کا آٹا۔ باقلا کا آٹا۔ صندل سفید۔ گلسرخ۔ بنفشہ۔ جھاؤ کے پھل ہر ایک سات ماشہ ترکیب:۔ سب کو باریک پیس کر سرکہ کہنہ میں بھگو دیں۔ جب سرکہ جذب ہو کر خشک ہو جائے تو قدرے گلاب خالص ملا کر بیر کے برابر گولیاں بنا لیں ضرورت کے وقت ایک گولی کا حسب معمول بخور لیں۔

نجور علوی خاں کان کا درد جو سردی کے سبب ہو۔ کانوں کی بھنبھناہٹ نیز ثقل سماعت وغیرہ دیگر کان کی اکثر بیماریوں میں مفید و مستعمل ہے استعمال چادر وغیرہ اوڑھ کر جوشاندہ کے بخارات کان میں پہنچائیں۔ نسخہ:۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ مرزنجوش۔ زوفائے خشک۔ پوست خشخاش۔ مکوہ خشک۔ اسطو خودوس۔ افسنتین ہر ایک چھ ماشہ۔ دواؤں کو دیگچہ میں جوش دیا جائے۔ دیگچہ کے منہ کو اچھی طرح بند کر رکھا جائے۔ تاکہ ہر طرف سے بھاپ نہ نکل سکے۔ فائدہ اگر سودایت کا غلبہ ہو تو چوب چینی چھ ماشہ اضافہ کریں۔

نجور کرم دنداں۔ دانتوں اور ڈاڑھوں کے کیڑوں کو مار کر نکال دیتا ہے درد دنداں کو ساکن کرتا ہے۔ نہایت زود اثر مسکن ہے۔ ہمیشہ مستعمل ہے استعمال:۔ دو پیالے لے کر ایک میں کوئلہ کی آگ بھر لیں اور دوسرے پیالہ میں سوراخ کر کے اس کے اوپر ڈھانک دیں۔ سوراخ کے اوپر نلکی کا ایک سرا رکھا جائے۔ اور دوسرا سرا جس ڈاڑھ یا دانت میں درد ہو اس پر رکھیں۔ نسخہ:۔ تخم گندنا۔ تخم پیاز۔ اجوائن خراسانی ہر ایک چھ ماشہ باریک پیس کر موم خالص یا بھیڑ کی چربی میں ملا کر گولیاں بنائیں۔ حسب طریقہ مذکورہ بالا ایک گولی آگ پر ڈال کر بخور لیں۔

نجور مدر نفاس نفاس کے جاری کرنے میں نہایت مفید ہے استعمال اندام نہانی میں حسب معمول دھواں پہنچائیں۔ نسخہ مقل۔ زوفا۔ حرمل۔ رائی۔ بطم کا گوند ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر حسب معمول دھواں لیں۔

برشعشا برشعشا کے لغوی معنی دوائے سریع النفع کے ہیں۔ چونکہ برشعشا بہت سریع النفع مرکب دوا ہے۔ اس لئے یہ نام رکھا گیا ہے۔ مالیخولیا۔ نسیان زکام و نزلہ و دیگر

وبلغمی امراض کو دور کرتا ہے۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ میں بہت مفید ہے۔ معدہ اور جگر کے درد کا فائدہ دیتا ہے۔ اعصاب کو قوت دیتا ہے۔ دماغی اور عصبی امراض میں نہایت فائدہ مند اور مستعمل ہے۔

خوراک تین رتی سے دو ماشہ تک عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۵ تولہ۔ افیون خالص ڈھائی تولہ زعفران اصلی سوا تولہ۔ بالچھڑ۔ عاقر قرحا۔ فرفیون ہر ایک ۳ تولہ۔ شہد خالص سہ چند ادویہ۔

ترکیب سب ادویہ کو الگ الگ کوٹ چھان کر وزن کرلیں۔ دواؤں سے سہ چند شہد لے کر قوام بنا کر دوائیں ملا کر تین مہینہ تک جو میں دبا دیں۔ بعد سہ ماہ استعمال میں لائیں۔

فائدہ:۔ یہ دوا پانچ سال تک قابل استعمال رہتی ہے۔

برود۔ (برودات کا مفرد بمعنی سرد) اصلاحا" اس دوا کو کہتے ہیں جس کا استعمال آنکھ میں کیا جائے۔ اور اور اجزائے باردہ سے تیار کی گئی ہو۔

برود احمر آنکھ کی سوزش کو تسکین دیتا ہے۔ تازگی اور ٹھنڈ بخشتا ہے نہایت مفید اور مستعمل ہے استعمال صبح شام بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ شادنج مغسول دس ماشہ۔ روئی سوختہ پانچ ماشہ۔ مروارید نا سفتہ ڈیڑھ ماشہ۔ نبات سفید اماشہ سب کو باریک مثل سرمہ پیس کر آنکھ میں لگائیں۔

برود اسود:۔ آنکھوں سے پانی بہتا ہو تو اسے رد کردیتا ہے۔ آنکھ کی سفیدی کو کاٹنے میں بہت مفید و سریع الاثر و معمول ہے۔ استعمال دن میں دو تین مرتبہ سلائی کے ذریعے آنکھ میں لگائیں نسخہ سرمہ اصفہانی۔ توتیائے مغسول ہر ایک اتولہ مروارید نا سفتہ ۲ ماشہ۔ سازج ہندی ا ماشہ۔ زعفران نصف ماشہ۔ مار قشیشا ذہبی آٹھ ماشہ۔ مشک خالص کافور ہر ایک ایک سرخ۔ سرمہ کی طرح پیس کر آنکھ میں لگائیں۔

برود بنفسجی پلکوں کی خارش یعنی مرض جرب الاجفان میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال صبح و شام سرمہ کی طرح آنکھ میں لگائیں نسخہ بنفشہ۔ کشنیز خشک بریاں۔ صمغ کتیرا ہر ایک چار ماشہ۔ نشاستہ دس ماشہ۔ سب کو کوٹ کر پانچ مرتبہ سرکہ دیسی میں ترکر کے خشک کرلیں۔ چھٹی مرتبہ خوب باریک سرمہ پیس کر کام میں لائیں۔

برود جالینوس ضعف بصارت اور سفیدی چشم میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال

صبح وشام آنکھ میں لگائیں نسخہ:۔ ایلوا۔ فلفل۔ دار فلفل شادنج مغسول۔ مقناطیس سوختہ مغسول ہر ایک چھ ماشہ۔ توتیائے کرمانی۔ سادج ہندی۔ مس سوختہ ہر ایک ایک تولہ۔ مامیثا۔ مازو چاکسو۔ انزروت۔ سمندر جھاگ ہر ایک تین ماشہ۔ آب انار ترش۔ آب انار شیریں بقدر ضرورت تمام ادویہ کوٹ چھان کرانار ترش وشیریں کے پانی میں پانچ مرتبہ تر کرکے خشک کریں۔ چھٹی مرتبہ خوب باریک پیس کر کام میں لائیں۔

برود حصرم۔ آنکھ سے پانی بہنے نیز مرض سبل وسلاق میں خصوصیت سے مفید و مستعمل ہے استعمال:۔ بدستور سابق استعمال کریں نسخہ:۔ سنگ بصری مغسول تین تولہ پوست ہلیلہ زرد۔ سونٹھ۔ زردچوب ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ دار فلفل ممیراں ہر ایک ایک تولہ نمک ہندی چار ماشہ۔ آب انگور ترش۔ بقدر ضرورت سب دواؤں کو کوٹ چھان کر بیس روز آب انگور ترش میں تر رکھیں اور سایہ میں خشک کرکے باریک پیس کام میں لائیں۔

برود دمعہ۔ آنکھ سے پانی بہنے کو بند کرنے میں خصوصیت سے نافع ہے استعمال صبح شام آنکھ میں لگائیں نسخہ:۔ استخوان ہلیلہ کابلی سوختہ دس ماشہ۔ نمک اندرانی۔ مازو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ حسب معمول باریک پیس کر ریشمی کپڑے میں چھان کر رکھیں اور کام میں لائیں۔

برود قرع۔ گرمی کی وجہ سے جو آشوب چشم ہو۔ اس میں نہایت مفید ہے۔ استعمال:۔ صبح شام بطور سرمہ استعمال کریں نسخہ:۔ توتیائے کرمانی پانچ تولہ۔ آب کدو حسب ضرورت ترکیب:۔ توتیا کوٹ کر اور ریشمی کپڑے میں چھان کر رکھیں۔ اور کام میں لائیں۔

برود کافوری۔ آنکھوں کی سرخی کاٹتا ہے۔ گرمی وسوزش دور کرکے آنکھوں میں ٹھنڈک پیدا کرتا ہے گرم آشوب چشم میں مفید و مستعمل ہے استعمال صبح دوپہر شام سلائی سے لگائیں نسخہ:۔ سنگ بصری ایک تولہ۔ کافور چار ماشہ۔ حسب دستور بہت باریک پیس کر چھان کر کام میں لائیں۔

برود کافوری بہ نسخہ دیگر۔ توتیائے کرمانی خام انگور کے پانی میں بیس دن تک بھگو کر خشک کیا ہوا اٹھارہ ماشہ۔ کافور دو سرخ۔ خوب باریک پیس کر ریشمی کپڑے میں چھان کر حسب دستور استعمال کریں۔ فوائد مذکورہ بالا کے لئے مستعمل ہے۔ فائدہ۔ برود کا موجد حکیم سقیانوس ہے جس نے سب سے پہلے آشوب چشم کے لئے بادشاہ کے واسطے تیار کرایا تھا۔

باب الباء فارسیہ

پاشویہ (غسل قدمی یعنی پاؤں دھونا) اصطلاح طب میں اس عمل کو کہتے ہیں جس میں مریض کے پاؤں سادہ گرم پانی یا دواؤں کے نیم گرم جوشاندہ میں ڈال کر دھوئے جائیں۔ اور پنڈلی کو اوپر سے نیچے کی طرف ملایا جائے۔

پاشویہ باردورد سرحار۔ سرسام نیز سہر (بیداری) اور دیگر مقامی گرم امراض میں نہایت مفید ہے استعمال صاف کر کے پاشویہ کریں نسخہ۔ گل بنفشہ گل نیلوفر۔ گل خطمی۔ عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ۔ سبوس گندم چار تولہ۔ برگ بید۔ برگ کوکنار پاؤ سیر۔ دس سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تین حصہ باقی رہ جائے کام میں لائیں۔

پاشویہ حار سردی کے درد سر میں بالخصوص و دیگر مقامی امراض حار میں نہایت مفید ہے استعمال بدستور سابق نسخہ گل بابونہ۔ اکلیل الملک۔ خطمی۔ کوہ خشک۔ زوفا نمام خرول۔ نمک طعام ہر ایک ایک تولہ۔ سبوس گندم چار تولہ حب معمول تیار کر کے کام میں لائیں۔ فائدہ زیادتی اثر کے لئے کاہی چوب چینی یا عشبہ مغربی اضافہ کرتے ہیں

پیام شفا۔ نام سے وجہ تسمیہ ظاہر ہے۔ فی الواقعہ نہایت زود اثر ہے۔ کھاتے ہی صحت کا پیغام لاتی ہے۔ متلی۔ قے۔ بدہضمی کھٹی ڈکاریں دور کر کے بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کی تمام شکایات میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ آدمی رتی گلقند دو تولہ میں رکھ کر تازہ پانی کے ساتھ قے وغیرہ کی حالت میں عرق سونف چھ تولہ عرق گلاب چھ تولہ سکنجبین دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ فلفل سیاہ ایک تولہ۔ جوہر نوشادر ایک تولہ۔ ہرمچی ایک تولہ۔ تخم دھتورہ چھ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

پیام شفا بنسخہ دیگر۔ استعمال بدستور سابق نسخہ۔ دار فلفل ایک تولہ۔ جو ہر نشادر چھ ماشہ۔ تخم درخت۔ سوھانجنا۔ تخم درخت بتھوا۔ کشتہ شنگرف ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔ فائدہ۔ کبھی زیادتی تقویت کے لئے کشتہ فولاد کشتہ خبث الحدید تین ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

پیام صحت۔ ریاح کو توڑتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ ہر قسم کے دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ متلی۔ قے۔ دست اور ہیضہ میں بالخصوص مفید ہے نسخہ۔ جو ہر نوشادر ۳ تولہ۔ ست پودینہ ٦ ماشہ فلفل سیاہ فلفل دراز۔ جوکھار۔ نمک مولی۔ کھار چرچٹہ۔ کھار کٹیلی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ شورہ قلمی دانہ آلائچی۔ لاہوری نمک ہر ایک تین تولہ۔ ہرمچی مصفے پانچ تولہ۔ حسب معمول تیار کریں۔

فائدہ جوہر نوشادر حسب ذیل طریق پر تیار کرنا چاہیے نوشادر کو کیلے کی جڑ میں کمل کرکے جوہر اڑالیں استعمال۔ ۴ رتی ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ

باب التاء الفوقانیہ

تریاقات

تریاق۔ جس کو ڈاکٹری میں تھریاک کہتے ہیں۔ یہ دونوں طبی و ڈاکٹری لغت یونانی لغت تھریاکا کی بدلی ہوئی صورت ہے۔ جو مشتق ہے۔ تھریوں سے جس کے معنی ہیں ہر جانور کاٹنے والا۔ چونکہ وہ دوا جس کو اب عام طور پر تریاق کہا جاتا ہے۔ ایسے زہریلے جانوروں بالخصوص سانپ کے زہر کا مارگ ہے۔ اس لئے اس کو تریاق انہی کے نام سے موسوم کیا گیا لیکن اب یونانی اطبا کی اصطلاح میں تریاق اس مرکب و معنوی دوا کو کہتے ہیں۔ جو کسی زہر کو دفع کرے اور روح کی حفاظت کرے۔ پرانی انگریزی زبان میں تریاق کوٹرایکل کہتے تھے۔ جو اب ذرا بدل کر ٹریکل ہو گیا۔ جس کے معنی ہیں شیرہ۔ چونکہ تریاق کی ترکیب اور قوام میں شیرہ یا شہد شامل کیا جاتا تھا۔ اس مناسبت سے یہ نام تجویز کیا گیا تھا۔

تریاق اربعہ۔ دماغ اور دل کو قوی کرتا ہے۔ زہریلے اثرات زائل کرنے میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ حب الغار۔ پکھان بید رومی۔ مرصافی۔ زراوند طویل ہر ایک چھ ماشہ شہد سہ چند ادویہ فائدہ۔ تریاق اربعہ کا اختراع حکیم اندروماخس نے کیا ہے۔

تریاق اسنان۔ سردی سے دانتوں کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال گولی بنا کر جس دانت میں درد ہو اس کے نیچے دبا رکھیں نسخہ۔ فلفل گرد۔ عاقر قرحا۔ ہینگ زرچور۔ نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

بنسخہ دیگر بدستور سابق کام میں لائیں۔ جند بید ستر۔ ہینگ۔ فلفل سیاہ۔ زراوند مدحرج زنجبیل میعہ سائلہ۔ افیون۔ بزرالبنج ہر ایک چھ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق افاعی۔ زہریلے کیڑوں کے اثر کو دور کرنے میں عجیب الاثر ہے۔ استعمال دو ماشہ ہمراہ عرق گلاب ایک تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا زرد چھ ماشہ۔ مرصافی۔ زعفران ہر ایک تین ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق افیون۔ بھنگ ۔ افیون اور دیگر نشیلی چیزوں کے اثر کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ساڑھے تین ماشہ ہمراہ شراب کہنہ یا عرق ماء اللحم چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہینگ۔ زعفران۔ جندبید ستر۔ ابہل۔ فلفل ہر ایک سات ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں فائدہ۔ لیکن اس کے استعمال سے قبل مناسب ہے کہ ماء العسل تخم شبت (سویہ) اور نمک سے قے کردیں۔

تریاق بلیغ النفع سانپ کے کاٹے میں عجیب الاثر ہے استعمال چار رتی ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زراوند مدحرج۔ جند بید ستر ہر ایک پانچ ماشہ فلفل دس ماشہ۔ انیسون تین تولہ۔ رب سیب سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

تریاق ثمانیہ۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ زہریلے اثرات کو زائل کرتا ہے اور مرگی ۔ لقوہ۔ فالج اور دیگر عصبی بیماریوں میں بہت مفید ہے استعمال۔ صبح نہار منہ پانچ ماشہ عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ مرکی ۔ حب الغار۔ پکھان بید رومی۔ قسط تلخ ہر ایک دو تولہ۔ مرچ سیاہ۔ سلیخہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ زعفران۔ دار چینی ہر ایک نو ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ۔ تریاق ثمانیہ کا موجد حکیم بلیدونس ہے۔

تریاق حب اترج۔ زہریلے جانوروں کے کاٹے سے یا زہر پی لینے سے جو بھی سمیت ہو اس کے زائل کرنے میں نہایت مفید اور زود اثر ہے استعمال۔ ڈیڑھ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ نمک طعام ۔ برگ سداب خشک ہر ایک پانچ تولہ۔ تخم اترج مقشر دس تولہ۔ مغز اخروٹ ۳۰ تولہ۔ انجیر تازہ حسب حاجت سب دواؤں کو باریک کوٹ کر انجیر کے گودے میں ملا کر رکھ لیں۔

تریاق ذرب۔ آنتوں اور معدہ کو قوت دینے دستوں کو بند کرنے نیز تمام اعضاء رئیسہ کو قوت بخشنے میں مفید ہے استعمال تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ مرجان۔ کہربا۔ عقیق۔ یشب۔ برادہ دندان فیل۔ طباشیر۔ طراشیت کشنیز خشک بریاں۔ صندل سفید۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔

زنل سعد۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ مصطگی۔ کرویا۔ مازو سبز۔ گل ارمنی۔ شاونج عدسی۔
صمغ عربی۔ آرد کنار۔ آرد سنجد۔ حب غدبہ۔ دانہ عناب بریاں۔ پوست بیرون
پستہ۔ مویز منقے ہر ایک تین ماشہ۔ ورق نقرہ ایک ماشہ۔ تخم خرفہ بریاں۔ خشخاش
سفید۔ دانہ انگور کلاں ہر ایک پانچ ماشہ۔ عود خام۔ بزرا لبنج ہر ایک دو ماشہ۔ رب
شیریں۔ رب موردسہ چند ادویہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ربوب کے قوام میں
ملالیں۔ گرم اور ثقیل چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

تریاق الذہب۔ مالیخولیا۔ مرگی اور جذام کو دور کرتا ہے۔ استسقاء اور
یرقان کو زائل کرتا ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری توڑتا
ہے۔ خفقان کا ازالہ کرتا اور بواسیر کو دور کرتا ہے۔ مالیخولیا وغیرہ میں خصوصیت
سے مفید ہے استعمال سنگ مثانہ میں ایک گولی عرق کرفس کے ساتھ اور خفقان میں
ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ اور بواسیر میں ہمراہ عرق عناب بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ
۔ بچ موتی بقدر ضرورت عرق لیموں حسب حاجت صبر سقوطری سات ماشہ۔ سقمونیا
پندرہ ماشہ۔ افیتمون دار چینی قصب الزیرہ ہر ایک چار ماشہ۔ ترکیب مروارید کو
لیموں کے عرق میں ڈال کر شیشی بند کر کے تین ہفتہ گرم پانی میں رکھیں۔ جب وہ
حل ہو کوٹ چھان کر اس عرق میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں فائدہ۔ اگر تقویت باہ
منظور ہو تو اسی میں ورق طلاء حسب ترکیب بالا عرق لیموں میں رکھ کر محلول ہونے پر
تمام ادویہ ملا کر کام میں لائیں زہریلے اثرات کے دفعیہ کے لئے روغن بنفشہ میں حل
کریں۔ تنبیہہ۔ تریاق الذہب کا مخترع حکیم انطاکی ہے۔

تریاق ریتلا۔ ریتلا (ایک قسم کی زہریلی مکڑی) کے کاٹے میں نہایت
مفید ہے۔ استعمال۔ چار چاول کی مقدار میں شراب کہنہ یا عرق ماللحم عنبری چھ
تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شونیز دس ماشہ ۔ دو قوزیرہ کرمانی ہر ایک پانچ
ماشہ۔ ابہل ۔ جو زالسرد ہر ایک تین ماشہ۔ بالچھڑ۔ حب الغار۔ زراوند مدحرج۔
حب بلسان۔ دار چینی۔ خبطیانہ۔ تخم کرفس ہر ایک دو ماشہ۔ شہد خالص سہ چند
حسب دستور بنائیں۔

تریاق رحم۔ رحم کی خرابیوں کو دور کرتا ہے۔ سیلان الرحم میں خصوصیت
سے مفید ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل
ہکاری۔ گل پستہ۔ ڈھاک گوند ہر ایک چار تولہ۔ اندر جو شیریں۔ اسگند ناگوری ہر

ایک دو تولہ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ مرجان ہر ایک تین ماشہ۔ کشتہ عقیق ڈیڑھ ماشہ۔ مصری آٹھ تولہ کوٹ کر چھان کر سفوف تیار کریں۔

تریاق سرطان۔ دیوانہ کتے کے کاٹے ہوئے کے لئے مفید ہے استعمال۔ تین ماشہ صبح و شام سرد پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ کندر۔ جنطیانہ ہر ایک پانچ ماشہ۔ سرطان محرق دس ماشہ۔ شہد خالص سہ چند حسب معمول بنائیں۔ فائدہ۔ جالینوس کا قول ہے کہ اگر چند روز برابر اس کا استعمال کیا جائے تو پانی سے خوف کرنا دور ہوجاتا ہے۔

تریاق صغیر۔ سرد بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔ زہریلے کیڑوں کے اثر کو دور کرتا ہے سرد زہر اور سرد امراض میں خصوصیت سے مفید ہے نسخہ۔ زراوند طویل۔ حب الغار جنطیانہ۔ پوست بیخ کبرا فستیین۔ زرد چوب۔ بیخ حنظل۔ قاشرا ہر ایک چھ ماشہ۔ شہد خاص سہ چند ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق طین مختوم۔ زہریلے اثرات کا بذریعہ قے اخراج کرتا ہے۔ اور جب زہر کا اثر بالکل جاتا رہتا ہے۔ تو قے بھی خود بخود رک جاتی ہے استعمال تین ماشہ غذا سے پہلے یا بعد کھائیں۔ نسخہ۔ گل مختوم۔ حب الغار۔ ایرسا ہر ایک چھ ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تریاق عام النفع۔ یہ بھی زہریلے اثرات کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ ماء اللحم عنبری پانچ تولہ نسخہ۔ فلفل سفید۔ مرہر ایک دو ماشہ۔ خنطیانا چار ماشہ زراوند مدحرج پانچ ماشہ۔ تخم حرمل۔ کلونجی۔ زیرہ ہر ایک سات ماشہ۔ شہد سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

تریاق عقرب۔ بچھو کے کاٹے کے لئے مفید ہے استعمال سات ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ مرصافی۔ حب الغار۔ قسط تلخ۔ پودینہ خشک۔ سداب۔ جنگلی۔ جند بید ستر۔ عاقر قرحا۔ سونٹھ۔ فلفل ۔ شونیز۔ ہینگ ہر ایک سات ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ۔ کبھی ان اجزاء کے ساتھ جنطیانہ۔ زراوند مدحرج بھی اضافہ کرتے ہیں۔

تریاق کبیر علویخانی۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے ۔ مالی خولیا۔ مرگی اور دیگر دماغی امراض کو زائل کرتا اور ہر قسم کے زہریلے اثرات کو دور کرتا ہے۔ مرگی اور مالیخولیا میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تین ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ایک

تولہ یا دواء المسک معتدل سات ماشہ میں ملا کر عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ مرکی۔ گندہ بیروزہ۔ صمغ صنوبر (صنوبر کا گوند) جاؤ شیر ہر ایک چار ماشہ ان کو عرق نارنگی۔ عرق دار چینی اور عرق گلاب میں تر رکھیں۔ یہاں تک کہ سرکہ بن جائے۔ مومیائی ۔ عنبرا شہب ۔ مصطگی۔ کندر ہر ایک دو ماشہ۔ ان سب کو روغن بلسان تین تولہ میں ڈال کر ایک چینی کے پیالہ میں رکھیں۔ بعدہ مروارید یاقوت سرخ۔ زمرد۔ عقیق یمانی۔ کہربائے شمعی۔ فاد زہر معدنی خطائی ہر ایک چار ماشہ علیحدہ علیحدہ سنگ سماق پر گلاب کے ساتھ گھسیں۔ پھر لاجورد مغسول حجر ارمنی مغسول ہر ایک دو ماشہ ۔ ابریشم محرق تین ماشہ۔ اسقیل۔ حب الغار۔ خبطیانا۔ رزاوند طویل۔ قسط تلخ۔ زراوند مدحرج۔ تخم رازیانہ۔ فلفل سفید دار فلفل ۔ جدوار خطائی۔ عود قماری ۔ غنچہ اذخر۔ ریوندہ چینی بالچھڑ۔ قنطوریون دقیق۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ اسطوخودوس۔ زعفران۔ و رونج عقربی۔ فاوانیا عاقر قرحا۔ تخم سیسالیوس۔ پوست بیخ کبر۔ افتیمون۔ ساذج ہندی۔ زرنبور۔ نارجیل دریائی۔ انجدان رومی، نمام صعتر۔ جندبید ستر۔ کبریت زرد۔ زرنب بیخ کرمتہ لیبضا۔ غاریقون سفید۔ برنجاسف اقحوان (بابونہ کوہی) بابونہ۔ ہر ایک چار ماشہ۔ گل سرخ چھ ماشہ۔ مشک تبتی۔ برگ محلصہ۔ فاد زہر حیوانی گل داغستانی ہر ایک دو ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ ترکیب۔ شہد کو نرم آنچ پر رکھیں اور صمغیات (گوند) کو اس میں ڈال کر خوب محلول کرلیں۔ بعدہ شہد کو نیچے اتار کر کشتہ طلاو کشتہ نقرہ نیز جواہرات ڈال کر خوب حل کریں۔ باقی اجزا کو روغن بلسان سے اچھی طرح چرب کر کے بتدریج ڈالیں تاکہ شہد میں خوب مل جائیں۔ چاندی کے برتن میں رکھ کر بقدر چار انگلی کے خالی رہے۔ دھوپ میں ایک ہفتہ تک رکھیں اور رات کو شبنم میں رہنے دیں۔ ایک ہفتہ کے بعد ایسے برتن میں رکھ کر کہ جس میں ماش سیاہ ہوں دفن کردیں۔ اور روزانہ ماش نکال دیا کریں۔ تاکہ بخارات نکل جائیں۔ اگلے روز نئے ماش بھر کر پھر دفن کر دیں۔ چار ہفتہ تک اسی طرح عمل کریں۔ پھر کام میں لائیں فائدہ۔ تریاق کبیر کو تریاق فاروق بھی کہتے ہیں۔

تریاق مثانہ مثانہ اور گردہ کے زخموں کو بھرتا ہے۔ آلات بول کی سوزش اور درد کو تسکین دیتا ہے۔ حیض جاری کرتا ہے۔ اور رحم کی خرابیوں کو دور کرتا ہے امراض مثانہ میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے استعمال ابتدائے مرض میں بقدر چار ماشے تولہ ماء

العسل کے ہمراہ اور درمیان مرض میں نو ماشہ ماء العسل اور آب بار تنگ کے ساتھ اور آخر زمانہ مرض و انحطاط ہیں پانچ ماشہ ہمراہ آب انگور ترش استعمال کریں اور حیض کے لئے چنے کے زلال یا شیرہ خار خسک کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گھونگا محرق۔ شاخ گاؤ کوہی سوختہ۔ بسد مروارید ہر ایک پانچ ماشہ۔ افیون رب السوس ہر ایک نو ماشہ۔ سماق منقی۔ انگور ترش خشک طین فارسی (گل شیرازی) ریوند چینی۔ رامک۔ ابرک۔ خشخاش سفید۔ خشخاس سیاہ۔ بزرا لبنج ہر ایک چودہ ماشہ۔ ریشہ برگد۔ فطراسالیون۔ زوفائے خشک ۔ پودینہ کوہی۔ تخم خیاریں۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ دم الاخوین ہر ایک بائیس ماشہ۔ صمغ آلو۔ نشاستہ۔ کیترا۔ حب القلت۔ حب صنوبر۔ خرنوب نبطی۔ مغز بادام کوہی۔ مغز بادام شیریں مقشر ہر ایک بتیس ماشہ۔ گل ارمنی مغسول۔ چھیالیس ماشہ۔ گل قبری ارسٹھ ماشہ۔ حب کاکنج چالیس دانہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول بنائیں۔ فائدہ۔ حکیم ابو ماہر نے تریاق مثانہ کا اختراع کیا ہے۔

تریاق نزلہ۔ کھانسی اور گرم نزلہ کے لیئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ صبح یا رات کو سوتے وقت سات سے بارہ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ شربت خشخاش دو تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسطو خودوس ایک تولہ۔ گل گاؤ زبان۔ تخم مورو۔ کشنیز خشک ہر ایک تین تولہ۔ تخم کاہو پانچ تولہ۔ بزرا لبنج۔ کوکنار ہر ایک آٹھ تولہ۔ تخم خشخاش سفید گیارہ تولہ۔ مصری سہ چند ترکیب۔ تمام دواوں کو کوٹ چھان کر رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کر کے مصری کے قوام میں ملائیں اور گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ صمغ عربی کیترا مرکی ہر ایک ا تولہ پیس کر شامل کریں۔

تریاق وبائی۔ طاعون میں خصوصیت سے مفید ہے۔ ایام وبا میں زہریلی ہوا کے اثرات سے محفوظ رکھتا ہے استعمال ۔ دو ماشہ سونف کے عرق بارہ تولہ کے ہمراہ کھائیں نسخہ۔ ایلوا زرد دو تولہ۔ مرکی۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

تنزوی خطائی تحلیل اورام میں خصوصیت سے نافع ہے استعمال۔ صبح شام ایک قرص عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ مرکی۔ زراوند طویل۔ کندر یسا۔ ریوند چینی۔ جند بید ستر۔ صندل سرخ۔ کیترا۔ جدوار خطائی۔ نرکچور۔ خبطیانہ۔ ناردین گل سرخ۔ مقل۔ زعفران ۔ سک۔ بادیان خطائی ہر ایک چھ ماشہ۔ پارہ مقتول تین ماشہ عرق

گلاب حسب ضرورت کوٹ چھان کر عرق گلاب میں چنے کے برابر قرص بنائیں۔

توتیائے کبیر۔ اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتی ہے۔ دستوں کو بند کرنے اور معدہ آنتوں کو قوت دینے میں بہت مفید و معمول ہے استعمال دو سے چار چاول تک جوارش بسباسہ سات ماشہ یا معجون سنگدانہ مرغ سات ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنگ بصری دو تولہ۔ ورق طلا تین ماشہ۔ قرنفل۔ فلفل۔ فلفل گرد۔ مروارید ہر ایک ایک ماشہ ترکیب سنگ بصری کو ایک سو ایک مرتبہ گائے کے پیشاب میں گرم کرکے بجھائیں۔ پھر بعد کو کوئلہ کی آگ پر اسقدر گرم کریں۔ کہ سرخ ہو جائے۔ پھر پانی میں بجھا کر اوپر کا چھلکا دور کرکے تمام دواؤں کے ساتھ عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور بقدر ضرورت مکھن شامل کر کے عرق لیموں میں دوبارہ کھرل کریں۔ جب چکناہٹ جاتی رہے۔ تو خشک کر کے نگاہ رکھیں۔

باب الجیم

جوارش۔ گوارش کا معرب ہے جو گواریدن (بمعنی ہضم ہونا) کا حاصل مصدر ہے معجون اور جوارش میں یہ فرق ہے کہ معجون خوش ذائقہ و بدذائقہ دونوں قسم کی ہوتی ہے۔ لیکن جوارش ہمیشہ خوش ذائقہ ہوتی ہے۔ جوارش کی ترکیب معجون کی ترکیب کے قریب قریب ہوتی ہے۔ صرف فرق اتنا ہوتا ہے کہ جوارش کے اجزاء بہ نسبت معجون کے کسی قدر موٹے پیسے جاتے ہیں (دیکھو معجون)

جوارشات

جوارش آملہ سادہ۔ دل اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ جگر کی حرارت کو زائل کرتی ہے۔ اور صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے۔ تقویت معدہ اور اختلاج میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال علی الصبح سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ آملہ منقی سات تولہ۔ قند سفید ایک سیر گائے کے دودھ میں چوبیس گھنٹہ آملہ کو تر رکھیں بعد میں دھو کر پانی میں جوش دیں۔ صاف کر کے شکر کے قوام

میں شامل کر دیں۔ سات ماشہ علی الصبح عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ دیر ہضم اور بادی چیز نہ کھائیں۔

نسخہ دیگر استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔ آملہ خشک پانچ تولہ۔ پوست بیرون پستہ پانچ ماشہ۔ طباشیر۔ پوست ترنج۔ صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی ہر ایک چھ ماشہ۔ قند سفید ایک سیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش انارین۔ اندرونی حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے گرمی سے ضعف معدہ و جگر میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے استعمال۔ بوقت صبح سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان سات تولہ عرق گذر پانچ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار شیریں۔ آب انار ترش ہر ایک ایک سیر۔ آب پودینہ۔ عرق گلاب ہر ایک ۸ تولہ۔ سنبل الطیب (بالچھڑ) مصطگی ہر ایک سات ماشہ۔ پوست ترنج۔ پوست بیرون پستہ۔ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دانہ الائچی خورد تین ماشہ۔ قند سفید ایک سیر۔ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش انبرباریس۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دینے اور دستوں کو بند کرنے میں بالخصوص مفید ہے نسخہ۔ بسد۔ مروارید ہر ایک سات ماشہ۔ طباشیر۔ کہربا۔ مصطگی ہر ایک دس ماشہ۔ خرفہ سترہ ماشہ۔ زرشک ۔بہیدانہ۔ سماق۔ مویز منقی۔ حب نانخواہ۔ سونٹھ تخم خیار ہر ایک اکیس ماشہ۔ بارتنگ چوبیس ماشہ۔ رب بہی سہ چند۔ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ۔ گرم موسم اور گرم مزاج اشخاص کے لئے سونٹھ اور نانخواہ اجزاء اس سے نکال دیں

جوارش انجدان۔ کھٹی ڈکاروں کو زائل کرتی ہے۔ قولنج میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین سے نو ماشہ تک عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ فلفل۔ دار فلفل ہر ایک پانچماشہ۔ ایرسا۔ زنجبیل ہر ایک چھ ماشہ۔ انیسون۔ مصطگی۔ نانخواہ۔ تخم کرفس ہر ایک دو ماشہ۔ انجدان (بیخ درخت ہینگ) پندرہ ماشہ۔ شہد خالص دو چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش اترج۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے۔ ضعف ہضم میں معمول و مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مشک ایک ماشہ۔ قرنفل۔ جو زبوا۔ فلفل۔ دار فلفل۔ قرفہ۔ الائچی۔ خولنجان۔ زنجبیل۔ دار چینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ پوست ترنج خشک نو تولہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معمول تیار کریں۔

جوارش اسقف معدہ اور آنتوں سے غلیظ بلغم کو نکالتی ہے۔ کولے اور کمر کے درد کو

تسکین دیتی ہے۔ ریاحی بواسیر کو زائل کرتی ہے۔ قولنج کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ بطور ہاضم سات ماشہ ہمراہ عرق پودینہ چھ تولہ۔ اور بطور مسہل دو تولہ آب گرم استعمال
کریں۔ نسخہ۔ سقمونیا۔ تربد موصوف ہر ایک سات تولہ۔ فلفل۔ زنجبیل ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ دار
چینی۔ آملہ مقشر۔ لونگ۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ قند سفید ۶ تولہ شہد سہ چند
ادویہ بدستور سابق تیار کریں۔

جوارش بارد۔ دستوں کو بند کرنے میں معمول و مفید ہے استعمال علی الصبح بقدر پانچ ماشہ
ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کافور دس ماشہ۔ طباشیر۔ کہرباء آرد فوفل ہر ایک چودہ
ماشہ۔ شاہ بلوط۔ زعفران۔ نیلو فر ہر ایک سترہ ماشہ۔ گلسرخ۔ حب ہر ایک ایک اکیس ماشہ۔ تخم
حماض بریاں ہر ایک چوبیس ماشہ۔ زرشک۔ بے دانہ پوست عنبیرا۔ پوست سیپ۔ ہر ایک سات
ماشہ۔ انار دانہ ۵۲ ماشہ۔ رب سیب حسب ضرورت بدستور متعارف جوارش بنائیں

جوارش بسباسہ۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو گرم کرتی ہے اور
بادی بواسیر کو دور کرتی ہے۔ معدہ کی سردی اور بواسیر میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ صبح
شام یا صرف صبح پانچ سے سات ماشہ تک عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
سنگ گردہ و مثانہ میں اس جوارش کو سفوف اللاورام کے ساتھ استعمال کرنا مناسب ہے نسخہ۔
بسباسہ۔ قرفہ۔ دانہ الائچی خورد۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ دار چینی۔ اسارون ہر ایک ساڑھے تین
ماشہ۔ قرنفل پانچماشہ۔ سیاہ مرچ سات ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ڈیڑھ تولہ۔ قند سفید چھ تولہ۔ شہد
تین تولہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں

جوارش بکرماجیت قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور کمر کو مضبوط کرتی
ہے۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ روزانہ ۲ تولہ جوارش عرق ماء اللحم عنبری
چھ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی آدھ سیر۔ روغن گاؤ دو سیر۔ اسگند موصلی سیاہ۔
سونٹھ ہر ایک چھ تولہ۔ کنکول چار تولہ۔ دار چینی۔ خولنجان۔ کباب چینی۔ بسباسہ۔ عقرقرحا ہر ایک
چھ ماشہ۔ قرنفل۔ جو زبوا ہر ایک تین تولہ۔ شکر سرخ دو سیر۔ مصری دو سیر۔ صمغ عربی کو گھی میں
بھونیں اور گھی کو صمغ عربی سے جدا کرلیں۔ بقیہ دواؤں کو کوٹ کر مذکورہ گھی میں چرب کر کے شکر
اور مصری کے قوام میں جوارش تیار کریں۔

جوارش تخم مویز۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال سات ماشہ
ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مصطگی گلنار ہر ایک سترہ ماشہ۔ حب سماق ہر ایک

پینتیس ماشہ تخم موریز۔ صمغ عربی ہر ایک ستر ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور معروف جوارش بنائیں۔

جوارش تفاح۔ دماغ۔ دل اور دیگر اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ ہاضمہ بڑھاتی ہے اور معدہ کو قوت بخشتی ہے۔ ضعف ہضم اور تقویت احشا کے لئے مفید و معمول ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان چھ تولہ و عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ سیب چالیس تولہ۔ شراب ریحانی حسب ضرورت۔ فلفل۔ دار فلفل۔ قرنفل ہر ایک نو ماشہ زنجبیل اٹھارہ ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ عود ہندی بائیس ماشہ۔ شہد خالص دو چند وزن ادویہ۔ قند کے قوام میں ملا کر بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر شامل کرلیں۔

جوارش تمرہندی۔ دل، جگر معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے صفراوی قے اور دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ سے بارہ ماشہ تک عرق گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ تمرہندی (املی) مویز منقیٰ انار دانہ شاہی۔ ہر ایک سینتیس تولہ۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ تج قرنفل۔ جو زبوا۔ الائچی خورد و کلاں۔ پودینہ ہر ایک چھ ماشہ۔ قند سفید ایک سیر ترکیب۔ مویز منقیٰ۔ املی و انار دانہ تینوں کو سرکہ میں تر رکھیں۔ اور چوبیس گھنٹہ بعد علیحدہ علیحدہ پیس کر شکر کے قوام میں خوب اچھی طرح ملائیں اور چمچہ سے خوب اچھی طرح ملائیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ اور تھوڑا تھوڑا سرکہ یا عرق لیموں ڈالتے رہیں بعد کو سب دوائیں کوٹ چھان کر شامل کر کے جوارش تیار کرلیں۔

جوارش ثمو مغیلاں۔ دستوں کو روکنے میں عجیب الاثر ہے استعمال ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ سونٹھ۔ دانہ الائچی خورد۔ صمغ عربی بریاں۔ تج ہر ایک سات ماشہ۔ کنازج۔ ثمو مغیلاں ہر ایک چودہ ماشہ۔ شکر سفید پاؤ سیر حسب معمول تیار کریں۔

جوارش جالینوس۔ ریاح تحلیل کرتی ہے۔ تمام اعضاء کو قوت دیتی ہے۔ کمر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ قبض توڑتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ بلغمی کھانسی کو زائل کرتی ہے اور سردی کے سبب سے زیادتی پیشاب کو زائل کرتی ہے مثانہ اور گردہ کے فضلات سے پاک کرتی اور بادی بواسیر کو دور کرتی ہے۔ ہیضہ میں اور معدہ کی تقویت میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ علی الصبح سات سے بارہ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان کھائیں نسخہ۔ بالچھڑ۔ الائچی۔ تج قلمی۔ دار چینی۔ خولنجاں۔ لونگ۔ سعد کوفی۔ سونٹھ۔ سیاہ مرچ۔ فلفل دراز قسط شیریں۔ عود بلسان۔ اسارون۔ حب چرائتہ شیریں۔ زعفران ہر ایک سات ماشہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ قند سفید برابر وزن ادویہ شہد دو چند حسب

دستور جوارش بنائیں۔

جوارش جاودانی۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت بخشتی ہے رنگ نکھارتی ہے۔ بواسیر کو زائل کرتی ہے۔ منہ کی گندگی کو دور کرتی ہے۔ اور حافظہ بڑھاتی ہے تقویت معدہ اور ضعف ہضم میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے استعمال۔ سات ماشہ جوارش بارہ تولہ سونف کے عرق کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ جو زبوا۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ دارچینی۔ بالچھڑ۔ سعد کوفی۔ آملہ منقی۔ دانہ الائچی ہر ایک چھ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور معلوم جوارش بنائیں۔

جوارش چائے خطائی۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کی شکایات میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ پانچ ماشہ جوارش عرق بادیان یا گاؤ زبان یا گلاب میں جوش دے کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ مشک عنبر اشہب زعفران بادیان خطائی ہر ایک اکیس ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ فوفل دکھنی ہر ایک چھ ماشہ گلاب پاؤ سیر۔ مصری ایک سیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش خبث الحدید۔ تقویت معدہ کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال علی الصباح بقدر ۹ ماشہ۔ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ خبث الحدید ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ شراب ریحانی بقدر ضرورت۔ حسب معمول جوارش تیار کرلیں۔

جوارش خرنوب۔ دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے نافع ہے نسخہ۔ خرنوب نبطی منقی۔ زیرہ سیاہ۔ سماق۔ حب پوست کنار۔ بلوط۔ کشنیز بریاں۔ مصطگی۔ شہد سہ چند ادویہ۔ زیرہ کو سرکہ میں تر کرکے اور بریان کرکے تمام دواؤں کے ہمراہ کوٹ چھان کر حسب دستور شہد میں جوارش تیار کریں۔

جورش خوزی۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔ استسقاء کو زائل کرتی ہے۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ دستوں کو بند کرنے اور تلی کے ورم کو تحلیل کرنے نیز ہاضمہ کو قوت دینے میں معمول ومفید ہے استعمال ۔ پانچ ماشہ سونف کے عرق بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ قسط۔ قرفہ۔ بالچھڑ۔ حب بلسان۔ سلیخہ۔ ہرایک دس ماشہ جو زبوا پانچ دانہ دانہ آلاچی کلاں۔ لونگ۔ انیسون۔ اکلیل الملک۔ شیطرج۔ نارمشک ہرایک چار ماشہ۔ ․سباسہ و روبج عقربی ہرایک تین ماشہ۔ ریوند چینی۔ زراوند مدحرج۔ ا شنہ ہرایک پانچ ماشہ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ دس دانہ حب بوزن ہمہ ادویہ بنات سفید دو چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کر کے دو ماہ کے بعد استعمال کریں فائدہ۔ اطبائے خوزستان نے اس جوارش کو ترتیب دیا تھا۔ اس لئے اس کا نام جوارش خوزی رکھا گیا ہے۔

جوارش خولنجاں۔ ریاح توڑنے غذا ہضم کرنے معدہ اور جگر کو گرم کرنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ تخم کرفس۔ زیرہ کرمانی۔ کرویا۔ کالیس فر ہرایک ساڑھے تین ماشہ۔ خولنجاں۔ قرنفل قرفہ۔ فلفل۔ سعد کوفی ہرایک سات ماشہ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ نارمشک ہر ایک نو ماشہ۔ زنجبیل دو تولہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش دار چینی۔ جگر کو قوت دیتی ہے۔ ضعف جگر میں معمول و مجرب ہے استعمال ۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ عود ہندی۔ راسن ہرایک اکیس ماشہ۔ لونگ۔ سیاہ مرچ۔ بالچھڑ۔ اسارون ہرایک سترہ ماشہ۔ سونٹھ پینتیس ماشہ پودینہ خشک اٹھائیس ماشہ۔ دانہ الائچی۔ قرفہ۔ کبابہ ہرایک سترہ ماشہ انیسون۔ مصطگی سونف۔ تج سیاہ ہرایک دس ماشہ۔ شہد خالص۔ سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش زرشک۔ بھوک لگاتی ہے اور غذا ہضم کرتی ہے۔ فساد اشتہا میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال دو تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک۔ بیہدانہ چودہ ماشہ۔ گل سرخ سات ماشہ۔ بالچھڑ۔ برگ پودینہ۔ عود پوست ترنج۔ قرنفل۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں ۔ صندل ۔ ساذج ہندی ہرایک ساڑھے تین ماشہ۔ قند سفید بیس تولہ۔ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش زرعونی سادہ۔ قوت باہ بڑھاتی ہے اور منی کی پیدائش میں زیادتی کرتی ہے گردہ اور کمر کی تقویت کے لئے خاص چیز ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم گذر۔ تخم کرفس۔ تخم اسپست۔ نانخواہ۔ سونف۔ مغز تخم خرپزہ مغز تخم خیارین۔ پوست بیخ کرفس۔ ہر ایک دو تولہ۔ عاقر قرحا تج قلمی۔ زعفران۔ مصطگی۔ عود خام ہر ایک سات ماشہ۔ ،بسباسہ۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ سیاہ مرچ ہر ایک دس ماشہ قند سفید اور شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش زرعونی عنبری یہ نسخہ کلاں۔ دماغ۔ جگر۔ گردہ اور مثانہ کو قوت بخشتی ہے۔ بلغمی سر کے درد اور کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ ریاح کو توڑتی ہے۔ چہرہ کی رنگت نکھارتی ہے۔ معدہ کی خرابیوں کو دور کرتی ہے۔ کمر کو مضبوط کرتی ہے۔ نقرس کو دفع کرتی ہے باہ کو قوت دیتی اور مادہ تولید کی افزائش کرتی ہے اور بلغمی نیز سوداوی امراض میں مفید ہے استعمال۔ پانچ سے نو ماشہ تک ایک چاول کشتہ فولاد کے ہمراہ۔ جبکہ تقویت گردہ مثانہ منظور ہو یا ریگ وغیرہ آتی ہو تو پانچ ماشہ ہمراہ کشتہ فولاد ایک برنج۔ کشتہ زمرد ایک برنج عرق اناس آٹھ تولہ شربت بزوری چار تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ثعلب مصری برادہ قضیب گاؤ۔ مغز کنجشک چرائتہ شیریں۔ خارخسک۔ خرما۔ ہر ایک نو ماشہ۔ تخم کرفس۔ تخم گذر۔ تخم شلغم۔ تخم شبت۔ تخم خرپزہ۔ تخم خیارین۔ حب القلقل۔ حب الزلم۔ نانخواہ (اجوائن) سونف۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ بیخ کرفس ہر ایک دو تولہ۔ عنبر نو ماشہ۔ مشک دو ماشہ۔ ،بسباسہ۔ قرنفل۔ فلفلموبہ۔ عاقر قرحا۔ کباب چینی۔ سونٹھ۔ خولنجان۔ جو زبوا گل سرخ۔ تخم خرفہ۔ دار فلفل۔ تخم اسپست۔ تخم جبر جیر۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ حب الرشاد تخم انجرہ ہر ایک ساڑھے دس ماشہ۔ زعفران۔ کندر۔ مصطگی۔ عود ہندی ہر ایک چودہ ماشہ تخم ہلیون۔ بوزیدان۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ اندرجو شیریں ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ۔ قند سفید باون تولہ۔ شہد سوا سیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش زعفران۔ فرحت بخشنے معدہ اور قلب کو قوت دینے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال تین ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ قرنفل جو زبوا۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔ شیطرج ہندی۔ گل گاؤ زبان۔ مصطگی۔ ،بسباسہ عود قماری خام۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ مشک ۲ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند حسب معمول تیار کریں۔

جوارش زنجبیل ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور بلغم کو چھانٹتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی اور بھوک لگاتی ہے۔ نیز بدہضمی کو دور کرتی ہے۔ تحلیل ریاح اور بلغمی بیماریوں میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ سات ماشہ عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ جوزبوا ایک دانہ۔ زعفران ساڑھے تین ماشہ۔ قرنفل۔ دار چینی ہر ایک سوا تولہ۔ صمغ عربی۔ الائچی خورد ہر ایک تین تولہ۔ سونٹھ پانچ تولہ دس ماشہ۔ نشاستہ ساڑھے گیارہ تولہ۔ قند سفید چونتیس تولہ۔ بدستور معروف جوارش بنائیں۔

جوارش زیرہ۔ منہ سے رال بہنے کو بند کرنے میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ ایک تولہ عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بورہ ارمنی پانچ ماشہ۔ فلفل تیرہ ماشہ۔ سونٹھ اٹھارہ ماشہ۔ زیرہ سفید پینتالیس ماشہ۔ قند سفید اسی تولہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش سفرجلی قابض۔ فرحت بخشتی ہے صفراوی قے اور دستوں کو بند کرتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے تقویت معدہ اور دستوں کے بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال سات ماشہ سے بارہ ماشہ تک عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رب بہی شیریں۔ قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک بیس تولہ عود ہندی دو تولہ۔ سونٹھ ڈیڑھ تولہ۔ سیاہ مرچ۔ دار فلفل لونگ ہر ایک سات ماشہ۔ زعفران دو ماشہ بدستور معمول جوارش بنائیں۔

جوارش سفرجلی مسہل۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ قولنج کو دور کرتی ہے اور خراب مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرنے میں مفید و معمول ہے۔ استعمال ۔ سات ماشہ ہمراہ مکوہ چھ تولہ و عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ رب بہی شیریں آدھ سیر قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک بیس تولہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں ہر ایک دو تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ مصطگی۔ سقمونیا مشوی ہر ایک ایک تولہ پانچ ماشہ۔ ترب سفید نوماشہ۔ سونٹھ نوماشہ۔ بدستور معمول جوارش بنائیں۔

جوارش سماق۔ جگر و معدہ وغیرہ کو قوت دینے صفراوی دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے نسخہ۔ سماق ۵ تولہ۔ تخم مورد اڑھائی تولہ۔ خرنوب نبطی دس ماشہ۔ صمغ عربی۔ گلنار فارسی۔ اناردانہ ہر ایک سترہ ماشہ۔ مویز منقی حسب ضرورت بدستور معمول تیار کریں۔

جوارش شاہی۔ فرحت بخشتی ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتی ہے وحشت و پریشان

خفقان کو زائل کرتی ہے۔ قبض کو رفع کرتی ہے۔ خفقان میں خصوصیت سے
مفید ہے۔ استعمال۔ علی الصبح پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان سات تولہ۔ عرق گذر پانچ تولہ
استعمال کریں۔ نسخہ زرشک ۹ تولہ۔ مربہ آملہ پچیس تولہ۔ مربہ ہلیلہ۔ گلاب۔ عرق بید مشک
ہر ایک پچیس تولہ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش ہر ایک دس تولہ۔ قند سفید دس
تولہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش شونیز۔ نسیان کو دور کرنے اور حافظہ بڑھانے میں خصوصیت سے مفید
ہے استعمال ۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ شونیز۔ ہلیلہ کابلی ہر
ایک اٹھارہ ماشہ زنجبیل۔ نانخواہ ہر ایک چھتیس ماشہ۔ شہد خالص۔ دو چند وزن ادویہ حسب
دستور تیار کریں۔

جوارش شہریاراں۔ جگر اور معدہ کی بلغمی شکایات کو دور کرتی ہے۔ قولنج کو
زائل کرتی ہے۔ اور قبض کو توڑتی ہے۔ جگر معدہ سر کی بیماریوں اور مرض عسرالبول میں
مفید ہے استعمال۔ علی الصبح یا رات کو سوتے وقت سات سے بارہ ماشہ تک تازہ پانی کے
ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ قرنفل۔ قرفہ۔ دار چینی۔ تج۔ بالچھڑ۔ جو زبوا۔ الائچی خورد۔
مصطگی۔ الائچی کلاں۔ حب بلسان۔ زعفران ہر ایک تولہ۔ سقمونیا۔ تربد مجوف۔ حب
النیل۔ ہر ایک ڈھائی تولہ۔ شہد و شکر سفید ہموزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش شہنشاہی عنبری۔ فرحت بخشتی ہے۔ اندرونی حرارت کو تسکین دیتی ہے
دحشت اور تبخیر معدہ کو زائل کرتی ہے۔ دل و دماغ اور معدہ کو قوت دینے میں بالخصوص
مفید ہے استعمال۔ پانچ سے سات ماشہ ہمراہ عرق گذر پانچ تولہ و عرق گاؤ زبان سات تولہ
استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک نوتولہ۔ مربہ ہلیلہ عرق گلاب۔ عرق بید مشک ہر ایک چھبیس
تولہ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش۔ سکنجبین سادہ۔ شربت نارنج۔ شربت لیموں ہر
ایک دس تولہ۔ شربت آلو بالو پندرہ تولہ۔ عنبر نو ماشہ۔ ابریشم مقرض۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ
مروارید ہر ایک تیرہ ماشہ۔ گل گاؤ زبان۔ گل سرخ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ قند سفید دس تولہ۔
تمر اور عرقیات کو عرق گلاب میں حل کریں۔ باقی خشک دواؤں کو عرقیات میں جوش دے کر
شربت و مربہ جات نیز شکر کا قوام کر کے جوارش تیار کر لیں۔

جوارش صندل شیریں سرد خفقان کو دور کرنے اور معدہ اور جگر کو قوت دینے
میں معمول و مفید ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔
صندل سفید۔ صندل سرخ ہر ایک چوبیس ماشہ۔ طباشیر سفید تخم خرفہ بریان کشنیز خشک

بریاں۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک دس ماشہ۔ مصطگی۔ عود ہندی ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ دار چینی۔ زعفران۔ ساذج ہندی ہر ایک گیارہ ماشہ۔ کافور قیصوری دو ماشہ۔ شہد و شکر سفید سہ چند وزن ادویہ۔ حسب معمول تیار کریں۔ فائدہ سرد مزاج اشخاص کے لئے عنبر اشہب تین ماشہ اضافہ کرنا مناسب ہے۔

جوارش طباشیر۔ صفراوی قے اور دستوں کو بند کرنے معدہ کو قوت بخشنے سر چکرانے اور تبخیر کو زائل کرنے اور مفید و معمول ہے استعمال۔ پانچ ماشہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ گلسرخ۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک آملہ منقی ہر ایک ۲ تولہ۔ حب پوست اترج۔ پوست سماق۔ مصطگی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ کافور قیصوری چار ماشہ۔ رب بہی شیریں سہ چند ادویہ۔ مصری برابر وزن ادویہ۔ گلاب بقدر ضرورت حسب معمول تیار کریں۔

جوارش عود بارد گرم مزاج اشخاص کے فساد معدہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال پانچماشہ ہمراہ عرق مکوہ چھ تولہ عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ عود دس ماشہ کشنیز خشک۔ گلسرخ۔ صندل سفید ہر ایک سات ماشہ۔ پوست بیرون پستہ۔ طباشیر ہر ایک چار ماشہ۔ کافور دو ماشہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش عود ترش غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ بلغمی رطوبتوں کو چھانٹتی ہے۔ معدہ کی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ بالچھڑ۔ دانہ الائچی خورد۔ زعفران۔ پوست اترج قرنفل۔ دار چینی۔ بادر نجبویہ۔ مصطگی۔ طباشیر سفید ہر ایک چار ماشہ۔ عود ہندی سترہ ماشہ۔ آب سیب ترش انیس تولہ۔ عرق گلاب بائیس تولہ۔ قند سفید۔ شہد ہر ایک چھبیس تولہ آب لیموں تینتیس تولہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش عود حار۔ دل و دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور معدہ کی سردی کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کے سرد امراض میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عود سترہ ماشہ۔ قرنفل دس ماشہ۔ مصری سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش عود سادہ ۔ معدہ کی تمام خرابیوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال

نو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ عود ہندی اٹھارہ ماشہ۔ پوست اترج مصطگی ہرایک چار ماشہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش عود شیریں قبض توڑتی ہے۔ اور بھوک لگاتی ہے نیز معدہ کی تقویت میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسارون۔ زعفران ہر ایک سات ماشہ۔ عود ہندی ۔ دارچینی۔ جو زبوا قرفہ۔ الائچی خورد۔ لونگ۔ خولنجان۔ دارفلفل ہر ایک سترہ ماشہ۔ مصری آدھ سیر۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش عود عنبری دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ اور تبخیر کو زائل کرتی ہے استعمال ۔ پانچماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اجزائے جوارش عود سادہ میں عنبرا شہب چار ماشہ۔ عود قماری اٹھارہ ماشہ۔ مصری ایک سیر۔ عرق گلاب ادھ سیر اضافہ کر کے حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش عود ملین قبض کو دور کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور بھوک لگاتی ہے۔ استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بادیان۔ انیسون۔ پودینہ۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ عود ہندی طباشیر ہر ایک سات ماشہ۔ دارچینی۔ سنامکی۔ تربد سفید ہر ایک نو ماشہ۔ عرق گلاب پاؤ سیر مصری شہد ہر ایک تین پاؤ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش عنبر دستوں کو بند کرنے اور تمام بدن کی کمزوری کو زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال پانچ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ بسباسہ۔ دارچینی ہر ایک نوماشہ۔ سونٹھ۔ دار فلفل ہر ایک پانچ ماشہ۔ طباشیر۔ ساذج ہندی۔ پوست اترج ہر ایک دو ماشہ۔ مصطگی۔ عنبرا شہب۔ لونگ۔ زعفران۔ قرفہ ہر ایک چار ماشہ۔ جو زبوا دس ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ مروارید ناسفتہ چار ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ۔ حسب معمول جوارش بنائیں (مجربہ علویخاں)

جوارش عود کبریتی سرد مزاج کے اشخاص کے معدہ کو قوت دینے اور بھوک لگانے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین سے سات ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ

استعمال کریں۔ نسخہ عود دس ماشہ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ ساذج۔ پوست اترج۔ طباشیر۔ پودینہ۔ دار چینی ہر ایک چار ماشہ۔ گلسرخ سات ماشہ۔ زرنبور۔ لونگ جوزبوا ۔بسباسہ۔ ہر ایک دو ماشہ۔ مصری پاؤ سیر۔ حسب دستور جوارش بنائیں۔

جوارش فلافلی۔ چوتھیا کو زائل کرتی ہے۔ اور معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ ریاح تحلیل کرنے اور معدہ کے درد اور دیگر عوارضات کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال تین ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان پانچماشہ۔ عرق بادیان چھ تولہ ۔ عرق مکوہ چھ تولہ۔ شربت بنفشہ ۴ تولہ۔ زنجبیل۔ تخم کرفس۔ تج۔ تخم انجدان رومی۔ تگر۔ تخم راسن ہر ایک ۶ ماشہ۔ قند سفید ہموزن ادویہ شہد دوچند وزن ادویہ حسب دستور جوارش تیار کریں۔

جوارش فنجنوش۔ معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ ریاحی بواسیر کو زائل کرتی ہے۔ چہرہ کی رنگت نکھارتی ہے۔ مرض استرخا معدہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ سعد کوفی۔ شیطرج ہندی۔ بالچھڑ ہر ایک پینتیس ماشہ۔ تخم شبت۔ تخم گندنا۔ ہر ایک چودہ ماشہ۔ خبث الحدید مدبر انتیس تولہ۔ روغن گاؤ حسب ضرورت۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معلوم جوارش بنائیں۔

جوارش فنداد یقون۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے استسقائے ریاحی کو زائل کرتی ہے اور کمر و معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ ضعف معدہ جو سرد ریاح کے سبب سے ہو۔ اس میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زنجبیل۔ سنبل الطیب ہر ایک اکیس ماشہ۔ مصطگی رومی۔ نانخواہ ہر ایک چودہ ماشہ تخم کرفس۔ پودینہ خشک ہر ایک سترہ ماشہ۔ تج۔ زیرہ کرمانی۔ حب بلسان۔ عاقر قرحا ہر ایک نوماشہ۔ ساذج ہندی تین ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش فواکہ۔ معدہ و دل اور جگر کو قوت دینے صفراوی قے روکنے اور خمار کو زائل کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار ترش۔ آب سیب۔ آب بہی۔ آب امرود۔ آب انگور ترش۔ آب زرشک۔ آب سماق۔ آب لیموں ہر ایک ایک تولہ قند سفید ہم وزن ادویہ حسب معمول۔

جوارش بنائیں۔

جوارش فواکہ قابض۔ معدہ کو قوت دینے دستوں کو بند کرنے میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ امرود (از تخم پاک کردہ) تیس تولہ۔ سیب (تخم برآوردہ) بیس تولہ۔ بہی (تخم برآوردہ) چالیس تولہ۔ طباشیر تین تولہ۔ زرشک منقی چھ تولہ۔ شہد یا قند سفید اسی تولہ۔ امرود۔ سیب اور بہی کو تیز سرکہ میں پکائیں اور پک جانے پر کوٹ لیں۔ بعد کو شکر ڈال کر قوام پر لے آئیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر آخر قوام میں شامل کرلیں۔

جوارش قانصہ۔ دستوں کو بند کرنے اور معدہ کو قوت بخشنے میں بالخصوص فائدہ مند ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست اندرون قانصہ (سنگدان)۔ خروس خشک۔ عود غرقی۔ مصطگی رومی ہر ایک سات ماشہ۔ زیرہ کرمانی۔ بہمن سفید۔ عنبراشہب۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک چار ماشہ۔ کشنیز خشک پانچ ماشہ۔ طباشیر سفید۔ زرشک منقی۔ گل گاؤ زبان۔ دانہ الائچی خورد۔ بادر نجبویہ ہر ایک نو ماشہ۔ ابریشم مقرض ایک تولہ۔ سماق۔ گل سرخ۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست اترج۔ حب حب الرمان۔ پودینہ خشک ہر ایک دس ماشہ۔ مشک خالص دو ماشہ۔ مربہ۔ آملہ۔ مربہ ہلیلہ۔ قند سفید۔ شہد خالص گلاب ہر ایک نصف سیر۔ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش قرطم۔ پیشاب لاتی ہے۔ حیض جاری کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے رحم کی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ ۔ مغز قرطم۔ مغز بادام شیریں۔ ہر ایک دو تولہ۔ انیسون۔ .سفائج فستقی ہر ایک ایک تولہ۔ شہد خالص برابر وزن ادویہ حسب دستور جوارش تیار کریں۔ جن عورتوں کو سیلان الرحم کی شکایت ہو۔ ان کو یہ دوا نہ دی جائے۔

جوارش قیصر۔ قولنج کو دور کرتی اور غلیظ بلغم کو چھانٹتی ہے۔ نقرس کے درد کو زائل کرتی ہے۔ قولنج میں خصوصیت سے معمول و مفید ہے استعمال ۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ ہلیلہ زرد۔ سقمونیا۔ تربد سفید ہر ایک چالیس ماشہ۔ تخم کرفس۔ نانخواہ۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک اکیس ماشہ۔ شکر سفید و عسل خالص دو چند وزن ادویہ حسب معمول جوارش بنائیں۔

جوارش کافور۔ جگر اور معدہ کو قوت دینے۔ ریاح تحلیل کرنے اور غذا کو ہضم کرنے میں معمول و مفید ہے استعمال ۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں

نسخہ۔ کافور۔ زعفران۔ عود۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ کبابہ۔ انجدان رومی۔ قرفہ۔ قرنفل چھڑیلا۔ بالچھڑ۔ بسباسہ۔ صندل سفید۔ فلفل۔ دار فلفل (پیپلا مول) دار چینی۔ شیطرج ہندی۔ نارمشک۔ شقاقل۔ خولنجاں۔ جوزبوا۔ سونٹھ۔ سعد کوفی۔ فلفلمویہ ہر ایک چھ ماشہ۔ شکر سفید برابر وزن ادویہ حسب معمول جوارش تیار کریں۔

جوارش کسری۔ خفقان کو دور کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ نیز رحم کی بیماریوں میں مفید ہے خفقان اور معدہ کی شکایات میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان چھ تولہ عرق بادیان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ عنبرا شہب پانچ ماشہ۔ روغن بلسان سات ماشہ۔ انیسون۔ نارمشک۔ تخم کرفس۔ جند بید ستر۔ افیون۔ بزرا لبنج سفید۔ برگ بادر نجبویہ۔ تخم مرزنجوش۔ زعفران ہرایک دس ماشہ۔ لونگ ۔ کبابہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ دانہ الائچی خورد۔ ہرایک اٹھارہ ماشہ۔ عسل خالص سہ چند وزن ادویہ۔ افیون کو شراب میں حل کریں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں جوارش تیار کرلیں۔ اور عنبراور روغن بلسان کو بعد میں شامل کرکے سال کے بعد کام میں لائیں

جوارش کمونی۔ قبض کو توڑتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ بدہضمی رفع کرتی ہے۔ معدہ کی سردی کو زائل کرتی ہے۔ اور رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔ ہچکی کو دور کرتی ہے۔ معدہ کی شکایات میں معمول و مفید ہے نسخہ۔ زیرہ کرمانی مدبر چودہ تولہ۔ برگ سداب۔ سونٹھ۔ ہرایک چھ تولہ۔ بورہ ارمنی ایک تولہ۔ فلفل سیاہ چار تولہ۔ شہد دو چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش کمونی اکبر۔ دل و دماغ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ قبض کو توڑتی ہے ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ درد معدہ و قولنج میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ دو تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ بورہ ارمنی سرخ ہرایک اٹھارہ ماشہ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ ہرایک پچیس ماشہ۔ سداب خشک پانچ تولہ۔ مربہ زنجبیل دس تولہ زیرہ سیاہ کرمانی بارہ تولہ۔ مربہ ہلیلہ بیس تولہ۔ گلقند چوبیس تولہ قند سفید و شہد خالص ہردو مساوی (سہ چند وزن ادویہ) حسب دستور تیار کریں۔

جوارش کمونی صغیر۔ معدہ کی سردی کو زائل کرتی ہے قولنج ریحی کو دور کرتی ہے بلغمی اور سوداوی بخاروں کو زائل کرتی ہے معدہ کے درد میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ دو تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زیرہ کرمانی مدبر بارہ تولہ فلفل سیاہ پانچ

تولہ۔ برگ سداب۔ زنجبیل ہر ایک چھ تولہ۔ بورہ ارمنی اٹھارہ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند اوویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش کمونی کبیر۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ قبض کو رفع کرتی ہے۔ اور معدہ کے درد نیز قولنج ریحی میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ سیاہ مرچ۔ بورہ ارمنی۔ فلفل سفید ہر ایک سات ماشہ۔ برگ سداب ایک تولہ۔ زیرہ سیاہ مدبر چار تولہ۔ مربہ زنجبیل مربہ ہلیلہ ہر ایک پانچ تولہ۔ گلقند آفتابی آٹھ تولہ۔ قند سفید بیس تولہ۔ عسل خالص دس تولہ بدستور تیار کریں۔

جوارش کمونی مسہل۔ رال بہنے کو روکتی ہے۔ رطوبت معدی کو صاف کرتی ہے معدہ کو قوت دینے نیز معدہ کے دیگر سرد امراض میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے استعمال۔ سات ماشہ سے بارہ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ۔ شربت دینار چار تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زیرہ سیاہ مدبر بریان پندرہ تولہ۔ تربد سفید سات تولہ۔ افیتمون ولایتی پانچتولہ۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ فلفلد راز ہر ایک ڈھائی تولہ۔ پودینہ۔ سداب معتر۔ بورہ ارمنی ہر ایک تین تولہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں۔

جوارش کندر۔ سردی کے سبب مرض سلسل بول کو دور کرنے میں معمول و مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ کھائیں۔ نسخہ۔ دار چینی سات ماشہ۔ کندر خولنجاں ہر ایک دس ماشہ۔ قرفہ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چودہ ماشہ۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ بسباسہ خیربوا۔ بالچھڑ ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ مصطگی اکیس ماشہ۔ عسل خالص سہ چند وزن ادویہ حسب دستور جوارش بنائیں۔

جوارش لولوی۔ اعضاء رئیسہ کو خصوصا نیز معدہ کو قوت دیتی ہے۔ جنین کی نگہداشت کرتی ہے۔ یعنی مرض اسقاط میں مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ عاقر قرحا ہر ایک چار ماشہ۔ زرنجور۔ درونج عقربی۔ تخم کرفس۔ شیطرج ہندی۔ دانہ الائچی کلاں۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ تج ہر ایک سات ماشہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ ہر ایک دس ماشہ۔ زنجبیل۔ مصطگی رومی ہر ایک چودہ ماشہ۔ دار چینی سترہ ماشہ۔ شکر سفید۔ برابر وزن اوودیہ حسب معمول تیار کریں۔
فائدہ۔ گرم مزاج حاملہ کو اس کا استعمال کرانا مناسب نہیں۔

جوارش متوکل۔ بدہضمی کو دور کرنے اور معدہ کو قوت دینے میں مجرب و معمول ہے استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنبل الطیب۔ قرنفل دار چینی۔ جو زبوا۔ دانہ الائچی کلاں۔ مشک ہر ایک پانچ ماشہ۔ فلفل سفید۔ سونٹھ۔ جندبید ستر۔ ہر ایک نو ماشہ۔ شکر سفید برابر وزن ادویہ بدستور معمول تیار کریں۔

جوارش مسمن۔ لاغری کو دور کرنے اور فربہی لانے میں بالخصوص موثر ہے استعمال۔ دو تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ بہمن سرخ۔ زراوند مدحرج۔ کسیلا۔ جتہ الخضراء۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔ شہدانہ۔ کلونجی۔ مغز پستہ۔ پست نخود۔ مغز بادام شیریں۔ کنجد مقشر ہر ایک ایک تولہ۔ حلبہ دو چند ہمہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ تمام کو باریک پیس کر اور گھی میں چرب کر کے اور حلبہ کو دھو کر گھی میں بھون کر آٹا بنالیں۔ اور دیگر دواؤں کے ہمراہ شہد کے قوام میں ملائیں۔

جوارش مسہل۔ معدہ کو فضلات سے پاک کرنے میں بالخصوص فائدہ مند ہے استعمال ۔ ایک تولہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ زنجبیل اٹھارہ ماشہ۔ تربد سفید موصوف۔ چھتیس ماشہ۔ شکر سفید تیرہ تولہ بدستور معروف تیار کریں۔

جوارش مصطگی۔ معدہ کی رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔ جگر کو گرم کرتی ہے۔ منہ سے رال بہنے کو بند کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی اور دستوں کو بند کرتی ہے اور بلغمی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ علی الصبح پانچ سے نو ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مصطگی دو تولہ۔ عرق گلاب سترہ تولہ۔ شکر سفید یک آثار۔ عرق گلاب میں شکر کا قوام کریں۔ سرد ہونے پر مصطگی کو باریک پیس کر شامل کریں۔

جوارش مصطگی بنسخہ کلاں۔ خفقان بارد کو زائل کرتی ہے معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے۔ تبخیر کو روکتی ہے۔ بلغمی دست اور زیادتی پیشاب کو روکتی ہے۔ سیلان لعاب دہن کو زائل کرتی ہے۔ بلغم کی زیادتی سے جو معدہ میں کمزوری لاحق ہو۔ اور اس ضعف سے تبخیر پیدا ہو۔ اس میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت صبح پانچ سے نو ماشہ تک عرق بادیان بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی روی۔ سیاہ مرچ۔ نانخواہ۔ زیرہ سیاہ مدبر۔ زیرہ سفید مدبر۔ اجمود۔ گلسرخ۔ پوست ترنج۔ تخم کاسنی۔ سونف۔ کندر۔ کشنیز خشک۔ بادر نجبویہ۔ گل گاؤ زبان۔ نرکچور۔ بالچھڑ۔ زعفران ہر ایک۔ اکیس ماشہ دار چینی سونٹھ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک نو ماشہ۔ شکر سفید۔ شہد خالص برابر وزن ادویہ حسب دستور جوارش بنائیں۔

جوارش معین حمل۔ استقرار حمل کے لئے بطور معین و مددگار خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ نو ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برادہ عاج۔ بیعہ سائلہ۔ سنبل الطیب۔ دار چینی۔ مصطگی رومی۔ عود قماری ہر ایک پانچ ماشہ۔ افیون دو ماشہ درونج عقربی۔ ساذج ہندی۔ عود صلیب۔ گل سرخ ہر ایک تین ماشہ۔ پوست ترنج۔ سعد کوفی قرنفل۔ نارمشک ہر ایک چار ماشہ۔ عنبرا شہب۔ مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ مصری دو چند وزن ادویہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور تیار کریں۔

جوارش مقوی قلب۔ خفقان کو زائل کرتی ہے۔ تبخیر کو دور کرتی ہے۔ تقویت قلب میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مربائے ہلیلہ پانچ عدد۔ مربائے آملہ چار عدد۔ دانہ الائچی خورد تین ماشہ۔ کشنیز مقشر ایک تولہ ۔ بید مشک حسب ضرورت۔ شکر سفید دو چند ادویہ۔ مربہ جات کو چوبیس گھنٹہ پانی میں تر رکھ کر دھوئیں اور گھٹلی نکال دیں اور بید مشک میں پیس لیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر کے قوام میں جوارش تیار کرلیں۔

جوارش ملکی۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مشک چھ رتی۔ دانہ الائچی خورد۔ کندر ہر ایک پانچ ماشہ۔ قرنفل۔ سنبل الطیب۔ تج۔ بسباسہ۔ اندر جوثیریں۔ بیخ اذخر۔ زنجبیل۔ دار چینی۔ مصطگی۔ عود ہندی۔ زعفران ہر ایک دس ماشہ۔ اشنہ ایک تولہ۔ شہد خالص بقدر ضرورت۔ قند سفید چار تولہ۔ عرق گلاب بقدر ضرورت حسب معمول تیار کریں۔

جوارش نارمشک۔ قبض کو رفع کرتی ہے اور قولنج میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ گیارہ ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ دانہ الائچی خورد۔ چار ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ دار چینی ہر ایک سات ماشہ۔ نارمشک۔ لونگ ہر ایک دس ماشہ دار فلفل سات ماشہ۔ سونٹھ اکیس ماشہ۔ سقمونیا چھ تولہ۔ شکر سفید نو تولہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ۔ بدستور معروف بنائیں۔

جوہر
جو ہر کسی چیز کے اجزاء لطیفہ کو کہتے ہیں۔ جو خاص ترکیب سے اڑائے جاتے ہیں۔
جو ہر اڑانے کا طریقہ۔ نوشادر۔ پارہ۔ رسکپور۔ سنکھیا۔ شورہ۔ کافور۔ لوبان وغیرہ کا جو ہر اکثر اڑایا جاتا ہے۔ ان سب کے جو ہر اڑانے کا طریقہ یکساں ہے۔
جس دوا کا جوہر اڑانا ہو۔ اسے تنگ منہ کی مٹی کی ہانڈی میں رکھیں۔ اور دوسری ہانڈی کے اندر کھریا مٹی لیتھڑ کر اسے سکھالیں۔ پھر پہلی ہانڈی کے اوپر اسے اوندھا کر کے رکھ دیں۔ اور آٹے سے دونوں ہانڈیوں کا منہ بند کر کے ہلکی آنچ پر رکھیں۔ مثلاً موٹی بتی کا چراغ یا بیری وغیرہ کی پتلی پتلی لکڑیوں سے چراغ کی لو کے برابر آنچ کریں اور اوپر والی ہانڈی پر ایک کپڑے کی چار پانچ تہہ تر کر کے رکھ دیں۔ جب یہ کپڑا گرم ہو جائے تو بدل دیں۔ پانی کی بجائے دودھ بھی بعض لوگ ڈالتے ہیں۔ جو ہر اڑ کر اوپر کی ہانڈی میں آجائے گا اور ہانڈی کی چاروں طرف لگ کر مجتمع ہو جائے گا۔ ہانڈی کے ٹھنڈا ہونے کے بعد آہستگی سے چولہے سے اتار لیں اور احتیاط کے ساتھ اوپر والی ہانڈی الگ کر کے کسی صاف پر سے جو ہر کو جھاڑ لیں۔ اور حسب ضرورت کام میں لائیں۔ دو ہانڈیوں کی بجائے دو پیالوں یا دو کوزوں سے بھی کام لے سکتے ہیں
رسکپور یا سنکھیا کے جوہر اڑانے سے پہلے اکثر اسے شراب میں حل کر لیتے ہیں اور پھر ٹکیہ بنا کر ہانڈی میں رکھ کر جو ہر اڑاتے ہیں۔

جواہر مہرہ۔ مرگی اور عام بدن کی کمزوری نیز اختلاج قلب کو دور کرتا ہے دل دماغ جگر اور تمام اعضائے رئیسہ کی تقویت میں مخصوص چیز ہے استعمال ۔ دو چاول ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان جواہر والا پانچ ماشہ یا لبوب کبیر پانچ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زہر مہرہ خطائی بائیس ماشہ مروارید ناسفتہ۔ بسد۔ کہربا شمعی۔ لاجورد مغسول۔ یاقوت سرخ۔ یاقوت نیلگون۔ یاقوت زرد۔ یشب سبز۔ زمرد۔ عقیق سرخ۔ ورق نقرہ۔ مصطگی ہر ایک سات ماشہ۔ ورق طلاء۔ جدوار نارجیل خطائی۔ مکوہ خشک۔ مومیائی ہر ایک تین ماشہ۔ بدستور معمول تیار کریں۔

جوہر سین۔ بلغمی بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔ قوت باہ بڑھاتا ہے استسقاء اور معدہ کی کمزوری کو زائل کرتا ہے بلغمی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تقویت باہ کے لئے دو چاول لبوب کبیر سات ماشہ یا معجون جالینوس لولوی پانچ ماشہ کے ہمراہ اور استسقاء کے لئے بقدر دو چاول معجون دبیدالورد سات ماشہ میں ملا کر اور بخار کو روکنے

کے لئے دو چاول منقی میں رکھ کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنکھیا دو تولہ ۔ شراب برانڈی حسب ضرورت۔ سنکھیا کو شراب میں خوب کھرل کرلیں اور پیالہ میں رکھ کر اوپر دوسرا پیالہ رکھ دیں اور جوڑ پر آٹا لگا دیں۔ پھر دھیمی آنچ پر جوہر اڑائیں اور سرد ہوجانے پر محفوظ رکھیں۔ فائدہ۔ کھانے میں یہ احتیاط رہے کہ دوا دانتوں کو نہ لگے۔ ورنہ دانتوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔ نیز گرم موسم میں اور گرم مزاج اور قدرتی کمزور و لاغر اشخاص میں بھی احتیاط لازمی ہے۔

جوہر کلاں۔ آتشک اور دیگر تمام سوداوی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ دو چاول مکھن یا پیڑے میں استعمال کریں نسخہ۔ رسکپور۔ سنکھیا۔ دار چکنا۔ پارہ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ تمام دواؤں کو پہلے شراب اور دوسری مرتبہ عرق گلاب میں حل کر کے بطریق معلوم جوہر اڑائیں۔ فائدہ ۔ دوران استعمال میں اگر زیادہ گرمی محسوس ہو تو دو رتی پھٹکڑی اضافہ کرلیں۔ نیز اس میں بھی احتیاط رکھیں کہ دوا دانتوں کو نہ لگے۔

جوہر منقی۔ سوداوی امراض خصوصا آتشک کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال دو چاول دو امویز منقی میں رکھ کر استعمال کریں نسخہ۔ سنکھیا۔ رسکپور۔ دار چکنا۔ ہر ایک ایک تولہ شراب برانڈی میں کھرل کر کے حسب دستور سابق جوہر اڑائیں۔
فائدہ۔ احتیاط بالا کا خیال رکھیں۔

باب الحاء فارسی

چندر پر بھاکتی۔ آنکھ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے استعمال جالا کے لئے شہد میں گھس کر رتوندہ کے لئے بکری کے دودھ میں اور ضعف بصارت کے لئے پانی میں مٹی کے برتن پر گھس کر بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ تل کے پھول اسی عدد چنبیلی کی کلی پچاس عدد پیپل کے دانہ ساٹھ عدد۔ سفید مرچ سولہ عدد۔ سب کو باریک پیس کر شیاف بنالیں۔ فائدہ ۔ پیپل کے دانہ نکالنے کے لئے پہلے پیپل کو گلاب میں بھگو دیں کچھ عرصے کے بعد جب کہ وہ نرم ہو جائے دانہ نکال لیں۔

چندر پربھاگو گل۔ حرارت غریزی کو قوت دیتی ہے۔ یرقان۔ جریان۔ سوزاک بواسیر نیز رحم کی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال ۔ ایک گولی گھی اور شہد کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ بیلگری۔ سونٹھ۔ سیاہ مرچ۔ پیپل۔ نمک سیاہ۔ نمک سنیدھا۔ نمک سانبھر۔ جو اکھار۔ سجی کھار۔ نسوت۔ پپلا مول۔ ناگرموتھ۔ زیرہ سفید۔ سنا مکھی۔ دھنیا دار چینی۔ مغز کرنجوہ۔ دیودار۔ گج۔ پیپل۔ چرائتہ۔ بیخ جمالگوٹہ۔ ہلدی۔ پترج۔ الائچی خورد اتیس۔ پوست نیم ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد آٹھ تولہ۔ بنسلوچن چار تولہ۔ سلاجیت مصفی بتیس تولہ۔ گوگل مصفی چالیس تولہ مصری چونسٹھ تولہ۔ گوگل کو کوٹیں جب وہ نرم ہو جائے تو باقی ادویہ اور مصری باریک کرکے ملا کر گھی سے چرب کرکے گولیاں بقدر دو رتی بنائیں۔

باب الحاء

حافظ الجنین۔ اسقاط حمل سے باز رکھتی ہے۔ اور جنین کی حفاظت کرتی ہے استعمال۔ ابتداء حمل میں چالیس روز تک متواتر بقدر پانچ ماشہ ہمراہ عرق گلاب چار تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا۔ بسد محرق۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ درونج عقربی۔ طباشیر۔ مازو سبز۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی ہر ایک ایک تولہ۔ مغز تخم ہندوانہ۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک بائیس ماشہ عنبر اشہب ایک ماشہ۔ شربت انگور ترش تیرہ تولہ۔ مصری بائیس تولہ۔ شہد سات تولہ۔ ورق نقرہ بیس عدد۔ حسب معمول مصری شہد اور شربت انگور ترش کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔

حافظ الاجساد۔ معدہ اور دماغ کی سرد بیماریوں میں مفید ہے۔ استقاء اور سوء القنیہ نیز جگر کے تمام امراض میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی چھ تولہ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ دار چینی پوست بیخ کنیر۔ فقاح اذخر ہر ایک بائیس ماشہ۔ زعفران پانچ تولہ۔ باچھڑ ستائیس ماشہ۔ سنبل رومی۔ انیسون۔ دو قو۔ اسارون۔ ریوند چینی۔ فطر اسالیون۔ مرصاف ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ مجیٹھ۔ سعد کوفی ہر ایک نو ماشہ۔ زیت کہنہ برابر وزن ہمہ ادویہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول روغن زیت میں چرب کرکے شہد کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔

حافظ الروح۔ روح اصلی اور حرارت عزیزی کی نگہداشت کرتی ہے۔ اور ان کو قوت بخشتی ہے استعمال۔ تین ماشہ ہمراہ عرق عنبر پانچ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مومیائی۔

ورق طلاء محلول ورق نقرہ محلول ہر ایک چار ماشہ۔ روغن پستہ۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک بائیس ماشہ۔ عنبر اشہب دو ماشہ۔ مشک خالص۔ جدوار خطائی ہر ایک چار رتی۔ ترنجبین خراسانی بیس تولہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ آب انار شیریں۔ گلاب۔ عرق بہار۔ عرق بید مشک ہر ایک پندرہ تولہ۔ شہد خالص بارہ تولہ۔ مومیائی اور عنبر کو روغن پستہ میں پگھلا کر چاندی اور سونے کے ورق کو شہد میں حل کر کے باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر بدستور معروف معجون تیار کریں۔

حافظ الصحتہ۔ مالیخولیا مراقی کو دور کرتی ہے۔ دل کی جلن کی گرمی کو زائل کرتی ہے۔ کمزوری اور نقاہت کا ازالہ کرتی ہے استعمال۔ پانچ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباشمعی۔ لاجورد مغسول۔ فاد زہر معدنی ہر ایک پانچ ماشہ صندل سفید۔ کشنیز مقشر۔ گل نیلوفر۔ گل گاؤزبان۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کاسنی۔ تخم خرفہ مقشر۔ غنچہ گل سرخ ہر ایک نو ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ عنبرا شہب۔ مشک گل مختوم۔ گل داغستانی ہر ایک دو ماشہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ آب زرشک ہر ایک نو تولہ مصری آٹھ تولہ حسب معمول معجون بنائیں۔

حب ابوالفضل۔ نقرس کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ نوماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نمک ہندی۔ مرصعتر ہر ایک سات ماشہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ زنجبیل ہر ایک چودہ ماشہ۔ گوگل چوبیس ماشہ۔ ایلوا زرد پینتیس ماشہ۔ عرق مکوہ حسب ضرورت گوگل کو عرق کاسنی یا عرق مکوہ میں حل کر لیں۔ اور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا کر گولیاں تیار کریں۔

حب احمر۔ کمزوری رفع کرتی ہے۔ اور قوت باہ کے لئے ایک مخصوص دوا ہے استعمال ۔ نصف یا ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ سنکھیا۔ ہڑتال۔ شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ آب لیموں سو عدد۔ دواؤں کو لیموں کے پانی میں کھرل کریں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔ فائدہ۔ خوب مرغن غذا کھائیں۔ اگر بھوک بند ہوجائے تو اجزاء بالا کے ساتھ گندھک ایک تولہ کا اضافہ کریں۔ دوران استعمال میں ترش اشیاء اور جماع وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔

حب ادرک۔ بلغمی کھانسی کے دفعیہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں۔ نسخہ۔ گل پستہ۔ مغز تخم ہلیلہ زرد ہر ایک ۴ ماشہ۔ آب ادرک بقدر حاجت حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب اذاراقی۔ پٹھوں کو قوی کرتی ہے اور کمر نیز کبڑی وغیرہ کے دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ عصبی اور سرد امراض دماغی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ عرق بادیان چھ تولہ۔ عرق گاؤ زبان چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ دار چینی۔ جوزبوا جاوتری۔ عود صلیب۔ لونگ ہر ایک ایک تولہ۔ کچلہ مدبر دو تولہ۔ عرق اجوائن بقدر ضرورت کچلہ کو دودھ میں تر رکھیں۔ نرم ہو جانے پر چھلکا اتار کر گھس لیں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر اجوائن کے عرق میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

بنسخہ دیگر۔ بدستور سابق استعمال کریں۔ کچلہ مدبر باریک کردہ دو تولہ۔ فلفل سیاہ دار فلفل ہر ایک ایک تولہ۔ عرق اجوائن حسب ضرورت۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر عرق اجوائن یا آب برگ پودینہ میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب استرخاء۔ مرگی کو دور کرتی ہے۔ لیکن استرخاء کے ازالہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ ایارج فیقرا تربد سفید مجوف۔ غاریقون ہر ایک تین ماشہ۔ بوزیدان۔ اسطوخودوس۔ عودصلیب ہر ایک دو ماشہ تخم خنظل۔ مصطگی ہر ایک چار رتی۔ سقمونیا مشوی دو رتی۔ آب برگ سونف بقدر ضرورت بدستور سونف کے پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں فائدہ۔ اجزاء مندرجہ کے اوزان صرف ایک خوراک کے مقدار ہیں۔

حب استسقاء۔ استسقا کی تمام قسموں میں معمول و مفید ہے استعمال ۔ ایک گولی ہمراہ عرق کاسنی چھ تولہ۔ عرق مکوہ چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تربد سفید تین ماشہ۔ ریوند چینی دو ماشہ۔ غاریقون۔ زراوند مدحرج۔ زراوند طویل ہر ایک چھ رتی۔ گوگل۔ تخم انجرہ ہر ایک آٹھ رتی۔ فرفیون چار رتی۔ فرفیون کو روغن بادام سے چرب کر کے تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب اسرائیل۔ قولنج میں مفید و معمول ہے استعمال ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سقمونیا دو رتی۔ تخم خنظل چار رتی۔ آک کندل (ببلینج) ہر ایک

ایک ماشہ۔ پانی کے ہمراہ گولیاں تیار کریں۔ فائدہ وزن ادویہ بقدر ایک خوراک ہے۔

حب اسطو خودوس دماغ نیز تمام بدن سے سودا کا تنقیہ کرتی ہے مالیخولیا اور مرگی وغیرہ زائل کرتی ہے۔ سوداوی اور بلغمی امراض میں تنقید کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک تولہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی ہر ایک سترہ ماشہ۔ تربد مجوف چوبیس ماشے۔ صبر سقوطری اکیس ماشہ۔ اسطوخودوس۔ غاریقون۔ .سفائج افیتمون ہر ایک دس ماشہ۔ تخم حنظل پانچ ماشہ۔ قرنفل۔ پودینہ کوہی ہر ایک چار ماشہ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب اسگند ریاحی دردوں کو تسکین دیتی ہے۔ اور بلغمی بیماریوں کو زائل کرتی ہے۔ کمر اور جوڑوں کے درد میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت دو گولیاں گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ موصلی سفید۔ دار فلفل۔ اجوائن دیسی۔ پپلا مول ہر ایک ایک تولہ۔ میدہ سونٹھ۔ اسگند ناگوری۔ بدھارا۔ ستاور ہر ایک دو تولہ۔ قند سیاہ حسب حاجت سب کو کوٹ چھان کر گڑ کے ساتھ گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔

حب اشخار۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تین سے پانچ ماشہ علی الصبح گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ زنجبیل۔ شیطرج۔ نمک سفید۔ سہاگہ بریاں۔ زیرہ سفید۔ نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ (گڑپرانا) دو چند وزن حسب معمول گڑ میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب اسطمخقون۔ مالیخولیا اور دیگر سوداوی بیماریوں میں مفید و معمول ہے۔ استعمال رات کو سوتے وقت نو ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ زراوند مدحرج۔ نمک ہندی ہر ایک چار ماشہ۔ صبر سقوطری اٹھارہ ماشہ۔ حب بلسان۔ تج۔ بالچھڑ۔ تگر۔ دار چینی زعفران۔ مصطگی۔ بیخ اِذخر۔ وج ترکی۔ عصارہ افسنتین۔ .سفائج ہر ایک تین ماشہ۔ سقمونیا مشوی۔ غاریقون۔ تخم حنظل ہر ایک دس ماشہ۔ افیتمون۔ .سفائج ہر ایک اکیس ماشہ۔ حسب معمول پانی کے ہمراہ گولیاں بنائیں۔

حب افادیہ۔ ریاح تحلیل کرنے قبض توڑنے اور قولنج کے ازالہ میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال نسخہ۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ دار چینی۔ فلفل۔ نارمشک۔ مصطگی ہر ایک پانچماشہ۔ شکر سفید بتیس ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۴

ماشہ معمول پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب افیون نزلہ کو روکتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے۔ نیز امساک لاتی ہے
استعمال۔ ایک ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری چھ تولہ استعمال کریں نسخہ افیون مصری یا ہندی
۷ تولہ زعفران چار تولہ۔ مشک ختائی دو تولہ۔ عنبر اشہب ایک تولہ۔ گلاب حسب ضرورت
تمام دواؤں کو عرق گلاب میں حل کریں۔ اور افیون قوام میں ڈال کر چینی کے برتن میں
رکھیں اور چنبیلی کے پھول ڈالدیں تاکہ افیون کی بو نہ رہے اس کے بعد دانہ ماش کے برابر
گولیاں بنائیں۔

حب آملہ قابض معدہ کو قوت دینے اور دستوں کو بند کرنے میں مفید و معمول
ہے۔
استعمال صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آملہ چھپن تولہ۔ نمک سیاہ چار ماشہ۔ مصطگی تین ماشہ۔ آملہ کو عرق گلاب میں تر
رکھیں۔ نرم ہو جانے پر سب دواؤں کو کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب انجیر۔ بادی و خونی بواسیر کے ازالہ اور قبض کو دور کرنے میں مفید و معمول
ہے استعمال۔ حسب مزاج دو سے پانچ گولی تک ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ
۔ بادیان۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ گوگل۔ رسوت ہر ایک چودہ ماشہ۔ تخم
گندنا چار ماشہ۔ انجیر پانچ دانہ۔ کشمش دو تولہ حسب معمول بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب ایارج۔ دماغی رطوبتیں خارج کرتی ہے مرگی۔ سکتہ وغیرہ کو دور کرتی ہے۔
سردرد کو تسکین دیتی ہے۔ آنکھ کی بیماریوں میں نیز دماغ کے تنقیہ میں خصوصیت سے مفید
ہے۔ استعمال۔ اخیر رات میں تین سے نو ماشہ کی مقدار میں ورق نقرہ میں لپیٹ کر عرق
گاؤ زبان بارہ تولہ کے ساتھ کھائیں اور صبح کو مسہل دیں۔ نسخہ۔ ایارج فیقرا چودہ ماشہ۔
تربد سفید مجوف۔ چودہ ماشہ۔ کالا دانہ۔ غاریقون۔ انیسون ہر ایک سات ماشہ۔ تخم حنظل۔ نمک
ہندی ہر ایک دو ماشہ۔ عرق بادیان حسب ضرورت حسب معمول کوٹ چھان کر عرق بادیان میں
گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔ فائدہ۔ مسہل کے نسخہ سے المتاس شامل نہ کرنا چاہیے۔

حب ایارہ۔ فالج۔ لقوہ رعشہ وغیرہ دیگر امراض بلغمی اور دماغی میں خصوصیت سے
مفید ہے استعمال رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ ۔ جدوار۔
اسطوخودوس ہر ایک پانچ ماشہ۔ تخم حنظل چار رتی۔ ایارج فیقرا تین ماشہ۔ نمک ہندی۔
غاریقون ہر ایک تین ماشہ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب ایلاؤس مرض ایلاؤس (قولنج التوائی) میں معمول و مفید ہے۔ استعمال سات عدد گولیاں گرم پانی یا عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ سقمونیا کوگل ہر ایک چار ماشہ۔ ایلوانو ماشہ حسب معمول بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب بارہکائن۔ بادی بواسیر کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی صبح ایک شام نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رسوت۔ سیاہ مرچ ہر ایک دو ماشہ ثمردرخت بکائن چار ماشہ دواؤں کو کوٹ چھان کر بھنگرہ کے پانی میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ فائدہ۔ درمیان استعمال میں روغن مولی کا استعمال زیادہ کریں۔ ترشی وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔

حب بحتہ الصوت۔ دمہ اور کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ بلغم کو چھانٹتی ہے اور آواز کو کھولنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال صبح شام ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔ نسخہ۔ کیترا۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ مغز کدو۔ مغز خیارین۔ مصری ہر ایک برابر وزن حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب بخار۔ موسمی بخار کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ ایک گولی دوپہر ایک صبح ایک شام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ ۔کونین۔ ست گلو ہر ایک ایک تولہ۔ صمغ عربی طباشیر ہر ایک ۲ تولہ۔ سب کو کوٹ چھان کر صمغ عربی کے ساتھ چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب براء الساعۃ۔ تمام بدن سے اخلاط غلیظ اور مواد فاسدہ کو خارج کرتی ہے۔ لنگڑی کے درد نیز نقرس وغیرہ میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ایلوا۔ سورنجاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سناکی۔ مصطگی رومی ہر ایک مساوی الوزن حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب برگ نیب بواسیر خونی اور بادی میں مفید ہے نسخہ۔ برگ نیب۔ چاکسو صندل سرخ۔ دھماسہ۔ برگ مہندی۔ رسوت۔ نرکچور۔ سیاہ مرچ۔ ہر ایک ہموزن سب کو کوٹ کر چھان کر لعاب بیھدانہ میں گولیاں بنائیں۔ اور بقدر سات ماشہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔

حب بریٔوما جوڑوں کے درد کو فوری تسکین بخشنے میں بالخصوص موثر ہے استعمال نو ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ صبر سقوطری۔ تربد سفید موصوف ہر ایک اٹھائیس ماشہ پوست ہلیلہ۔ بوزیدان۔ سورنجاں ہر ایک سات ماشہ۔ انیسون۔ سقمونیا ہر

ایک پانچ ماشہ۔ گوگل تین ماشہ۔ آب گندنا سبز حسب ضرورت تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گندنا سبز کے پانی میں گھول کر گولیاں بنائیں۔

حب بقراط۔ صفراوی دستوں کو بند کرتی ہے۔ حمی محرقہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ۔ شربت عناب دو تولہ استعمال کریں نسخہ۔ کافور چار رتی طباشیر۔ صندل سفید۔ نشاستہ ۔ صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ۔ زہر مہرہ ایک ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب بلادر۔ مرض آتشک (یعنی نار فارسی) میں تنقیہ مادہ کے بعد اس کا استعمال بے حد مفید و محرب ہے۔ نیز مرض باد فرنگ کے ازالہ میں مخصوص اثر رکھتی ہے۔ بے حد مفید و مجرب ہے بلکہ ہر دو امراض میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے استعمال۔ ایک گولی صبح اور ایک شام دو ہفتہ تک متواتر بالائی یا حلوہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کریں ۔ غذا۔ پلاؤ یا روغنی روٹی یا کھیر بغیر نمک و شیرینی ملائے ہوئے کھاتے رہیں۔

نوٹ اطبائے ایران مرض باد فرنگ اور جمرہ کو آتشک سے تعبیر کرتے ہیں اور مرض آتشک کو نار فارسی کہتے ہیں۔ لیکن اطبائے ہند بالعموم آتشک کو باد فرنگ کا مترادف قرار دیتے ہیں (مولف)۔ نسخہ۔ بھلاواں (کلاہ دور کردہ) آٹھ عدد۔ بزرا لبنج سفید۔ نانخواہ۔ کنجد سیاہ ہر ایک سات ماشہ۔ مغز نارجیل تازہ ایک تولہ۔ پارہ چودہ ماشہ۔ طباشیر سفید ۶ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ چار تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر بھلاواں ملا کر پیس لیں۔ بعد کو پارہ ملا کر پرانے گڑ میں شامل کر کے اس کی اڑتالیس گولیاں تیار کریں۔

فائدہ۔ گولی کھاتے وقت احتیاط رکھیں۔ کہ منہ۔ زبان۔ مسوڑھوں اور دانتوں سے گولی کا جرم نہ لگے۔ ورنہ نقصان کا احتمال ہے۔ اگر جسم میں گرمی معلوم ہو یا مسوڑھوں میں درد شروع ہو جائے تو اس کا استعمال بند کر دیا جائے۔

حب بنفشہ۔ دماغی فضلات کو نکالتی ہے۔ سر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ سینہ کے بلغم کو چھانٹتی ہے۔ کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ آنکھ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ تنقیہ فضلات میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال صبح شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تربد سفید۔ رب السوس۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ سقمونیا۔ غاریقون ہر ایک ۸ ماشہ۔ حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب بواسیر۔ خونی بواسیر میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ رسوت چار ماشہ۔ کہربا شمعی۔ دانہ الائچی خورد۔ گل ارمنی۔ ہلیلہ سیاہ۔

تولہ طباشیر ہر ایک دو ماشہ۔ کوگل ایک تولہ۔ ہلیلہ سیاہ کو روغن زرد سے چرب کریں اور گوگل کو گندنا سبز کے پانی میں حل کریں۔ اور باقی دیگر ادویہ کو معہ ہلیلہ سیاہ کے کوٹ چھان کر گولیاں تیار کریں۔

حب بو علی سینا پیچش تیز مروڑ اور اسہال کبدی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال دو سے چار گولی تک ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ بارہ سالہ بچے کو نصف گولی دینی چاہیے۔ نسخہ۔ مازو۔ کزمازج ہر ایک نوماشہ۔ افیون چار ماشہ۔ صمغ عربی 1 ماشہ حسب دستور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب بہرامی۔ استسقاء لحمی میں مفید ہے استعمال ۔ نو ماشہ ہمراہ عرق مکو چھ تولہ۔ عرق کاسنی چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صبر سقوطری بیالیس ماشہ۔ افیتمون چھبیس ماشہ۔ سقمونیا ۱۴ ماشہ۔ بالچھڑ۔ تج۔ تربد سفید مجوف۔ مصطگی ہر ایک سات ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ غاریقون دس ماشہ۔ حماما تین ماشہ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب بیش دماغ کی سرد بیماریوں میں خصوصا نزلہ میں مفید ہے استعمال ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ بیش قرنی ڈیڑھ تولہ۔ قلفل گرد۔ عاقرقرحا۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ .سباسہ۔ جوزبوا۔ اصل السوس۔ بادیان ہر ایک نو ماشہ کیرا صمغ عربی ہر ایک تین ماشہ۔ بیش کو پارچہ کھدر میں باندھ کر گائے کے دودھ میں جوش دے کر صاف کرلیں اور باقی دواؤں کو کوٹ پیس کر شامل کر کے موٹھ کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔

حب پان آتشک کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال۔ علی الصبح ایک گولی بالائی میں رکھ کر نگل لیں۔ نسخہ۔ سم الفار۔ طباشیر۔ کتھ سفید ہر ایک تین ماشہ۔ عرق برگ پان بقدر ضرورت تمام دواؤں کو عرق مذکورہ میں خوب حل کر کے بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں فائدہ۔ غذا خوب مرغن کھانی چاہیے۔ اگر یہ گولی دوپہر کو کھانے کے بعد استعمال کی جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

حب پپیتہ۔ پیٹ کے درد کو دور کرتی ہے۔ بدہضمی کو رفع کرتی ہے۔ اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ نیز ہیضہ کے موسم میں بطور حفظ ما تقدم استعمال کرنے سے مفید ثابت ہوتی ہے استعمال۔ صبح یا شام ایک گولی کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی کے ساتھ کھائیں ۔ نسخہ۔ پپیتہ۔ زنجبیل ۔ سیاہ مرچ۔ پودینہ خشک۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ گل مدار ہر ایک

ایک تولہ۔ حسب معمول عرق لیموں میں بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب پچلونہ۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے معدہ کی شکایت میں مجرب ہیں استعمال صبح شام غذا کے بعد دو گولیاں کھائیں نسخہ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ ہر ایک تیرہ ماشہ۔ پودینہ خشک۔ زنجبیل ہر ایک دو تولہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ پپلا مول۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ۔ وج ترکی۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ ہر ایک تین تولہ۔ کشنیز خشک دس تولہ۔ اجوائن۔ سونف ہر ایک تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں خمیر کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب پیار انگا ہیضہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پیار انگا تین ماشہ۔ نانخواہ۔ سونٹھ۔ سونف۔ شیطرج۔ سیاہ مرچ۔ نمک ترب۔ نمک سیاہ۔ نمک پانگا ہر ایک ایک تولہ۔ بائے کھمب سفید۔ وج ترکی۔ زاج بریاں ہر ایک ایک ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں خوب کھرل کریں۔ حل ہو جانے پر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب پیچش۔ مروڑ اور ہر قسم کی پیچش میں مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ ایک گولی سوتے وقت پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ کافور۔ مازو۔ مائیں خورد ہر ایک نو ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد پوست آملہ ہر ایک ایک تولہ۔ صمغ عربی تین ماشہ۔ افیون دو ماشہ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب تاتورہ۔ منی کو غلیظ کرتی ہے اور سیلان منی کے ازالہ میں معمول و مفید ہے استعمال ایک گولی شیرہ بادیان ایک تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ تخم تاتورہ۔ سیاہ مرچ۔ ہم وزن۔ دونوں کو کوٹ چھان کر لعاب صمغ عربی میں گولیاں تیار کریں۔

حب تپ بلغمی۔ بلغمی بخار میں مخصوص طور سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی صبح دوپہر شام پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ دار فلفل۔ مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ۔ زیرہ سفید۔ برگ ببول ہر ایک چھ ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب تخمہ بد ہضمی کو دور کرتی ہے اور قولنج نیز معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ قرنفل۔

زنجبیل۔ تلسی ۔ نار مشک۔ دار فلفل۔ شکر طبرزد مساوی الوزن کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب تخم ہار سنگار بواسیر خونی و بادی میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ علی الصبح تین ماشہ تازہ پانی کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ تخم ہار سنگار مقشر ایک تولہ۔ فلفل گرد تین ماشہ حسب معمول پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب تربد۔ لقوہ۔ فالج اور استرخائیں مفید ہے استعمال رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ہمراہ ایک گولی کھائیں نسخہ۔ تربد سفید۔ ایارج فیقرا ہر ایک تین ماشہ۔ نمک سیاہ ایک ماشہ۔ تخم حنظل چھ رتی حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب ترش مشتہی۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے معدہ کو قوی کرتی ہے اور بادی بواسیر کو زائل کرتی ہے استعمال ایک سے لے کر چار گولی تک غذا کے ایک گھنٹہ بعد یا رات کو سوتے وقت کھائیں نسخہ۔ الائچی خورد۔ دار چینی ۔ نمک شورہ نمک منہاری۔ نمک لاہوری۔ جواکھار۔ کشنیز خشک۔دار فلفل ۔ فلفل دراز۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ زنجبیل۔ شیطرج ہندی۔ ناگ کیسر۔ وج ہندی ہر ایک سات ماشہ۔ اناردانہ اٹھارہ ماشہ چوک ترش دو تولہ بطریق معلوم کوٹ چھان کر لیموں کے عرق میں گولیاں تیار کریں۔

حب تنکار۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے قبض کو رفع کرتی ہے اور معدہ کی تقویت میں بالخصوص موثر ہے استعمال رات کو سوتے وقت دو گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ تنکار سات ماشہ۔ اجوائن خراسانی نو ماشہ۔ سیاہ مرچ تین تولہ۔ صبر سقوطری ۴ تولہ کوٹ چھان کر عرق گھیکوار میں بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب جالینوس۔ پٹھوں کو قوت دیتی ہے۔ اور کمزوری کو دور کرتی ہے۔ تقویت باہ کے لئے عجیب الاثر ہے استعمال ایک گولی ہمراہ زلال نخود و مصری دو تولہ ملا کر کھائیں نسخہ۔ مغز سر کنجشک نر۔ شقاقل مصری۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ خرما۔ ثعلب مصری۔ تخم جرجیر۔ ریگ ماہی ہر ایک ایک تولہ۔ مشک تین رتی۔ شہد بقدر حاجت حسب معمول بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب جدوار۔ دل اور دماغ کو قوت بخشتی ہے ۔ قوت باہ کو برا گیختہ کرتی ہے جریان کو دور کرتی ہے۔ امساک لاتی ہے۔ کھانسی اور نزلہ کو دور کرتی ہے۔

افیون کی بری عادت کو چھوڑاتی ہے استعمال دو گولی رات کو سوتے وقت گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ناریل سالم۔ افیون پانچ تولہ۔ جدوار خطائی ایک تولہ زعفران چھ ماشہ۔ مغز بادام چلغوزہ۔ تخم خرفہ ہر ایک تیرہ ماشہ۔ طباشیر کیرا۔ بزرا لبنج۔ جو زبوا ہر ایک نو ماشہ۔ بہمن سفید بہمن سرخ۔ بادر نجبویہ بسباسہ ہر ایک ایک تولہ۔ روغن بلسان ایک تولہ۔ گھی بیس تولہ ترکیب۔ ناریل کا چھلکا اتار لیں۔ اور اس میں ایک سوراخ اس طرح کریں کہ سوراخ کی جگہ ٹکڑا سالم نکل آئے ناریل میں افیون۔ زعفران اور جدوار بھر کر وہی ٹکڑا سوراخ لگا کر آٹا لگا کر لپیٹ کر دس سیر دودھ میں جوش دیں۔ جب دودھ کھویہ بن جائے۔ تو ناریل کو گھی میں پکالیں۔ جب آٹا پک کر سرخ ہو جائے تو ناریل کو پیس لیں۔ اور باقی مغزیات وغیرہ کوٹ چھان کر شامل کر کے بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب جذام۔ جذام کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی گیہوں کی روغنی روٹی کے ساتھ استعمال کریں۔ پوست بیخ آکھ چار سیر۔ گیہوں پاؤ سیر ترکیب۔ پوست کو دیگچہ میں پانی بھر کر ڈالدیں۔ اور گیہوں کو پوٹلی میں باندھ کر پوست کے اوپر رکھ دیں اور گھوڑے کی لید میں دفن کر دیں۔ اکیس روز بعد نکالیں۔ اگر پانی خشک نہ ہو ہو۔ تو جوش دے کر خشک کرلیں ورنہ گیہوں کو کوٹ کر اکہتر گولیاں بنائیں۔

حب جریان۔ سرعت کو دور کرتی ہے۔ احتلام کی زیادتی کو زائل کرتی ہے۔ اور منی کو گاڑھا کرتی ہے۔ جریان کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ تین گولی کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ سنگھاڑہ خشک۔ شیر برگد بقدر ضرورت سنگھاڑہ کو باریک پیس کر برگد کے دودھ کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب جفت بلوط۔ کھنگھار میں خون آنے کو بند کرتی ہے۔ نفث الدم میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ شیرہ تخم بارتنگ و شیرہ تخم تمہندی ہر ایک چھ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز جفت بلوط۔ گیرو۔ بارتنگ ہر ایک تین ماشہ۔ ساق۔ حب آلاس۔ کہربا۔ بسد۔ دم الاخوین۔ کشنیز خشک۔ زیرہ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ۔ کیرا۔ طباشیر ہر ایک چار ماشہ۔ صمغ عربی۔ بسباسہ۔ کندر۔ گل مختوم ہر ایک پانچماشہ۔ آملہ ہلیلہ کابلی۔ گلنار۔ پوست بیخ انجبار۔ شاخ گوزن سوختہ ہر ایک سات ماشہ۔ حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

حب جمال گوٹہ۔ خراب اور فاسد مواد کے تنقیہ کے لئے آتشک میں معمول و مفید

ہے استعمال۔ پانچ گولیاں گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ سیاہ مرچ۔ جمال گوٹہ مدبر۔ مغز کرنجوہ سونٹھ ہر ایک پانچماشہ۔ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب جند۔ مرگی۔ فالج۔ سکتہ۔ نسیان نیز تمام بلغمی بیماریوں میں مفید و مجرب ہے استعمال شیر خوار بچوں کے لئے نصف گولی ماں کے دودھ میں گھس کر ورنہ تین گولی ہمراہ عرق بادیان یا عرق دار چینی استعمال کریں۔ نسخہ۔ جند بید ستر۔ مشک خالص۔ عود صلیب ہر ایک تین ماشہ۔ عرق بادیان بقدر ضرورت حسب معمول سونف کے عرق کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب جواہر کافوری۔ دستوں کو بند کرتی ہے۔ کھنگھار میں خون آنے کو روکتی ہے اعضاء رئیسہ کو قوی کرتی ہے سل اوردق میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ زمرد۔ یاقوت رمانی۔ زہر مہرہ کہربا۔ لعل بدخشاں۔ یشب سفید۔ کافور قیصوری ہر ایک تین ماشہ۔ پوست بیخ انجبار صندل سفید۔ گل ارمنی ہر ایک دو ماشہ۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ گل نیلوفر۔ سرطان نہری۔ طباشیر سفید۔ پوست خشخاش سفید۔ گل گاؤ زبان ہر ایک پانچ ماشہ زعفران چار رتی جواہرات کو گلاب میں کھرل کریں۔ اور باقی سب دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ کے ساتھ بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں۔

حب جواہر مہرہ۔ زائل شدہ قوت کو واپس لاتی ہے۔ تقویت اعضائے رئیسہ کے لئے خاص چیز ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ دوا المسک معتدل جواہر والی تین ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ یاقوت احمر۔ نیلم۔ پکھراج۔ زمرد سبز۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد احمر۔ یشب سبز عقیق یمنی عقیق احمر۔ لاجورد مغسول۔ فاد زہر معدنی۔ مصطگی رومی۔ ورق نقرا ایک ایک ماشہ۔ ورق طلاء نارجیل دریائی۔ جدوار مومیائی ہر ایک دو ماشہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق کیوڑہ۔ حسب ضرورت تمام دواؤں کو عرقیات میں دو ہفتہ تک کھرل کر کے چھوٹے موتی کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب جواہر مولف۔ دستوں کو بند کرتی ہے اور اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے نیز سل اور دق میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک علی الصبح ہمراہ لعاب بہدانہ تین ماشہ خمیرہ عناب پانچ ماشہ عرق گاؤ زبان سات تولہ۔ عرق گذر سات تولہ۔ شربت بنفشہ دو تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی تین ماشہ۔ گل ارمنی۔ زہر مہرہ ہر ایک نو ماشہ۔ کافور قیصوری چار ماشہ طباشیر۔ مروارید۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک ہر ایک اٹھارہ

ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز کدو ہر ایک تین تولہ حسب معمول دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا کر
چاندی کا ورق چڑھائیں۔

حب چائے خطائی۔ نزلہ اور زکام میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ چائے خطائی۔ بادیان خطائی۔ پودینہ خشک ہر ایک تین تولہ۔ پوست ترنج دو تولہ۔ دار چینی۔ قرنفل۔ ایرسا ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی۔ میعہ خشک ہر ایک نو ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک دو تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ جند بید ستر عنبر۔ مشک ہر ایک تین ماشہ۔ حسب معمول شہد میں گولیاں تیار کریں۔

حب چوب چینی زکام نزلہ اور دیگر دماغی سرد بیماریوں میں مفید ہے استعمال بقدر سات ماشہ ہمراہ عرق بادیان یا عرق چوب چینی چھ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ چوب چینی۔ بادیان۔ قاقلہ کبار۔ الائچی کلاں۔ دار چینی۔ بسباسہ۔ پوست بیخ بادیان ہر ایک تین تولہ۔ عاقر قرحا۔ جو جو زبواء زنجبیل۔ عود ہندی ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی دو تولہ۔ مشک عنبر سات ماشہ۔ کیترا چار ماشہ مشک و عنبر کو گھس کر باقی دواؤں کو کوٹ کر چھان کر گولیاں تیار کریں۔

حب حابس دم۔ مرض نفث الدم میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ پانچ گولی ہمراہ عرق گاؤ زبان بارہ تولہ شربت انجبار دو تولہ استعمال کریں نسخہ کہربا۔ گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ کیترا۔ صمغ عربی۔ طباشیر۔ حب آلاس ہر ایک تین ماشہ۔ پوست بیخ انجبار۔ نشاستہ ہر ایک تین ماشہ۔ علاوہ مروارید وغیرہ کے تمام دواؤں کو کوٹ کر اور بقیہ کو گھس کر لعاب بیہدانہ یا لعاب بار تنگ کے ہمراہ گولیاں تیار کریں۔

حب حضض۔ بواسیر خونی اور پرانی پیچش سے مفید و معمول ہے استعمال۔ چار ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ۔ شربت انجبار دو تولہ استعمال کریں نسخہ حضض سترہ ماشہ۔ کیترا۔ سات ماشہ۔ مازو۔ سنگجراحت۔ گیرو ہر ایک ساڑھے تین ماشہ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب حلتیت ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے۔ ہضم غذا میں خاص چیز ہے استعمال ۔ دو گولی غذا کے بعد کھائیں۔ نسخہ ۔ ہینگ چار تولہ۔ سونٹھ تین تولہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ دو تولہ۔ قرنفل۔ خولنجاں۔ دار فلفل۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ کباب چینی۔ مصطگی فلفلموییہ۔ نانخواہ۔ ہلیلہ کابلی۔ آملہ ہر ایک ایک تولہ۔ کلونجی نو ماشہ ترکیب۔ ہینگ کو گھی میں چرب کریں اور باقی ادویہ کو کوٹ کر لیموں کے عرق میں خوب تر کریں خشک ہونے پر دوبارہ عرق لیموں میں تر کریں۔ پھر پیس کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

حب حمل۔ رحم کی خرابیوں کو دور کرتی ہے اور استقرار حمل کی صلاحیت پیدا کرتی ہے استعمال۔ ایام کے بعد ایک گولی معجون موچرس سات ماشہ یا معجون سپاری پاک سات ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ مشک دو رتی۔ افیون۔ جو زبوا۔ زعفران ہر ایک ایک ماشہ۔ بھنگ دو ماشہ۔ سپاری تین عدد۔ قرنفل چار عدد۔ قندسیاہ ۵ ماشہ حسب معمول قندسیاہ میں گولیاں بنائیں۔

حب حنظل قولنج کو دور کرتی ہے۔ تمام بدن سے مواد فاسدہ نکالنے میں مفید ہے استعمال ایک سے دو گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ زعفران۔ مر۔ سنامکی۔ صبر سقوطری۔ پوست بلیلہ زرد۔ زنجبیل۔ فلفل۔ ہر ایک تین ماشہ۔ تخم حنظل۔ تربد موصوف ہر ایک دس ماشہ۔ حسب معمول عرق بادیان کے ہمراہ چنے کے دانے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب حیات۔ حواس کو صاف کرتی ہے۔ تکان کو زائل کرتی ہے۔ ریاح کو توڑتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے۔ نفخ اور قراقر کو زائل کرتی ہے۔ سدے کو کھولتی ہے اور بالخصوص معدہ کو قوت دیتی ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سیندھا۔ نمک لاہوری۔ نمک سونچر۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ زنجبیل۔ فلفل۔ دار فلفل۔ ہر ایک ایک تولہ۔ نانخواہ۔ شیطرج ہندی ہر ایک نو ماشہ۔ قرنفل۔ دارچینی۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک چار ماشہ۔ عود ہندی۔ مصطگی۔ بسباسہ ہر ایک تین ماشہ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب خبث الحدید۔ سوزاک کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بواسیر خونی اور بادی کو دور کرتی ہے اور خون پیدا کرتی ہے۔ تقویت معدہ اور پیدائش خون میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ علی الصبح تین گولی عرق بادیان بارہ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ حب الرشاد آٹھ تولہ۔ خبث الحدید (مدبہ آب گندنا) سینتیس تولہ۔ تخم گندنا۔ تخم جرجیر۔ تخم کرفس۔ تخم گذر۔ تخم مولی۔ تخم میتھی۔ تخم پیاز۔ الائچی خورد ہر ایک سات تولہ حسب معمول آب گندنا سبز کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب خراطین۔ اساک کے لئے خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ جماع کے وقت ایک گولی پیشاب کے سوراخ میں رکھ لیں نسخہ۔ خراطین ایک عدد۔ افیون مصری چار

رتی کافور بھیم سینی دو سرخ۔ نشاستہ چہارم حصہ ادویہ تمام دواؤں کو مچھلی کے پتہ میں کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب خرول۔ سردی سے آواز بیٹھ جانے میں مفید ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ فلفل تین ماشہ۔ خرول بریان دس ماشہ۔ کندر۔ بارزد ہر ایک تیرہ ماشہ۔ مرکی اکیس ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب خستہ نیب۔ بواسیر خونی اور بادی میں مفید ہے استعمال۔ روزانہ نہار منہ بقدر چھ ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان پانچ ماشہ۔ شیرہ زیرہ سفید تین ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز تخم نیب دس تولہ۔ فلفل گرد۔ گوگل ہر ایک چودہ ماشہ۔ کوٹ چھان کر پانی کے ہمراہ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب خضاب۔ بالوں کو سیاہ کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی آملہ کے عرق میں گھس کر بالوں پر لگائیں نسخہ۔ جدوار بنفشی۔ افیون خالص۔ زعفران۔ دار چینی۔ ․سباسہ ہر ایک ایک ماشہ۔ مغز بادام۔ جوزبوا۔ خولنجاں۔ ثعلب مصری ہر دو ماشہ۔ برگ بھنگ تیرہ ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب خوش کیف۔ امساک میں مفید و معمول ہے استعمال۔ جماع سے پہلے ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ جدوار بنفشی۔ افیون خالص۔ زعفران دار چینی۔ ․سباسہ ہر ایک ایک ماشہ۔ مغز بادام۔ جوزبوا۔ خولنجاں۔ ثعلب مصری ہر دو ماشہ۔ برگ بھنگ تیرہ ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب دیدان۔ آنتوں کے کیڑے مارتی ہے۔ خصوصاً کدو دانوں میں معمول ہے استعمال روزانہ ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رسوت۔ چاکسو مقشر ہینگ ہر ایک دو ماشہ۔ ایلوا ایک ماشہ۔ فلفل گرد چھ رتی۔ برگ نیب ستر عدد۔ حسب معمول کرونده کے عرق میں گولیاں بنائیں۔

حب ذرب۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ایک گولی تازہ پانی یا شربت حب آلاس دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ لونگ۔ ․بیلگری۔ سونٹھ چھوہارہ بریاں۔ مائیں چھوٹی۔ مائیں بڑی کاٹھپل ہر ایک دو ماشہ۔ افیون چار رتی۔ آب ادرک بقدر ضرورت۔ حسب معمول ادرک کے عرق میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ذہب۔ سر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ اور آنکھ کی جلن و سوزش کو زائل کرتی ہے

استعمال۔ سات ماشہ ہمراہ آبِ گرم استعمال کریں۔ نسخہ۔ مبر سقوطری چھ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد تین تولہ۔ کتیرا۔ مصطگی۔ سقمونیا۔ زعفران ہر ایک دس ماشہ۔ گل سرخ سترہ ماشہ بدستور عرق گلاب میں گولیاں تیار کریں۔

حب راحت۔ (یا آنند بھیروں) کھانسی۔ نزلہ۔ لقوہ۔ ہیضہ۔ اسہال و پیچش و جملہ عفنی بخاروں میں نہایت مفید و معمول ہے استعمال۔ لقوہ کے لئے ایک یا دو گولی روغن گل یا روغن کنجد میں حل کر کے جانب علیل پر ضماد کریں۔ اور اس کے اوپر روئی باندھ دیں اور سر ہوا سے محفوظ رہیں۔ اور ایک گولی پان کے ساتھ کھائیں۔ ہیضہ میں ادرک کے پانی یا پان کے ساتھ ایک گولی کھائیں۔ نزلہ و کھانسی وغیرہ میں شہد کے ساتھ اسہال و پیچش میں شیرہ اندر جو کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ بچھناک سفید مدبر بہ شیر گاؤ پیپل۔ مرچ سیاہ۔ سہاگہ۔ شنگرف سب مساوی الوزن لے کر باریک کوٹ چھان کر کاغذی لیموں کے عرق میں آٹھ پہر کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کر کے سایہ میں خشک کر لیں۔

حب ربع۔ چوتھیے بخار میں اکسیر ہے استعمال ۔ ایک ایک گولی صبح دوپہر شام کو تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز پلاس پاپڑہ۔ مغز کرنجوہ ہر ایک ایک تولہ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب رسوت۔ بواسیر خونی اور بادی نیز بواسیری دستوں میں مفید ہے استعمال ۔ دو گولی ساٹھی کے چاولوں کی پیچ یا شربت انجبار دو تولہ پانی میں ملا کر اس کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رسوت۔ گوگل۔ گیرو۔ مغز تخم نیب۔ مغز تخم بکائن۔ تخم گندنا ہر ایک مساوی الوزن بدستور سابق گندنا سبز کے پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب رسوت دیگر۔ بواسیری خون اور دستوں کو بند کرتی ہے استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ کابلی۔ رسوت ہموزن۔ مٹی کے برتن کو آگ پر رکھیں۔ جب سرخ ہو جائے تو ہلیلہ کو گھی میں چرب کر کے اس برتن میں ڈال کر بھون لیں۔ بھن جانے پر چھلکا دور کر کے رسوت کے ہمراہ ارد کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب رسکپور۔ آتشک میں مفید و معمول ہے استعمال۔ روزانہ علی الصبح ایک گولی بالائی میں رکھ کر استعمال کریں نسخہ۔ رسکپور۔ الائچی سفید۔ قرنفل۔ عاقر قرحا ہر ایک چھ ماشہ۔ حسب معمول پانی میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں غذا۔ بے نمک کی روغنی روٹی وغیرہ

حب رمان۔ بڑے بچوں میں دستوں کو بند کرنے کے لئے مفید و معمول ہے استعمال ۔ ایک گولی شربت انجبار ا تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ انار خام شیریں ایک عدد۔ افیون اماشہ جوزبوا ایک عدد۔ ٠سباسہ سات ماشہ ترکیب۔ کچے انار شیریں کو سرپر سے تراشیں اور تھوڑے دانے نکال کر کچھ حصہ خالی کرلیں۔ اس میں پہلے افیون اور پھر جوزبوا رکھ کر تراشا ہوا حصہ اوپر رکھ کر کچا سوت لپیٹ دیں کہ جس سے انار کا تمام حصہ ڈھک جائے۔ پھر گمی میں اس قدر بھونیں کہ دھاگہ سرخ ہو جائے۔ سرخ ہونے پر سوت کو علیحدہ کرکے افیون اور جوزبوا کو کھرل کرلیں اور ٠سباسہ شامل کرکے کھرل ہو جانے پر گولیاں سیاہ مرچ کے برابر بنائیں۔

حب رمد۔ آشوب چشم میں مفید ہے استعمال۔ گولی کو پانی میں گھس کر آنکھ کے چاروں طرف لیپ کریں۔ نسخہ۔ رسوت آٹھ ماشہ۔ افیون دو ماشہ۔ پھٹکری بریان چودہ ماشہ حسب معمول عرق لیموں میں حل کرکے گولیاں بنائیں۔

حب ریوند۔ مرض سوء القنیہ اور استسقاء لحمی میں اخراج مواد کے لئے بطور مسہل مفید و معمول ہے استعمال۔ ہمراہ عرق مکوہ ۶ تولہ و عرق کاسنی چھ تولہ۔ شربت دینار دو تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ریوند۔ گوگل ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ غاریقون تین ماشہ۔ تربد مجوف چھ ماشہ زراوند مدحرج ایک ماشہ۔ انیسون چار رتی۔ حسب معمول گولیاں بنائیں اور دو خوراک کریں۔

حب ریگ ماہی۔ امساک لاتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے **استعمال۔** ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ قبل گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں **نسخہ۔** ریگ ماہی۔ لونگ مازو۔ شنگرف ہر ایک چار ماشہ۔ زعفران۔ مشک افیون ہر ایک ایک ماشہ۔ نک چھکنی ورق طلاء ہر ایک تین ماشہ۔ کابپھل۔ دار چینی۔ ورق نقرہ ہر ایک سات ماشہ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب زحیر۔ پیچش میں مفید اور پرانے دستوں میں معمول ہے خصوصا اس وقت جب کہ بخار موجود نہ ہو استعمال۔ ایک گولی ساٹھی کے چاولوں کی پیچ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ مائیں خورد کات سفید۔ افیون ہر ایک ایک ماشہ۔ حسب معمول سیاہ مرچ کی برابر گولیاں بنائیں۔

حب زرنباد۔ قے کو روکتی ہے۔ متلی اور ابکائی میں مفید و معمول ہے استعمال۔ دو گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ و عرق الائچی چھ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زرنباد بیس تولہ عرق گلاب دس تولہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب زنگار۔ آتشک کے لئے نافع ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی بالائی میں رکھ کر کھائیں اور زخموں پر طلاء کریں نسخہ۔ کتھ سفید دو تولہ۔ زنگار۔ جلوتری ہر ایک تین ماشہ۔ افیون سپاری کہنہ ہر ایک دو ماشہ۔ کونپل بید انجیر دو تولہ۔ بالائی بیس تولہ تمام دواؤں کو معہ بالائی کے کانسی کے برتن میں ڈال کر کانسی کے دستہ سے تین روز تک کھرل کریں اور گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

حب زہر مہرہ۔ حرارت کو تسکین دیتی ہے۔ صفرا کے جوش کو زائل کرتی ہے اور مزاوی قے کو روکتی ہے استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق پودینہ چھ تولہ ۔ شربت عناب دو تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زہر مہرہ سائیدہ دو ماشہ۔ مروارید صلایہ نمودہ ایک ماشہ۔ حسب معمول عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

حب زیرہ بواسیر خونی میں خون کو بند کرنے کے لئے مفید و معمول ہے استعمال ۔ تین ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ و شربت انجبار دو تولہ استعمال کریں نسخہ۔ صمغ عربی بریاں زیرہ سیاہ مدبر۔ زیرہ سفید مدبر۔ تخم خرفہ بریاں ہر ایک چار ماشہ۔ کشنیز خشک بریان چھ ماشہ۔ گلنار چھ دانہ۔ پوست خشخاش ایک عدد۔ کہرباء طباشیر ہر ایک ایک ماشہ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب سبز۔ آشوب چشم میں مفید ہے استعمال۔ پانی میں گس کر پپوٹوں پر لیپ کریں نسخہ۔ بھنگرہ اٹھائیس ماشہ۔ رسوت۔ افیون ہر ایک چودہ ماشہ۔ برگ نیم پانچ عدد۔ زعفران پانچ رتی۔ تمام دواؤں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر قدرے پانی شامل کر کے آہنی دستہ سے رگڑیں۔ پانی خشک ہونے پر گولیاں تیار کر لیں۔

حب سرخ۔ گلے کی خراش کو دور کرتی ہے۔ نزلہ کو زائل کرتی ہے اور کھانسی کو روکتی ہے استعمال ۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں نسخہ۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ۔ افیون ہر ایک ایک تولہ۔ حسب معمول لعاب بیہدانہ میں گولیاں بنائیں۔

حب سرخ دیگر۔ آنکھوں کی سرخی کاٹتی ہے اور سوزش و جلن کو تسکین دیتی ہے استعمال ۔ ایک گولی پانی میں گس کر پپوٹوں پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ گیرو چار تولہ۔ افیون

دس ماشہ۔ سونٹھ۔ صمغ عربی ہر ایک چار ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب سرخبادہ۔ بچوں میں مرض سرخبادہ کے لئے معمول و مفید ہے استعمال چھ ماہ کے بچے کو نصف سے ایک گولی تک ماں کے دودھ میں حل کر کے اور اس سے زائد کو ایک سے دو گولی ہمراہ شربت عناب دو تولہ استعمال کریں نسخہ۔ رسوت۔ صندل سرخ زہرمہرہ ہر ایک دو ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ چاکسو دو ماشہ۔ زرد چوبہ۔ برگ حنا ہر ایک ایک ماشہ۔ مردار سنگ چار رتی۔ برگ نیب۔ برگ بکائن ہر ایک پندرہ عدد حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب سرفہ۔ (مسنوعہ خاص) کھانسی کے لئے نہایت مفید و معمول ہے استعمال ایک گولی منہ میں ڈال کر چوستے رہیں نسخہ۔ صمغ عربی۔ رب السوس۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ۔ افیون جملہ ادویہ مساوی الوزن لے کر سوائے افیون کے سب کو باریک پیس لیں اور افیون کو لعاب بیہدانہ میں حل کر کے بقیہ دوائیں ملا دیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

حب سرفہ دیگر۔ نزلہ کو روکتی ہے گلے کی خراش کو زائل کرتی ہے نیز خشک کھانسی میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں نسخہ ۔ صمغ عربی۔ کیترا۔ نشاستہ۔ اصل السوس مقشر ہر ایک چھ ماشہ۔ افیون۔ دانہ خشخاش سفید۔ مغز بیہدانہ ہر ایک چار ماشہ۔ زعفران دو ماشہ۔ مغز بادام دس دانہ لعاب بیہدانہ میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب سعال۔ بلغمی اور خشک کھانسی میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ صمغ عربی۔ کیترا۔ نشاستہ ہر ایک تین ماشہ۔ مغز بیہدانہ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین ہر ایک دو ماشہ۔ مغز بادام مقشر۔ تخم خشخاش سفید۔ ہر ایک چار ماشہ۔ شکر طبرزد سات ماشہ۔ لعاب اسپغول میں گولیاں تیار کریں۔

حب سکبینج۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے اور معدہ کے درد کو تسکین دیتی ہے جب کہ درد قبض کی وجہ سے ہو استعمال۔ دو گولی گرم پانی کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ **سکبینج۔** ایلوا۔ گوگل غاریقون مساوی الوزن حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب سل۔ سل میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ روزانہ دس گولیاں یکے بعد دیگرے منہ میں ڈال کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ سنگجرات ایک تولہ۔ شیرہ جو مقشر چھ ماشہ۔ رب السوس۔

عظیم آبادی۔ مغز بادام مقشر ہر ایک چار ماشہ۔ صمغ عربی کتیرا۔ مغز تخم کدو شیریں۔ افیون مقشر۔ خشخاش سفید۔ گل واغستانی۔ بسد سوختہ ہر ایک تین ماشہ۔ مغز بیہدانہ۔ مغز تخم خربزہ۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی ہر ایک دو ماشہ۔ مغز تخم خیارین دو تولہ (سب کو کوٹ کر علیحدہ رکھیں) گل بنفشہ چار ماشہ۔ گل نیلوفر۔ تخم خطمی۔ خبازی ہر ایک چھ ماشہ عناب۔ سپستاں دو عدد۔ کوکنار تین عدد۔ اسپغول دو ماشہ۔ پرسیاؤشاں دو ماشہ۔ زوفائے خشک تین ماشہ۔ بقیہ دواؤں کو پانی میں جوش دے کر جب ایک حصہ رہ جائے۔ شیرہ جات ملا کر قوام پر لے آئیں۔ اور پھر کٹی چھنی دواؤں کو ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب سلارس۔ پرانی کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی منہ میں رکھ کر عرق چوستے رہیں نسخہ۔ افیون چار رتی۔ صمغ عربی ایک ماشہ۔ میعہ سائلہ۔ کندر۔ رب السوس۔ مرکی ہر ایک دو ماشہ۔ بدستور معلوم سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب السلاطین۔ قولنج اور خراب فاسد مواد کو خارج کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ایک یا دو گولی ہمراہ عرق گلاب کہ شکر سے میٹھا کر لیا گیا ہو استعمال کریں نسخہ۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ تخم خرفہ مقشر۔ ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز بیہدانہ۔ گل نیلوفر۔ نشاستہ ہر ایک دس ماشہ۔ کشنیز خشک۔ مصطگی۔ طباشیر۔ کتیرا ہر ایک سات ماشہ۔ مغز جمال گوٹہ مدبر تین تولہ۔ حسب معمول لعاب اسپغول میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب سم الفار۔ جوڑوں کے درد میں نیز آتشک وجذام میں معمول و مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ ایک گولی ہمراہ معجون سورنجان شیریں سات ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنکھیا سفید چھ ماشہ۔ سورنجان شیریں ایک تولہ۔ آب لیموں کاغذی ۶ تولہ۔ شیرہ کثائی خورد چھ تولہ۔ تمام دواؤں کو لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ پھر دوبارہ کثائی خورد کے شیرہ میں کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب سناء۔ بدہضمی اور نفخ کو دور کرتی ہے۔ رفع قبض میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ نو ماشہ ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ سنا مکی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ قلفل گرد ہر ایک چار ماشہ۔ مویز منقی چار تولہ حسب معمول تیار کریں۔

حب سنجیونی۔ ہیضہ۔ پیٹ کے درد۔ کھانسی۔ نزلہ۔ زکام کو دور کرتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔ پیٹ کے درد اور بلغمی اور سوداوی بیماریوں میں مفید ہے استعمال۔ تپ

لرزہ میں دو تین گولی۔ عرق بادیان بارہ تولہ کے ہمراہ تین تین گھنٹہ کے بعد دیں اور بد ہضمی میں ایک رتی ہیضہ میں دو رتی اور سنپات میں چار رتی شیرہ ادرک کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ ہلیلہ کابلی۔ پوست بیخ چیتہ۔ بابڑنگ کابلی۔ بلیلہ۔ بھلانوہ (کلاہ دور کردہ) بچ خراسانی۔ گلوئے خشک۔ بچھناک مدبر ہر ایک بیس ماشہ۔ تمام دواؤں کو سرپھوکہ کے جوشاندہ میں کھرل کرکے ایک رتی کی مقدار میں گولیاں تیار کریں۔

حب سندروس۔ بواسیر خونی اور بادی میں معمول و مفید ہے استعمال۔ پانچ گولی ہمراہ عرق مکوہ و عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بیضہ مرغ (جلایا ہوا) سندروس۔ شیطرج ہندی ہر ایک پانچماشہ۔ نوشادر پانچ رتی۔ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب سندری مندری۔ ہاضمہ درست کرتی ہے۔ ریاح توڑتی اور معدہ کے درد کو زائل کرتی ہے استعمال۔ دو گولی ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ گل آک۔ سیاہ مرچ ہر ایک دو تولہ۔ حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب سورنجاں۔ عرق النساء نیز نقرس اور جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے استعمال۔ تین ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ صبر سقوطری۔ پوست ہلیلہ زرد سورنجاں شیریں ہر ایک سات ماشہ۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب سوزاک۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو زائل کرتی ہے۔ زخم کو مندمل کرتی ہے پیپ اور مواد کو روکتی ہے۔ نئے اور پرانے سوزاک میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک ایک گولی صبح۔ دوپہر شام کو شربت بزوری دو تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ طباشیر دو تولہ۔ گیرو دو تولہ۔ شورہ قلمی۔ سنگجراحت۔ کہرباء۔ دانہ الائچی کلاں حجر الیہود ہر ایک نو ماشہ گل ارمنی صمغ عربی ہر ایک سات ماشہ۔ کندر کف دریا۔ ہر ایک پانچ ماشہ۔ روغن صندل دو تولہ حسب معمول روغن صندل میں گولیاں تیار کریں۔

حب سیاہ۔ مرض سل آشوب چشم میں سرخی کاٹنے اور درد کو تسکین دینے کے لئے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی پوست خشخاش کے پانی میں گس کر پپوٹوں پر لیپ کریں نسخہ۔ رسوت پانچتولہ۔ پھٹکڑی بریان دو تولہ۔ افیون ایک تولہ۔ برگ

زعفران پانچ رتی حسب معمول گولیاں تیار کریں۔
نب پانچ عدد

حب سیماب۔ آتشک کی وجہ سے جو جوڑوں میں درد ہو اسے دور کرتی
استعمال۔ روزانہ علی الصباح ایک گولی بالائی میں لپیٹ کر حلق سے اتار لیں۔
احتیاط ہے کہ دانتوں کو نہ لگنے پائے۔ نسخہ سیماب۔ اجوائن خراسانی۔ بلادر (کلاہ دور
کردہ) اجمود۔ اسپند ہر ایک تین ماشہ۔ گڑ اٹھائیس ماشے۔ چنے کے برابر گولیاں تیار
کریں۔

حب شاہترہ۔ جلدی بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال۔ نو ماشہ ہمراہ
عرق منڈی بارہ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سقمونیا سات ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ
زرد ہر ایک سترہ ماشہ۔ ایلوا چوبیس ماشہ۔ آب شاہترہ حسب ضرورت آب شاہترہ
میں گولیاں تیار کریں۔

حب شیار۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ کان کے بہرہ پن کو زائل کرتی
ہے۔ معدہ کو مواد سے پاک کرتی ہے۔ بخار اور کھانسی کو دور کرتی ہے۔ جگر اور تلی
کے ورم کو تحلیل کرتی ہے نیز بواسیری مسوں کو دور کرتی ہے استعمال۔ تین سے
سات ماشہ تک گولیوں پر چاندی کا ورق لپیٹ کر چار گھڑی رات رہے عرق بادیان
بارہ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ اور صبح منضج پئیں۔ اور روغن بادام میں گھس کر
مسوں پر لیپ کریں نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ سنامکی ہر ایک آٹھ تولہ۔ گل سرخ۔ حب
النیل ہر ایک تین تولہ۔ ایلوا۔ کندر ہر ایک دو تولہ۔ گوگل۔ عصارہ ریوند مصطگی ہر
ایک تین ماشہ۔ کتیرا۔ دس ماشہ۔ پانی کے ساتھ گولیاں تیار کر کے سایہ میں خشک
کریں۔

حب شری۔ غلبہ صفرا کی وجہ سے پتی اچھلنے میں مفید و معمول ہے نسخہ۔
کیرا چار رتی ایارج فیقرا تین ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد سات ماشہ۔ آب کرفس بقدر
حاجت استعمال۔ پانچماشہ ہمراہ زلال تمر ہندی و شیر خشت استعمال کریں۔ حسب
دستور آب کرفس میں گولیاں تیار کریں۔

فائدہ۔ مناسب یہ ہے کہ گولیاں بعد تلیین یا فصد استعمال کریں۔
حب شفا۔ تندرستی کو قائم رکھتی ہے۔ تمام سرد اور اکثر گرم بیماریوں کو زائل

کرتی ہے سر کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ پرانے بخاروں میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال ۔ ۲ سے ۳ گولی تک ہمراہ بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ جو زمائل ۳
تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سونٹھ ا تولہ۔ صمغ عربی ا تولہ۔ ترکیب صمغ عربی اور سونٹھ
کو پانی میں حل کریں۔ اور باقی بدستور معلوم گولیاں تیار کریں۔
فائدہ۔ اس کے استعمال سے افیون کھانے کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

حب الشمع۔ بواسیر خونی کو دور کرتی ہے اور خون بند کرتی ہے استعمال۔ ایک
گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان بارہ تولہ شربت انجبار ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ موم
(بقدر کنار صحرائی) ورق نقرہ اعدد ترکیب۔ موم کی دو گولیاں بنا کر ورق نقرہ میں لپیٹ
لیں۔

حب شنگرف۔ آتشک میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ۴ رتی گڑ میں لپیٹ کر
کھائیں نسخہ۔ شنگرف ۱۴ ماشہ۔ مغز حب السلاطین ۵۶ ماشہ۔ آب لیموں حسب حاجت
ترکیب ۔ آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں تیار کریں۔

حب شیر الاغ۔ دق میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ صبح شام تین تین
گولیاں ہمراہ عرق ہرا بھرا ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برنج ساٹھی حسب ضرورت
شیر مادہ خر سیاہ۔ حسب حاجت ترکیب۔ سیاہ گدھی کے دودھ میں چاول تر کریں جب
دودھ جذب ہو جائے تو چاولوں کو پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب شیطرج۔ جوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ اور مواد سوداوی کو بذریعہ
اسہال خارج کرتی ہے استعمال ۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ
۔ ایلوا ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ ترب مدبر۔ سورنجاں۔ گوگل۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔
سونٹھ شیطرج۔ نمک ہندی۔ تخم خنظل۔ مجیٹھ ہر ایک ۳ ماشہ۔ نانخواہ۔ دج ترکی۔
فلفلدراز فلفل گرد ہر ایک ۶ ماشہ۔ شکر دس ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں
تیار کریں۔

حب صبر۔ تلی کے ورم اور صلابت میں نہایت مفید و مجرب ہے استعمال ۔ ایک
گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ عرق مکو ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست بیخ کنیر۔ ریوند ہر ایک ۶ ماشہ۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس۔ نمک لاہوری ہر
ایک ۳ ماشہ۔ مرکی ۲ ماشہ۔ سب کو مغز گھیکوار کے ساتھ کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر
گولیاں تیار کریں۔

حب صرع۔ مرگی کے مادہ کو خارج کرنے میں نہایت مفید و معمول و مجرب
ہے

استعمال۔ تین گولیاں رات کو سوتے وقت اور دو گولیاں صبح کے وقت گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ حب الملوک (انگور کے ہرے پتوں میں مدبر کئے ہوئے) تین تولہ۔ تربد سفید۔ اسطو خود دس۔ مغز بادام شیریں ہر ایک دو تولہ۔ زنجبیل۔ عود ملیب۔ فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔ کتیرا نو ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب صرع الاطفال۔ بچوں کی مرگی میں نہایت مفید ہے استعمال۔ ایک گولی صبح اور ایک شام ماں کے دودھ میں گھس کر استعمال کرائیں نسخہ۔ خون سنگ پشت (کچھوا) خون خرگوش۔ آروجو۔ شہد خالص۔ جملہ مساوی الوزن باہم ملا کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ضیق النفس۔ کھانسی اور دمہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی دورہ کے وقت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ پیپل۔ کاکڑا سنگی۔ اصل السوس۔ لونگ۔ پوست انار شیریں۔ جواکھار ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت ترکیب۔ حسب معمول شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب طاعون۔ طاعون کے لئے مفید ہے استعمال۔ ۲ گولی صبح ۲ دوپہر دو شام ہمراہ مفرح بارد ۵ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مرکی۔ جدوار۔ زہر مہرہ۔ بنسلوچن۔ درونج عقربی۔ کافور ہر ایک ۶ ماشہ۔ ترکیب۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں نسخہ دیگر۔ ایلوا دو تولہ۔ مرکی ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ فائدہ۔ بطور حفظ ماتقدم استعمال ایک گولی روزانہ ہمراہ عرق بید مشک یا عرق گلاب ۶ تولہ استعمال کریں اور تین روز کھا کر اس کے بعد تین روز ناغہ کردیں۔ بیماری کی حالت میں یہ گولیاں نہ کھائیں ترکیب۔ پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب طاعون جواہر والی۔ طاعون میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ صبح و شام دو دو گولی ہمراہ مفرح بارد ۵ ماشہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ۔ عقیق سرخ۔ مرجان۔ زہر مہرہ ہر ایک ایک تولہ۔ یاقوت۔ کافور درونج عقربی۔ جدوار خطائی ہر ایک ۶ ماشہ ترکیب۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے بقدر ایک رتی گولیاں تیار کریں۔

حب طاعون عنبری۔ طاعون میں خصوصیت سے مفید ثابت ہوئی ہیں استعمال۔ بطور حفظ ماتقدم دو گولی تازہ پانی کے ساتھ اور بحالت بیماری دو صبح اور دو شام ہمراہ مفرح بارد ۵ ماشہ استعمال کریں۔ درونج عقربی۔ جدوار اصلی۔ نرکچور بہمن سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ صندل سرخ۔ گل مختوم۔ گل ارمنی۔ دار چینی۔ جنطیانہ۔ زراوند

مدحرج۔ طباشیر۔ حب بلسان ہر ایک چار ماشہ۔ زعفران۔ یشب سبز۔ زہر مہرہ۔ مروارید یاقوت ہر ایک تین ماشہ۔ عنبر اشہب ا ماشہ۔ ورق طلاء ا ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق کیوڑہ ہر ایک ۵ تولہ ترکیب۔ عنبر کو جداگانہ عرق کیوڑہ میں حل کریں اور دیگر جواہر کو دیگر عرق میں بعد ازاں بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کرلیں اور ورق طلاء وغیرہ ملا کر گولیاں بوزن ایک رتی تیار کرلیں۔

حب طلاء۔ تقویت باہ میں مفید و معمول ہے استعمال۔ روزانہ ۲ گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عود ہندی۔ مصطگی رومی۔ زعفران ہر ایک ۱۰ ماشہ غنچہ گلسرخ ۷ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ عنبرا شہب ۴ ماشہ۔ مروارید ۳ ماشہ یاقوت سرخ ۳ ماشہ۔ ورق طلاء ۴ ماشہ۔ مصری ۹ تولہ ترکیب۔ جواہرات و ورق طلاء کے علاوہ دوائیں کوٹ چھان کر اور عرق نارنگی میں سب کو جوش دے کر مصری ملا کر قوام پر لے آئیں۔ اور سرد ہو جانے پر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب عطائی۔ دمہ اور کھانسی میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ ۲ سے ۵ ماشہ تک عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ زراوند مدحرج۔ افیون ہر ایک ۴ ماشہ۔ ملک البطم۔ میعہ سائلہ۔ کندر۔ مرصاف ہر ایک ا تولہ ترکیب۔ حسب معمول کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں (مجربہ حکیم شریف خاں)

حب عنب۔ آنتوں کو قوت دیتی ہے اور اسہال معدی کو بند کرتی ہے استعمال دو گولی ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ۔ شربت حب دو تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی [illegible] ماشہ۔ ساق متی۔ حب آلاس۔ گلنار ہر ایک ا تولہ۔ حب عنب۔ تخم زبیب۔ صمغ عربی ہر ایک دو تولہ۔ ترکیب حسب معمول گولیاں بنائیں۔

حب عنبر مومیائی۔ تمام اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ جماع کے بعد کی سستی اور کمزوری کو دور کرتی ہے تقویت باہ میں نہایت مفید ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت دو گولی گائے کے دودھ کے ساتھ (اس ترکیب سے کہ دودھ میں عرق گذر ۶ تولہ۔ عرق ماء اللحم ۶ تولہ۔ اور مصری ۲ تولہ ملا کر سفوف ثعلب ۳ ماشہ چھڑک لیا ہو) استعمال کریں نسخہ مومیائی۔ مصطگی۔ مروارید۔ طباشیر۔ لونگ۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دار چینی۔ شقاقل مصری۔ سونٹھ۔ درونج عقرب۔ عود صلیب۔ ثعلب مصری جدور خطائی ہر ایک ایک ماشہ۔ عنبر مشک ایک ماشہ۔ روغن پستہ حسب حاجت ورق طلا پانچ عدد بطریق معلوم مونگ کی برابر

گولیاں تیار کریں۔

حب عفص۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مازو۔ ۱۴ ۱۱ ماشہ۔ افیون ۷ ماشہ۔ نانخواہ پانچ ماشہ ترکیب۔ بدستور معروف گولیاں تیار کریں۔

حب غاریقون۔ جگر کے سدوں کو کھولتی ہے اور استسقاء نیز جگر کی بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی و عرق مکوہ ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ افتیمون۔ ایلوا۔ ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ غاریقون ۱۴ ۱۱ ماشہ۔ انیسون۔ فطراسالیون۔ تخم کرفس۔ دوقو ہر ایک ۷ ماشہ۔ سقمونیا ۳ ماشہ ترکیب حسب معمول پانی کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب غافث۔ بلغمی اور سوداوی بخاروں میں مفید ہے۔ نیز تپ کہنہ میں معمول ہے استعمال ۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ افسنتین۔ ہلیلہ زرد۔ عصارہ غافث۔ مصطگی۔ زعفران۔ ریوند چینی۔ انیسوں۔ لک مغسول۔ شاہترہ ایارج فیقرا ایک ایک تولہ حسب معمول مکو کے پانی میں بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب غری السمک۔ سل اور کھانسی نیز گرم نزلہ میں مفید ہے استعمال۔ عورت یا بکری یا گدھی کے دودھ کے ساتھ ایک گولی استعمال کریں نسخہ۔ تخم خشخاش سفید۔ صمغ عربی شکر تیغال۔ کتیرا۔ مغز بادام مقشر۔ گرد آسیا۔ غری السمک۔ تخم خطمی۔ گل گاؤ زبان رب السوس۔ ہر ایک دو ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ تخم کاہو مقشر ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ا ماشہ۔ زعفران ۴ رتی ترکیب۔ حسب معمول لعاب بہدانہ کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب فاد زہر حیوانی۔ کمزوری دل کے باعث جو نقصان ہو۔ اس میں مفید ہے استعمال۔ ۲ گولی ہمراہ عرق گنذر ۶ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ فاد زہر حیوانی ۴ رتی۔ مشک خالص عنبر اشہب۔ مومیای ہر ایک دو رتی۔ مروارید۔ کہرباء۔ بسد محرق ہر ایک دو ماشہ یاقوت رمانی ا ماشہ۔ طباشیر سفید ۴ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۳۰ عدد صندل سفید ۵ ماشہ۔ زعفران۔ صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ ترکیب۔ مومیائی اور عنبر کو روغن بلسان میں پگھلائیں اور جواہرات کو کھرل کر کے باقی دواؤں کو

کوٹ پیس کر شامل کر کے گولیاں تیار کریں۔

حب فالج۔ جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ا گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ سورنجان۔ بوزیدان۔ تخم حنظل ہر ایک ۴ رتی غاریقون ایلوا ہر ایک ۲ ماشہ۔ تربد مجوف خراشیدہ ۳ ماشہ۔ گوگل محلول ۳ ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر اور گوگل کو عرق گندنا میں حل کر کے دوائیں ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب فاوانیا۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے اور مرگی کو خصوصیت سے زائل کرتی ہے استعمال تین گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ فاوانیا ۹ ماشہ۔ جند بیدستر۔ مشک تبتی ہر ایک ۳ ماشہ۔ حب الملوک مدبر ۴ رتی ترکیب۔ بدستور معروف گولیاں تیار کریں۔

حب قابض۔ دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے استعمال۔ ا گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ کات گلنار ہر ایک ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ سائیدہ۔ آملہ۔ صمغ عربی۔ بیلگری ہر ایک ۲ ماشہ۔ افیون مائیں۔ مازو۔ سونف۔ زیرہ سفید بریان۔ ہر ایک ا ماشہ۔ کافور ایک رتی۔ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب قاطع۔ بواسیری خون کو بند کرنے میں معمول و مجرب ہے استعمال ۲ گولی ہمراہ عرق بازنگ ۷ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ دم الاخوین۔ صندل سودہ۔ گلنار ہر ایک ۳ ماشہ۔ بارتنگ۔ طباشیر بسد محرق ہر ایک ۴ ماشہ۔ رسوت ۷ ماشہ۔ بیخ انجبار ۹ ماشہ۔ گوگل ا تولہ ترکیب۔ گوگل کو گندنا سبز کے پانی میں حل کر کے اور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گوگل محلول میں ملا کر گولیاں تیار کریں۔

حب قدرت۔ باہ کو قوت دیتی ہے اور سرعت انزال کو دور کرتی ہے استعمال ایک گولی ہمراہ عرق ماء اللحم ۵ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ فاد زہر حیوانی ۴ ماشہ۔ مروارید۔ یاقوت رمانی۔ بسباسہ۔ مشک تبتی۔ درونج عقربی۔ کباب چینی۔ اسارون ہر ایک ۹ ماشہ۔ فاد زہر معدنی۔ دانہ الائچی خورد۔ جو زبوا۔ قرنفل۔ مصطگی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ خصیتہ الثعلب۔ شقاقل۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر

ایک ایک تولہ۔ عنبراشہب ۴ ماشہ۔ سعد کوفی۔ دار چینی۔ افیون ہر ایک دو ماشہ۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد ورق طلاء ۳۰ عدد ترکیب۔ افیون کو صاف کر کے اور جواہرات کو کھرل کر کے باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر باہم ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب قرطم۔ حمی مو ظبنہ۔ تپ لرزہ و بلغمی میں معمول و مفید ہے استعمال ، ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ حب القرطم ۳ ماشہ۔ تربد موصوف ۳ ماشہ۔ غاریقون سپید۔ تخم کرفس۔ انیسون ہر ایک ۲ ماشہ۔ نمک ہندی ا ماشہ ترکیب۔ حسب معمولی سونف کے عرق میں ایک گولی تیار کریں۔

حب قوبا۔ داد وغیرہ ہیں مفید ہے استعمال۔ داد کو سخت کپڑے سے رگڑ کر ایک گولی عرق لیموں میں حل کر کے لگائیں نسخہ۔ پلاس پاپڑہ۔ گندھک۔ سہاگہ بریان۔ افیون ہر ایک تین ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو عرق لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

حب قوقایا۔ دماغ کے تنقیہ اور دیگر دماغی سرد بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق مکوہ ۱۱ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ایلوا۔ افستین۔ غاریقون۔ مصطگی ہر ایک ٦ ماشہ۔ تخم خنظل۔ سقمونیا ہر ایک ۹ ماشہ ترکیب حسب دستور عرق کرفس کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب قولنج۔ قولنج اور معدہ کے درد کو تسکین دینے میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ ایک گولی گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ہینگ۔ مغز تخم بیدانجیر مغز کرنجوہ۔ سونٹھ۔ نکچھکنی ہر ایک ٦ ماشہ ترکیب۔ جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کافور مرواریدی۔ طاعون اور وبائی نیز ہر قسم کے بخاروں میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ عرق گاؤ زبان ۹ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ا تولہ۔ زہر مہرہ ۴ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ جدوار ۹ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ کافور ا ماشہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ا ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گوند کے لعاب میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کافوری۔ صفراوی بخاروں نیز دق میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ تین سے پانچ گولی تک شیرہ مغز تخم کدو شیریں ٦ ماشہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ تین ماشہ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ صندل سفید (عرق گلاب میں گھسا ہوا) ایک تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔

طباشیر زہر مہرہ (عرق گلاب میں گھسا ہوا) سبزی کنول گٹہ ہر ایک ایک ماشہ۔ کاہ سفید چار ماشہ۔ سب کو باریک کر کے باہم ملا کر حسب دستور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کبد نوشادری۔ جگر کے بلغمی سدوں کو کھولتی ہے۔ ورم کو دور کرتی ہے نیز جگر کی تمام بیماریوں میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ دو گولی صبح اور دو شام پانی کے ساتھ اور گرمی میں ہمراہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ شیرہ تخم خیارین ۳ ماشہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نوشادر۔ نمک لاہوری۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ۔ سہاگہ بریان نرکچور۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ بابڑنگ۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ ہر ایک ۶ ماشہ ترکیب۔ عرق گلاب میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کبر۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے نیز تلی کے درد کو تسکین دینے کے لئے خاص چیز ہے استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ ماالعسل ۳ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست بیخ کبر۔ ریوند چینی ہر ایک ۶ ماشہ۔ ایلوا۔ مرجان سوختہ۔ تخم کرفس۔ غاریقون سفید۔ نمک سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب کبریت صغیر۔ معدہ کی رطوبت کو خشک کرتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے بلغمی امراض اور کمی اشتہا میں نہایت مفید ہے استعمال۔ ۳ گولی ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق پودینہ ۶ تولہ استعمال کریں نسخہ گندھک مغسول ایک تولہ۔ فلفل گرد ۲ تولہ۔ نمک ہندی ۲ ماشہ ترکیب۔ بدستور لیموں کے عرق میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کبریت کبیر۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا ہضم کرتی ہے۔ سو ہضم میں مفید و معمول ہے استعمال روزانہ علی الصبح دو گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گندھک مغسول۔ فلفل گرد۔ بابڑنگ۔ اجمود۔ جواکھار ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ نمک سیاہ۔ دار فلفل ۔ سمندر جھاگ۔ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ نمک سیندھا ۴۲ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۵۶۔ ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو ادرک کے عرق میں کھرل کر کے خشک کرلیں۔ پھر دوبارہ لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کتھ۔ گٹھیا آتشک نیز دیگر سوداری بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال ۔ ایک گولی مویز منقی میں رکھ کر نگل لیں۔ اور احتیاط رکھیں۔ کہ دوا دانتوں کو نہ
لگے نسخہ۔ کافور۔ رسکپور۔ کتھ پاپڑیہ۔ موصلی سفید ہر ایک ایک تولہ ترکیب۔ دواؤں کو
پان کے عرق میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کچلہ۔ جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی
ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ کھائیں نسخہ۔ کچلہ مدبر۔ بیخ حنظل۔ فلفل گرد ہر ایک ۲۸ ماشہ شہد
خالص حسب ضرورت ترکیب۔ کچلہ کو باریک ریت کے اور دیگر ادویہ کو کوٹ کر سب کو
ملا کر شہد کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کرامات۔ آتشک اور دیگر جلدی بیماریوں نیز سودادی زخموں میں مفید ہے
استعمال ۔ ایک گولی گھی میں حل کر کے دانوں پر لگائیں نسخہ۔ کمیلہ۔ چونہ۔ نیلا تھوتھا۔
ہلیلہ زرد۔ کتھ پپڑیا ہر ایک دو ماشہ ترکیب۔ بدستور پانی کے ساتھ گولیاں تیار کر لیں
(مجربہ واصل خاں و شریف خاں)

حب کرنجوہ۔ بچوں کے مرض ڈبہ میں مفید ہے استعمال۔ ایک گولی سونف کے
عرق میں گھس کر پلائیں نسخہ۔ مغز کرنجوہ ۱ عدد۔ توتیائے سبز خام ایک رتی ترکیب۔ حسب
معمول سرسوں کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کشمکش۔ قبض کو توڑتی غلیظ اور فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے۔
بلا ضرر مسہل ہے رفع قبض کے لئے ۵ ماشہ کی مقدار میں رات کو سوتے وقت گرم
پانی کے ساتھ اور ۲ تولہ تک تلیئن کے لئے عرق بادیان ۶ تولہ۔ عرق گاؤ زبان ۶
تولہ شربت دینار ۴ تولہ کے ہمراہ صبح کے وقت کھلائیں نسخہ قرنفل ۲ ماشہ بادیان۔
انیسوں ہر ایک ۳ ماشہ گل بنفشہ ۶ ماشہ پوست ہلیلہ زرد۔ کشمکش سبز ہر ایک ۱ تولہ سناکی۔
ترنجبین۔ گلقند آفتابی ۲ تولہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کلف۔ بدن کے سیاہ اور سفید داغ کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ایک گولی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسپند سوختی۔ حنا نمک سنگ ہر
ایک ۷ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ انزروت۔ ایلوا۔ ہر ایک ۱۷ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول پانی کے
ساتھ گولیاں بنائیں۔

حب کنعانی۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ نگاہ کو تیز کرتی ہے اور فالج وغیرہ کو دور

کرتی ہے بلغمی امراض میں بالخصوص مفید ہے استعمال۔ روزانہ تین گولی عرق بادیان کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا زرد۔ مغز بادام شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۴ ماشہ۔ ترکیب۔ بدستور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کوتوالی۔ سر کے درد کو دور کرتی ہے۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے اور بالخصوص بینائی کو تیز کرتی ہے استعمال۔ ۵ سے سات گولی تک غذا کے بعد تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا۔ سقمونیا مشوی۔ تخم حنظل۔ عصارہ افسنتین۔ مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ۔ گوگل ۴ ماشہ کتیرا ۲ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کوچک۔ باہ کو قوت دیتی ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے اور سرور بخشتی ہے استعمال۔ ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ چرس۔ تخم گزر۔ خصیتہ الثعلب ہر ایک ۹ ماشہ۔ درونج عقربی۔ افیون ہر ایک ایک تولہ۔ جدوار ۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول آب کوکنار سبز کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب کہربا بچوں کی پیچش میں معمول و مفید استعمال۔ صبح و شام دو دو گولی ہمراہ عرق گلاب استعمال کرائیں نسخہ۔ کہربا۔ صمغ عربی بریان ہر ایک ۷ ماشہ۔ گلنار ۳ ماشہ۔ چاکسو بریاں ۶ ماشہ۔ رسوت ۹ ماشہ۔ بسد سوختہ۔ نرکچور ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب بدستور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب کیمیائے عشرت۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے امساک لاتی ہے۔ قوت مخصوصہ کی تمام شکایات کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ روزانہ ایک گولی صبح ایک شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ورق طلا۔ ورق نقرہ مشک۔ عنبر اشہب ہر ایک ا ماشہ۔ زرشک منقی اتولہ۔ جدوار خطائی ۲ تولہ۔ بسباسہ ۲ تولہ۔ سازج ہندی ۲ تولہ۔ کبابہ۔ اسارون۔ حب صنوبر۔ مرکی ہر ایک دو تولہ۔ جوزبوا ۲ تولہ دار فلفل ۳ تولہ۔ بالچھڑ۔ درونج عقربی۔ عود قماری۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ دار چینی۔ نرکچور۔ سعد کوفی۔ میعہ سائلہ ہر ایک ا تولہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ یشب۔ کشتہ عقیق۔ کہربائے شمعی ہر ایک ۶ ماشہ۔ کشتہ قلعی ۳ ماشہ۔
ترکیب۔ مشک، عنبر۔ ورق طلاء وغیرہ نیز کشتہ جات کو عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور بقیہ اجزاء کو کوٹ چھان کر روغن بلسان ۳ ماشہ کے ساتھ گولیاں تیار کریں۔

حب گل پستہ۔ سینہ اور پھیپھڑے کے بلغم کو چھانٹتی ہے۔ اور بلغمی کھانسی کو دور کرنے میں مفید معمول ہے استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں نسخہ گل پستہ۔ بلیلہ مساوی الوزن ترکیب۔ حسب معمول ادرک کے عرق میں مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لاجورد۔ سوداوی گنٹھیا اور آتشک نیز سوداوی زخموں میں مفید و معمول ہے استعمال روزانہ بقدر ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ میں لپیٹ کر گرم پانی کے ساتھ حلق سے اتار لیں نسخہ۔ انیسوں۔ کتیرا۔ ہردو ۱ ماشہ۔ ایارج فیقرا ۴ ماشہ ترکیب ۔ حسب معمول روغن گاؤ سے چرب کر کے عرق گلاب کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لب الخشخاش۔ گلے کی خراش کو دور کرتی ہے۔ نزلہ اور زکام کو زائل کرتی ہے کھانسی کو دور کرتی ہے اور امساک لاتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ نزلہ کے لئے ایک گولی رات کو سوتے وقت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ اور سرعت کے لئے گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی۔ مصطگی رومی۔ کہرباشمعی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ تخم کاہو۔ گل گاؤ زبان۔ تخم خشخاش۔ مغزخیارین۔ افیون۔ رب السوس ہرایک ۲ تولہ۔ گل ارمنی ۴ تولہ ترکیب۔ حسب معمول کو کنار سبز کے پانی میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لیوب۔ گرم بخاروں اور گرم کھانسی میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ ۲ گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ تخم خرفہ مقشر ہرایک ۶ ماشہ کاہو مقشر ۳ ماشہ۔ رب السوس ۲ ماشہ ترکیب تمام دواؤں کو لعاب اسپغول میں گھوٹ کر برگ خرفہ سبز کے پانی کے ساتھ گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں اور دوبارہ کوٹ کر آب انگور ترش کے ہمراہ گولیاں بنائیں۔

حب لعاب بہدانہ۔ بلغمی کھانسی کو دور کرتی ہے۔ اور سل کو زائل کرتی ہے۔ استعمال۔ ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں نسخہ۔ مغز بہدانہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین ہرایک ۲ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ کیترا۔ ہر

ایک ۳ ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ رب السوس۔ مویز منقی۔ خشخاش سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ شکر سفید ۷ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول بہدانہ کے لعاب میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب اللبان۔ کھانسی کو دور کرتی ہے اور سینہ کے بلغم کو بذریعہ قے خارج کرتی ہے۔ **استعمال۔** ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں **نسخہ۔** رب السوس۔ کتیرا۔ بنفشہ۔ ترنجبین ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ تخم خشخاش۔ مغز بہدانہ ہر ایک ۲۴ ماشہ۔ مویز منقی ۱۴ ماشہ۔ انیسون۔ بادیان۔ مغز بادام تلخ۔ گندہ بیروزہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ لبان (کندر) آرد باقلا ہر ایک ۲۴ ماشہ **ترکیب۔** حسب معمول لعاب اسپغول میں چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب لولوی۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دینے میں خصوصیت سے مفید ہے **استعمال۔** دو گولی چاندی کے ورق میں لپیٹ کر ہمراہ گاؤ زبان ۱۲ تولہ۔ شربت انار ۲ تولہ استعمال کریں **نسخہ۔** زہر مہرہ خطائی۔ صندل سفید۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ۱ تولہ ۔ عرق کیوڑہ ۔ عرق گلاب حسب ضرورت **ترکیب۔** تمام دواؤں کو عرق کیوڑہ و عرق گلاب میں حل کر کے ایک ماشہ کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کر لیں۔

حب لیموں۔ سوداوی بیماریوں کو زائل کرتی ہے۔ آتشکی وجع المفاصل کو دور کرتی ہے اور تنقیہ کے بعد آتشک میں خصوصیت سے مفید ہے **استعمال۔** ایک گولی صبح اور ایک شام کو تازہ پانی کے ہمراہ حلق سے اتار لیں۔ **نسخہ۔** مردار سنگ ۲ تولہ۔ کتھ سفید۔ حب النیل۔ پوست الائچی کلاں سوختہ۔ سپاری کہنہ ہر ایک ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ **ترکیب۔** تمام دواؤں کو ۲۰۰ عدد لیموں کے عرق میں کھرل کر کے لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستہ سے گھوٹیں اور بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب ماذریون۔ استسقائی زقی میں مفید و معمول ہے **استعمال۔** ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت کشوث ۲ تولہ استعمال کریں **نسخہ۔** ریوند چینی۔ عصارہ غافث۔ تخم کرفس ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ غاریقون ۱۵ ماشہ۔ ماذریون مدبر ۷ ماشہ۔ **ترکیب۔** حسب معمول چنے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مبارک پیٹ کے درد اور قبض میں مفید و معمول ہے **استعمال۔** تلیین کے لئے بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ اور بطور مسہل ۲ تولہ گرم پانی کے ساتھ

استعمال کریں نسخہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ بادیان۔ انیسون ہر ایک ۳ ماشہ۔ گل بنفشہ ٦ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ کشمش سبز ہر ایک ا تولہ۔ سنا مکی۔ ترنجبین خراسانی۔ گلقند آفتابی ہر ایک ۲ تولہ ترکیب۔ گلقند اور کشمش کے ہمراہ دوبارہ کوٹیں اور بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

حب مبہی۔ تقویت باہ و امساک کے لئے بے حد مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ بواسیر میں مفید و مجرب ہے استعمال۔ ایک گولی کھا کر بعد کو مولی زاش کر شکر کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ۔ دانہ الائچی خورد۔ مغز بنولہ ہر ایک ۵ ماشہ زیرہ سفید ۲ ماشہ۔ رسوت ۱۲ ماشہ ترکیب سب کو عرق گگرونده میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مخترع۔ مرض سل میں دستوں کی حالت میں مفید و معمول ہے استعمال ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا۔ صندل سفید لعل۔ یاقوت رمانی۔ زہر مہرہ۔ طباشیر۔ ابریشم مقرض۔ سرطان سوختہ۔ انجبار دم الاخوین۔ مغز بہدانہ۔ نشاستہ۔ شادنج مغسول، حب و صمغ عربی۔ کتیرا۔ رب السوس۔ بسد سوختہ۔ اقاقیا مغسول۔ ریشہ برگد۔ طرا ثیث۔ گل داغستانی۔ گل مختوم۔ گل ارمنی ہر ایک ا ماشہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ کاہو مقشر ہر ایک کو کھرل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر باہم سب کو ملا کر لعاب اسپغول اور لعاب بہدانہ میں موٹھ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مدر۔ رحم کی خرابیوں کو دور کرتی ہے اور خصوصا ایام ماہواری کو باقاعدہ لاتی ہے استعمال ایام مقررہ سے تین روز قبل ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا۔ زعفران ہر ایک ۲ تولہ۔ ہیرا کیسس ا تولہ ۳ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں فائدہ۔ زمانہ ایام میں استعمال نہ کرنا چاہیے۔

حب مرداسنگ۔ آتشک میں مفید ہے استعمال۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق شاہترہ استعمال کریں نسخہ۔ مرداسنگ۔ کافور ہر ایک ۹ ماشہ۔ قرنفل ۴ ماشہ۔ آب برگ تنبول ۲ چھٹانک ترکیب۔ مصالحہ لگے ہوئے پان کے عرق میں دواؤں کو خوب کھرل کریں اور سولہ گولیاں بنائیں۔

حب مرواریدی۔ قے اور متلی کو روکتی ہے اور مرض سیلان الرحم کو زائل کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ عرق عنبرہ ۵ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ سہاگہ نیم بریان۔ مازو سوختہ ہر ایک ایک تولہ۔ مصطگی رومی ۲ تولہ۔ کچلہ مدبر ۱ تولہ مروارید۔ عنبراشہب ہر ایک ایک تولہ۔ عرق گلاب بقدر ضرورت ترکیب بدستور معروف عرق گلاب میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں فائدہ حمل کی حالت میں استعمال نہ کریں۔

حب مسکین نواز۔ معدہ کو قوت دیتی ہے قبض توڑتی ہے پیچش زائل کرتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے استعمال۔ بواسیر اور معدہ کی شکایات میں ۳ گولی عرق بادیان کے ہمراہ اور رفع قبض کے لئے رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سیماب۔ گندھک۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ سونٹھ۔ فلفلدراز۔ فلفل گرد۔ سہاگہ۔ بچ۔ ریوند چینی۔ میٹھا تیلیا مدبر ہڑتال ورقی ہر ایک ۱ تولہ جمال گوٹہ مدبر ۷ تولہ ترکیب۔ حسب معمول سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مسہل۔ بدن کے تمام فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے استعمال۔ دو گولی صبح نہار منہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ جمالگوٹہ مدبر ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ۔ برنج ساٹھی ۲ تولہ ترکیب۔ بدستور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مشکل کشا۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے۔ نیز جریان میں مفید ہے استعمال۔ تین روز تک سات گولیاں صبح کو اور چوتھے روز سات سات گولیاں صبح شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عاقر قرحا۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ دارچینی۔ لونگ۔ اسپند۔ کنجد سیاہ۔ افیون ہر ایک ۷ ماشہ ترکیب۔ بدستور معروف شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مصفی خون۔ خون کو صاف کرنے میں جلدی بیماریوں کو دور کرنے میں معمول ہے استعمال چھوٹے بچوں کو نصف گولی ماں کے دودھ میں اور بڑے بچوں کو ایک گولی شربت عناب کے ساتھ اور نوجوان کو ۲ گولی شربت صندل کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ نسخہ رسوت۔ چاکسو۔ برھمڈنڈی۔ منڈی۔ نیل کنٹھی۔ گل نیلوفر۔ سرپھوکہ۔ صندل سفید صندل سرخ۔ شاہترہ۔ برگ حنا۔ جوانسہ۔ برگ نیب۔ برگ بکائن۔ گل کچنال ہر ایک ا تولہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں (معمولہ مطب)

حب مغز بادام۔ پرانی کھانسی کو زائل کرتی ہے۔ آواز کھولتی ہے۔ سینہ کی کھردراہٹ کو دور کرتی ہے اور پھیپھڑہ کے زخموں کو بھرتی ہے استعمال۔ ۳ گولی ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مغز بادام شیریں ا تولہ۔ زفت رومی ۶ ماشہ۔ قند سفید ا تولہ ترکیب۔ بدستور گولیاں تیار کریں (معمولہ مطب)

حب مغلظ۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے اور سوزاک کو زائل کرتی ہے۔ بالخصوص مادہ منویہ کو گاڑھا کرتی ہے استعمال۔ ۷ ماشہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ست سلاجیت۔ مغز تخم خیارین۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر۔ پکھان بید مصری ہر ایک ۱۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول شہد میں چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مفاصل۔ جوڑوں کے درد کو تسکین دینے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت ۳ ماشہ گرم پانی کے ہمراہ کھائیں نسخہ۔ سورنجاں تلخ۔ ایلوا۔ تربد سفید۔ سنا مکی۔ افسنتین۔ نمک سانبھر۔ شحم حنظل۔ اجود ہر ایک ۶ ماشہ۔ ترکیب۔ اجود کو گرم پانی میں ڈال کر عرق نکالیں اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر عرق مذکورہ میں دانہ موٹھ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مقوی باہ۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے استعمال ۔ ایک گولی گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں نسخہ۔ قرنفل۔ مالکنگنی۔ اندر جو شیریں۔ کلونجی۔ مصطگی۔ بیش مدبر۔ قسط۔ بسباسہ۔ تخم دھتورہ۔ عاقر قرحا۔ گھونگچی۔ جند بید ستر ہر ایک ۹ ماشہ۔ دار چینی ۷ ماشہ۔ سعد کوفی۔ خراطین ہر ایک

ایک تولہ۔ ریگ ماہی ۶ ماشہ۔ بلادر مدبر ۶ ماشہ۔ مشک ۲ سرخ ترکیب۔ حسب معمول ایک ماشہ کی گولیاں تیار کریں (معمولہ مطب)

حب مقوی ممسک۔ دل و دماغ اور باہ کو قوت دیتی نیز امساک لاتی ہے اس پر مداوت رکھنے سے افیون وغیرہ نشیلی چیزوں کی عادت چھوٹ جاتی ہے استعمال۔ رات کو سوتے وقت ایک گولی ہمراہ خمیرہ گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ نارجیل ۲ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ جدوار ۳ ماشہ ترکیب۔ بطریق معروف مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں (معمولہ مطب)

حب مقل۔ بواسیر ریحی کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ رات کو سوتے. وقت ۳ ماشہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی گوگل ۴ تولہ ترکیب۔ ہلیلہ جات کو کوٹ چھان کر روغن زرد سے چرب کرلیں اور گوگل کو آب گند نا سبز میں حل کر کے سب کو ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ملذذ ۔ لذت پیدا کرتی ہے اور سرور بخشتی ہے استعمال ۔ بوقت ضرورت ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر عضو مخصوص پر طلا کریں نسخہ۔ خون خرگوش ۶ ماشہ۔ خون گلہری ۱ ماشہ۔ پیخال کبوتر صحرائی۔ عطر موتیا ہر ایک ۱ ماشہ ترکیب۔ سب کو شہد میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

بنسخہ دیگر۔ نائزہ ریچھ۔ عطر حناء۔ افیون۔ لوبان۔ کافور ہر ایک ۱ ماشہ۔ عطر موتیا ۶ سرخ شہد حسب ضرورت۔

حب ملیم۔ بچوں کے چرنے دور کرنے میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ایک گولی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں نسخہ۔ ایلوا۔ ملیم۔ کات سفید۔ افیون۔ برگ کنار نارجیل کہنہ تمام مساوی الوزن ترکیب۔ حسب معمول دانہ موٹھ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ملین۔ قبض کو رفع کرتی ہے ریاح کو توڑتی ہے اور معدے سے بلغم کو صاف کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ ۴ ماشہ۔ نرکچور۔ سونف ہر ایک دو ماشہ۔ سہاگہ بریان ۱ ماشہ ترکیب۔

بدستور پانی کے ساتھ چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ممسک۔ قوت باہ بڑھاتی ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتی ہے اور امساک پیدا کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی جماع سے ایک گھنٹہ پہلے گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ شرف۔ جوزبوا۔ عقرقرحا۔ افیون۔ شہد ہر ایک مساوی الوزن ترکیب۔ بدستور معروف مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ممسک ربانی۔ بچوں کی پیاس اور دستوں میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ بحسب عمر ایک سے ۳ گولی تک ہمراہ عرق بادیان ایک سے تین تولہ تک استعمال کریں نسخہ۔ زیرہ سفید بریان۔ بادیان ہر ایک ٦ ماشہ۔ جوزبوا ۲ ماشہ نانخواہ ا ماشہ ٦ سرخ ترکیب۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر کچے انار کا کچھ حصہ تراش کر دواؤں کو بھر کر تراشا ہوا حصہ اوپر رکھ کر آٹا لپیٹ دیں۔ اور آگ میں دبادیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے نکال کر سرد کرلیں۔ سرد ہو جانے پر تمام دواؤں کو مع انار کے باریک پیس کر باجرہ کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب مثنن کبیر۔ فالج۔ لقوہ اور جوڑوں کے درد نیز نقرس میں مفید و معمول ہے استعمال ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سکبینج۔ اشق۔ جاؤشیر۔ گوگل۔ حرمل۔ تخم حنظل۔ ایلوا۔ تربد سفید۔ پوست ہلیلہ زرد۔ انزروت ہر ایک ایک تولہ۔ ترکیب۔ انزروت کو پانی میں حل کر کے اور تمام دواؤں کو کوٹ کر سب کو ملا کر گولیاں بنائیں۔

حب منزل نساء۔ لذت بخشتی ہے اور جلد فارغ کرتی ہے استعمال ۔ ایک گولی شہد میں گھس کر حشفہ کو چھوڑ کر طلا کریں نسخہ۔ سیماب ا ماشہ۔ سہاگہ۔ کافور ہر ایک ۲ ماشہ شہد ٦ ماشہ ترکیب۔ دواؤں کو شہد میں حل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب منشط۔ امساک لاتی ہے اور سرور بخشتی ہے استعمال۔ جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں نسخہ۔ اسارون۔ زعفران۔ تخم کرفس۔ دار چینی۔ ریوند چینی۔ بابھڑنگ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۹ ماشہ۔ زرنجور۔ حب الغار۔ عاقر قرحا۔ لونگ ۔سنبلہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۵ ماشہ۔ بزرا لبنج۔ فلفل ہر ایک ا تولہ۔ افیون ۲ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گلاب کے ساتھ بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حب منعش۔ پٹھوں کو قوت بخشتی ہے باہ کو برانگیختہ کرتی ہے امساک لاتی ہے اور فالج ریحو کو دور کرتی ہے تقویت اعصاب میں بالخصوص معمول و مفید ہے۔ استعمال ۔ علی الصبح ایک

گولی تازہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ۔ پیلا مول۔ ہر ایک ایک تولہ عنبر اشہب ۳ ماشہ۔ ترکیب۔ بدستور معروف چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب موصلی۔ تقویت باہ میں معمول و مفید ہے استعمال۔ ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں نسخہ ۔ موصلی سیاہ ایک سیر۔ دودھ ڈیڑھ سیر۔ جوزبوا ایک پاؤ۔ ‌بسباسہ ایک پاؤ ترکیب ۔ موصلی کو دودھ میں جوش دیں۔ دودھ کے جذب ہو جانے پر سایہ میں خشک کر کے دیگر دوائیں ملا کر شہد کے قوام میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مومیائی سادہ۔ قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے اور سستی کو دور کرتی ہے۔ جماع کے بعد کی کمزوری کو رفع کرنے میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے۔ استعمال ۔ جماع کے بعد ایک گولی گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔ نسخہ۔ مرکی ۔ مصطگی خولنجاں ہر ایک دو ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ قرنفل۔ دار چینی۔ لوبان۔ صمغ عربی۔ عود ہندی۔ رب السوس۔ ابریشم مقرض ہر ایک ۶ ماشہ۔ مومیائی۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۴ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب مومیائی دیگر۔ جماع کے بعد کی کمزوری و سستی و کاہلی کو فی الفور رفع کر کے بدن میں قوت و چستی پیدا کرتی ہے۔ دماغ و قلب کو مضبوط کرتی ہے۔ نہایت مفید و معمول ہے استعمال۔ گرم دودھ میں شکر ملا کر جماع کے بعد ایک گولی استعمال کریں۔ نسخہ۔ مومیائی اصلی ۳ تولہ۔ صمغ عربی ایک تولہ۔ مصری ۴ تولہ۔

ترکیب۔ اول دونوں کو قدرے عرق گلاب میں اچھی طرح حل کر لیں ۔ پھر مصری ملا کر دوبارہ حل کریں اور چنے کے برابر گولیاں تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

حب نارجیل۔ پیاس بجھاتی ہے۔ دستوں کو روکتی ہے۔ متلی اور قے کو بند کرتی ہے ۔ ہیضہ میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ حسب ضرورت ۲ سے ۶ گولی تک ہمراہ عرق پودینہ و عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔

بار چیل دریائی کہنہ (گلاب میں گھسا ہوا) ۲ ماشہ۔ تخم ترنج۔ تخم نارنج ہر ایک
۲ ماشہ ترکیب تمام دواؤں کو عرق گلاب میں پیس کر چنے کے برابر گولیاں
بنائیں۔

حب نارمشک۔ معدہ کو قوت دینے ریاح کو تحلیل کرنے یا رکے ہوئے مواد کو بذریعہ
اسہال خارج کرنے قولنج وغیرہ کو دور کرنے اور موثر نیز معدہ کے درد کو تسکین دینے میں بالخصوص
مفید ہے۔ استعمال۔ ۱ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ دار
فلفل۔ دار چینی۔ سیاہ مرچ۔ نارمشک۔ مصطگی ہر ایک ۴ ماشہ۔ سقمونیا مشوی۔ قند سفید ہر ایک ۲
تولہ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب نزلہ۔ ہر قسم کے نزلہ کو دور کرتی ہے اور بے خوابی کو زائل کرتی ہے استعمال۔
رات کو سوتے وقت ایک گولی پانی کے ہمراہ حلق سے اتار لیں۔ نسخہ۔ بزرا لبنج۔ زعفران۔ افیون۔
تخم کاہو۔ صمغ عربی۔ اصل السوس مقشر۔ کندر۔ کتیرا۔ مرکی۔ بہدانہ ہر ایک برابر وزن ترکیب۔
بطریق معروف سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب نشاط۔ جریان کو دور کرتی ہے باہ کو قوت دیتی ہے اور امساک لانے میں خصوصیت
سے مفید ہے استعمال بوقت ضرورت جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں یا
ایک گولی آدھے لیموں پر چھڑکیں اور اس کو آگ پر رکھیں۔ جب پکنے لگے تو نچوڑ کر پئیں۔ نسخہ۔
کشتہ چاندی ۵ ماشہ۔ جاوتری۔ زعفران۔ ریگ ماہی ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ جوزبوا۔ سمندر سوکھ ہر ایک ۹
ماشہ۔ زہر مہرہ ۱ ماشہ۔ مشک ۱ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول برگ پان کے عرق میں جنگلی بیر کے برابر
گولیاں تیار کریں۔

حب نفث الدم۔ کھنگار میں خون آنے کو روکتی ہے۔ مرض نفث الدم میں معمول و
مفید ہے استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عنبر و عرق انجبار ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ۔
کہربا (گھسا ہوا) ۱ ماشہ۔ دم الاخوین۔ صمغ عربی۔ اقاقیا ہر ایک ۲ ماشہ۔ طباشیر۔ نشاستہ۔ ریشہ برگد ہر
ایک ۹ ماشہ۔ کتیرا۔ گلنار فارسی۔ ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول عرق بارتنگ کے ساتھ
گولیاں بنائیں۔

حب نقرس۔ نقرس میں مفید و معمول ہے استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ
استعمال کریں نسخہ۔ زعفران چار رتی۔ سقمونیا مشوی ۶ رتی تخم خنظل ۲ ماشہ۔ تبد سفید۔

سورنجاں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ہر ایک ۵ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول گولیاں تیار کریں۔

حب نمک۔ ریاح کو توڑتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے استعمال۔ ایک گولی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نمک لاہوری۔ نمک اندرانی۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ نمک نفطی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ بادیان۔ اجوائن ہر ایک ۳ ماشہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ پوست شیطرج۔ سونٹھ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ سناکمی ہر ایک ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۳ ماشہ ترکیب۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر ۲ عدد لیموں کے عرق میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب نوی ہلیلہ۔ نگاہ کو تیز کرتی ہے۔ ضعف بصارت میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال۔ ایک گولی پانی میں گھس کر آنکھ میں لگائیں نسخہ۔ مغز تخم ہلیلہ زرد ۱۲ عدد فلفل دراز ۵ عدد۔ فلفل سیاہ ۱ عدد ترکیب۔ سب کو تازہ آملوں کے عرق میں کھرل کر کے جب سیاہ ہو جاوے تو گولیاں تیار کریں

حب واصلی۔ خنازیری گلٹیوں میں مفید ہے استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں نسخہ۔ بالچھڑ۔ تج۔ حب بلسان۔ عود بلسان۔ اسارون۔ مصطگی۔ دار چینی۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ ایلوا ۴ تولہ اسطو خود دس۔ تخم حنظل ہر ایک ۱۷ ماشہ تربد موصوف ۲۴ ماشہ۔ نمک ہندی ۷ ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۱۴ ماشہ ترکیب۔ ادویہ کو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ہار سنگار۔ بواسیر خونی اور بادی میں مفید و معمول ہے استعمال۔ علی الصبح ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں نسخہ۔ تخم ہار سنگار مقشر ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۳ ماشہ۔ ترکیب۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ہاضم۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے استعمال۔ دو گولی تازہ پانی کے ہمراہ بعد از غذا کھائیں۔ نسخہ۔ چوک ترش۔ سونٹھ ہر ایک ۲ تولہ۔ نمک لاہوری ۱۷ ماشہ۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ فلفل گرد۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۲ ماشہ ترکیب۔ چوک کو عرق لیموں میں کھرل کریں۔ باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

حب ہلیلہ۔ ہر قسم کے درد سر میں بے حد فائدہ مند اور مجرب ہے۔ چند روز کے استعمال سے بالکل شکایت رفع ہو جاتی ہے استعمال ۔ چھ سے نو ماشہ کی مقدار میں روغن بادام شیریں سے چرب کر کے اور ورق نقرہ لپیٹ کر سوتے وقت عرق بادیان بارہ تولہ یا گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ گل سرخ ہر ایک تین ماشہ۔ برگ سنا مکی ۶ ماشہ غاریقون سفید۔ تربد سفید۔ لاجورد مغسول ہر ایک سات ماشہ۔ سب کو باریک کوٹ چھان کر تازہ پانی کے ہمراہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب ہندی۔ شقیقہ اور ہیضہ میں تسکین درد کے لئے مجرب و معمول ہے۔ استعمال ۔ ایک ایک گولی صبح شام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں نسخہ۔ ایلوا۔ چرائتہ ہر ایک ایک ماشہ۔ جوزبوا ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید۔ اجمود ہر ایک ۳ ماشہ ترکیب۔ حسب معمول چھلنی سبز کے عرق میں ۱۴ گولیاں تیار کریں۔

حب ہیضہ وبائی۔ ہیضہ میں مفید و معمول ہے استعمال ۔ ایک گولی ہمراہ عرق پودینہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ گل سرخ۔ زیرہ سیاہ۔ کشنیز خشک مقشر۔ دار فلفل ۔ فلفل سیاہ۔ نانخواہ بادیان۔ سونٹھ۔ شیطرج ہندی۔ دار چینی۔ دانہ الاچی خورد۔ دانہ الاچی کلاں۔ پودینہ جنگلی۔ پودینہ کوہی۔ نمک لاہوری۔ نمک سانبھر۔ نمک سیاہ۔ جواکھار تمام مساوی الوزن ترکیب۔ حسب معمول سرکہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

حب یاقوت۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ قوت باہ بڑھاتی ہے اور امساک لاتی ہے نزلہ اور کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ تقویت باہ کے لئے ایک گولی ہمراہ لبوب کبیر ۵ ماشہ یا جوارش جالینوس لولوی ۵ ماشہ استعمال کریں اور تقویت اعضاء کے لئے خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا کے ہمراہ اور نزلہ و کھانسی میں ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ۔ عنبرا شہب ۳ ماشہ ۔ کہرباء۔ بسد ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز بادام مقشر۔ نشاستہ سفید۔ اکر خام۔ مروارید ناسفتہ۔ یاقوت سرخ ہر ایک ۳ ماشہ۔ رب السوس۔ صمغ عربی۔ نبات سفید۔ بیخ بنفشہ۔ افیون ہر ایک دو تولہ ترکیب۔ حسب معمول بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

حریرہ

حریرہ ایک قسم کی پتلی غذا ہے جو مریضوں کو دی جاتی ہے اور عموماً آٹے یا سوجی کو گھی میں بھون کر بنائی جاتی ہے۔

حریرہ سرخ۔ خشک کھانسی کو تسکین دیتا ہے۔ مادہ کو نضج دیتا ہے نہایت مفید ہے استعمال۔ بوقت صبح نیم گرم پانی پئیں نسخہ۔ سبوس گندم آدھ پاؤ۔ آرد باقلا مقشر ایک چھٹانک۔ نشاستہ دو تولہ۔ شکر سفید چار تولہ۔ کتیرا مسحوق ۶ ماشہ ترکیب۔ سبوس گندم کو تین گھنٹہ پانی میں رکھ کر صاف کریں۔ پھر سب کو ادویہ کو باہم ملا کر دیگچی میں خوب جوش دیں جب کسی قدر غلظت آجائے تو نیم گرم پئیں۔

حریرہ سرفہ نزلی۔ نزلہ کی کھانسی خشک وتر میں مفید ہے۔ نیز بچوں کی کالی کھانسی میں بے حد مفید اور عجیب الاثر ہے۔ تین دن کے اندر ہر قسم کی کھانسی کو نیست و نابود کر دیتا ہے استعمال۔ قہوہ کی طرح گرما گرم صبح کے وقت پئیں نسخہ۔ اصل السوس مقشر ۱ ماشہ۔ پستان تیس دانہ۔ پوست خشخاش ۳ ماشہ۔ مصری تین تولہ ۔ نشاستہ ۶ ماشہ۔ زنجبیل سودہ ۳ ماشہ ترکیب۔ اصل السوس ۔ پستان۔ پوست خشخاش کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں ۔ جب آدھ پاؤ پانی باقی رہے۔ تو صاف کر کے مصری و نشاستہ ملا کر حسب دستور حریرہ پکالیں اور زنجبیل اضافہ کر کے پئیں۔ چھوٹے بچوں کو یہ دوا نہ دیں۔
نوٹ ۔ بڑے بچوں کے واسطے بلحاظ عمر مقدار کم کر دیں۔ آٹھویں حصہ سے چہارم حصہ تک دیں۔

حریرہ صداع۔ درد سر کو جو ضعف دماغ کے باعث ہو اسے بہت فائدہ دیتا ہے۔ دماغ کو قوت دے کر درد سر کو زائل کرتا ہے ہمیشہ مستعمل ہے استعمال حسب معمول پکا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ شیرہ خشخاش ایک تولہ ۔ مغز نارجیل ایک تولہ ۔ زنجبیل تین ماشہ۔ شیر مادہ گاؤ ڈیڑھ پاؤ ترکیب۔ حسب معمول آگ پر جوش کر کے صبح کے وقت پئیں۔

حریرہ مقوی باہ۔ منی کو بڑھاتا ہے۔ جماع کے بعد پینا بے حد مفید ہے جس قدر منی خارج ہوئی ہو اس سے زائد پیدا کرتا ہے۔ دماغ کو بھی قوت بخشتا ہے نہایت سریع التاثیر اور عجیب الفعل ہے۔ جماع کے بعد حسب معمول تیار کر کے پئیں

نسخہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز تخم معصفر۔ مغز پنبہ دانہ ہر ایک ایک تولہ۔ تخم خشخاش تین ماشہ۔ بہمن سفید۔ تودری سفید۔ ثعلب مصری ہر ایک ۶ ماشہ۔ زنجبیل ۲ گلاب خالص۔ شیر مادہ گاؤ۔ ہر ایک آدھ پاؤ۔ مصری تین تولہ ترکیب۔ ترکیب۔ مغزیات و خشخاش کا گائے کے دودھ و گلاب میں شیرہ نکال کر صاف کر کے پکائیں جب غلظت آجائے۔ تو بقیہ اوودیہ و مصری باریک پیس کر آخری جوش میں ڈال کر نیچے اتار لیں۔ اور سرد کر کے پئیں۔

نسخہ دیگر۔ تمام فوائد مثل مذکورہ بالا استعمال۔ ہر روز صبح بطور ناشتہ استعمال کریں نسخہ۔ مغز بادام۔ مغز فندق ہر ایک بیس عدد۔ نشاستہ دو تولہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ بہمن سفید ہر ایک دو ماشہ۔ ترکیب۔ سب ادویہ کا ڈیڑھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر آگ پر حسب معمول پکائیں۔ درمیان جوش میں مسکہ دو تولہ مصری تین تولہ اضافہ کریں۔ جب غلظت آجائے تو اتار کر سرد کر کے پئیں۔

حریرہ منضج۔ مرض ذات الجنب کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ مادہ کو نضج دیتا ہے ملین ہے۔ نہایت فائدہ مند و مستعمل ہے استعمال۔ حسب دستور صبح و شام نسخہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ تخم خشخاش۔ مغز بادام مقشر ہر ایک ایک تولہ۔ شکر سفید تین تولہ۔ روغن بادام شیریں دو تولہ ترکیب۔ مغزیات کا پانی میں شیرہ نکال کر روغن بادام کے ساتھ حسب معمول پکائیں اور شکر اضافہ کر کے پئیں۔

حریرہ مولد شیر۔ جن عورتوں کی چھاتیوں میں دودھ کم پیدا ہوتا ہو۔ ان کے واسطے نہایت مفید ہے۔ دودھ صالح اور بکثرت پیدا کرتا ہے۔ بہت مفید ہے نسخہ۔ زیرہ سفید۔ برنج ساٹھی۔ لودھ پٹھانی۔ ہر ایک آٹھ ماشہ۔ شیر مادہ گاؤ آدھ پاؤ ترکیب۔ ادویہ کو باریک پیس کر گائے کے دودھ میں حریرہ بنا کر پئیں۔

نسخہ دیگر تمام فوائد مثل مذکورہ بالا۔ استعمال۔ حسب معمول بوقت صبح بطور غذا و نسخہ۔ نشاستہ دو تولہ گائے کے آدھ سیر دودھ میں حل کر کے شیرہ برنج شیرہ مغز بادام شیریں۔ شیرہ مغز پنبہ دانہ۔ شیرہ خسکدانہ۔ شیرہ مغز چلغوزہ ہر ایک ایک تولہ۔ شیرہ بادیان۔ شیرہ دانہ ہیل ہر ایک سات ماشہ۔ شیرہ تخم شبت ۶ ماشہ۔ شیرہ

تودری گلگوں ا تولہ نکال کر مصری تین تولہ۔ ترنجبین ٦ ماشہ اضافہ کر کے آگ پر پکائیں اور حسب معمول استعمال کریں۔

حریرہ نسواں۔ بچہ جننے کے بعد عورتوں کو دیا جاتا ہے۔ نہایت مفید ہے استعمال۔ حسب معمول تیار کر کے آدھ پاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ روغن زرد۔ پاؤ سیر۔ میدہ گندم پاؤ سیر۔ قند سیاہ آدھ پاؤ۔ فلفل دراز۔ فلفلموریہ۔ زنجبیل اجوائن دیسی ہر ایک تین ماشہ ترکیب۔ روغن زرد کو داغ کر کے میدہ کو اس میں بریان کریں اور قند سیاہ کو بقدر ضرورت پانی میں گھول کر پلا دیں اور چمچہ ہلاتے رہیں۔ جب اتنا غلیظ ہو جائے کے چمچہ پیا جا سکے۔ تو آگ سے اتار کر ادویہ کو باریک پیس کر ملا دیا جائے اور ہر روز تازہ استعمال کیا جائے۔ کمزور عورتوں کو ۱/۴ سے ۱/۲ مقدار میں دیا جائے۔

حقنہ

حقنہ کسی سیال شے کو بذریعہ پچکاری رودہ مستقیم میں داخل کرنے کو عربی میں حقنہ اور انگریزی میں انیما کہتے ہیں۔

حقنہ یا تو سخت قبض کی حالت میں کیا جاسکتا ہے۔ تاکہ فضلہ فورا خارج ہو جائے یا ایسی حالت میں کہ جب مریض غذا نہ کھا سکتا ہو۔ تو بطور تغذیہ حقنہ کیا جاتا ہے جسے حقنہ غذائی کہتے ہیں ۔ حقنہ کرنے کے واسطے پچکاریاں ایجاد ہو گئیں پچھلے زمانہ میں جو طریقہ حقنہ کرنے کا تھا۔ وہ اب متروک ہو گیا ہے حقنہ کرنے کی پچکاریاں مختلف قسم کی ہوتی ہے مگر عام استعمال کے لئے ربڑ کی انیما کرنے پچکاری کافی ہے۔

اس پچکاری کا ایک سرا مقعد میں داخل کرتے ہیں اور دوسرا سرا اس برتن میں رہتا ہے جس میں دوا یا پانی ہوتا ہے پچکارتی کے دونوں گول حصہ کو دبانے سے ہوا نکل کر اس میں پانی بھر جاتا ہے اور اسے بار بار دبانے سے وہ پانی رودہ مستقیم اور اس سے اوپر کی انتڑی میں چلا جاتا ہے۔

حقنہ زحیر صادق۔ پیچش سدی میں نہایت سریع الاثر ہے۔ سدہ کو بہت جلد خارج کرتا ہے۔ نہایت مجرب و مستعمل ہے۔

استعمال ادویہ کو جوش دے کر حسب معمول حقنہ کریں۔

نسخہ گل سرخ۔ گل بنفشہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ تخم خبازی۔ خطمی۔ خارخسک۔ تخم حلبہ ہر ایک ایک تولہ۔ عناب تین تولہ سب ادویہ کو باریک کوٹ کر ڈیڑھ سیرپانی میں جوش دیں۔ جب دو حصہ خشک ہو جائے تو صاف کر کے چار تولہ خیار شنبر تین تولہ۔ شکر سفید دو تولہ روغن بادام اضافہ کر کے استعمال کریں۔

حقنہ سحج۔ مرض سحج (آنتوں میں خراش ہو جانا) وقرحہ امعاء آنتوں میں پھوڑا نکل آنا) میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔ قرحہ کو مندمل کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا ہے سخت مروڑ اور درد کو بہت جلد روکتا ہے۔

استعمال:۔ حسب معمول نسخہ:۔ برنج۔ کشک جو۔ عدس مقشر ہر ایک ڈھائی تولہ۔ حب پوست انار ترش ہر ایک سوا تولہ۔ سب دواؤں کو ڈیڑھ سیرپانی میں جوش دیں۔ جب دو حصہ خشک ہو جائے صاف کر کے رکھیں۔ صمغ عربی۔ کافور پسے ہوئے۔ گل ارمنی۔ گل نبری ہر ایک تین ماشہ۔ سفید آب۔ قلعی۔ دم الاخوین اقاقیا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ سرکہ شراب میں جوش دیئے ہوئے دو عدد بکری کے گردہ کی چربی پگھلا کر صاف کی ہوئی چھ ماشہ سب کو کوٹ پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔ بکری کے گردہ کی چربی گیارہ انڈوں میں ملا کر پگھلا کر ہاون دستہ یا کھرل میں ڈال کر خوب مخلوط کریں۔ اور رکھے ہوئے پانی میں ملا کر نیم گرم کر کے حقنہ کریں۔

حقنہ قولنج

۔ درد قولنج میں مستعمل ہے۔ سدہ کو خارج کرتا ہے۔ درد کو تسکین دیتا ہے۔ نہایت سریع الاثر اور مجرب ہے

استعمال:۔ حسب معمول تیار کر کے تین مرتبہ حقنہ کریں۔ نسخہ:۔ قنطوریون باریک چھ ماشہ۔ بنفشہ۔ انسیون۔ نیلوفر۔ گاؤ زبان۔ بادیان۔ پوست بیخ بادیان۔ تخم کاسنی۔ پوست بیخ کاسنی۔ کوہ خشک۔ تخم شبت۔ اسطوخودوس۔ بسفائج فستقی۔ نیم کوفتہ۔ پرسیاؤشاں ہر ایک نوماشہ۔ سنا مکی ایک تولہ۔ حلبہ۔ اکلیل الملک۔ برنجاسف۔ سبوس گندم۔ بابونہ ہر ایک سات ماشہ۔ برگ چقندر۔ برگ خطمی ہر ایک ایک تولہ۔ سب دواؤں کو اڑھائی سیرپانی

میں جوش دیں۔ جب تین پاؤ پانی باقی رہے۔ صاف کر کے نمک طعام پسا ہوا دو ماشہ۔ غاریقون پسا ہوا دو ماشہ۔ مغز خیار شنبر۔ ترنجبین شیرخشت۔ شکر سرخ آبکامہ۔ روغن بنفشہ۔ روغن گل بنفشہ ہر ایک ۹ ماشہ اس میں حل کریں۔ اور حسب معمول عمل کریں۔

حقنہ شیر غس

۔ مرض شیر غس (ورم بلغمی دماغی) میں نہایت مفید ہے۔ استعمال حسب معمول بذریعہ پچکاری۔

نسخہ:۔ تخم خنطل قرطم۔ لیمکوفتہ۔ کتان۔ تخم انجرہ۔ پوست بیخ کبر۔ فودرنج دشتی ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ سب دواؤں کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ سیر پانی باقی رہے۔ صاف کر کے پاؤ سیر پانی میں سوا تولہ۔ روغن زیت ملا کر نیم گرم حقنہ کریں۔

حلواء

حلوائے انبہ۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔

استعمال:۔ ۶ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ:۔ شیرہ انبہ پختہ شیریں تین سیر۔ گھی آدھ سیر دودھ ایک سیر شہد پاؤ سیر۔ سونٹھ ایک تولہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ ستاورا تولہ۔ ثعلب مصری۔ مغز بادام ہر ایک ۴ تولہ۔ چوب چینی۔ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۴ تولہ۔ خولنجاں ۶ ماشہ۔ سازج ہندی ۶ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۱ تولہ موصلی سیمبل ۱ تولہ۔ شقاقل مصری۔ سنگھاڑہ خشک ۴ تولہ۔ آم کے شیرہ اور شہد نیز دودھ کا قوام کر کے مغزیات کو حل کر کے دواؤں کو کوٹ چھان کر حلوا تیار کریں۔

حلوائے ارد۔ منی کو جماتا اور گاڑھا کرتا ہے نیز قوت باہ بڑھاتا ہے استعمال:۔ علے الصبح روزانہ اسی قدر تیار کریں اور کھائیں۔ نسخہ:۔ دال ماش مقشر ا تولہ شیر گاؤ حسب ضرورت۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ تخم تمہندی بریان۔ آرد سنگھاڑہ ہر ایک ۱ تولہ شکر سفید ہموزن ادویہ۔ گھی ۳ تولہ۔ دال کو دودھ میں تر کریں۔ جب دودھ جذب ہو جائے۔ سایہ میں خشک کر کے دیگر دوائیں کوٹ چھان کر ملالیں اور گھی و شکر ملا کر حلوا تیار کریں۔

فائدہ:۔ مقدار مندرجہ بالا صرف ایک روز کی خوراک ہے۔

حلوائے بادام۔ دماغ کو قوی کرتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے۔ اور تولید منی کرتا ہے۔

استعمال:۔ روزانہ علی الصباح ۴ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ:۔ مغز بادام شیریں مقشر ۲۰ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۵ تولہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۵ تولہ۔ تخم خشخاش سفید ۵ تولہ۔ مغز چرونجی ۲ تولہ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ گلاب ۱۰ تولہ حسب معمول شکر کے قوام میں ملا کر حلوا تیار کریں۔

حلوائے بیضہ مرغ۔ دل کو قوت دیتا ہے۔ رنگ نکھارتا ہے۔ چہرہ کو سرخ کرتا ہے۔ فربہی لاتا ہے۔ مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا ہے۔ اور باہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال:۔ علی الصبح ۵ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ:۔ زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔ مصری ۱۹ تولہ۔ عرق بہار۔ عرق نارنج۔ عرق بیدو بید مشک ہر ایک ۱۰ تولہ۔ حسب ضرورت جو زبوا ۵ ماشہ ۔بسباسہ ۵ ماشہ زعفران۔ مشک ہر ایک ۱ ماشہ۔ مصری کو عرقیات میں حل کر کے زردی کو اس میں خوب ملالیں اور آنچ پر رکھ کر جب تیار ہو جائے۔ تو بقیہ دواؤں کو داخل کر کے حلوا تیار کرلیں۔

حلوائے ثعلب مصری۔ جریان کو دور کرتا ہے۔ دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ رنگ نکھارتا ہے فربہی لاتا ہے۔ اور تمام اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے۔ تقویت کے لئے عجیب الاثر ہے۔
استعمال:۔ علی الصبح بقدر ۲ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔
نسخہ:۔ آرو نخود ۱۱ تولہ۔ میدہ گندم۔ آرو باقلا ہر ایک ۷ تولہ۔ گھی حسب حاجت۔ شہد ۱۱ تولہ۔ مصری بقدر ضرورت۔ عرق بید مشک۔ عرق بہار۔ آب آہن گراں بقدر حاجت۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز حب الزلم۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز حب القلقل ہر ایک ۴ تولہ ۹ ماشہ دار چینی۔ مصطگی۔ خولنجاں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ۔ جو زبوا۔ ۔بسباسہ۔ سونٹھ۔ زعفران۔ مشک۔ عنبرا شہب ہر ایک ۲ ماشہ۔ آرو نخود اور آرو باقلا۔ نیز میدہ گندم کو گھی میں بھون کر شہد کو عرقیات میں حل کر کے دونوں کو باہم ملا کر آنچ پر پکائیں۔ جب حلوا تیار ہوجائے تو دیگر دواؤں کو کوٹ کر چھان کر شامل کرلیں۔

حلوائے چوب چینی۔ باہ کو بڑھانے اور جذام و فساد و خون میں بالخصوص مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ علی الصباح گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ۔ میدہ گندم ۲ سیر۔ روغن زیتون۔ روغن گاؤ ہر ایک ۳ سیر شہد خالص ۳ سیر مغز چلغوزہ مغز نارجیل ہر ایک ۷ تولہ۔ چوب چینی ۲۷ تولہ۔ قرنفل۔ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ نرکچور۔ بادیان۔ زنجبیل۔ انیسون۔ نانخواہ۔ ایذر جو۔ سورنجاں شیریں۔ دار فلفل خولنجاں سعد کوفی ہر ایک ۵ تولہ۔ میدہ کو گھی میں بھون کر شہد کے قوام میں ملا کر مغزیات کوٹ کر شامل کریں۔ جب حلوا تیار ہو جائے تو دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کریں۔

حلواء سپاری پاک۔ گردہ کو قوی کرتا ہے قوت باہ بڑھاتا ہے۔ مادہ منویہ کو قابل تولید بناتا۔ ہاضمہ بڑھاتا اور سیلان الرحم کو دور کرتا ہے۔ پرسوت اور نسائی امراض میں بالخصوص فائدہ مند ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

نسخہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ تج۔ سازج ہندی۔ ناگر موتھ۔ دار فلفل۔ پودینہ خشک۔ اجوائن خراسانی۔ الائچی خورد ہر ایک ۳ ماشہ۔ زرنب۔ جاوتری۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ مرچ سیاہ۔ جوزبوا ہر ایک ۵ ماشہ۔ زیرہ سفید ۷ ماشہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ قرنفل۔ کشنیز خشک پپلا مول ہر ایک ا تولہ گل نیلوفر ۹ ماشہ۔ سنگھاڑہ خشک۔ ستاور۔ ناگیسر ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم کھرنی ۴ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مویز منقیٰ ہر ایک ۵ تولہ۔ سپاری اسیر۔ قند سفید اسیر شہد اسیر۔ شیر گاؤ ۸ سیر۔ گھی آدھ سیر۔ مویز منقیٰ کو پیس لیں۔ اور چھالیہ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے دودھ میں جوش دیں۔ جب دودھ جذب ہو جائے۔ تو باریک پیس کر شہد اور شکر کے قوام میں دیگر دواؤں کے ساتھ حلوا تیار کریں۔

حلوائے فرنگ۔۔ باہ کو قوت دیتا ہے اور بالخصوص گردوں کو قوی کرتا ہے

استعمال۔ ۳ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

نسخہ۔ دودھ ایک سیر زردی بیضہ مرغ ۵ عدد۔ مصری آدھ پاؤ۔ مشک ا ماشہ عنبر اشہب ۶ ماشہ۔ عرق گلاب ۲ تولہ۔ زردی کو دودھ میں جوش دے کر کھویا بنائیں اور

دیگر دوائیں عرق گلاب میں حل کر کے شامل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے گزر۔ منی کی پیدائش میں زیادتی کرتا ہے۔ اور قوت باہ بڑھاتا ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ علی الصبح استعمال کریں۔

نسخہ گاجر۔ دودھ گھی شکر سفید۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز نارجیل۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز چرونجی ہر ایک ۶ ماشہ۔ گاجر کو کدو کش کر کے دودھ میں جوش دیں اور پھر گھی میں بھون کر دو چند شکر کے قوام میں شامل کر کے دیگر مغزیات کو داخل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے گزر مغز سر کنجشک والا۔ منی کو بڑھاتا ہے۔ باہ کو قوت دیتا ہے اور بدن کی عام کمزوری کو زائل کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کے درد کے لئے بالخصوص مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ روزانہ صبح اور شام کے وقت بقدر ۳ تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گاجر شیریں۔ خرا بقدر ضرورت۔ شیر گاؤ پانچ سیر۔ پانچ آرد نخود بریاں۔ میدہ گندم ہر ایک چھٹانک ۔ گھی آدھ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ شہد خالص آدھ سیر مغز سر کنجشک ۴۰ عدد۔ مغز فندق۔ مغز بادام شیریں۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۳ تولہ۔ ثعلب مصری۔ گوکھرو۔ دار چینی۔ سونٹھ۔ خولنجاں ہر ایک ا تولہ۔ زعفران اصلی ۔ مشک خالص ہر ایک ۳ ماشہ۔ گاجر اور خرا کو کدو کش کر کے دودھ میں پکائیں۔ جب خوب گل جائیں تو پیس کر گیہوں اور چنے کا آٹا شامل کر کے گھی میں بھون کر شہد اور شکر کے قوام میں ملا لیں اور بقیہ مغزیات وغیرہ شامل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے مرغ سیاہ۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۲ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مرغ کڑکناتھ ۲ عدد۔ گلاب ۴ حصہ مصری ۴ سیر۔ مغز بادام شیریں مغز حب صنوبر۔ مغز پستہ کوئے شیریں ہر ایک ۵ ماشہ۔ شقاقل مصری ۲۲ ماشہ مرغ کے گوشت کو عرق گلاب میں خوب پکائیں۔ جب اچھی طرح پک جائے تو مل چھان کر مصری ڈال کر قوام کر کے دیگر چیزوں کو شامل کر کے حلوا تیار کریں۔

حلوائے مغز تخم بیدا نجیر۔ قولنج میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ مغز تخم بیدا بجیر۔ شکر ہر دو مساوی الوزن۔ شیر گاؤ حسب ضرورت مغز تخم بیدا بجیر کو دودھ میں بھگوئیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے۔ پیس کر ہلکی آنچ پر شکر ملا کر قوام پر لے آئیں۔

حلوائے موچرس۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ بینائی کو تیز کرتا ہے۔ بالوں کو دراز کرتا ہے۔ گردوں کو مضبوط بناتا ہے۔ اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ کمر کو مضبوط کرتا ہے۔ نسوانی شکایات کے لئے مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ روزانہ صبح شام ۳ تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زعفران۔ جوزبوا۔ جاوتری ہر ایک ۱ ماشہ۔ دار چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ لونگ ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ سونٹھ۔ دار فلفل ہر ایک ۲۲ ماشہ پوست بیخ لونٹ کتارہ۔ تالمکھانہ موصلی سیاہ۔ مجیٹھ گوند ڈھاک۔ تخم انگن ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز اخروٹ۔ مغز بادام ہر ایک ۲ چھٹانک۔ آرد موچرس۔ آرد سنگھاڑہ۔ آرد دال ماش۔ آرد گوند ببول۔ مغز تخم کونچ۔ نشاستہ۔ شہد ہر ایک پاؤ سیر۔ گھی آدھ سیر دودھ اور مصری اڑھائی سیر۔ ورق نقرہ و ورق طلاء بقدر ضرورت تمام کو کوٹ چھان کر گھی دودھ اور شکر کے قوام میں ملا کر حلوا تیار کریں۔

حمول

حمول۔ (سپازیٹری) کپڑے کو دوا میں لت کر کے فرج یا دبر میں رکھنے کو عربی میں حمول اور انگریزی میں سپازیٹری کہتے ہیں۔

حمول استسقاء۔ استسقاء طبلی میں اخراج ریاح کے واسطے بہت مفید ہے۔

استعمال۔ روئی کو دواؤں سے لت کر کے مقعد میں رکھیں۔

نسخہ۔ بورہ ارمنی۔ سداب ہر ایک تین ماشہ۔ شہد خالص بقدر ضرورت دواؤں کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر استعمال کریں۔

حمول بواسیر۔ بواسیر کے درد کو فوراً روکتا ہے۔ نیز درد رحم (جو بوجہ ورم یا صلابت کے ہو) تسکین دیتا ہے نہایت مفید و مستعمل ہے۔

استعمال۔ حسب دستور مقعد یا فرج میں رکھیں۔

نسخہ۔ چربی بط۔ بابونہ۔ اقحوان۔ موم سفید ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر کپڑے میں لت کر کے استعمال کریں۔

حمول محلل۔ رحم کے ریاح کو تحلیل کرنے میں بے حد مفید و سریع التاثیر ہے
استعمال۔ بدستور
نسخہ۔ بادیان۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ برگ سداب۔ معتر ہر ایک تین ماشہ شہد خالص ایک تولہ۔ شہد کو گرم کر کے ادویہ کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر چھوہارہ کی گٹھلی کے برابر شافہ بنا کر استعمال کریں۔ یا روئی کہنہ کو ادویہ میں لت کر کے رکھیں۔
حمول منقیٔ۔ رحم کو رطوبت سے پاک کر دیتا ہے۔ نہایت فائدہ مند و مجرب ہے۔
استعمال۔ حسب معمول
نسخہ۔ صبر زرد۔ بونگ کابلی۔ تخم شبت ہر ایک دو ماشہ۔ سنائے مکی۔ نمک سنگ۔ کف دریا ہر ایک ۱ ماشہ۔ باریک پیس کر شہد خالص میں ملا کر روئی کہنہ میں لت کر کے رکھیں۔

باب الخاء خمیرہ جات

خیسانده۔ دیکھو نقوع۔

خمیرہ۔ معجون ہی کی قسم سے ایک مرکب ہے اس میں اور معجون میں صرف اتنا فرق ہے کہ اس کا قوام بہ نسبت معجون کے کسی قدر پتلا ہوتا ہے۔ اور شیرینی زیادہ پڑتی ہے۔

خمیرہ ابریشم بارد۔ تقویت قلب و دماغ کے لئے نہایت مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق بید سادہ۔ شربت نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ابریشم خام ۳۷ تولہ۔ رب سیب شیریں۔ آب سیب شیریں ہر ایک ۸ تولہ عنبر اشہب ۶ ماشہ۔ مشک تین ماشہ۔ طباشیر۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک تولہ کہربائے شمعی۔ بسد احمر۔ گل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ۸ ماشہ۔ ابریشم خام کو چاندی اور سونے سے دو مرتبہ تاب دیئے ہوئے پانی میں ایک رات دن تر رکھیں اور عرق گاؤزبان ۳۰ تولہ۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب ہر دو قدرے اضافہ کر کے جوش دیں۔ اور رب سیب شیریں اور آب سیب و قند سفید اضافہ کر کے قوام پر لے آئیں۔ اور آخر قوام میں مشک و عنبر ملا دیں پھر کہربا طباشیر و مروارید کو سرمہ کی طرح باریک کر کے اور بقیہ کو خوب باریک کوٹ کر شامل کر دیں۔

خمیرہ ابریشم سادہ۔ گھبراہٹ۔ پریشانی اور خفقان کو دور کرتا ہے۔ بینائی کو قوت دیتا ہے اور دل و دماغ کو تقویت بخشتا ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ابریشم مقرض ۴۲ تولہ۔ عود غرقی ۴ ماشہ۔ بالچھڑ۔ پوست ترنج۔ مصطگی لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ساذج ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق گلاب۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ اب انار شیریں ہر ایک ۴۳ تولہ آب باراں ۲ سیر۔ شہد پاؤ سیر۔ قند تین پاؤ۔ حسب معمول خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ اور اعضاء رئیسہ کو تقویت بخشتا ہے۔ برے خیالات۔ گرم نزلات اور سوداوی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ۔ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ابریشم مقرض ۴۲ تولہ عود غرقی ۴ ماشہ۔ بالچھڑ۔ پوست ترنج۔ مصطگی لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ساذج ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب۔ آب سیب شیریں۔ آب انار شیریں۔ آب بہی شیریں ہر ایک ۴۳ تولہ۔ آب باراں ۲ سیر۔ شہد خالص پاؤ سیر۔ قند سفید تین پاؤ عنبر اشہب ۶ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ۔ یاقوت رمانی یشب سفید ہر ایک ۹ ماشہ۔ کہربا شمعی۔ مرجان ہر ایک ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۴ ماشہ زعفران ۵ ماشہ۔ حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ سل اور دق کو زائل کرتا ہے۔ مالیخولیا مراقی۔ خفقان اور خشک کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ابریشم خام ۱۴ تولہ۔ رب سیب شیریں۔ رب بہی شیریں۔ رب سیب ترش۔ رب انار شیریں۔ رب انار ترش۔ رب انگور شیریں۔ شیرہ عناب۔ شیرہ گاؤ زبان۔ شیرہ صندل ہر ایک ۲ تولہ۔ عرق گلاب۔ شکر سفید ہر ایک ۱۵ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مشک تبتی۔ عنبر اشہب ہر ایک ۲ ماشہ۔ ابریشم کو تین دن پانی میں بھگو کر جوش دیں

پانی جل جانے پر مل چھان کر ربوب میں قوام کر کے خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ ابریشم عود مصطگی والا۔ معدہ اور دل و دماغ نیز جگر کو قوت دیتا ہے بادی بواسیر کو زائل کرتا ہے۔ برے خیال اور مراق میں بالخصوص مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک علی الصباح ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ عود مصطگی۔ مشک ہر ایک ۲ ماشہ۔ یاقوت کہربا۔ مرجان۔ یشب ہر ایک ۵ ماشہ۔ مروارید۔ عنبراشہب ہر ایک ۹ ماشہ۔ برگ بادنجبویہ۔ برگ فرنجمشک ہر ایک ۷ تولہ۔ ابریشم خام ۳۴ تولہ۔ نبات سفید ایک سیر حسب معمول خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ اسطوخودوس۔ دماغی تنقیہ اور فالج لقوہ اور دیگر عصبی بیماریوں میں بہت مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل اسطوخودوس ایک تولہ۔ گل گاؤزبان۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۶ ماشہ ورق نقرہ ۱۰ عدد۔ عنبراشہب ۳ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ آملہ۔ معدہ کو تقویت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا اور دستوں کو بند کرتا ہے
استعمال۔ ا تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آملہ ۱۷ ماشہ۔ مصطگی رومی۔ الائچی۔ دار چینی۔ طباشیر سفید۔ زرشک ہر ایک ۲ ماشہ۔ مصری پاؤ سیر۔ دودھ آدھ سیر۔ آملہ کو تین روز تک دودھ میں تر رکھیں۔ بعد تین روز کے صاف کر کے مصری کے قوام میں دیگر دواؤں کے ساتھ خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ بنفشہ۔ دماغ کی خشکی اور قبض کو دور کرتا ہے۔ اور صفرا کو خارج کرتا ہے۔ نمونیا اور پسلی کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل بنفشہ ۱۰ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ خشخاش ۔ کھانسی کو زائل کرتا ہے۔ کھنگار میں خون آنے کو روکتا ہے
گرم نزلہ کو دور کرتا ہے۔ اور سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ حیض کی زیادتی کو روکتا ہے
اور گرم بخاروں میں مفید ہے۔
استعمال۔ علی الصباح نہار منہ ۷ سے ۱۲ ماشہ تک عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ہمراہ اور خونی
کھنگار کی حالت میں سنگجراحت ۱ ماشہ چھڑک کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ کوکنار ۱۰۰ عدد۔ قند ایک سیر۔ کوکنار کو رات کے وقت پانی میں بھگوئیں صبح جوش
دے کر اور مل کر چھان کر شکر کا قوام کر کے خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ خس۔ دل اور جگر کی تقویت نیز خفقان گرم میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خس ہندی ۵ تولہ ۔ عرق خس ایک سیر۔ شکر سفید آدھ سیر عطر خس قدر ضرورت
خس کو عرق خس میں رات بھر تر رکھیں۔ صبح خوب جوش دے کر جب نصف رہ جائے تو
صاف کر کے شکر سفید ملا کر قوام پر لے آئیں۔ اور آخر قوام میں عطر خس اضافہ کر کے
خمیرہ تیار کریں۔
فائدہ۔ دق کے لئے انہی اجزاء میں ۲ ماشہ کافور کا اضافہ کر دینا نہایت مناسب ہے اسی طرح
مرض اسہال میں طباشیر سفید ۲ ماشہ اس نسخہ میں شامل کر دینا مفید ہے۔

خمیرہ زہر مہرہ۔ اختلاج قلب کو دور کرتا ہے۔ اور دل کو قوت بخشتا ہے
تقویت دل میں بالخصوص مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ شکر سفید پاؤ سیر۔ عرق کیوڑہ حسب ضرورت ۔ زہر مہو ایک تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔
عرق کیوڑہ میں شکر کا قوام کر کے زہر مہو (گلاب میں گھسا ہوا) اور طباشیر آخر قوام میں
شامل کر کے خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ زمرد۔ سوداوی خفقان کو زائل کرنے اور دل کی قوت بڑھانے میں
خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زمرد سائیدہ ۲ تولہ۔ لاجورد مغسول۔ بہمن سفید۔ ابریشم مقرض۔ گاؤزبان گیلانی ہر
ایک ۳ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک چار ماشہ عنبر اشہب ۴ ماشہ۔ گلاب بید مشک۔

آب انار شیریں ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ مصری آدھ سیر۔ شہد خالص ۷ تولہ شربت سیب ۸ تولہ۔
بدستور خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ صندل سادہ۔ اندرونی گرمی کو تسکین دیتا ہے۔ پیاس کو زائل کرتا ہے۔ فرحت بخش ہے۔ اور دل کو قوت دیتا ہے۔ نیز اختلاج قلب کو دور کرتا ہے خفقان حار میں معمول ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ یا عرق گذر ۷ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صندل سفید ۸ تولہ۔ عرق گلاب آدھ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ صندل ترش ورق طلا والا۔ قے صفراوی کو دور کرتا ہے۔ خفقان گرم کو زائل کرتا ہے۔ دل کی کمزوری اور سور مزاج حار نیز تپ و اسہال میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صندل سفید ۹ تولہ۔ کشنیز خشک ۲ تولہ۔ آب انگور ۳۰ تولہ۔ سرکہ خالص ۳ تولہ۔ عرق گلاب ۷ ۳ تولہ۔ طباشیر ۳ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ۔ مروارید یشب۔ عنبر۔ زعفران ہر ایک ۴ تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ صندل اور دھنیا کو سرکہ و عرقیات میں تر کر کے صبح جوش دیں اور شکر ملا کر قوام پر لائیں۔ آخر قوام میں دوائیں مذکورہ ملا کر خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ صندل کافوری۔ جگر اور معدہ کی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ دل کی گرمی کو بجھاتا ہے۔ تپ محرقہ۔ تپ دق اور خفقان حار میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ شیرہ تخم خیارین۔ شیرہ تخم خرفہ مقشر عرق بید مشک استعمال کریں۔
نسخہ۔ صندل ۷ تولہ۔ گلاب و عرق بید مشک۔ عرق نیلوفر ہر ایک ۱۷ تولہ۔ آب بہی شیریں۔ آب بہی ترش ہر ایک ۳۵ تولہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ صندل سفید۔ طباشیر سفید ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی ہر ایک ۷ ماشہ کافور قیصوری ۲ ماشہ۔ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ عود ترش۔ ہاضمہ بڑھاتا ہے۔ متلی اور قے کو روکتا ہے۔ اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ طبیعت کو فرحت دیتا ہے۔ خفقان ۔ جنون اور ابتدائے استسقا میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ عود قماری ۵ ماشہ۔ صندل سفید ۳ ماشہ۔ گل سرخ۔ مصطگی۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ بالچھڑ اسارون۔ بسباسہ۔ ساذج ہندی ہر یاک ا ماشہ۔ مشک خالص عنبر اشہب ورق طلاء ہر ایک ۴ رتی شربت سیب شیریں۔ شربت سیب ترش۔ شربت انار شیریں۔ شربت انار ترش ہر ایک ۶ تولہ۔ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ گاؤ زبان سادہ۔ بینائی کو فائدہ دیتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ اور گھبراہٹ و پریشانی کو زائل کرتا ہے۔

استعمال۔ ا تولہ چاندی کے ورق میں لپیٹ کر ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گاؤ زبان ۴ تولہ۔ گل گاؤ زبان۔ کشنیز خشک مقشر۔ ابریشم مقرض بہمن سرخ بہمن سفید۔ صندل سفید۔ تخم بالنگو۔ فرنجمشک۔ بادر نجبویہ ہر ایک ا تولہ۔ شکر ا سیر شہد پاؤ سیر حسب معمول خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ گاؤ زبان عنبری۔ حافظہ کو قوی کرتا ہے۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ دل اور دماغ کو قوت بخشتا ہے اور اختلاج قلب (دل کی دھڑکن) کو زائل کرتا ہے۔ دماغی کمزوری میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گاؤزبان ۳ تولہ ۔ گل گاؤ زبان۔ ابریشم مقرض۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ بادر نجبویہ۔ اسطوخودوس۔ تخم بالنگو۔ تخم فرنجمشک۔ تودری سرخ۔ تودری سفید ہر ایک ا تولہ عنبر ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ قند سفید ا سیر شہد پاؤ سیر حسب معمول خمیرہ بنائیں۔

خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا۔ فرحت بخشتا ہے۔ تکان کو زائل کرتا ہے۔ حافظہ بڑھاتا ہے۔ بصارت کو تیز کرتا ہے۔ دل و دماغ کے لئے عجیب الاثر ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ خمیرہ گاؤ زبان عنبری ورق طلاء والا میں مروارید۔ یاقوت۔ زمرد کہربا یشب ہر ایک ۳

ماشہ اضافہ کریں۔

خمیرہ گاؤ زبان عنبری جدوار عود صلیب والا۔ فالج۔ مرگی۔ لقوہ۔ اختناق الرحم اور دیگر دماغی سرد بیماریوں میں مفید ہے۔ تقویت اعصاب میں بالخصوص فائدہ مند ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خمیرہ گاؤ زبان عنبری جواہر والا میں جدوار۔ عود صلیب ہر ایک ۱ تولہ زیادہ کریں

خمیرہ مروارید۔ حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ خفقان اور پریشانی کو زائل کرتا ہے اور دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ نیز موتی جھرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ زہر مہرہ۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید تودری سرخ۔ تخم بادر نجبویہ۔ زعفران۔ عنبرا شہب۔ مشک ہر ایک ۱ تولہ۔ گل گاؤزبان خرفہ مقشر ہر ایک ۱۰ تولہ۔ عرق بید مشک۔ گلاب ہر ایک ا سیر شکر سفید ۲ سیر حسب دستور تیار کریں۔

خمیرہ مروارید بہ نسخہ دیگر۔ کہربا۔ بنسلوچن۔ یشب۔ زہر مہر۔ صندل سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید ۵ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ شربت سیب۔ شربت انار۔ شربت بہی ہر ایک ۶ تولہ۔ شکر سفید ۱۵ تولہ۔ بدستور معلوم خمیرہ تیار کریں اور بقدر سابق استعمال کریں۔

خمیرہ مروارید نسخہ کلاں۔ دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ نقاہت و کمزوری کو جو زیادہ دست یا خون کھل جانے سے ہو زائل کرتا ہے۔ چیچک اور موتی جھرہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ مروارید ۱ تولہ۔ یشب کہربا۔ صندل سفید۔ طباشیر ہر ایک ۶ ماشہ رب انار۔ رب سیب۔ رب بہی ہر ایک ۵ تولہ۔ عرق کیوڑہ۔ حسب ضرورت قند سفید پاؤ سیر۔ شہد خالص ۵ تولہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ ورق طلاء ۲ ماشہ بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

خمیرہ مروارید دیگر۔ تقویت قلب و دماغ میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق بید سادہ ۶ تولہ عرق گلاب ۳ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ابریشم۔ گل گاؤزبان۔ عود قماری۔ مرجان۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ مصطگی۔ کہربائے شمعی ہر ایک چار ماشہ۔ مروارید۔ یاقوت۔ زہر مہرہ بہ گلاب۔ سائیدہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بید مشک ۔ گلاب۔ نبات سفید ہر ایک پاؤ سیر شربت سیب شیریں آٹھ تولہ۔ ورق نقرہ ایک تولہ بطریق معروف خمیرہ تیار کرکے محفوظ رکھیں۔

خمیرہ ممسک۔ امساک لاتا ہے اور بالخصوص سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ جماع سے دو گھنٹہ قبل گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست خشخاش ۱۷ تولہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ سونٹھ ۵ تولہ۔ جوزبوا مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ زعفران گلنار فارسی ہر ایک ۲ ماشہ پوست خشخاش کو جو کوب کر کے آب آہنگراں میں جوش دیں۔ جب نصف یا کچھ زائد پانی رہ جائے تو مل چھان کر شکر ڈال کر خمیرہ کا قوام کر کے آگ پر سے اتار کر دیگر دوائیں کوٹ چھان کر شامل کر لیں۔

خمیرہ یاقوت۔ سوداوی خفقان۔ اختلاف اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے۔ رنج و فکر پریشانی اور خیالات فاسد کو زائل کرتا ہے۔ تقویت دل میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق گزر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عرق گاؤ زبان ۔ عرق صندل ۱۹ تولہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں آب امرود۔ گلاب عرق بید مشک ہر ایک ۳۷ تولہ۔ قند سفید ۲ سیر۔ یاقوت رمانی ۲ تولہ۔ لاجورد مغسول۔ زہر مہرہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ عنبرا شہب ۵ ماشہ۔ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔
بنسخہ دیگر۔ آب انار شیریں۔ آب امرود۔ آب بہی شیریں۔ ہر ایک ۳ تولہ شکر آدھ سیر۔ گلاب عرق بید مشک عرق گاؤ زبان ہر ایک ۳۷ تولہ۔ مشک ۳ ماشہ کافور

تیموری۔ عنبراشہب۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ یاقوت رمانی ۳ تولہ بدستور معروف خمیرہ تیار کریں۔ اور بمقدار سابق استعمال کریں۔

باب الدال

دبید اریسا۔ معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔ اور استسقائے زقی کے زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق کاسنی ۶ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ اریسا (بیخ بنفشہ) ۶ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ تولہ۔ زنجبیل۔ انجدان ہر ایک ۴ تولہ انیسون۔ مصطگی۔ بادیان ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ اجوائن دیسی۔ تخم کرفس ہر ایک ۲۵ ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں ملائیں۔

دبید الورد۔ جگر کی تقویت اور استسقاء کے ازالہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ۔ عرق مکوہ ۶ تولہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ بالچھڑ۔ مصطگی۔ زعفران۔ طباشیر۔ دار چینی۔ اذخر۔ اسارون۔ قسط شیریں۔ غافث۔ تخم کشوث۔ مجیٹھ۔ لک مغسول۔ تخم کاسنی۔ تخم کرفس۔ زراوند طویل۔ عود بلسان۔ حب بلسان۔ عود غرقی۔ ریوند چینی۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۳ ماشہ۔ گل سرخ برابر وزن ادویہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب دستور معجون تیار کریں۔

دواء الاربعہ۔ جوڑوں کے درد میں مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ شروع موسم سرما سے آخر موسم سرما تک ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ منڈی۔ گرونده۔ پکھان بید۔ تخم سداب ہر ایک ۴ ماشہ۔ روزانہ تمام دواؤں کو اسی قدر مقدار میں لے کر شہد میں ملا کر تیار کریں۔

دوا بواسیر۔ خونی بواسیر کو روکنے کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ علی الصباح ۶ ماشہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ سعد کوفی۔ بالچھڑ۔ لونگ۔ جوزبوا۔ حب الرشاد۔ گلنار۔ طراثیث ہر ایک ۷ ماشہ۔ خبث الحدید ۶ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ حب الآس۔ گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ۔ میتھی ۱ تولہ۔ تخم

گندل گوگل۔ کشمش۔ سبز ہر ایک ۳ تولہ۔ شہد حسب ضرورت تمام دواؤں کو پیس کر اور گوگل ر
آب گندنا میں حل کر کے شہد میں ملا کر تیار کریں۔

دواء البیض۔ قوت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ زردی اور سپیدی بیضہ کو دودھ کے ساتھ کھائیں۔
نسخہ۔ بیضہ مرغ۔ پارہ ا تولہ۔ انڈے میں مسور کے برابر سوراخ کر کے پارہ بھر دیں اور سوراخ کو ارد کے آٹے سے بند کر کے بھوبل میں دبا دیں۔ پک جانے پر انڈے کو توڑ کر پارہ نکال لیں اور سفید اور زردی کو علیحدہ کر لیں۔
فائدہ۔ روزانہ اسی طرح پارہ کو انڈے میں بند کر کے اور پک جانے پر نکال کر زردی و سپیدی کھاتے رہیں۔ آٹھویں روز پارہ کو بدل دینا چاہئے۔ شدت کی سردی کے زمانہ میں چالیس روز تک کھائیں۔

دواء الترید۔ بلغمی بخاروں میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ روزانہ رات کو ا تولہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سونٹھ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۳ تولہ۔ ترید موصوف ۶ تولہ۔ شکر طبرزد ۱۲ تولہ دوا تیار کریں۔

دواء الترنجبین۔ گرم مزاج اشخاص کی تقویت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ یہ دوا گائے کے دودھ کے ہمراہ کھائیں۔
نسخہ۔ ترنجبین ۱۴ تولہ۔ شیر مادہ گاؤ آدھ سیر۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ ترنجبین کو دودھ میں جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو ثعلب مصری کوٹ چھان کر شامل کر لیں۔

دوا التوتیا۔ آتشک اور جذام نیز دیگر جلدی زخموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ شوربہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ لیموں کاغذی ا عدد۔ توتیا ہندی۔ گل سرخ۔ توتیا کو جلا کر راکھ کر لیں پھر لیموں کاغذی کو درمیان سے تراش کر کے توتیا کو ہر دو حصہ پر چھڑک دیں شوربا یا دال مونگ کے معمولی شوربا میں لیموں کے ٹکڑوں کو نچوڑیں۔ اور قدرے نمک و پیاز سے بگھار لیں۔

دواء التودرپین۔ رنگ نکھارتی ہے۔ چہرہ سرخ کرتی ہے۔ آواز کھولتی ہے۔ فربہی لاتی اور قوت بڑھاتی ہے۔
استعمال۔ ا تولہ ہمراہ گائے کے دودھ کے استعمال کریں۔
نسخہ۔ تودری سرخ۔ تودری زرد ہر ایک ۵ ماشہ۔ شیر گاؤ ڈیڑھ پاؤ۔ بہمن سرخ۔ خولنجان۔ سونٹھ۔ دار چینی ہر ایک ۴ رتی۔ مصری ۳۵ ماشہ۔ حسب معمول دواء بنائیں (مجربہ علویخاں)

دواء الثوم۔ چوتھیہ میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ نوبت آنے سے پہلے تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ لہسن ۲ ماشہ۔ قسط۔ مغز جوز۔ ہر دو ۹ ماشہ تمام کو کوٹ کر شامل کر کے ایک خوراک بنالیں۔

دوائے جالینوس۔ دیوانہ کتے کے کاٹے میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام کو تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سرطاق محرق ۲ تولہ۔ کندر ا تولہ۔ مصری ۲ تولہ حسب دستور دوا تیار کریں۔

دواء جریان خاص۔ جریان میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ سے ۴ چاول بالائی میں رکھ کر کھائیں۔
نسخہ۔ سیماب مدبر ۶ ماشہ۔ قلعی ا تولہ۔ میٹھا تیلیا مدبر ۳ ماشہ۔ مرچ سفید دکھنی ۲ تولہ قلعی کو پگھلا کر پارہ ملائیں۔ اور خوب کھرل کریں۔ دیگر دواؤں کو جداگانہ پیس کر اس میں ملا کر کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

دوائے چھاجن۔ چھاجن میں بہت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ ادویہ کو جوش دے کر ہاتھ کو بخارات پہنچائیں۔
نسخہ۔ پوست نیم ۴ ماشہ۔ تومری ایک عدد دونوں کو کوٹ کر ۴ سیر پانی میں جوش دیں کہ نصف باقی رہ جائے۔ فائدہ۔ گاہے کا پھل بھی اضافہ کیا جاتا ہے۔

دواء الحرمل۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
نسخہ۔ ہزار اسپند۔ تخم ترب۔ ہینگ۔ مرکی۔ بورا ارمنی۔ نوشادر ہر ایک مساوی وزن بدستور تیار کریں۔

دواء الحلتیت۔ بخار نیز زہریلے جانوروں کے کاٹنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ چوتھیا میں سکنجبین کے ہمراہ اور زہریلے جانوروں کے کاٹنے میں شراب کے ساتھ ۶ ماشہ کی مقدار میں استعمال کریں۔
نسخہ۔ ہینگ۔ سداب۔ مرسیاہ مرچ ہر ایک مساوی وزن۔ بدستور دوا تیار کریں۔ اور چالیس روز کے بعد استعمال کریں۔

دواء الخسک۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ علی الصباح نہار منہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خسک بقدر ضرورت آب خسک حسب حاجت دودھ پاؤ سیر مصری ۳۵ تولہ۔ خسک خشک کو کوٹ کر آب خسک میں تین روز تر رکھیں۔ اور خشک کر لیں اور مصری دودھ میں شامل کر لیں۔ مندرجہ بالا صرف ایک خوراک کا وزن ہے سرد مزاج اشخاص میں سونٹھ یا عاقر قرحا وغیرہ کا اضافہ بہتر ہے۔

دوائے خنازیر۔ خنازیر و دیگر اورام صلبہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ دوا کو باریک کر کے مرہم داخلیون میں ملا کر خنازیر یا اورام پر ضماد کریں۔
نسخہ۔ بیخ سوسن آسماں گوں چھ ماشہ۔ مرہم داخلیون ایک تولہ۔

دوائے دراج۔ پرانی پیچش اور دستوں میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ مربائے بیلگری استعمال کریں۔
نسخہ۔ تیتر۔ ساق انار دانہ ہر دو مساوی وزن۔ تیتر ذبح کر کے پیٹ کی آلائش نکال دیں اور دوائیں مذکورہ پیٹ میں رکھ کر پیٹ کو بند کر کے اور گل حکمت کر کے تنور میں دبا دیں۔ جب وہ جل کر کوئلہ بن جائے تو نکال کر نان گندم سوختہ ہم وزن ملا کر سفوف تیار کریں (مجوزہ حکیم علی گیلانی)

دوائے دق الاطفال۔ بچوں کی دق یعنی مرض سوکھا کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ ۱ ماشہ ماں کے دودھ میں حل کر کے پلائیں۔

نسخہ۔ خاکسی مصفی ۱۰ تولہ شیر بز ڈیڑھ سیر۔ خاکسی کو دودھ میں جوش دیں اور کپڑے میں چھان کر خاکسی کو سایہ میں خشک کریں۔ اور دوبارہ اسی طرح اسی قدر دودھ میں جوش دے کر پھر چھان کر خشک کریں۔ اور پھر تیسری مرتبہ اسی طرح جوش دے کر خشک کرلیں۔

دوائے دماميل۔ دمل و اورام میں بہت مفید ہے۔

استعمال۔ دواؤں کو چنبیلی کے تیل میں ملا کر ضماد کریں۔

نسخہ۔ میعہ سائلہ ۴ ماشہ۔ تخم کتان۔ تخم حلبہ ہر ایک دس ماشہ۔ موم سفید بیس ماشہ۔ سب کو باریک کر کے روغن چنبیلی میں ملا کر ضماد کریں۔

دوائے زبان حامض۔ خصیہ اور عضو مخصوص نیز تمام بدن کی خارش میں مفید ہے۔

استعمال۔ بدن پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ انار ترش ۱ عدد۔ سرکہ انگوری حسب ضرورت۔ کبریت زرد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ توتیائے کرمانی۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز خیارین۔ مغز تخم کدو۔ تخم پنواڑ پوست کدو سوختہ۔ رسوت ہر ایک ۴ ماشہ۔ روغن بقدر حاجت۔ انار کو سرکہ انگوری میں ڈال کر تانبے کے بغیر قلعی کے برتن میں پکائیں۔ جب خوب پک جائے تو ہاون دستہ میں ڈال کر اور دیگر دواؤں کو ملا کر کوٹ کر روغن گل شامل کر کے بطور مرہم تیار کریں۔

دوائے ۱۰ لسحج۔ پیچش اور مروڑ میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ صمغ عربی۔ گل قبرسی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ اقاقیا۔ ریشہ برگد۔ کہرباء۔ بسد مروارید ہر ایک تین ماشہ۔ تخم حماض ۵ ماشہ۔ تخم خرفہ بریان ۷ ماشہ۔ بدستور سفوف تیار کریں۔

دوائے سرخبادہ۔ سرخبادہ میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ علی الصباح جوشاندہ استعمال کریں۔ لیکن بہتر ہے کہ عورت ایام حیض میں شروع کرے۔ تاکہ بچہ اس مرض سے محفوظ رہے۔
نسخہ۔ عناب ۷ دانہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ شاہترہ ۷ ماشہ۔ برگ حنا۔ گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ۔ پوست درخت کچنال ۴ ماشہ۔ برم ڈنڈی نیلکنٹھی ہر ایک ۳ ماشہ۔ سرپھوکہ ۵ ماشہ۔ منڈی ۴ ماشہ۔ شکر سفید ۲ تولہ سب کو پانی میں جوش دے کر جوشاندہ تیار کریں۔

دوائے سوزاک۔ نئے اور پرانے سوزاک میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۱ ماشہ دوا شربت بزوری ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گندھک ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ پھٹکڑی بریاں ایک تولہ گندھک اور شورہ کو پیس کر لوہے کی کڑاہی میں ڈالیں۔ اور اوپر سے دوسری کڑاہی ڈھک کر گل حکمت کر کے چولھے پر رکھ کر نرم آنچ کریں۔ جب وہ جل کر مثل میدہ کے ہو جائے اتار کر پھٹکڑی بریاں ملا لیں۔

دوائے سیاہ۔ سودا کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے۔ آتشکی مادہ کو نکالتی ہے۔ آتشک کے لئے آزمودہ و مجرب ہے۔
استعمال۔ ۳ سرخ قدرے دودھ میں حل کر کے پی لیں۔ اوپر سے آدھ سیر دودھ پی لیں۔
نسخہ۔ پارہ ۔ گندھک ہر ایک مساوی الوزن۔ مغز حب السلاطین مدبر دو چند وزن گندھک ۔ سنگ بھری برابر وزن گندھک۔ پارہ اور گندھک کی کجلی کریں۔ یعنی کھرل میں خوب باریک پیس لیں اور پھر مغز حب السلاطین کو شامل کر کے دوبارہ پیسیں۔ اسی طرح سنگ بھری کو شامل کر کے پیسیں۔ جب سنگ بھری کسی قدر باریک ہو جائے تو مٹی کے نئے پیالہ میں دوا رکھ کر کھرل کو دھو کر پانی کو خشک کر دیں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ دوران استعمال میں دودھ چاول استعمال کریں۔

دوا سیاہ پیچش۔ دموی اور سدی پیچش میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ زلال برنج ساٹھی ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ شکر سفید ۱۰ تولہ۔ ہلیلہ کو گھی سے چرب کر کے کوٹ چھان لیں اور شکر ملا کر سفوف بنا لیں۔

دواءِ سیاہ جریان۔ جریان میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ دو چاول ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ سیسہ حسب ضرورت ۔ شکر قدر قلیل۔ سیسہ کو لوہے کی کڑاہی میں پگھلا کر سانجنہ کی لکڑی سے چلائیں۔ اور کچی شکر چھڑک دیں۔ خاک ہو جانے پر نکال کر نگاہ رکھیں۔

دوائے طحال۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں بالخصوص مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ چاول تپاشہ میں رکھ کر حلق میں چھوڑ لیں۔ اور اوپر سے بکری کا دودھ پی لیں۔
نسخہ۔ پھٹکڑی۔ سجی۔ توتیا سبز ہر ایک ۱ تولہ۔ عرق گاؤزبان پانی ہر ایک ایک سیر۔ دواؤں کو تانبے کے برتن میں ڈال کر پانی اور عرق سے تر رکھیں پھر جوش دے کر خشک کر لیں۔

دوائے غذائی۔ تقویت باہ اور تولید منی میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصباح ۶ تولہ گائے کے دودھ ڈیڑھ پاؤ کے ساتھ استعمال کر لیں۔

دوائے غذائی۔ تقویت باہ اور تولید منی میں مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصباح ۶ تولہ گائے کے دودھ ڈیڑھ پاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سویق گندم (گیہوں کا ستو) ۱ سیر۔ شکر سفید ۱ سیر۔ مغاث بغدادی بہمن سفید۔ جوز گندم۔ نرکچور۔ کتیرا۔ تخم خشخاش۔ کہربا ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ روغن زرد حسب ضرورت ستو کو گھی میں بھون کر شکر کے ساتھ ملا کر حلوا تیار کریں۔ اور اخر تیاری میں دوائیں مذکورہ کوٹ کر چھان کر شامل کر لیں۔

دواء قشر بیض۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو توڑنے میں مجرب ہے

استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست بیضہ مرغ۔ کانچ شامی۔ نانخواہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ صمغ آلو ۷ ماشہ پوست بیضہ اور کانچ کو جلا کر دیگر دواؤں کو شامل کر کے سفوف تیار کریں (مجربہ انطاکی)

دوائے قوئی اربعہ۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ قبض کو رفع کرتی ہے۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دینے میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔ غذا سے پہلے یا غذا کے بعد استعمال کریں۔
نسخہ۔ انار دانہ ۱۸ تولہ۔ سونٹھ۔ زیرہ سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ تربد سفید زیرہ سیاہ تخم جرجیر۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک سنگ ہر ایک ۳ تولہ۔ بدستور دوا تیار کریں۔

دواء الکبریت۔ سرد مزاج اشخاص کے معدہ اور آنتوں کو قوت بخشنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بالچھڑ۔ قسط تج۔ مصطگی۔ حب الغار۔ سونٹھ۔ لونگ۔ بسباسہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ زراوند طویل۔ فلفل سیاہ۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ نانخواہ ۔ اسارون زیرہ کرمانی۔ قنطوریون۔ کبریت زرد۔ انجدان (بیخ درخت ہینگ) پودینہ دشتی پودینہ خشک۔ تخم انجرہ۔ کندر ہر ایک ۲ تولہ۔ عود ہندی۔ فلفل سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ مشک تبتی۔ افیون ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت حسب معمول بطور معجون تیار کریں۔

بنسخہ دیگر۔ گندھک مصفی ایک تولہ۔ بالچھڑ۔ قسط۔ تج۔ مصطگی۔ سونٹھ لونگ۔ بسباسہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سیاہ مرچ۔ کرفس۔ انیسون۔ اجوائن دیسی۔ زیرہ سیاہ۔ پودینہ جنگلی ہر ایک ۹ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول تیار کریں اور بدستور سابق کام میں لائیں۔ نیز ہر دو نسخہ جات کو تیاری کے چھ مہینہ بعد استعمال کرنا مناسب ہے۔

دواء الکرکم صغیر۔ جگر اور تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ استسقاء میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ عرق مکوہ عرق کاسنی ۶ تولہ۔ شربت دینار ۴ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زعفران۔ تج۔ باچھڑ ہر ایک ۷ ماشہ۔ فقاح اذخر (اذخر کی کلی) مرکی قسط۔ دار چینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ۲۴ گھنٹہ شراب میں تر رکھیں اور شہد کے قوام میں معجون تیار کریں۔

دواء الکرکم کبیر۔ سدہ کھولتی ہے۔ مثانہ اور گردوں کو قوت بخشتی ہے جگر کے ورم کو تحلیل کرتی ہے اور استسقاء کو زائل کرتی ہے۔ تلی اور جگر کی سرد بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا ۵ تولہ۔ شربت دینار ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زعفران ۴ تولہ ۔ باچھڑ ۲ تولہ۔ روغن بلسان ا تولہ۔ اسارون انیسون پپلا مول۔ ریوند چینی۔ دوقو۔ مرصاف ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ مجیٹھ ۷ ماشہ۔ قسط ۔ تج۔ فقاح اذخر۔ حب بلسان ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد خالص تین پاؤ بدستور سابق تیار کریں۔

دواء الکمون۔ دستوں کو بند کرنے میں مفید ہے۔
استعمال:۔ بناسبت عمر ۲ سے ۵ رتی تک شربت حب الاس ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زیرہ سفید ۴ رتی غنچہ انار (انار کی کلی) ا عدد۔ برگ درخت مغیلاں تازہ ۳ رتی۔ تمام کو پانی کے ساتھ آہستہ آہستہ پیس کر تیار کریں۔

دواء الک صغیر۔ جگر اور تلی کے امراض میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔
نسخہ۔ لک مغسول۔ قسط تلخ۔ فقاح اذخر۔ ترمس۔ حب الغار۔ میتھی۔ فلفل ہر ایک ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۴ تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول معجون بنائیں

دواء الک کبیر۔ جگر اور تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ سدہ کھولتی ہے مثانہ اور گردہ کی پتھری توڑتی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا ٦ تولہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ لک مغسول۔ دوقو۔ تخم کرفس کوہی۔ زیرہ کرمانی۔ زنجبیل ہر ایک ۲۸ ماشہ دار فلفل۔ زوفا خشک ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ پکھان بید۔ زراوند مدحرج ہر ایک ۳ ماشہ ایلوا۔ باچھڑ ہر ایک ۴ تولہ۔ مجیٹھ ۵ تولہ ۔ حب بلسان۔ تج مصطگی۔ گوگل چرائتہ اسارون ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ کندر ۱۴ ماشہ۔ زراوند طویل ہر ایک ۱۰ ماشہ ریوند۔ اذخر ہر ایک ۷ ماشہ ۔ فلفل۔ قسط ہر ایک ۳۵ ماشہ رب السوس ۷ تولہ انجدان رومی ۱۰ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ حسب معمول معجون تیار کریں۔

دوائے مبہی۔ تقویت باہ کے لئے بے نظیر ہے۔ منی کو زیادہ کرتی ہے۔ بدن کو قوت دیتی اور فربہ کرتی ہے۔
استعمال۔ روزانہ ایک خوراک تیار کر کے استعمال کریں۔ ترش اشیاء سے احتراز کریں۔ مغزیات کا استعمال رکھیں۔
نسخہ۔ زردی و سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد۔ روغن زرد۔ آب پیاز آب گاجر شہد خالص ہر ایک ہم وزن۔ زردی سفیدی سب کو باہم ملا کر نرم آنچ پر پکا کر روزانہ استعمال کریں۔ یہ سب ایک خوراک ہے۔

دوائے مبل۔ استقرار حمل میں مفید ہے۔
استعمال۔ ا تولہ گھی شامل کر کے استعمال کریں۔ اسی طرح دوسرا اور تیسرا حصہ شام اور صبح کو کھائیں۔
نسخہ۔ تخم زردک۔ بادیان۔ تخم بابونگ۔ سونٹھ۔ زرچوب۔ انبہ ہلدی ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۷ ماشہ۔ تمام دواؤں کو جو کوب کر کے علیحدہ علیحدہ تین حصہ کریں ایک حصہ مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب دو چھٹانک رہ جائے اتار کر گڑ میں ملائیں۔

دوائے مخدر۔ جوڑوں کے درد کو تسکین دیتی ہے۔ استعمال ایک گولی ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ تخم کاہو بزرالبنج۔ ہر ایک ۳۵ ماشہ ۔ شیطرج ہندی۔ افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔ حسب معمول چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

دوائے مسقط۔ اسقاط حمل میں عجیب الاثر ہے۔
استعمال۔ ۹ تولہ ہمراہ آب سداب استعمال کریں۔
نسخہ۔ مجیٹھ۔ تج۔ خرفہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ کنجد سیاہ۔ نخود سیاہ ہر ایک ۲ تولہ میتھی ۶ تولہ۔ خستہ خرما (چھوارہ کی گٹھلی) ۴۴ تولہ پانی میں جوش دے کر سب کو صاف کر لیں۔

دواء المسک بارد سادہ۔ فرحت بخشتی ہے۔ اور دل و دماغ کو قوت دیتی ہے۔ معدہ کی کمزوری کو زائل کرتی ہے۔ مرض استرخاء اور کزاز نیز دیگر سوداوی امراض میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ عرق گاؤ زبان ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ابریشم خام مقرض۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ مغز کدو شیریں۔ گل گاؤزبان۔ مشک خالص ہر ایک ۲ ماشہ۔ کہربا ۹ ماشہ۔ رب سیب شیریں ۹ تولہ۔ قند سفید ۱۹ تولہ۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ عرق کیوڑہ ۹ تولہ۔ بدستور معروف بطور معجون تیار کریں۔

دوا المسک بارد جواہر والی۔ یہ تقویت قلب اور تفریح میں دواء المسک سادہ سے قوی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۵ تولہ و عرق گلاب ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مذکورہ بالا اجزاء میں مروارید ناسفتہ۔ عنبر ہر ایک ۵ ماشہ اضافہ کریں۔

دواء المسک حار سادہ۔ معدہ کو قوی کرتی ہے۔ اور رطوبتوں کو خشک کرتی ہے۔ نیز دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے۔ مالیخولیا خفقان اور کزاز۔ فالج ۔لقوہ وغیرہ سرد امراض میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال ۵ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۹ تولہ۔ عرق عنبر ۳ تولہ مصری ۲ تولہ ڈال کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ زرنجور۔ درونج عقربی ہر ایک ۳ تولہ۔ ابریشم مقرض ۲ تولہ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ بالچھڑ۔ ساذج ہندی۔ الائچی خورد۔ لونگ ہر ایک ایک تولہ اشنہ۔ دار فلفل۔ سونٹھ ہر ایک ا تولہ ۔ مشک ۷ ماشہ۔ کہرباء شمعی۔ بسد احمر ہر ایک ۳ تولہ شہد ایک سیر بطریق معجون تیار کریں۔

دواء المسک حار جواہر والی۔ یہ حار سادہ سے زیادہ مفید اور مقوی ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ عرق گذر سادہ ۴ تولہ عرق عنبر ۳ تولہ مصری ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ اجزاء مذکور میں مروارید ناسفتہ ۳ تولہ اضافہ کریں۔

دواء المسک مر۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ مرگی و خفقان سوداوی میں مفید ہے۔ نیز ہر قسم کے درد کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کے ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔

استعمال۔ ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ افسنتین رومی۔ صبر سقوطری ہر ایک ۴۵ ماشہ۔ بالچھڑ۔ مرکی ہر ایک ۱۴ ماشہ ریوند چینی۔ پودینہ۔ نانخواہ۔ زعفران۔ تخم کرفس۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ مشک ناروین ساذج ہندی۔ مروارید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ جندبید ستر ۴ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔

دواء المسک معتدل۔ سادہ معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ۔ عرق گذر سادہ ۴ تولہ عرق عنبر ۴ تولہ نبات سفید ۲ تولہ ڈال کر استعمال کریں۔

نسخہ۔ گل سرخ ابریشم مقرض۔ دار چینی ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ درونج عقربی زعفران ہر ایک ۷ ماشہ عود ہندی۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۵ ماشہ ۔ مصطگی۔ اشنہ ۔ الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱ ماشہ۔ زرشک ایک تولہ۔ طباشیر سفید۔ صندل سفید ۔ صندل سرخ۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ آملہ منقیٰ۔ بسد تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۱۰ ماشہ مشک تبتی ۱ ماشہ۔ رب سیب شیریں۔ قند سفید۔ شہد خالص ہر ایک مساوی وزن ادویہ۔ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

دواء المسک معتدل جواہر والی۔ معدہ جگر اور دل کو قوت بخشتی ہے۔ سوداوی بخارات کو تحلیل کرتی ہے۔ سوداوی خفقان اور مالیخولیائے مراقی میں بالخصوص فائدہ مند ہے۔

استعمال۔ ۳ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ عرق گذر ۳ تولہ عرق عنبر ۲

تولہ۔ نبات سفید ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ مندرجہ بالا معتدل سادہ کے اجزاء میں مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی ہر ایک ۴ ماشہ۔ عنبر اشہب ۱ ماشہ اضافہ کریں۔

دوائے معتدل۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری کو توڑ کر باہر خارج کرتی ہے۔ استعمال۔ ۸ ماشہ شربت بزوری ۱ تولہ میں ملا کر چٹائیں۔ اور اوپر سے تخم خبازی تخم خرپزہ۔ خارخسک ہر ایک ۵ ماشہ کا پانی میں شیرہ نکال کر پلائیں۔
نسخہ۔ حجرالیہود۔ سنگ سرماہی۔ حب القلت۔ تخم ترب ہر ایک ۲ ماشہ سب کو پیس کر رکھیں۔

دوائے منفجر۔ پھوڑے اور دمل کو پھوڑتی ہے۔
استعمال۔ مقام ماؤف پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ چونہ قلعی آب نارسیدہ ۹ ماشہ۔ بجی ۴ ماشہ دونوں کو پانی کے ہمراہ خمیرہ کریں۔ تقویت اثر کے لئے گاہے پوست درخت پیپل ۱۰ ماشہ کا اضافہ کرتے ہیں۔ یاد ہے کہ ضماد مذکورہ سوائے مقام ماؤف دوسرے حصہ پر نہ لگنے پائے۔

دوائے مہاسہ۔ چہرے کے داغ چھائیں اور مہاسوں کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے
استعمال۔ روزانہ علی الصباح چہرے پر مل کر دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے دھو دیں
نسخہ۔ پوست درخت سرس۔ کنجد سیاہ ہر ایک مساوی وزن سب کو پیس کر لیپ تیار کریں۔

دیگ بردیگ۔ بواسیر مسوں کو دور کرتی ہے۔ اور کاٹ کر گراتی ہے۔
استعمال۔ ۲ رتی یا کچھ زیادہ مسوں پر چھڑکیں۔
نسخہ۔ پارہ نوشادر ہر ایک ۱ حصہ۔ کندر۔ زرنیخ زرد سودہ ہر ایک ۲ حصہ تمام اجزاء کو سرکہ میں تر رکھیں۔ یہاں تک کہ پارہ کشتہ ہو جائے۔ خشک ہونے پر سرد پانی سے تر رکھیں۔ اور ایک دیگ میں رکھ کر دوسری اوپر ڈھک کر نرم آنچ کریں۔ یہاں تک کہ وہ لبذریعہ بخارات اوپر والی دیگ میں جم جائے۔

دیا قوزہ۔ سینہ کو صاف کرتا ہے۔ خشک کھانسی اور نزلہ میں خاص کر مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ سے ۲ ماشہ تک عرق گاؤ زبان ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ کوکنار مسلم ۱۰ عدد۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ بہدانہ ہر ایک ۹ ماشہ اصل السوس مقشر ۳ تولہ اسپغول مسلم ۲ تولہ شہد خالص ۲۰ تولہ۔ مصری ۴۰ تولہ۔ رب السوس۔ کتیرا صمغ عربی۔ شکر تیغال

ہر ایک ۴ ماشہ رب السوس وغیرہ کے علاوہ دواؤں کو رات کو گرم پانی میں بھگوئیں صبح جوش دیں جب نصف رہ جائے۔ تو مصری اور شہد کا قوام کر کے رب السوس وغیرہ پیس کر قوام میں شامل کر اور ۲ تولہ ہمراہ تازہ پانی یا بغیر کسی بدرقہ کے استعمال کریں۔

باب الذال

ذرور۔ دواؤں کو خشک پیس کر زخموں وغیرہ پر چھڑکنے کو ذرور کہتے ہیں۔

ذرور ابیض۔ دانت اور مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ دانتوں پر نزلہ گرنے سے روکتا ہے۔

استعمال۔ بدستور معلوم استعمال کریں۔

نسخہ۔ عاقر قرحا۔ وج ترکی۔ کزمازج۔ سعد کوفی ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ پوست انار ماذو سبز۔ پوست کندر۔ گلنار فارسی۔ گل سرخ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سمندر جھاگ۔ نمک طبرزدی۔ شب یمانی۔ صدف سوختہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ فلفل سفید۔ مصطگی۔ عود بلسان ایک ۳ ماشہ۔ مروارید۔ بسد۔ خاکستر چینی سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ فیلگوش سوختہ۔ بیخ سوسن کبود ہر ایک ۴ ماشہ۔ شاخ گوزن کوہی سوختہ۔ ۱۲ ماشہ۔ اشنہ ہلیلہ۔ طباشیر۔ تخم خرفہ۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ کشنیز۔ خشک بریاں۔ آرد مسور ہر ایک ۲۵ ماشہ۔ کوفتہ بیختہ۔ کافور قیصوری ۲ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر کافور شامل کر کے ذرور تیار کریں۔

ذرور اربعہ۔ زخموں سے خون رسنے کو بند کرتا ہے۔ اور جلدی بھر دیتا ہے

استعمال۔ بدستور سابق کام میں لائیں۔

نسخہ۔ کندر۔ انزروت۔ دم الاخوین۔ ہر ایک مساوی الوزن حسب معمول تیار کریں

ذرور اسود۔ مسوڑوں سے خون بہنے کو روکتا ہے۔ اور فاسد گوشت کو کاٹتا ہے۔

استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔

نسخہ۔ چھالیہ کہنہ۔ گلنار فارسی ہر ایک ۹ ماشہ ۔ شاخ بز کوہی سوختہ ایک تولہ کاغذ خطائی سوختہ ۴ ماشہ۔ نمک شورہ شہد میں حل کر کے جلایا ہوا۔ سماق۔ سعد کوفی ہر ایک ۹ ماشہ۔ جو مقشر سوختہ۔ طباشیر۔ غنچہ گل سرخ۔ ہر ایک ۵ ماشہ نمک اندرانی عاقر قرحا۔ شب یمانی ہر ایک ۳ ماشہ۔ کزمازج۔ استخوان۔ ہلیلہ زرد۔ انجبار۔ عود خام سوختہ۔ صندل سفید۔ سک۔ رامک۔ پوست ترنج۔ لونگ۔ برگ مورد۔ حب الآس۔ شاخ گوزن سوختہ۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ دم الاخوین۔ کندر۔ لوخر کی

ہر ایک ۳ ماشہ حسب معمول ذرور تیار کریں۔

ذرور اسیقولان۔ پرانے زخموں کو جلد بھرتا ہے۔
استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل ارمنی۔ گل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ جفت بلوط ۴ ماشہ۔ مرصاف ۴ ماشہ کندر ۷ ماشہ۔ گلنار ایک تولہ۔ تمام کو کوٹ کر ریشمی کپڑے میں چھان لیں

ذرور اصفر صغیر۔ آشوب چشم میں نافع ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آنکھ میں چھڑکیں۔
نسخہ۔ انزروت ۲۱ ماشہ۔ شیاف مامیثا ۱۰ ماشہ ایڈ ۱ ماشہ حسب معمول ذرور بنائیں۔

ذرور اعظم۔ تشکی زخموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔
نسخہ۔ سفید آب قلعی۔ توتیائے کرمانی شستہ۔ کندر ہر ایک ۳ ماشہ۔ موئے سر آدمی سوختہ۔ گلنار۔ شاخ گوزن سوختہ۔ برگ عناب۔ گل ارمنی ہر ایک ۶ ماشہ تمام کو کوٹ کر ریشمی کپڑے میں چھان کر سفوف بنائیں۔

ذرور انزروت۔ زخموں کو بھرتا ہے۔ اور جلد گوشت جماتا ہے۔
استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔
نسخہ۔ کندر۔ مرصاف۔ دم الاخوین۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ تانبہ سوختہ ۱۸ ماشہ انزروت۔ پوست انار۔ لاژشب یمانی کاغذ سوختہ ہر ایک ۳ تولہ حسب معمول ذرور تیار کریں۔

ذرور چشخام۔ ہر قسم کے آشوب میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آنکھ میں ڈالیں۔
نسخہ۔ چاکسو مقشر ۶ ماشہ۔ مصری۔ مامیراں چینی ہر ایک ۳ ماشہ بدستور معروف تیار کریں۔

ذرور شعر۔ منہ کے زخموں کو خشک کرتا ہے اور سوزش کو تسکین دیتا ہے۔
استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔
نسخہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ تخم ریحان ۲ ماشہ۔ پوست پیاز۔ سوختہ ۴ ماشہ موئے آدمی سوختہ ۹ ماشہ۔ حسب معمول ذرور بنائیں۔

ذرور قرطاس۔ گوشت خوردہ میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ زخموں پر چھڑکیں۔
نسخہ۔ سیسہ سوختہ ۲۱ ماشہ۔ ہڑتال۔ گندھک زرد۔ ہر ایک ۴ تولہ کاغذ سوختہ ۷ تولہ بدستور معروف کوٹ چھان کر دوا تیار کریں۔

ذرور کتھ۔ منہ آنے میں خصوصیت سے نافع ہے۔ استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔

نسخہ ذرور۔ کتھ سفید۔ کباب چینی۔ دانہ الائچی خورد۔ طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ حسب دستور ذرور بنائیں۔

ذرور کافوری۔ آشوب چشم اور آنکھ کی سوزش و جلن کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ حسب حاجت آنکھ میں چھڑکیں۔
نسخہ۔ صدف سوختہ۔ موارید ناسفتہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ نشاستہ ۴ ماشہ۔ کافور ۴ رتی۔ کوٹ چھان کر ذرور بنائیں۔

ذرور گاؤزبان۔ بچوں کے منہ آنے نیز بلغمی جوشش دہن میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول کام میں لائیں۔ نسخہ۔ گاؤ زبان سوختہ۔ عود بلسان سوختہ۔ جو سوختہ۔ دھنیہ سوختہ۔ ہر ایک ۲ ماشہ سب کو باریک پیس کر بطور سفوف تیار کریں۔

ذرور مامیراں۔ بینائی کو قوت دیتا ہے اور آنکھ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آنکھ میں چھڑکیں۔ نسخہ۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ مامیراں۔ فلفل۔ فلفل دراز۔ توتیائے کرمانی مغسول صمغ عربی ہر ایک مساوی وزن حسب معمول ذرور تیار کریں۔

ذرور مردار سنگ۔ آلہ مخصوصہ کے تشکی زخموں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ شادنج۔ مغسول سقوطری۔ مردار سنگ۔ پوست کدو سوختہ تمام مساوی الوزن۔ بدستور سابق ذرور تیار کریں۔

ذرور ملحم۔ زخموں کے بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ تھوڑا تھوڑا

زخموں پر چھڑکتے رہیں۔ نسخہ۔ گلنار۔ زیرہ گل سرخ۔ کندر۔ مرکی۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ کوٹ چھان کر ذرور بنائیں۔

ذرور ملکایا۔ ابتدائے آشوب چشم میں مفید ہے۔
استعمال۔ آنکھ میں چھڑکیں۔
نسخہ۔ انزورت (پروردہ بہ شیر خر) نشاستہ۔ صمغ عربی۔ مصری ہر ایک مساوی الوزن۔ کوٹ پیس کر ریشمی کپڑے میں چھان لیں۔

ذرور وردی ابیض۔ آنکھ دکھنے میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ابتداء آشوب میں آنکھ میں ڈالیں۔
نسخہ۔ اقلیمیائے فضہ۔ سفید آب۔ صبر سقوطری۔ ہر ایک ۷ ماشہ کتیرا ۶ تولہ۔ صمغ عربی ۲ تولہ۔ گل سفید ۷ تولہ۔ نشاستہ ۹ تولہ۔ افیون ۳ تولہ۔ بالیان سبز کے پانی میں سب کو کھرل کر کے خشک کرلیں۔

باب الراء

رب۔ (ست یا شیرہ) پھل یا میوہ وغیرہ کے صاف نچوڑے ہوئے پانی کو جو آگ پر جوش دے کر یا دھوپ میں رکھ کر غلیظ کر لیا گیا ہو۔ اصطلاح طب میں رب یا ست یا شیرہ کہتے ہیں۔ چنانچہ۔ سیب۔ انار۔ انگور۔ بہی وغیرہ کا رب اسی طرح تیار کرتے ہیں۔

رب انار شیریں۔ فرحت بخشا ہے۔ قے اور متلی کو روکتا ہے۔ اور دستوں کو بند کرتا ہے نیز دل کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصباح بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انار ترش ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر آب انار میں شکر سفید ملا کر رب کا قوام کر کے اتار کر محفوظ رکھیں۔

رب انار شیریں۔ پیاس بجھاتا۔ دل و دماغ کو قوت دیتا اور فرحت بخشا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان عرق نیلو فر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ رب انار شیریں ایک سیر شکر سفید ۲ سیر۔ دونوں کو باہم ملا کر بدستور سابق رب تیار کریں۔

رب انگور ترش۔ گھبراہٹ اور پریشانی کو دور کرتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ و عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور ترش ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر دستور سابق رب تیار کریں۔

رب انگور ترش۔ گھبراہٹ اور پریشانی کو دور کرتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ و عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور ترش ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر دستور سابق رب تیار کریں۔

رب انگور شیریں۔ قے کو روکتا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ معدہ کی کمزوری کو زائل
کرتا ہے۔ اور دل کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور شیریں ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بدستور معروف تیار کریں۔

رب بہی شیریں۔ معدہ کو قوی کرتا ہے۔ اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ نیز قے کو روکتا
ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۶ تولہ و عرق بادیان ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بہی تازہ ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بہی کو چھیل کر اور قاشیں کر کے بیج نکال دیں۔ اور پانی
میں جوش دیں۔ جب نرم ہو جائیں تو چھان کر شکر سفید شامل کر کے رب کے قوام پر لے آئیں۔
بنسخہ دیگر آب بہی ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر بہی کو کچل کر عرق نکالیں اور شکر ملا کر قوام پر لے
آئیں۔

رب جامن۔ جگر اور معدہ کی اصلاح کرتا ہے اور قوت دیتا ہے۔ نیز تلی کے ورم کو
تحلیل کرنے میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب جامن سیاہ ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بدستور سابق دونوں کو ملا کر قوام پر لے آئیں۔

رب سیب۔ جگر اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ دل اور دماغ کی کمزوری کو زائل کرتا ہے۔
اور فم معدہ پر انصباب مواد کو روکتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں۔

نوٹ۔ آب سیب ایک سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ بدستور سابق تیار کریں (یا ترکیب رب بھی بتائیں)

روغن یا تیل

روغن بنانے کے طریقے۔ اگر ایسی ادویہ کا روغن حاصل کرنا ہو۔ جن کے اندر روغنی اجزاء موجود نہ ہوں۔ یا بہت ہی کم ہوں۔ تو اس کی ترکیب یہ ہے کہ اگر دوائیں پھولوں کی قسم سے ہوں۔ اور پھول تازہ ہوں۔ تو تازہ صاف شدہ پھول چار حصہ لے کر پانچ حصے تلوں کے تیل میں ڈال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ دس بارہ دن تک دھوپ دینے سے جب پھول اچھی طرح مرجھا جائیں۔ تو پھولوں کو ہاتھ سے خوب مل کر چھان لیں۔ اور تیل کو شیشہ میں بھر کر رکھیں۔ اگر قوی الاثر تیل بنانا مقصود ہو۔ تو اسی تیل میں دوسری مرتبہ تین حصہ اور تیسری مرتبہ دو حصہ پھول مل کر دھوپ دیں۔ اور صاف کر کے رکھیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ تازہ پھولوں کا رس نچوڑ تین حصے میں دو حصے تلوں کا تیل ملا کر اس قدر پکائیں کہ سب پانی جل جائے۔ اور تیل باقی رہ جائے جس قدر نرم آنچ پر پکائیں گے۔ اسی قدر بہتر اور عمدہ تیل ہوگا۔ اس کے بعد چھان کر تیل رکھ لیں۔ اگر دوائیں یا پھول خشک ہوں تو پہلے ایک دن رات انہیں پانی میں بھگو کر آگ پر جوش دیں۔ اور چھان کر جوشاندہ کا نصف وزن تلوں کا تیل ملا کر آگ پر جوش دیں۔ کہ پانی سب جل جائے جب صرف تیل رہ جائے تو چھان کر رکھیں۔

اس کے علاوہ یہ بھی طریقہ ہے کہ دواؤں کو تلوں کو تیل میں اتنا پکائیں کہ وہ سرخ مائل بہ سیاہی ہو جائے پھر چھان کر رکھ لیں۔

اگر پھولوں کے علاوہ سبز پتیوں یا تازہ جڑوں کا تیل بنانا ہو۔ تو ان کا رس (شیرہ) نکال کر تلوں کے تیل میں پکائیں۔ لیکن اگر پتے یا جڑیں خشک ہوں تو خشک پھولوں کی طرح اول جوشاندہ بنا لیں۔ پھر تیل میں پکا کر چھان کر رکھیں۔ اگر تیل میں زعفران۔ کافور وغیرہ جیسی خوشبو دار دوائیں شامل کرنی ہوں تو تیل کو آگ سے اتار کر صاف کرنے کے بعد خوشبو دار دوا ملا دینی چاہیے۔

روغن آجر۔ جوڑوں کے درد نیز بلغمی بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ مقام ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ خشت پختہ آب نادیدہ۔ روغن زیت۔ حسب ضرورت۔ اینٹ کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے آگ میں سرخ کر کے روغن مذکور میں بجھا کر سرد کریں۔ بعد ٹکڑوں کو باریک کر کے آتشی شیشہ میں ڈال کر بطریق معروف روغن کشید کریں۔

روغن ارنڈی۔ معدہ کے تمام فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے اور بطور مالش جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ تولہ نیم گرم دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز ارنڈی حسب ضرورت۔ مغز ارنڈی کو تھوڑا سا پانی ڈال کر باریک پیسیں اور دیگچی میں پانی ڈال کر پسے ہوئے مغز کو اس میں حل کر دیں۔ جب جوش آ جائے اور تیل پانی پر معلوم ہونے لگے۔ تو تیل کو اتار لیں اور دوبارہ جوش دے کر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن اسقیل۔ سکتہ فالج۔ استرخاء اور دیگر امراض بلغمی میں خاص کر نافع ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ اسقیل تازہ ۱۲ تولہ روغن تلخ ایک سیر ۷ تولہ۔ عاقر قرحا۔ جند بید ستر رائی۔ قسط تلخ۔ فرفیون ہر ایک ۵ ماشہ۔ مشک تبتی ۳ ماشہ۔ اسقیل (کولیکاندا) کو تیل میں اس قدر پکائیں۔ کہ وہ آسانی سے ملا جا سکے۔ پھر حل کر اور بقیہ دوائیں پیس کر شامل کر کے اچھی طرح ملا کر محفوظ رکھیں۔ تیل کا استعمال تنقیہ کے بعد کرنا چاہیئے۔

روغن اعظم۔ کان کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ گرانی اور بھنبھناہٹ کو زائل کرتا ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے اور کان کے کیڑوں کو مارتا ہے۔
استعمال۔ بوقت حاجت نیم گرم کر کے کان میں ٹپکائیں۔
نسخہ۔ افسنتین۔ زرد چوب مقشر۔ ہر ایک ایک تولہ۔ قسط تلخ۔ مغز بادام تلخ ہر ایک ۲ تولہ۔ اجوائین۔ سونٹھ ہر ایک چھ ماشہ۔ اصل السوس ۷ ماشہ۔ ہینگ۔ بورہ ارمنی تخم حنظل ہر ایک ۳ ماشہ۔ عاقر قرحا ۲ ماشہ۔ پیاز سفید ۲ عدد عرق برگ سداب سبز۔ عرق برگ

مرو سبز۔ عرق برگ کریلا۔ عرق مولی سبز۔ عرق برگ سدرشن شراب ہر ایک ۵ تولہ روغن کنجد پاؤ سیر۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے گائے کے پتہ میں رات کو تر رکھیں۔ جب کسی قدر تر ہو جائیں تو صبح کو عرقیات مذکورہ نیز روغن کنجد میں جوش دیں۔ جب پانی وغیرہ جل جائے تو تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔ (مولفہ مجربہ اعظم خاں)

روغن افستیین۔ ثقل ساعت میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

نسخہ۔ افستیین رومی۔ آب مولی سبز۔ روغن گل۔ روغن بادام تلخ ہر ایک ۶ ماشہ۔ مومیائی اصل۔ افستیین کو مولی کے عرق میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے۔ تو روغن گل اور روغن بادام شامل کر کے دوبارہ جوش دیں۔ صرف روغن رہ جانے پر مومیائی حل کر کے محفوظ رکھیں۔ (منقول از ذکائی)

روغن آملہ۔ آتشک کے لئے خصوصیت سے نافع ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ نبات سفید استعمال کریں۔

نسخہ۔ آب آملہ سبز ایک سیر۔ روغن گاؤ ادھ سیر۔ آب آملہ کو گھی میں جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن اوراق۔ فالج اور دیگر بلغمی امراض نیز جوڑوں کے درد میں مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ نیم گرم مالش کر کے اوپر سے ارنڈ کے پتے باندھ دیں۔

نسخہ۔ برگ آک۔ برگ بکائن۔ برگ ارنڈ۔ برگ سنبھالو۔ برگ سہنجنہ۔ برگ دھتورہ سیاہ۔ برگ تھوہر۔ برگ بھنگرہ۔ روغن کنجد۔ حسب ضرورت پتوں کو کوٹ کر عرق نکالیں۔ اور تل کے تیل میں ملا کر جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے رکھیں۔

روغن بابونہ۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ کان، کمر اور جوڑوں کے درد نیز ریاحی دردوں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ گل بابونہ ۱۱ تولہ ۔ روغن کنجد۔ دونوں کو ملا کر برتن میں بند کر کے چالیس روز تک دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن بادام تلخ۔ سر اور کان کے ریاحی دردوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ کان کے درد میں نیم گرم ڈالیں۔ اور سر پر سرد کے تیل کا استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز بادام تلخ بقدر ضرورت شکر سفید قدر قلیل حسب معمول روغن تیار کریں۔

روغن بادام شیریں۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ خشکی کو زائل کرتا ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ تقویت دماغ کے لئے سر پر پالش کریں اور رفع قبض کے لئے چھ سے بارہ ماشہ تک عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ ملا کر کھلائیں۔
نسخہ بادام شیریں حسب ضرورت۔ شکر سفید قدر قلیل۔ مغز بادام کو کوٹ کر شکر اور پانی ملا کر آنچ پر رکھیں۔ جب گرم ہو جائے تو اتار کر نچوڑلیں۔ اور تیل کو کسی صاف شیشی میں محفوظ رکھیں۔

روغن بادنجان۔ بواسیری مسوں کی جلن و سوزش اور درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ بواسیری مسوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ بادنجان (بینگن) زرد۔ روغن تخم کدو۔ حسب ضرورت گل بینگن قدر حاجت بینگن کا شکم چاک کر کے اور اندر سے خالی کر کے اس میں روغن مذکورہ اور گل بینگن بھر کر کپڑے میں لپیٹ کر تنور میں ایک ساعت دبائیں اور پھر نکال کر نچوڑیں۔

روغن بان۔ معدہ کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور پیٹ کے پٹھوں کی سختی کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ مقام ورم پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ تخم بکائن پاؤ سیر۔ روغن کنجد ایک سیر۔ تخم بکائن کو پانی میں پیس کر شیرہ نکالیں۔ اور تل کے تیل میں پکائیں۔ جب پانی جل جائے صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

روغن برص۔ برص میں سفید داغوں کے دور کرنے کے لئے مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ روئی کی پھریری سے سفید داغوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ پوست بیخ چیتہ۔ ساکہ۔ کھونگچی۔ سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن کنجد ۱ تولہ سب کو کوٹ چھان کر روغن کنجد میں کھرل کر کے بذریعہ آتشی شیشہ تیل نکالیں اگر تیل،

لگانے سے آبلہ پڑ جائے تو تیل کو موقوف کر کے چھالیہ سوختہ اور کتھ کا ذرور کریں۔

روغن بلادر۔ زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ مرغی کے پر سے تیل مذکور زخموں پر لگائیں۔
نسخہ۔ بھلانواں ۹ دانہ۔ روغن کنجد آدھ پاؤ۔ سنگجراحت ۷ ماشہ۔ بھلانواں کو تل کے تیل میں بریان کر لیں۔ یہاں تک کہ وہ جل کر خاک ہو جائے جل جانے پر اس کو نکال لیں۔ اور سنگجراحت پیس کر روغن مذکور ملا دیں۔

روغن بنفشہ۔ دماغ کی خشکی کو زائل کرتا ہے۔ بیخوابی کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ دماغ پر مالش کریں۔
نسخہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ۔ گل بنفشہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو چھان کر تیل مذکورہ شامل کر کے جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے رکھ لیں۔

روغن بیشن۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ اور سن بھری میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ بیش سیاہ۔ ازراقی۔ عاقر قرحا۔ تخم دھتورہ۔ بزرالبنج۔ بیخ کنیر سفید ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ مالکنگنی۔ کلونجی۔ ہر ایک آدھ پاؤ۔ روغن کنجد ایک سیر تمام دواؤں کو کوٹ کر گائے کے دودھ میں دو روز تر رکھیں۔ بعد کو روغن کنجد میں جوش دیں۔ جب دودھ جل جائے۔ تو روغن نکال کر محفوظ رکھیں۔

روغن بیضہ مرغ۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ بالوں کو سیاہ رکھتا ہے اور قوت باہ بڑھاتا ہے۔
استعمال۔ تقویت باہ کے لئے بطور طلاء اور دیگر امور کے لئے سر پر مالش کریں۔
نسخہ۔ بیضہ مرغ حسب ضرورت لے کر پانی میں جوش دے کر نیم برشت کر لیں اور زردی نکال کر کسی تانبہ کے برتن میں ڈال کر آنچ پر رکھ دیں۔ تیل نکل آئے گا۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

روغن ترب۔ کان کے درد کو فوراً تسکین دیتا ہے اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔
استعمال۔ نیم گرم ایک قطرہ کان میں ٹپکائیں۔
نسخہ۔ آب مولی ۳۰ تولہ۔ روغن کنجد سفید ۳۰ تولہ۔ دونوں کو ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل مذکورہ کو صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

روغن تمباکو۔ جوڑوں کے بلغمی دردوں میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ مقام ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔ اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔
نسخہ۔ تمباکو مقرض ۹ تولہ گل بابونہ ۲ تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ روغن کنجد ۳۵ تولہ تمام دواؤں کو آدھ سیر پانی میں رات کو بھگوئیں۔ صبح روغن مذکورہ شامل کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل باقی رہ جائے تو شیشی میں بھر کر نگاہ رکھیں۔ تیل مذکورہ کا استعمال بعد تنقیہ زیادہ مناسب ہے۔
نوٹ۔ بعض نسخوں میں برگ کنیر ۲۰ عدد کا اضافہ کیا گیا ہے اگر شامل کر لئے جائیں تو زیادہ قوی الاثر ہو جاتا ہے۔

روغن ثم۔ قوت باہ بڑھاتا ہے۔ اور زائل شدہ طاقت کو واپس لاتا ہے۔
استعمال۔ حسب ضرورت آلہ مخصوصہ پر طلا کریں۔
نسخہ۔ لہسن (ثوم) مقشر۔ فرفیون۔ عاقر قرحا ہر ایک ۹ ماشہ قلفل۔ سداب ہر ایک ۳ ماشہ روغن زیتون ۹ تولہ ۔ تمام دواؤں کو روغن زیتون میں جوش دیں تہائی حصہ جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن جل نیب۔ پھوڑے پھنسی خشک خارش اور گنج وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بدن پر مالش کریں۔
نسخہ۔ جل نیب تازہ۔ روغن کنجد۔ حسب ضرورت ۔ جل نیب تازہ کو کوٹ کر نچوڑیں۔ اور ہم وزن روغن کنجد میں پکا کر جب پانی جل جائے تو صاف کر کے رکھیں۔
روغن خبطیانا۔ کمر کے نیز تمام ریاحی دردوں کو دور کرتا ہے۔ فتق وغیرہ کو زائل کرتا ہے۔ اور بلغمی و ریاحی ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔
استعمال۔ کمر اور گردہ وغیرہ پر نیم گرم مالش کریں۔

نسخہ۔ پکھان بید رومی ۲۵ ماشہ۔ زراوند گرد۔ سعد کوفی۔ تج سیاہ۔ بیخ کبر۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ روغن بادام تلخ ۴۴ تولہ تمام دواؤں کو جو کوب کر کے روغن بادام تلخ میں شامل کر کے شیشہ میں ڈال کر دس روز آفتاب میں رکھیں۔ اور صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن چوب چینی۔ فساد خون میں بہت مفید ہے۔

استعمال۔ روزانہ صبح شام بقدر ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ چوب چینی آدھ سیر۔ چوب انجیر دشتی ۵ سیر۔ ہلیلہ سیاہ پاؤ سیر۔ جاوتری ۵ تولہ۔ روغن زرد ۵ سیر۔ پانی ۲۲ سیر۔ چوب چینی اور جاوتری کو علیحدہ کوٹ کر علیحدہ علیحدہ پوٹلی میں باندھ کر گھی اور پانی میں شامل کر کے دیگ میں ڈال کر چولہے پر چڑھا دیں۔ اور ابتدا" آگ کو تیز کر کے بتدریج کم کرتے جائیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو دونوں پوٹلیوں کو نچوڑ لیں۔ اور سرد جگہ دیگ کو رکھیں اور رات بھر رہنے دیں۔ صبح کو پانی پر روغن آ جائے گا۔ اسے اتار کر محفوظ رکھیں۔

روغن چہار برگ۔ جوڑوں کے درد میں خصوصا" سردی کے زمانہ میں اگر ہو تو زیادہ مفید ہے۔

استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔

نسخہ۔ برگ دھتورہ۔ برگ آکھ۔ برگ اسپند۔ برگ ارنڈ ہر چہار ہم وزن روغن کنجد۔ تمام پتوں کو کوٹ کر عرق نکالیں۔ اور تیل میں ملا کر آگ پر رکھیں جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن حرمل۔ فالج۔ رعشہ اور تشنج میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔

نسخہ۔ اسپند سوختی ۴۴ تولہ۔ سونٹھ ۸ تولہ۔ روغن کنجد ۲ سیر جوزا لطیب ۲۰ عدد۔ اسپند اور سونٹھ کو جوکوب کر کے رات کو پانی میں رکھیں۔ اور صبح کو روغن مذکورہ میں جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل کو چھان کر اور جوزا لطیب کو کوٹ کر اس میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

روغن حمص۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ۲ قطرہ بتاشہ میں ڈال کر استعمال کریں۔

نسخہ نخود حسب ضرورت لے کر جوکوب کر کے اور کدو دراز کو خالی (کھوکھلا) کر کے اس میں نخود کو بھر دیں۔ کہ گلہ خالی رہے بعد کو کدو پر مٹی وغیرہ لپیٹ کر اور منہ کدو کا بند کر کے بطریق پتال جنتر تیل کشید کریں اور بوقت ضرورت دو قطرہ بتاشہ میں ڈال کر استعمال کریں۔

روغن حنا۔ بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔ لنگڑی کے درد کو تسکین دیتا ہے۔
نیز تمام جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب ضرورت مالش کریں۔
نسخہ۔ آب برگ حنا پاؤ سیر۔ روغن کنجد آدھ پاؤ۔ آب برگ حنا کو روغن کنجد میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے تو اتار کر محفوظ رکھیں۔

روغن حواصل۔ فالج اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ حواصل (گکن بھیڑ) ۱ عدد یا بچھڑے۔ سباسہ۔ سورنجان۔ بوزیدان جوزبوا۔ خولنجان۔ زرنجور۔ زراوند طویل۔ بیخ نے۔ زیرہ عود صلیب۔ دار چینی ہر ایک ۲ ماشہ۔ قسط بحری۔ لونگ ہر ایک ۳ ماشہ زعفران چار رتی۔ خفاش زندہ (چمگادڑ) ۱۰ عدد روغن زیتون حسب ضرورت۔ گلاب ایک سیر پانی سوا دو سیر تمام دواؤں کو جوکوب کر کے خفاش اور گکن بھیڑ کو معہ ادویہ کے روغن زیتون میں شامل کر کے دیگ میں ڈال کر چولہے پر رکھیں۔ اور اوپر سے گلاب اور اپنی ڈالیں جب تیل پانی پر آجائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن خراطین۔ خونی بواسیر میں نافع ہے۔
استعمال۔ مسوں پر روغن مذکورہ لگائیں۔
نسخہ۔ خراطین (کیچوے) ۵۰ عدد۔ روغن کنجد۔ دنبالہ بینگن ۳۰ تولہ موم حسب ضرورت۔ خراطین کو روغن کنجد میں بریان کر کے علیحدہ کر لیں۔ اور دنبالہ بینگن کے ساتھ پیس لیں۔ پھر روغن مذکورہ میں موم شامل کر کے پسی ہوئی دوا ملا کر قیروطی تیار کریں۔ اگر مسوں سے خون بھی رستا ہو تو ادویہ مذکورہ میں مازو سبز اضافہ کر لینا چاہیئے۔

روغن خسک۔ پیشاب کھول کر لاتا ہے۔ حرقت بول میں خاص کر مفید ہے۔
استعمال۔ 4 قطرہ بتاشہ۔ میں ڈال کر کھائیں اور دو قطرہ سوراخ بول میں ٹپکائیں۔
نسخہ۔ خسک (گوکھرو) 4 تولہ۔ سونٹھ 18 ماشہ۔ روغن کنجد چہار چند۔ سونٹھ اور گوکھرو کو جوکب کر کے پانی میں جوش دیں۔ اور پھر روغن مذکورہ شامل کر کے دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن خضاب۔ بالوں کو سیاہ کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بالوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ کیری انبہ پاؤ سیر۔ مازو۔ برادہ فولاد ہر ایک 11 ماشہ انار ترش پاؤ سیر روغن قند سیاہ نمن پاؤ۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر تیل میں ملا کر مٹی کے پرانے برتن میں ڈال کر چالیس روز تک لید میں دفن کریں۔ اور چالیس دن کے بعد نکال کر محفوظ رکھیں۔

روغن خفاش۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ماؤف جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ جندبیدستر۔ قسط تلخ ہر ایک 10 ماشہ زراوند 14 ماشہ۔ روغن زیتون۔ عصارہ مر زنجوش ہر ایک 34 تولہ۔ چمگادڑ (خفاش) ذبح کی ہوئی 12 عدد۔ پانی حسب ضرورت سب کو شامل کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن دفلی۔ کمر اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ رات کو سوتے وقت مالش کریں اور صبح کو گرم پانی سے نہائیں۔
نسخہ۔ روغن زیتون 34 تولہ۔ برگ خر زہرہ 35 ماشہ دونوں کو باہم ملا کر اور تھوڑے پانی اضافہ کر کے آگ پر جوش دیں۔ اور جب پانی جل جائے تو تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن دھتورہ۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ سیماب (پارہ) تخم دھتورہ۔ زہر میٹھا ہر ایک 3 ماشہ روغن کنجد 6 تولہ تیل کو آگ پر رکھیں۔ جب سرخ ہو جائے اتار کر دوائیں مذکورہ شامل کر کے آہنی دستہ

سے گھوٹ لیں۔

روغن دیودار۔ چوٹ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے۔
استعمال۔ مقام چوٹ پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھ دیں۔
نسخہ۔ چوب دیودار۔ زرد چوبہ۔ اصل السوس۔ دار ہلد۔ دودھ سقف۔ نخود بریان ہر ایک اڑھائی تولہ ۔ پانی ڈیڑھ سیر۔ تمام دواؤں کو پانی میں پیس کر دیگچہ میں پانی ڈیڑھ سیر ڈال کر اور پسی ہوئی دوائیں ڈال کر جوش دیں۔ جب ایک حصہ پانی جل جائے تو چھوک کر نکال کر اور کپڑے میں رکھ کر دیگچہ میں خوب نچوڑیں اور پھر تیل مذکورہ اضافہ کر کے خوب جوش دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن روباہ۔ فالج اور تشنج نیز دیگر سرد بیماریوں میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ روباہ زندہ۔ لومڑی 1 عدد۔ قلفل مویہ۔ ما لکنگنی۔ جوزبوا۔ سداب بالچھڑ۔ ہینگ ہر ایک آدھ پاؤ۔ تخم دھتورہ ایک سیر پوست بیدانجیر تین پاؤ افیون خالص 42 تولہ۔ شیرہ دھتورہ سیاہ 5 سیر۔ روغن کنجد 5 سیر۔ لومڑی کے ہاتھ پاؤں باندھ کر بیس سیر گرم پانی میں چھوڑ کر خوب جوش دیں۔ جب خوب گل جائے تو پانی کو صاف کر کے علیحدہ رکھیں۔ اور دواؤں کو جوکوب کر کے ایک من پانی میں جوش دیں۔ جب 15 سیر رہ جائے تو لومڑی کا پکا ہوا پانی شامل کر کے شیرہ دھتورہ اور روغن کنجد اضافہ کر کے خوب جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن زرنیخ۔ (خدر) یعنی سن بھری میں مفید ہے۔
استعمال۔ ماؤف مقامات پر طلا کر کے اوپر سے پان باندھ دیں۔
نسخہ۔ زرنیخ زرد (ہڑتال زرد) 18 ماشہ آب شاہترہ بقدر ضرورت ہڑتال کو آب شاہترہ میں حل کر کے گولیاں بنائیں اور بطریق پتال جنتر روغن کشید کریں اگر زخم پڑ جائے۔ تو گائے کے گھی کو دھو کر زخم پر لگائیں۔

روغن زعفران۔ تشنج کو دور کرتا ہے۔ اور پٹھوں کو نرم کرتا ہے نیز رحم اور معدہ کی سختی کو تحلیل کرتا ہے۔
نسخہ۔ زعفران 21 ماشہ۔ چرائتہ 17 ماشہ مرکی صاف 2 ماشہ قروماناں (کرویہ دشتی) 21 ماشہ۔ سوائے قروماناں کے تمام دواؤں کو جوکوب کر کے سرکہ انگوری میں سات روز تر رکھیں اور ہر دوسرے روز سرکہ کو بدلتے رہیں۔ آٹھویں روز روغن کنجد 10 تولہ میں جوش دیں۔ جب سرکہ جل جائے تیل کو صاف کر کے قروماناں کو پیس کر شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن زفت۔ اعصاب کو قوت بخشتا ہے۔ اور رطوبتوں کو خشک کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ زفت رومی مصطگی رومی ہر ایک 2 تولہ روغن کنجد 10 تولہ دونوں کو سفوف کر کے روغن مذکورہ میں جوش دے کر چھان کر محفوظ رکھیں۔

روغن زیرہ۔ بواسیری مسوں کے نفخ (پھول جانے) میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت مسوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ زیرہ سیاہ 10 ماشہ۔ روغن کنجد 3 تولہ۔ زیرہ کو 3 تولہ پانی میں رات کو بھگو دیں اور صبح کو جوش دے کر صاف کر کے روغن مذکورہ اضافہ کر کے جوش دیں جب پانی جل جائے تو صاف کر کے رکھیں۔

روغن سام ابرص۔ خنازیری۔ گلٹیوں کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ خنازیری گلٹیوں پر طلا کریں۔
نسخہ۔ سام ابرص۔ (چھپکلی) 3 عدد۔ روغن نیب ایک سیر۔ خاکستر شاخ مادہ گاؤ 5 تولہ۔ چھپکلی کو روغن نیب میں جوش دیں۔ جب گل جائے تو خاکستر مذکورہ شامل کر کے خوب اچھی طرح پھینٹ لیں۔ اور صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن سرخ۔ فالج۔ لقوہ اور دیگر عصبی کمزوریوں میں خاص کر مفید ہے نیز چوٹ وغیرہ کے درد اور ورموں کو زائل کرتا ہے۔

استعمال۔ دوپہر کے وقت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ مجیٹھ 20 تولہ ۔ تج ۔ جوزبوا۔ اشنہ ہر ایک 4 تولہ بالچھڑ۔ سعد کوفی صندل سفید۔ کچلہ۔ میدہ لکڑی ہر ایک 2 تولہ۔ ساذج ہندی۔ لونگ۔ دارچینی زردچوب دار ہلد۔ عود غرقی ہر ایک 1 تولہ۔ زرکچور 8 تولہ۔ الائچی خورد 3 تولہ۔ زعفران 4 تولہ۔ جاوتری۔ مشک خالص ہر ایک 6 ماشہ۔ عرق گلاب ایک سیر۔ روغن کنجد 2 سیر۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے عرق گلاب میں بھگوئیں۔ اور جوش دیں کہ نصف گلاب جل جائے پھر روغن مذکورہ اضافہ کر کے دوبارہ جوش دیں اور گلاب جل جانے پر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن سرخبادہ۔ بچوں کے سرخبادہ میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بدن پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ چاکسو۔ صندل سرخ۔ کمیلہ ہر ایک 3 ماشہ۔ سپاری چھالیہ سنگ جراحت کات سفید۔ لوہ چون۔ وج خراسانی۔ ہلیلہ زنگی۔ بھنگرہی مہندی ہر ایک 2 ماشہ۔ برگ نیب 14 ماشہ۔ دھماسہ 14 ماشہ۔ برگ بکائن 28 ماشہ نیلا تھوتھا 2 ماشہ۔ فلفل سیاہ 7 ماشہ۔ روغن سرسوں سوا پاؤ۔ پہلے تمام پتوں کو پیس کر آدھا لوہ چون پتوں کے ساتھ ملا کر 2 قرص بنائیں۔ اور تیل کو جوش دیں اور قرص کو اس میں چھوڑ دیں۔ جب وہ جل جائیں تو تمام دواؤں کو کوٹ کر اور چھان کر شامل کریں۔ اور لوہے کے دستہ سے خوب گھوٹیں اور محفوظ رکھیں۔

روغن سرشف۔ جوڑوں کے درد میں خصوصاً اور دوسرے دردوں میں بالعموم مفید ہے۔
استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ برگ دھتورہ۔ برگ آکھ ہر ایک 2 تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ افیون 6 ماشہ۔ روغن سرسوں 10 تولہ۔ حسب معمول روغن تیار کریں۔

روغن سماعت کشا۔ حار امراض کے نتیجہ میں جو ثقل سماعت پیدا ہو اس میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ نیم گرم دو تین قطرہ کان میں ٹپکائیں۔
نسخہ۔ آب انار ترش 10 تولہ سرکہ خالص 6 ماشہ۔ روغن کنجد 5 تولہ۔ کندر 3

ماشہ انار کے چھلکوں کو آب انار میں جوش دیں اور مل کر صاف کریں اور بعد میں سرکہ تیل نیز کندر وغیرہ ملا کر جوش دیں پانی جل جانے پر روغن کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن سورنجاں۔ وجع المفاصل (جوڑوں کے درد) میں مفید ہے۔
استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ سورنجاں مصری آب کرفس ہر ایک 4 تولہ ۔ چرائتہ 2 تولہ روغن زیتون 12 تولہ بدستور معروف روغن تیار کریں۔

روغن شبت۔ سردی کے دردوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ماؤف جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ آب شبت سبز (سویا) روغن کنجد سیاہ۔ ہر ایک سیر۔ قسط سونٹھ گل بابونہ۔ اسپند ہر ایک 1 تولہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے آب شبت اور روغن میں ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن شفا۔ فالج۔ لقوہ اور دیگر سرد بلغمی امراض نیز لنگڑی اور جوڑوں کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ رحم کی بیماریوں اور ثقل سماعت نیز تقویت باہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ تقویت باہ کے لئے بطور طلاء اور امراض رحم میں بطور فرزجہ اور درد وغیرہ کے لئے نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ میتھی۔ کلونجی۔ ہر ایک 10 تولہ ۔ روغن کنجد ایک سیر۔ دونوں دواؤں کو کوٹ کر تیل میں پکائیں۔ جل جانے پر تیل کو صاف کر کے رکھیں۔

روغن شقائق۔ بالوں کو بڑھاتا ہے۔
استعمال۔ حسب ضرورت بالوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ تخم مورد۔ برگ مورد۔ تخم کرفس۔ تخم چقندر۔ گل شقائق۔ پوست جوز ترلاون۔ پرسیاؤ شان ہر ایک 17 ماشہ۔ آب آملہ تین تولہ۔ روغن مورد 20 تولہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک رات آب آملہ میں تر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر صاف کر کے روغن مورد شامل کر کے دوبارہ جوش دیں اور پانی جل جانے پر

صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن صنحان۔ تمام قسم کے زخموں میں مفید ہے۔ نیز ناصور و بچش وغیرہ میں نافع ہے۔ استعمال۔ حسب ضرورت ناصور یا زخموں پر روئی کی پھریری سے لگائیں۔ نسخہ۔ جدوار خطائی 5 تولہ۔ کات سفید۔ شنگرف۔ جوزبوا۔ مردار سنگ۔ کمیلہ رال۔ تخم بیل۔ ہڑتال سرخ۔ مومیائی کانی ہر ایک ایک پاؤ ابہل آدھ سیر اشق آدھ پاؤ۔ دار ہلد۔ چوب گز۔ دیودار۔ بیخ مہک۔ گندہ بہروزہ۔ ہلیلہ زرد منقی۔ آملہ منقی۔ تراشہ آبنوس۔ ہر ایک 1 سیر پوست درخت مغیلان۔ برگ حنا۔ فوفل خانہ عنکبوت۔ چوب چینی ہر ایک 2 سیر۔ دودھ چھپر۔ بھیڑ بھونجہ۔ ہوچوبہ ہر ایک 3 سیر۔ زرد چوبہ چھ سیر۔ آب برگ نیم تازہ۔ آب برگ پان ہر ایک نصف من روغن کنجد ایک من۔ برگ مہندی اور زرد چوبہ دار ہلد۔ تراشہ آبنوس۔ چوب گز ابہل۔ اصل السوس۔ دودھ چھپر پوست درخت مغیلاں۔ فوفل ۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ آملہ ۔ چوب چینی کو پانی میں خوب باریک پیس لیں۔ اور باقی دواؤں کو جوکوب کر کے آب برگ نیم۔ آب برگ پان و روغن کنجد میں شامل کر کے اور پسی ہوئی دواؤں کو ملا کر جوش دیں۔ جب روغن باقی رہ جائے صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن ضفدع۔ بواسیر میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مسوں پر بطور مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ ضفدع سبز (مینڈک) گوگل 7 ماشہ۔ دم الاخوین 9 ماشہ۔ شاخ گوزن سوختہ 11 ماشہ۔ رسوت کی۔ صبر سقوطری۔ شیاف ماميثا ہر ایک 4 ماشہ کافور قیصوری 3 ماشہ۔ روغن ختہ زرد آلو تلخ۔ مغز ساق بز۔ روغن گل ہر ایک 4 تولہ۔ مینڈک کو آب برگ گندنا سبز میں پکائیں۔ جب گل جائے خوب اچھی طرح کوٹ لیں۔ یہاں تک کہ مثل مرہم کے بن جائے اور گوگل کو علیحدہ آب برگ گندنا سبز میں حل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ کر روغن مذکور میں پکائیں۔ اور مینڈک کو شامل کر کے خوب گھوٹ لیں اور مثل مرہم تیار کریں۔

روغن عقرب۔ مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے اور بواسیری مسوں کو تحلیل کرتا ہے۔ استعمال۔ پتھری کے لئے دو تین قطرہ سوراخ بول میں ٹپکائیں اور مرغی کے پر سے بواسیری مسوں پر لگائیں۔ نسخہ۔ عقرب زندہ (بچھو) 20 عدد۔ روغن کنجد ایک

بر بچھوؤں کو روغن مذکورہ میں جلا کر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔ بنسخہ جو خصوصیات بالا میں قوی الاثر ہے۔ استعمال۔ بدستور سابق کام میں لائیں۔
کلاں۔ نسخہ۔ ریوند چینی۔ سعد کوفی۔ پکھان بید رومی۔ پوست بیخ کبر ہر ایک 3 تولہ روغن بادام 36 تولہ۔ بچھو زندہ 10 عدد۔ تمام دواؤں کو تیل میں ملا کر شیشی میں سات روز تک دھوپ میں رکھیں۔ اور پھر بچھوؤں کو اس میں ڈال کر پندرہ روز اسی طرح دھوپ میں رکھیں۔ اس کے بعد تیل کو صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

روغن عقر قرحا۔ تقویت باہ میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آلہ مخصوصہ پر طلا کریں۔
نسخہ۔ عاقر قرحا 32 ماشہ۔ روغن کنجد 30 تولہ۔ عاقر قرحا کو کوٹ کر آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے۔ تو روغن مذکورہ شامل کر کے خوب جوش دیں۔ اور پانی کے جل جانے پر تیل صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن فرفیون۔ تشنج اور استرخا وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ گردن اور پشت پر دھوپ میں بیٹھ کر مالش کریں۔
نسخہ۔ سورنجاں مصری۔ سونٹھ جوزبوا۔ فلفلمویہ۔ ماLکنگنی۔ خردل (رائی) فرفیون ہر ایک 1 تولہ۔ روغن زیتون تین پاؤ۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر روغن مذکورہ میں کھرل کریں۔ خوب اچھی طرح حل ہو جانے پر نگاہ رکھیں۔

روغن قسط۔ درد کو زائل کرتا ہے۔ پٹھوں کو قوت بخشتا اور فالج رعشہ نیز دیگر سرد بلغمی امراض کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ دھوپ میں بیٹھ کر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ قسط تلخ۔ بابچھڑ ہر ایک 8 تولہ۔ روغن کنجد آدھ سیر۔ عرق بہار آدھ سیر جندبیدستر۔ فلفل سیاہ۔ فرفیون۔ میعہ سائلہ ہر ایک 4 تولہ۔ بابچھڑ اور قسط کو کوٹ کر عرق بہار آدھ سیر اور روغن کنجد آدھ سیر میں جوش دیں۔ جب عرق جل جائے۔ تو آدھ سیر عرق مذکورہ اور اضافہ کریں۔ اسی طرح تیسری مرتبہ عرق ڈالنے پر جب جل جائے تو تیل صاف کر کے ادویہ مذکورہ تیل میں اچھی طرح حل کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن فتیل۔ زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت روئی کے پھاہے کو تر کر کے زخموں پر لگائیں۔
نسخہ۔ کمیلہ۔ روغن سرسوں ہر ایک 3 تولہ۔ کمیلہ کو باریک پیس کر تیل میں کھرل کریں۔ اور کپڑے میں چھان کر پھر دوبارہ کھرل کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ کر کے نگاہ رکھیں۔

روغن قاوندی۔ فالج اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ لونگ۔ عود صلیب۔ تج۔ سورنجاں تلخ۔ راسن۔ عود بلسان ہر ایک 17 ماشہ۔ بابچھڑ۔ سانبج ہندی۔ بیخ سوسن۔ قرفہ۔ قسط تلخ۔ ہر ایک 3 تولہ۔ روغن زیتون ایک سیر۔ تخم قاوند (پھلوا) 5 تولہ۔ مومیائی 14 ماشہ۔ مرکی 10 ماشہ جند بیدستر تخم اور مومیائی وغیرہ کے علاوہ مندرجہ بالا تمام دواؤں کو جوکوب کر کے پانچ سیرپانی میں دو روز تر رکھیں۔ اور روغن زیتون کا اضافہ کر کے جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل کو صاف کر کے تخم قاوند وغیرہ دوائیں پگھلا کر ملا لیں۔ لیکن دوران استعمال میں سرد ہوا سے احتراز کریں۔

روغن کاہو۔ نیند لاتا ہے۔ سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ دماغ میں تری پہنچاتا ہے۔
استعمال۔ بوقت حاجت سر پر مالش کریں۔
نسخہ۔ شیرہ کاہو 10 تولہ۔ روغن کنجد 5 تولہ۔ شیرہ کو روغن مذکورہ میں ملا کر جوش دیں۔ جب روغن رہ جائے صاف کر کے رکھیں۔

روغن کچلہ۔ پٹھوں کو قوت دیتا ہے اور جوڑوں کے درد کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔ اور روئی کو سینک کر اوپر باندھیں۔
نسخہ۔ افیون 9 تولہ۔ روغن کنجد۔ شیر گاؤ ہر ایک ایک سیر۔ کچلہ 20 عدد افیون کو دودھ میں حل کریں۔ اور تیل مذکورہ اور کچلہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے لوہے کے برتن میں جوش دیں۔ دودھ جل جانے پر روغن کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن کدو۔ دماغ کو قوت بخشا اور خشکی کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت حاجت سر پر مالش کریں۔
نسخہ۔ آب کدو دراز 8 تولہ۔ روغن کنجد 2 تولہ۔ کدو کے پانی کو روغن میں ملا کر جوش دیں۔ پانی کے جل جانے پر صاف کر کے شیشی میں رکھیں۔

روغن کراث۔ بواسیر میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت روئی کے پھایہ سے مسوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ آب گندنا سبز ایک سیر۔ روغن کنجد آدھ سیر۔ گوگل 3 تولہ۔ گوگل کو آب گندنا میں حل کر اور روغن کنجد شامل کر کے جوش دیں جب پان جل جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن کلاں۔ لقوہ۔ رعشہ اور فالج نیز دیگر اسی قسم کی بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ بادام تلخ ۶ ماشہ کلونجی۔ بید انجیر۔ گوگل ہر ایک ۴ ماشہ قسط تلخ۔ فرفیون جند بید ستر۔ چرائتہ شیریں۔ افستین۔ چھکنی بیخ بادیان۔ شیطرج ہندی ہر ایک ۳ ماشہ عاقر قرحا۔ فلفل سیاہ سنبل الطیب بیخ سوسن قرفہ اشنہ۔ راسن سلیخہ (تج) مرکی قرنفل جوزبوا۔ بیکنج۔ سعتر۔ اجوائن دیسی بیخ کرفس۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ نرکچور۔ اسارون۔ جاؤشیر۔ سونٹھ۔ دار چینی۔ کباب چینی۔ بسباسہ۔ دار فلفل۔ کندر ایک ۲ ماشہ عنبر جوزبوا۔ عنبر مشک اور جندبیدستر کے علاوہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے پانی چار سیر میں دو روز تر رکھیں۔ بعدہ روغن یا مذکورہ میں جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل کو صاف کر کے فرفیون وغیرہ باریک پیس کر شامل کریں۔

روغن کنجد۔ فالج اور مرگی وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ جندبیدستر۔ فلفل سفید۔ عاقر قرحا۔ تخم حنظل۔ فرفیون ہینگ ہر ایک ۹ ماشہ ۔ عود صلیب ۱۰ ماشہ۔ روغن سداب ۳۴ تولہ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے روغن سداب میں ملا کر شیشہ میں ڈال کر آفتاب میں سات روز تک رکھیں۔ اور روزانہ ہلاتے رہیں۔ آٹھویں روز تیل کو نچوڑ کر دوبارہ ادویہ مذکورہ اسی طرح شامل کر کے سات روز تک آفتاب میں رکھیں اور آٹھویں روز دواؤں کو نکال کر خوب اچھی طرح حل کر کے اسی طرح سات روز

تک پھر آفتاب میں رکھ کر آٹھویں روز صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن گجکرن۔ مجلوقوں کے عضو تناسل کی درازی کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت آلہ مخصوصہ پر طلا کریں۔

نسخہ۔ بیخ سوسن گلیجن۔ مالکنگنی۔ میٹھا تیلیا۔ دار چینی۔ قرنفل۔ بھلانوہ۔ تخم کتائی۔ تخم دھتورہ۔ تخم ترب۔ تخم گذر ہر ایک ۴ ماشہ۔ سم اسپ پیال مدہ ہر ایک ۶ عدد سانڈہ۔ مینڈک ہر ایک ۲ عدد۔ گھونگچی۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ تخم کبوتر۔ گج پیپل۔ بیربہوٹی۔ پیہ شیر۔ (شیر کی چربی) ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ زہرہ سمک رہو۔ زہرہ نر گاؤ ہر ایک ۳ عدد۔ خراطین (کینچوے) ۴۲ ماشہ کچلہ۔ سفیدی پنچال کبوتر صحرائی۔ کنجد سیاہ۔ کلونجی۔ عاقر قرحا ہر ایک ۱۴ ماشہ مورچہ کلاں ۵ عدد۔ قضیب اسپ (برادہ کردہ) ۱ عدد قضیب آہو۔ برادہ کردہ (قضیب گاؤ جوان ہر ایک ۱ عدد تمام دواؤں کو جوکوب کر کے شراب میں دو روز تر رکھیں۔ بعدہ بکری کے دودھ میں تر کر کے روغن کنجد سے چرب کر کے آتشی شیشہ کے ذریعہ تیل کشید کریں۔

روغن گل۔ کان اور سر کے درد کو تسکین دیتا ہے قبض کو توڑتا ہے۔ دماغی خشکی کو زائل کرتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ نیز اعضاء کی طرف مادہ کو آنے سے روکتا ہے۔

استعمال۔ دماغی تقویت کے لئے سر پر مالش کریں۔ اور کان کے درد میں چند قطرہ نیم گرم کر کے کان میں ڈالیں۔ سرسامی حالت کے لئے سرکہ اور روغن مذکور میں کپڑا بھگو کر دماغ پر رکھیں اور اگر رفع قبض منظور ہو تو ۱۰ تولہ روغن مذکورہ پانی میں ملا کر پئیں۔

نسخہ۔ گلاب کے تازہ پھول کی سرخ پتیاں ساڑھے سات تولہ۔ روغن کنجد ۵۰ تولہ پھولوں کو تیل میں ملا کر شیشی میں بھر کر دھوپ میں رکھ دیں جب پھول مرجھا جائیں تو پھر تازہ پھول ڈالیں۔ اسی طرح تین مرتبہ پھولوں کو ڈالیں۔ تیسری مرتبہ جوش دے کر تیل چھان لیں۔

روغن گل آکھ۔ جوڑوں کے درد نیز کمر اور پنڈلی وغیرہ کے درد میں مفید ہے

استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔

نسخہ۔ گل آکھ سورنجان تلخ۔ زنجبیل۔ اجوائن خراسانی۔ برگ بھنگ ہر ایک ۱ تولہ روغن

سرشف ۱۰ تولہ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے روغن مذکورہ میں ملا کر جوش دیں جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن گل چکاں۔ درد سر میں خصوصیت سے مفید ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت سر پالش کریں۔ **نسخہ۔** گل چکاں۔ دیودار۔ برنگ کابلی۔ صندل۔ خولنجاں۔ روتاس ہر ایک ۱۴ ماشہ گل مچکند۔ گل نیلوفر۔ اصل السوس ہر ایک ۲۸ ماشہ برگ بھنگرہ ۴۲ ماشہ آملہ ۵۶ ماشہ۔ روغن کنجد آدھ پاؤ۔ شیر مادہ گاؤ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک دن رات پانی میں تر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر روغن مذکورہ شامل کر کے دوبارہ جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن گندم۔ ورموں کو تحلیل کرتا اور گنج و داد کو زائل کرتا ہے۔ نیز جلد کو ملائم رکھتا ہے۔ **استعمال۔** دھوپ میں بیٹھ کر داد یا گنج پر لگائیں۔ **نسخہ۔** گیہوں ۴ تولہ۔ روغن کنجد ۴۰ تولہ گیہوں کو رات کو پانی میں بھگوئیں اور صبح کو روغن مذکورہ کے ساتھ آتشی شیشی میں بھر کر روغن کشید کریں۔

روغن گیسو دراز۔ بالوں کو بڑھاتا ہے۔ دماغ کی خشکی کو زائل کرتا ہے اور بالوں کی سیاہی قائم رکھتا ہے۔ **استعمال۔** بدستور مذکور استعمال کریں۔ **نسخہ۔** برگ آس۔ آملہ خشک ہر ایک ۳۰ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ ہر ایک ۱۵ تولہ چھالیہ ۶ تولہ مصطگی۔ لاون ہنسراج ہر ایک ۳ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ روغن گل ایک سیر بدستور سابق تیل کریں۔

روغن گیلانی۔ بالوں کو نرم کرتا ہے۔ اور گرنے سے روکتا ہے۔ نیز دماغ کو قوت دیتا ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت سر پر لگائیں۔ **نسخہ۔** پر سیاؤشاں۔ طباشیر۔ ساق۔ زرورد۔ گلنار فارسی۔ مصطگی۔ لاون ہر ایک ۱ تولہ فوفل۔ پوست انار۔ ہلیلہ زرد ہر ایک ۲ تولہ۔ بلیلہ مازو سبز ہر ایک ۳ تولہ۔ آملہ خشک ۵ تولہ برگ مورد ۱۲ تولہ۔ روغن کنجد۔ روغن گل ہر ایک ۲۰ تولہ ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے رات کو پانی میں بھگوئیں۔ اور صبح کو ہر دو روغن مذکورہ میں شامل کر کے جوش دیں۔ پانی جل جانے پر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن لاون۔ بالوں کو بڑھاتا اور گرنے سے روکتا ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت بالوں پر ملیں۔ **نسخہ۔** لاون۔ ساذج ہندی۔ حماما۔ سوت کی۔ آملہ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ روغن کنجد آدھ سیر تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو تر کریں۔ اور صبح کو روغن میں جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن لبوب سبعہ۔ بے خوابی کو دور کرتا ہے اور دماغی خشکی کو زائل کرتا ہے سرسام سوداوی میں نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت سر پر خوب ملیں۔
نسخہ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ کنجد مقشر۔ مغز چلغوزہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز اخروٹ ہر ایک مساوی الوزن تمام دواؤں کو کوٹ کر اور گرم کر کے نچوڑ لیں۔

روغن مازریون۔ استسقا میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ روغن ہمراہ شیر شتر یا ماء الجبن ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مازریون ۳۴ تولہ آب خالص اڑھائی سیر مازریون کو پانی میں جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مبارک۔ ثقل سماعت اور گرانی گوش میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ میتھی۔ کلونجی ہر ایک مساوی الوزن۔ دونوں کو کوٹ کر نرم آنچ پر رکھ کر بریاں کریں۔ اور تھوڑا تھوڑا روغن زیتون ڈالتے جائیں۔ جب سہ چند وزن تیل جذب ہو جائے تو بذریعہ قرع انبیق روغن کشید کریں۔

روغن مجرب۔ رعشہ۔ سن بھری۔ فالج اور دیگر سرد امراض میں مفید ہے۔ نیز لنگڑی کے درد اور جوڑوں کی سختی میں مفید ہے۔ استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم اور دیگر امراض کے لئے بطور مناسب مالش کریں۔ نسخہ۔ چرائتہ شیریں۔ قسط تلخ ہر ایک ۱۳ ماشہ۔ اذخر مکی۔ سورنجاں۔ کباب چینی ناروین۔ اسارون ہر ایک ۹ ماشہ۔ زرنجور۔ دار شیشعان۔ عاقر قرحا۔ مغاث بغدادی۔ بوزیدان ہر ایک ۵ ماشہ۔ روغن گل سرخ۔ روغن یاسمین۔ روغن زنبق۔ روغن زیتون روغن بابونہ ہر ایک ۴ تولہ۔ جدوار خطائی۔ جندبیدستر۔ فرفیون ہر ایک ۱ تولہ۔ جوزبوا۔ سونٹھ ہر ایک ۲ ماشہ گوگل ۴ ماشہ مومیائی ۱ ماشہ۔ چرائتہ سے لے کر اسارون تک تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب خوب جوش آ جائے اور تہائی پانی رہ جائے تو صاف کر کے پانی مذکورہ میں روغنیات مذکورہ شامل کر کے جوش دیں اور جب پانی جل جائے تو جدوار خطائی وغیرہ تمام دواؤں کو سوائے مومیائی کے کوٹ چھان کر کھرل میں ڈالیں اور تیل مذکورہ آہستہ آہستہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ جب

تمام دوائیں تیل کے ساتھ اچھی طرح مل جائیں تو مومیائی حل کریں اور محفوظ رکھیں۔

روغن مجلوق۔ مجلوق کے لئے نہایت مفید ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت لہسن اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر سے نیم گرم پان باندھیں۔ **نسخہ۔** بیخ کنیر سفید۔ کیوڑہ۔ بچھناک۔ گھو نگچی سفید۔ خراطین خشک۔ مالکنگنی افیون تخم دھتورہ سیاہ۔ کچلہ۔ بھنگ۔ سرگین کبوتر صحرائی ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے روغن کنجد میں چرب کر کے دو روز تر رکھیں۔ اور بعد کو شیشہ میں بند کر کے گل حکمت کے ذریعہ تیل کشید کریں۔

روغن محلل۔ معدہ کے ورم کو تحلیل کرتا اور ریاح و قولنج کے ورموں کو زائل کرتا ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ بالچھڑ۔ دار شیشعان۔ بابونہ۔ برگ سداب۔ تخم سویہ۔ کلونجی۔ مصطگی ہر ایک ۱ تولہ زیرہ کرمانی ۲ تولہ۔ روغن بید انجیر و روغن بابونہ ہر ایک ۴ تولہ۔ جندبیدستر۔ عنبراشہب ہر ایک ۱ ماشہ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ چوتھائی حصہ رہ جانے پر صاف کر کے روغن مذکورہ ملا کر پھر جوش دیں۔ پانی جل جانے پر صاف کر کے اور جندبیدستر و عنبر حل کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مخدر۔ درد کو تسکین دیتا ہے۔ اور مقام درد کو سن کر دیتا ہے۔ **استعمال۔** مقام درد پر مالش کریں۔ **نسخہ۔** بزرالبنج ۲ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ برگ بھنگ ۶ ماشہ روغن خشخاش ۲ تولہ تمام دواؤں کو پیس کر روغن مذکورہ میں جوش دیں جل جانے پر تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مصطگی۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اور پٹھوں کی کمزوریوں کو دور کرتا ہے نیز کمر کے درد وغیرہ میں مفید ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔ **نسخہ۔** مصطگی رومی ۲۰ تولہ۔ روغن کنجد سوا سیر۔ مصطگی کو کوٹ کر روغن مذکورہ میں جوش دیں۔ جب مصطگی پگھل جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مفاصل۔ جوڑوں کے درد اور سختی میں مفید ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔ **نسخہ۔** افیون ۹ تولہ۔ روغن کنجد ایک سیر۔ شیر گاؤ ایک سیر۔ کچلہ ۲۰ عدد افیون کو دودھ میں حل کر کے روغن مذکور اور کچلہ کو ٹکڑے ٹکڑے

کر کے شامل کریں۔ اور جوش دیں جب کچلہ اور دودھ جل جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن مورد۔ بالوں کو بڑھاتا ہے اور گرنے سے محفوظ رکھتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بالوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ آب مورد ۳ تولہ۔ روغن زیتون ا تولہ۔ لادن ۶ ماشہ اول دونوں کو ملا کر جوش دیں اور پانی جل جانے پر لادن کو ڈال کر پگھلائیں اور صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن موم۔ درد کو تسکین دینے اور مواد کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ درد ناک مقام پر مالش کریں۔
نسخہ۔ موم ایک سیر۔ نمک شور تین سیر۔ عرقیات کی طرح قرع انبیق کے ذریعہ کشید کریں اور محفوظ رکھیں۔

روغن نارجیل۔ داد اور قوبا وغیرہ جلدی امراض میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت روئی کے پھایہ سے سفید داغوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ پوست نارجیل ۴۰ تولہ ۔ توتیائے سبز نوشادر۔ آکھ آب نادیدہ۔ سہاگہ ہر ایک ۸ ماشہ۔ روغن کنجد ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر روغن مذکورہ میں ملا کر بطریق پتال جنتر روغن کشید کر کے حفاظت سے رکھیں۔

روغن ناصور۔ پرانے زخموں اور ناصور کے بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت چند قطرے ناصور میں ٹپکائیں۔
نسخہ۔ سم مادہ گاؤ۔ خاکستر چرم کہنہ (تلہ پاپوش) ہر دو مساوی الوزن چھپکلی ا عدد۔ روغن سرسوں ۷ تولہ تمام ادویہ کو سرسوں کے تیل میں جوش دیں۔ جب سب جل جائیں تو خوب مل کر روغن تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن نشاط۔ قوت باہ بڑھاتا اور لذت بخشتا ہے۔ نیز مضیق اور معین حمل ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آلہ مخصوصہ پر مالش کریں۔

نسخہ۔ عطر گلاب ۴ ماشہ۔ عطر دار چینی ۳ ماشہ۔ عطر ناگیسر۔ روغن بلسان ۔ روغن نرگس۔ روغن یاسمین۔ روغن زنبق۔ عنبر خالص۔ (بہ شیرہ زنجبیل پروردہ) عسل خالص روغن خیری زرد ہر ایک ۲ ماشہ۔ مشک ترکی۔ زہرہ خروس خشک۔ بورہ ارمنی ۔ خایہ خروس۔ خشک۔ عاقر قرحا۔ زعفران۔ سعد خولنجان۔ لونگ ہر ایک ۱ ماشہ۔ زہرہ کنجشک ۲ عدد۔ تخم مرغ ۱ عدد۔ زہرہ ماکیان ۱ عدد۔ فربیون محمودہ ہر ایک ۴ رتی۔ مسکہ تازہ ۳ ماشہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر مسکہ میں حل کر کے شیشہ میں محفوظ رکھیں۔

روغن نمل۔ قوت باہ کو برانگیختہ کرتا ہے۔ اور آلہ مخصوص کو دراز کرتا ہے۔
استعمال۔ اول آلہ کو کسی کھردرے کپڑے سے رگڑیں۔ یہاں تک کہ سرخ ہو جائے۔ پھر روغن مذکورہ کو طلا کریں۔
نسخہ۔ مورچہ کلاں ۶۰ عدد۔ روغن زنبق (روغن چنبیلی سفید) ۱۰ تولہ۔ دونوں کو ملا کر شیشی میں بند کر کے سرگین گوسفند میں ایک ہفتہ دفن کریں۔ بعدہ نکال کر خوب ہلا لیں۔

روغن نے۔ جوڑوں کی سختی کو دور کرتا ہے۔ اور نرمی پیدا کرتا ہے۔ استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔ نسخہ۔ نے خشک شدہ۔ روغن زیتون نے کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے روغن زیتون میں چند روز تر رکھیں۔ جب تیل جذب ہو جائے تو بذریعہ قرع انبیق تیل کشید کریں۔

روغن وزغ۔ بواسیر میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بواسیر کے مسوں پر لگائیں۔
نسخہ۔ وزغ (چھپکلی) پیہ بز۔ (بکری کی چربی) دونوں کو کوٹ کر پانی میں جوش دیں جب روغن پانی پر تیرنے لگے۔ روغن اتار کر محفوظ رکھیں۔

روغن ہفت برگ۔ فالج وغیرہ نیز وجع المفاصل میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ برگ آکھ۔ برگ بکائن۔ برگ ارنڈ۔ برگ سنبھالو۔ برگ سہنجنہ ۔ برگ دھتورہ سیاہ۔ برگ زقوم ہر ایک ایک تولہ۔ روغن کنجد حسب ضرورت۔ تمام کو کوٹ کر روغن مذکورہ میں جلائیں۔ اور تیل کو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

روغن ہندی۔ سر کے مزمن درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت

ضرورت نیم گرم مالش کریں۔ نسخہ۔ پد ماکھ۔ صندل سفید۔ پیپل۔ نیلوفر۔ اصل السوس ہر ایک اتولہ شیرہ آملہ ۲۰ تولہ۔ روغن کنجد ۱۰ تولہ۔

باب الزاء المعجمہ

زروق۔ جو دوا پچکاری کے ذریعہ سے احلیل (عضو تناسل) میں ڈالی جائے اسے زروق کہتے ہیں۔ (زراقہ بمعنی پچکاری)

نوٹ۔ پچکاری کا منہ گول اور چکنا ہونا چاہیے اور احلیل میں گھما کر داخل کیا جائے دوا داخل کرتے وقت عضو تناسل کو ہاتھ سے سیدھا رکھیں۔ اور کم از کم دس منٹ تک دوا کو ٹھیرائے رکھنے کے لئے عضو کو سیدھا اور انگلی سے اس کا منہ بند رکھیں۔ پچکاری شیشے کی یورتھرا سرنج (Urethra syringe) استعمال کریں۔

زروق حبس بول۔ مثانہ کی پتھری کی وجہ سے جب پیشاب رک جائے تو اس کے استعمال سے فی الفور فائدہ ہوتا ہے۔ اور اسی وقت پیشاب جاری ہو جاتا ہے۔ بے حد مجرب اور مفید ہے۔
استعمال۔ دوا کو پچکاری کے ذریعہ سے احلیل میں پہنچائیں۔
نسخہ۔ پارہ ۲ ماشہ۔ پچکاری میں ڈال کر احلیل میں پہنچائیں۔ پتھری ایک جانب ہو کر پیشاب خارج ہوتا ہے۔ لیکن قاثاطیر (کیتھی ٹر) کا استعمال زیادہ مفید ہے۔

زروق سوزاک۔ نئے اور پرانے سوزاک میں ہمیشہ معمول ہے۔ اور بہت مفید و زود اثر ہے۔
استعمال۔ دن میں پانچ چھ مرتبہ پچکاری سے احلیل میں دوا پہنچائیں۔
نسخہ۔ بھنگڑی ایک تولہ۔ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ دونوں کو خوب بریان کر کے باریک پیس کر سوا سیر پانی میں ملا کر رکھیں اور پچکاری کریں۔

زروق سوزاک دیگر۔ سوزاک جدید و قدیم کے لئے لاثانی ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ بے خطا نسخہ ہے۔ نہایت سریع الاثر کثیر المنفعت ہے۔ استعمال۔ دوا کو شیشی میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت شیشی کو ہلا کر پچکاری کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ایک تولہ کو پانی تین پاؤ میں ایک رات دن بھگو کر چھان لیں اور بوتل میں بھر کر رکھ لیں۔ بعدہ گل ارمنی۔ دم الاخوین۔ انزروت سفید۔ رسوت۔ کتیرا۔ سفیدہ کاشغری۔ نشاستہ۔ مرداسنگ۔ کاغذ سوختہ۔ نیل ولایتی۔ کافور ہر ایک تین ماشہ سب کو سرمہ کی طرح باریک پیس کر ایک تولہ اس میں سے لے کر بوتل مذکورہ میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ اور پچکاری کریں۔

زروق سوزاک دیگر۔ ہر قسم کے سوزاک میں مجرب و بے مثل ہے۔ نہایت جلد اپنا اثر کرتی ہے۔ کبھی خطا نہیں کی۔ بارہا کی آزمودہ و مجرب ہے۔ استعمال۔ دن میں چار مرتبہ پچکاری کی جائے۔ نسخہ۔ رسوت ایک تولہ۔ کتھ سفید چھ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ ایک سیر پانی میں بارہ گھنٹہ بھگو کر چھان لیں۔ بعد ازاں کافور۔ رسکپور۔ پھٹکڑی بریاں۔ نیلہ تھوتھا بریاں ہر ایک ۱ماشہ سب کو باریک پیس کر اس میں ملا دیں۔ اور پچکاری کریں۔

زروق سوزاک دیگر۔ سوزاک کے لئے بے نظیر دوا ہے۔ نہایت مجرب و مفید ہے۔ استعمال۔ دواؤں کی گولیاں بنا کر رکھ لیں۔ اور بوقت ضرورت بکری کے دودھ میں حل کر کے پچکاری سے دن میں تین چار مرتبہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سفیدہ کاشغری۔ کندر۔ انزروت۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ دم الاخوین۔ برگ نیم۔ جملہ مساوی الوزن سب کو کوٹ کر نیم کے پتوں کے پانی میں ملا کر گولیاں بیر کے برابر بنا لیں اور بوقت ضرورت بکری کے ۳۲ تولہ دودھ میں حل کر کے بدستور مذکور پچکاری کریں۔

زروق سوزش بول۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ نیز احلیل کے زخم میں مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور پچکاری سے استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ مساوی الوزن باریک کوٹ کر رات کو قدرے پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر یا بغیر جوش دیئے ہوئے چھان کر پچکاری کریں۔

زروق قرحہ۔ سوزاک کے زخم میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ معلوم۔ نسخہ۔ گل ارمنی۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ۱تولہ۔ افیون خالص نو ماشہ۔

ماشہ۔ سب کو باریک کوٹ کر پانی میں ملا کر رکھیں۔ اور عندالضرورت پچکاری کریں۔

باب السین المہملہ

سعوط۔ کسی سیال چیز کے (از قسم روغن یا عرق وغیرہ) ناک میں ٹپکانے کو سعوط کہتے ہیں۔ شیخ بو علی سینا کے قول کے مطابق سعوط اس سیال دوا کو کہتے ہیں جو ناک یا کان یا احلیل وغیرہ میں سے کسی میں ٹپکائی جائے۔

سعوط ام الصبیان۔ بچوں کی مرگی میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔
استعمال۔ ناک میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ جندبیدستر۔ حلتیت۔ مساوی الوزن خوب باریک پیس کر بقدر چار جو کے ماں کے دودھ میں حل کر کے قطرہ قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط بخرالانف۔ ناک سے بدبو آنے میں نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ حسب دستور سابق۔ نسخہ۔ عنبر۔ زعفران۔ برابر بقدر ضرورت لے کر پودینہ سبز کے نچوڑے ہوئے پانی میں ملا کر سعوط کریں۔

سعوط زکام۔ بند زکام کے جاری کرنے میں ہمیشہ معمول و مجرب ہے۔
استعمال۔ حسب دستور۔ نسخہ۔ فلفل سیاہ پانچ عدد۔ باریک پیس کر مسکہ گاؤ ایک تولہ میں ملا کر سعوط کریں۔

سعوط رعاف۔ نکسیر کے روکنے میں نہایت سریع الاثر ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ کندر۔ افیون۔ کافور ہر ایک دو جو بھر لے کر پانی میں پیس کر سعوط کریں۔

سعوط سکتہ۔ مریض سکتہ کو فوراً ہوش میں لاتا ہے۔ نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ عود صلیب باریک پسا ہوا تین ماشہ۔ روغن بابونہ۔ روغن نرگس۔ ہر ایک چھ ماشہ میں ملا کر ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط شقیقہ و عصابہ۔ بھوؤں کے درد اور آدھے سر کے درد میں مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔

نسخہ۔ کافور ایک ماشہ روغن گل دو تولہ میں حل کر کے طلوع آفتاب سے پہلے تین دن تک متواتر مریض کی ناک میں چند قطرے روزانہ ٹپکائیں۔

سعوط صداع باردوریحی۔ درد سر باردوریحی میں بہت مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول۔
نسخہ۔ جندبیدستر۔ مشک ہر ایک آدھ ماشہ روغن چنبیلی ایک تولہ حل کر کے کان میں ٹپکائیں۔

سعوط صداع حار۔ درد سر گرمی میں جب سخت تکلیف اور شدت سے ہو تو بہت جلد فائدہ دیتا ہے۔ نہایت سریع الاثر و مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب دستور۔ نسخہ۔ کافور۔ افیون ہر ایک تین سرخ۔ روغن گل ۳ ماشہ میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔

سعوط صرع۔ مرض صرع میں نہایت مفید و زود اثر ہے۔
استعمال۔ ۲ حسب معمول۔ نسخہ۔ پوست بیخ آکھ تین ماشہ۔ شیر بز تین تولہ میں پیس کر صاف کر کے ناک میں چند مرتبہ ٹپکائیں۔

سعوط فساد شم۔ مرض فساد شم (یعنی ناک میں ہر خوشبو دار چیز کی بری بو آنا) میں بے حد مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ حسب معمول۔
نسخہ۔ جندبیدستر۔ کندش۔ قرنفل۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ آب کرفس۔ روغن زرد ہر ایک دو تولہ۔ روغن بنفشہ ایک تولہ آگ پر سب دواؤں کو خوب گرم کر کے سعوط کریں۔

سفوف

ایک یا چند خشک ادویات کو باریک پیس کر تیار کرنا سفوف کہلاتا ہے۔

سفوف آب حیات۔ قبض کو رفع کرتا ہے۔ اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ہلیلہ کلاں۔ بادیان۔ سناء مکی۔ نمک سیاہ۔ زیرہ سفید۔ پوست ہلیلہ ہر ایک ایک تولہ پیپلا مول ۳ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر بدستور سفوف تیار کریں۔

سفوف ابن ماسویہ۔ پیچش اور مروڑ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ صبح۔ شام۔ نقوع طباشیر ۳ ماشہ گل ارمنی ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خطمی۔ خبازی مقشر ہر ایک ۱۷ ماشہ نشاستہ بریاں ۱۰ ماشہ صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک ۷ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف اترج فالج میں مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصبح بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادر نجبویہ ۴ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست زرد اترج۔ بادر نجبویہ۔ فقاح اذخر۔ آملہ منقیٰ۔ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۲۲ ماشہ اسارون بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دار چینی۔ تج۔ کرویہ دشتی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ جدوار خطائی مشک ترکی۔ عنبراشہب۔ جندبیدستر ہر ایک ۳ ماشہ ورق طلاء مومیائی ہر ایک ۲ ماشہ۔ جوزبوا۔ زراوند طویل۔ .سفائج فستقی۔ بادیان خطائی۔ سونٹھ۔ تخم سداب۔ کہربا چندرس۔ عود خام۔ باچھڑ۔ قسط تلخ۔ عود صلیب۔ تخم انجدان رومی۔ اسطوخودوس ہر ایک ۴ ماشہ۔ صعتر فارسی ۵ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف اذخر۔ بھوک لگاتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ گرم پانی کے ساتھ نہار منہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بیخ ۴ ماشہ ۔ عود۔ باچھڑ ہر ایک ۲ ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر ایک خوراک بنائیں۔

سفوف اربع۔ منی کو گاڑھا کرتا اور امساک لاتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ببول۔ صمغ ببول۔ پھلی ببول۔ کونپل ببول۔ ہر ایک ایک تولہ شکر ہم وزن مجموعہ تمام کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف ارسطا طالیس۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور دستوں کو بند کرتا ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۹ ماشہ تک ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ قرفہ۔ سا[illegible] ہندی۔ دانہ الائچی خورد۔ عود۔ اسارون۔ مصطگی۔ ہلیلہ کابلی نار مشک۔ فرنجمشک۔ زیرہ [illegible]سانی۔ دار چینی۔ چھڑیلہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ سونٹھ۔ لونگ انار دانہ

بوزیدان۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۷ ماشہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۳ ماشہ۔ مصری ۶ حصہ۔
بدستور معروف تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف استقولوقندریون۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری کو خارج کرنے میں
بالخصوص مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ آب زلال نخود سیاہ و سکنجبین استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خیار۔ تخم خیار بادرنگ (کھیرا) تخم خرپزہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ حب القلت
(کلتھی) خارخسک۔ صمغ آلو۔ پرسیاؤ شاں۔ استقولو قندریون ہر ایک ۷ ماشہ۔ حب
الاٰس بادیان۔ پوست بیخ بادیان۔ بیخ کبر ہر ایک ۳ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ
چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف اقماع الرمان۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ آب سرد (گرم میں) و آب گرم (سرما میں) استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل انار۔ بھنگرمی۔ سماق۔ بلوط خرنوب۔ آرد کنار۔ تخم مورد۔ انار دانہ
ترش بزرالنج سفید۔ کزمازج (جھاؤ کا پھل) طراثیث (کھمب) کشتہ ابرک۔ کشنیز
بریاں۔ دانہ انگور بریاں۔ افیون۔ مازو سبز ہر ایک مساوی الوزن۔ نخود بریاں ۵ حصہ
بدستور سابق کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف الاملاح۔ بھوک لگاتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور قبض کو
توڑتا ہے نیز معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۴ رتی جوارش کمونی ۷ ماشہ کے ہمراہ کھائیں۔
نسخہ۔ کھار بھنگ۔ کھار پھٹکنی۔ کھار پودینہ۔ کھار مولی۔ کھار برگ کٹائی۔ ہر ایک
۲ تولہ۔ ست اجوائن ۱۰ تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف آملہ۔ پرانے اور نئے سوزاک میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آملہ منقی۔ زروچوب مساوی الوزن۔ شکر برابر وزن مجموعہ بدستور سابق
سفوف تیار کریں۔

سفوف انار دانہ۔ قبض اور پیٹ کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ یا ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔
نسخہ۔ بادیان ۔ سونٹھ۔ ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ۔ ہر ایک ۶ ماشہ سناکی انار دانہ ہر ایک ایک تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف اندری جلاب۔ آلات بول کے زخموں کو صاف کرتا ہے۔ پیشاب کھول کرلاتا ہے۔ اور تمام گندہ مواد نکالتا ہے۔
استعمال۔ ۶ ماشہ دودھ کی لسی کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ شورہ قلمی۔ ریوند چینی ہر ایک ۷ ماشہ۔ جو اکھار ۶ ماشہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ شکر سفید ۱۲ تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف تیار کریں۔

سفوف انیسون۔ نفخ کو دور کرتا ہے۔ اور معدہ کی ریاح کو تحلیل کرتا ہے
استعمال۔ ڈیڑھ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ انیسون۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ کندر ۱۴ ماشہ۔ فقاح اذخر قسط۔ مصطگی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ اسپندان سفید ۷ تولہ ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف بادیان۔ پیچش میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بادیان۔ ہلیلہ سیاہ ہر دو مساوی الوزن طباشیر بریان شکر سفید بقدر ضرورت۔ بادیان اور ہلیلہ کو چرب کریں۔ اور کوٹ چھان کر سب کو شامل کر کے سفوف تیار کریں۔ نیز سرد مزاج اشخاص میں طباشیر کے بجائے زنجبیل زیادہ مناسب ہے۔

سفوف برص۔ برص میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۶ ماشہ سفوف رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو زلال لے کر شہد یا شربت عناب ۲ تولہ۔ شامل کر کے استعمال کریں۔ اور پھوگ کو پیس کر سفید داغوں پر لگائیں۔ تیل گڑ اور مرچ وغیرہ تمام اشیاء سے پرہیز کریں۔ اور صرف بیسنی روٹی مرغن کھائیں۔
نسخہ۔ چاکسو۔ تخم پنواڑ۔ بابچی۔ پوست درخت انجیر وشتی۔ پوست اندرونی درخت نیب۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف برنگی۔ پیٹ کے کیڑے بالخصوص ۔ کینچوے مار کر خارج کرتا ہے۔

استعمال۔ ڈیڑھ تولہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔
نسخہ۔ ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ برنگ مقشر ۳ تولہ تربد سفید ۷ تولہ شکر سفید دو چند وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر حسب معمول سفوف تیار کریں۔

سفوف بڑھل۔ دستوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔
نسخہ۔ انار دانہ۔ زیرہ سفید بریاں۔ بادیان ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ خبث الحدید مدبر بہ سرکہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ گلنار۔ مویز۔ جفت بلوط۔ مصطگی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ موچرس۔ پوست ہلیلہ بریاں۔ آملہ بریاں۔ بیلگری۔ سعد کوفی۔ تخم بڑھل۔ دار چینی۔ جوزبویہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ طباشیر۔ زعفران۔ ہر ایک ۳ ماشہ مصری ہم وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف بزور۔ پیشاب کھول کر لاتا اور گردہ و مثانہ کی ریگ کو خارج کرتا ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ و آب خالص استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم گزر دشتی ۳ ماشہ۔ تخم خربزہ۔ تخم کرفس ہر ایک ۲ تولہ شکر سفید ۶ ماشہ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف بلوط۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بلوط مقشر ۷ ماشہ۔ کندر ۱۰ ماشہ ۔ کشنیز۔ گل ارمنی ۔ صمغ عربی ہر ایک ۳ تولہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف بنفشہ۔ درد سر صفراوی میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ روزانہ علی الصبح ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بنفشہ خشک ۷ تولہ۔ گلسرخ ۳ تولہ۔ کشنیز مقشر ۲ تولہ شکر سفید ہم وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف بہدانہ۔ جگر کی حرارت کو دور کرتا ہے۔ جگر کے سدے کھولتا ہے اور یرقان کو زائل کرتا ہے۔

استعمال۔ ۳ ماشہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ۱ ماشہ طباشیر ۲ ماشہ گل ارمنی۔ گل سرخ۔ لک مغسول۔ باچھڑ۔ اصل السوس۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ بہدانہ مقشر۔ نشاستہ۔ مغز تخم خیار ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ بدستور سابق تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف بیجبند۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ اور سرعت انزال کو دور کرتا ہے جریان میں خصوصیت سے مفید ہے۔ **استعمال۔** روزانہ علی الصبح بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** بیج بند سیاہ۔ تخم ہلہل ہر ایک ۴ تولہ۔ گوکھرو۔ تا لمکھانہ۔ اندرجو شیریں ہر ایک ۷ تولہ۔ لہسوڑہ ۲۸ تولہ شکر ہم وزن ہمہ ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف بیج بند خاص۔ جریان وغیرہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ **استعمال۔** روزانہ علی الصبح نہار منہ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** بیجبند۔ تخم ہلہل ہر ایک ۴ تولہ۔ گوکھرو۔ تالمکھانہ۔ اندرجو شیریں۔ ہر ایک ۷ تولہ ستاور ۲۸ تولہ۔ قند سفید ہم وزن ادویہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر قند ملا کر سفوف بنائیں

سفوف بینائی۔ معدہ کی رطوبات کو خشک کرتا اور نزلہ کو دور کرتا ہے۔ **استعمال۔** ۲ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** عود غرقی۔ لونگ ہر ایک ۲ ماشہ پودینہ بادیان ہر ایک ۱۴ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف پچلونہ۔ ہاضمہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ **استعمال۔** ۱ ماشہ غذا کے بعد استعمال کریں۔ **نسخہ۔** زرشک۔ سماق۔ انار دانہ۔ طباشیر۔ تخم حماض ہر ایک ۶ ماشہ۔ زیرہ گل سرخ ۴ ماشہ۔ گل سرخ ۹ ماشہ۔ زیرہ سیاہ ۵ ماشہ۔ زیرہ سفید ۴ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ پوست ترنج ۴ ماشہ۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ ہر ایک ۶ ماشہ مصطگی ۹ ماشہ۔ انیسون۔ دار فلفل۔ پودینہ خشک۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ ہر ایک ۶ ماشہ شیطرج ہندی ۴ ماشہ نمک لاہوری ۱ تولہ۔ نمک طعام۔ نمک سیاہ ہر ایک ۱ تولہ۔ سہاگہ۔ شورہ قلمی ہر ایک ۳ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ چوک ترش ایک تولہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف پکھان بید۔ کثرت حیض اور بواسیری خون کو بند کرتا ہے۔ **استعمال۔**

بوقت ضرورت بقدر ۵ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد بریان کردہ کہرباء ہر ایک ۵ ماشہ۔ لک مغسول۔ مرجان ہر ایک ۴ ماشہ صدف سوختہ ۱ تولہ ریوند چینی ۴ ماشہ۔ عود خام۔ گلنار فارسی ہر ایک ۱ ماشہ۔ نشاستہ بریان ۵ ماشہ۔ تخم حماض ۴ ماشہ۔ پھان بید ۵ ماشہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ مرکی ۳ ماشہ۔ آملہ رال ہر ایک ۵ ماشہ صمغ عربی بریاں ۱ ماشہ۔ دم الاخوین ۲ ماشہ۔ کتیرا ۴ رتی بیخ انجبار۔ ۴ رتی۔ اقاقیا۔ حب آلاس ہر ایک ایک ماشہ۔ زرشک ۲ ماشہ۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ گل ارمنی رسوت مرکی ہر ایک ۱ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف تنتریک۔ غذا کو ہضم کرتا بھوک لگاتا اور معدہ و آنتوں کو قوت دیتا ہے

استعمال۔ ۷ ماشہ غذا سے پہلے اور بعد کو دونوں وقت تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ انار دانہ ترش ۵ تولہ۔ سونٹھ۔ زیرہ سفید ہر ایک ۷ ماشہ ۔ تربد سفید مدبر زیرہ سیاہ۔ نان ہندی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ نمک سنگ ۹ماشہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف تیواج۔ بواسیری دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ہمراہ عرق بارتنگ ۶ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ تیواج خطائی (پوست اندر جو شیریں) ۲ ماشہ نیلو فر ۵ ماشہ۔ دونو کو پیس کر سفوف بنا لیں۔ اور ایک خوراک کریں۔

سفوف ثعلب۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو دور کرتا ہے۔ مثانہ کو قوت دیتا ہے اور جریان کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ۶ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ یا آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ۔ طباشیر حجرالیہود۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ تولہ کتیرا ایک تولہ صمغ عربی ۔ خارخسک۔ تخم کاسنی۔ گل فوفل۔ مغز تخم خرپزہ۔ مغز تخم خیارین۔ گل خطمی۔ گل نیلوفر ہر ایک ۳ تولہ۔ ثعلب مصری برابر وزن ہمہ ادویہ۔ مصری نصف وزن ادویہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف جریان خاص۔ سرعت انزال کو زائل اور جریان کو دور کرتا ہے۔

استعمال۔ علی الصبح نہار منہ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ثعلب مصری۔ تالمکھانہ اسگند ناگوری۔ نیتر بالا۔ مصطگی رومی۔ نشاستہ دانہ الائچی۔ بھو پھلی۔ کشتہ قلعی۔ تج ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کوٹ چھان کر تیار کریں۔

سفوف جند۔ استسقاء کی تمام قسموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ شیر شتر یا عرق کاسنی ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ انیسون۔ بادیان۔ تخم کرفس۔ نانخواہ۔ تخم گزروشتی۔ تخم سویہ۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ اسارون۔ قسط تلخ۔ باچھڑ۔ مصطگی۔ قلفل سفید ہر ایک ۳ ماشہ کرویہ دشتی ۷ ماشہ سبکینج ۲ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ۔ جندبید ستر ۲ ماشہ۔ حسب دستور سفوف تیار کریں۔

سفوف جبنین۔ سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ اسپغول ۷ ماشہ تخم خرفہ ۱۰ ماشہ۔ کشنیز خشک ۵ ماشہ۔ سب کو ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف جوز۔ بواسیری خون کو بند کرنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ صبح نہار منہ ۲ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ رسوت نگر کوٹی ۱۴ ماشہ۔ انکشت دیوار کہنہ (پرانی دیوار کے کوئلے) ۷ ماشہ۔ دونو کو روغن بادام سے چرب کر کے سفوف بنائیں۔

سفوف چٹکی۔ بچوں کے معدہ کو قوت دیتا ہے اور ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔
استعمال۔ بمناسبت عمر ۳ رتی سے ۲ ماشہ تک ماں کے دودھ میں حل کر کے دیں۔
نسخہ۔ نمک طعام۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ سہاگہ بریاں۔ نوشادر۔ سنائکی چاکسو۔ بادیان۔ نرکچور۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پودینہ خشک الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ بابڑنگ۔ گل سرخ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ آملہ خشک نخود خام۔ بہیرڑہ۔ نمک سیاہ ہر ایک ۱ تولہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف چوب چینی۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۶ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں
نسخہ۔ چوب چینی تراشیدہ ۱۴ ماشہ۔ عشبہ مغربی ۷ ماشہ سورنجاں۔ مصری افتیمون ہر ایک تین ماشہ۔ بسفائج ۷ ماشہ سنائکی ۹ ماشہ گل سرخ۔ صندل سفید ۳ ماشہ بدستور معروف کوٹ

چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف چوب گز۔ داد۔ خارش اور آتشک وغیرہ میں مفید ہے۔ **استعمال۔** ۲ تولہ ہمراہ عرق منڈی و عرق شاہترہ ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ پوست ہلیلہ کابلی ۳۰ ماشہ پوست بلیلہ۔ چوب گز ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ شاہترہ ۳ ماشہ گل سرخ ۶ ماشہ ریوند چینی ۵ ماشہ۔ برگ سناء ۲۰ ماشہ شکر سفید برابر وزن ہمہ ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف چہار تخم۔ پیچش وغیرہ میں مفید ہے۔ **استعمال۔** ۲ تولہ کھا کر اوپر سے گرم پانی استعمال کریں۔ **نسخہ۔** اسپغول۔ تخم ریحان۔ تخم کنوچہ بارتنگ ہر ایک ۱ تولہ۔ تمام دواؤں کو ملا کر تھوڑا سا پانی ڈال کر ان کو بستہ کرلیں۔

سفوف حابس البطن۔ اسہال کبدی میں مفید ہے۔ **استعمال۔** ۷ ماشہ ہمراہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ۔ عرق گلاب میں لے کر استعمال کریں۔ **نسخہ۔** گل سرخ۔ تخم خماض۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ زرشک۔ لک افوہ الصبغ (مجیٹھ) صندل سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حبالی۔ حاملہ عورتوں میں بھوک لگانا اور مٹی وغیرہ کھانے کے خواہش کو زائل کرتا ہے۔ **استعمال۔** روزانہ ۷ ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ کبابہ ہر ایک مساوی الوزن شکر سہ چند۔ تمام کو کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف حب الاس۔ دستوں کو بند کرتا اور معدے کو قوی کرتا ہے۔ **استعمال۔** ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** شاہ بلوط۔ دانہ مویز۔ آرد کنار۔ ہر ایک ۳ تولہ۔ خرنوب بنطی۔ حب الاس ہر ایک ۶ تولہ۔ بدستور معلوم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف حب الرمان۔ آنتوں اور معدہ کو قوت دینا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ **استعمال۔** ۹ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** انار دانہ بریاں ۳ تولہ۔ بلوط۔ کاک۔ زیرہ کرمانی مدبر حب الاس۔ کشنیز خشک بریاں خرنوب۔ آرد کنار ہر ا ایک ۱۸ ماشہ عود

خام ۲ ماشہ آملہ منقیٰ ۴ ماشہ۔ حسب دستور سفوف تیار کریں۔

سفوف حب العنب۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اور دستوں کو روکتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم انگور۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ حب الاس۔ ساق ہر ایک ۳ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حب النیل۔ آتشک میں تنقیہ مواد کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ گرم پانی یا عرق گلاب ۶ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ حب النیل (کالا دانہ) ۸۰ دانہ سونٹھ ۴ رتی ریوند چینی ۱ ماشہ گل سرخ ۷ ماشہ حب النیل کو روغن گاؤ سے چرب کر کے دیگر دواؤں کے ساتھ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حجرالیہود۔ گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ و آب برگ ترب ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ حجرالیہود۔ صمغ آلو۔ خارخسک۔ حب کاکنج۔ تخم ہلیون۔ بادیان مغز آلو بالو ہر ایک ۴ ماشہ مغز۔ تخم خربزہ ۳ تولہ۔ تخم ترب۔ حب القلت ہر ایک ۸ ماشہ خاکستر عقرب۔ کانچ سوختہ ہر ایک ۱۰ رتی۔ صمغ عربی۔ ۶ ماشہ مصری برابر وزن ہمہ ادویہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف حرف۔ تلی کے ورم اور نفخ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۱۰ ماشہ ہمراہ سکنجبین استعمال کریں۔ نسخہ۔ نان حرف (ہالون) ایک تولہ۔ کزمازج۔ پوست بیخ کبر۔ تخم فنجنگشت۔ اسقولو قندریون ہر ایک ۶ ماشہ ہالون کو ایک دن رات سرکہ میں تر رکھیں۔ اور خشک کر کے پیس لیں اور قدرے جو کے آٹے کے ساتھ خمیر اٹھا کر تنور میں روٹی پکائیں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک کوٹ لیں۔ اس میں سے ایک تولہ وزن لے کر دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کر کے سفوف تیار کریں۔

سفوف حفظ۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ نسیان کو زائل کرتا اور قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ استعمال۔ کندر ۲۵ ماشہ مصطگی ۱۰ ماشہ دار فلفل عنبر گاؤزبان۔ بادر نجبویہ ہر

ایک ۳ ماشہ۔ کانگ ۳۸ ماشہ۔ شکر سفید مساوی ہمہ ادویہ۔ بدستور سابق سفوف تیار کریں۔

سفوف خاصہ۔ سودا صفرا اور بلغم کو خارج کرنے کے لئے بلا ضرر مسہل ہے۔ استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ شربت خالص استعمال کریں۔ نسخہ۔ سناء مکی۔ تربد موصوف۔ حب النیل (کالا دانہ) ہر ایک ۱۴ ماشہ پوست ہلیلہ زرد ۷ ماشہ نمک ہندی۔ سونٹھ کتیرا ہر ایک ۲ ماشہ تمام کو روغن گاؤ سے چرب کر کے کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خبث الحدید۔ ابتداو استسقا میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۶ ماشہ سے ایک تولہ تک دہی کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر مریض کو کھانسی کی بھی شکایت ہو تو بجائے دہی کے شہد کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ پوست بلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ۔ سونٹھ۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل قند سیاہ۔ ہر ایک اتولہ۔ خبث الحدید ۲ تولہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف خدر۔ مرض خدر یعنی سن بھری میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ بقدر ۴ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ درونج عقربی۔ زرنجور۔ مصطگی۔ ابریشم مقرض۔ بوزیدان۔ تخم بادر نجبویہ گاؤزبان۔ الائچی خورد۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ جدوار۔ عود غرقی۔ عود صلیب ہر ایک ا ماشہ برگ فرنجمشک۔ دار چینی ۔ تج ۔ بالچھڑ۔ سورنجاں شیریں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۲ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف خرنوب۔ آنتوں کو قوت دیتا ہے۔ معدہ کے دستوں کو بند کرتا اور معدہ کی کمزوری کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان ۱۲ تولہ و شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ خرنوب بنطی۔ بہیدانہ۔ زیرہ کرمانی مدبر۔ ساق پوست کنار۔ حب الاس مصطگی۔ بلوط۔ کشنیز۔ خشک بریاں ہر ایک مساوی الوزن بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خستہ انبہ۔ بواسیر کو دور کرتا ہے۔ اور خونی دستوں کو بند کرتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ۔ و آب گندنا سبز ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ خستہ انبہ۔ خستہ جامن مساوی الوزن۔ دونوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خشخاش۔ گردہ اور مثانہ کے زخم نیز کھانسی اور پھیپھڑے کے زخموں

میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خیارین۔ تخم کتان ہرایک ۱۰ ماشہ نشاستہ۔ گل ارمنی ہرایک ۷ ماشہ خشخاش سفید ۱۴ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خطمی۔ خونی دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خطمی سفید۔ مغز۔ تخم خبازی۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی مغسول۔ طباشیر ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف خیارین۔ مثانہ کے زخموں کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ سکنجبین و عرق گلاب ۶ تولہ یا ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز تخم خیار۔ بزنگ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم کدو۔ ہرایک ۲ تولہ بادیان ایک تولہ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف دار چینی والا۔ عورتوں کی بعض رحمی شکایات میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۶ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صدف ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ دار چینی ۶ ماشہ تمام کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

سفوف داؤدی۔ مثانہ اور گردہ کی عام شکایات میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق شیرہ تخم خربزہ ۳ ماشہ۔ شیر تخم کاسنی۔ شیرہ خارخسک ہرایک ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ گل داؤدی خشک۔ نبات سفید ہرایک مساوی الوزن۔ تمام کو پیس کر باہم ملا کر سفوف بنالیں۔

سفوف دم الاخوین۔ خونی قے اور دستوں کو روکتا ہے۔
استعمال۔ بچوں کو چار رتی ماں کے دودھ میں حل کر کے عرق بادیان کے ساتھ اور جوانوں کو بقدر ۱ ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خرفہ بریان۔ گلنار۔ تخم حماض۔ طباشیر۔ گل ارمنی ہرایک ۴ ماشہ گل سرخ۔ مائین۔ حب آلاس۔ نشاستہ۔ دم الاخوین ہرایک ۲ ماشہ کندر۔ افیون ہرایک ۱ ماشہ بدستور معروف کوٹ

میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خیارین۔ تخم کتان ہر ایک ۱۰ ماشہ نشاستہ۔ گل ارمنی ہر ایک ۷ ماشہ خشخاش سفید ۱۲ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف خطمی۔ خونی دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ۔ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خطمی سفید۔ مغز۔ تخم خبازی۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی مغسول۔ طباشیر ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف خیارین۔ مثانہ کے زخموں کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ سکنجبین و عرق گلاب ۶ تولہ یا ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز تخم خیار۔ بونگ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم کدو۔ ہر ایک ۲ تولہ بادیان ایک تولہ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف دار چینی والا۔ عورتوں کی بعض رحمی شکایات میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۶ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صدف ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ دار چینی ۶ ماشہ تمام کو کوٹ کر سفوف بنائیں۔

سفوف داؤدی۔ مثانہ اور گردہ کی عام شکایات میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق شیرہ تخم خربزہ ۳ ماشہ۔ شیر تخم کاسنی۔ شیرہ خار خسک ہر ایک ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ گل داؤدی خشک۔ نبات سفید ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کو پیس کر باہم ملا کر سفوف بنالیں۔

سفوف دم الاخوین۔ خونی قے اور دستوں کو روکتا ہے۔
استعمال۔ بچوں کو چار رتی ماں کے دودھ میں حل کر کے عرق بادیان کے ساتھ اور جوانوں کو بقدر ۱ ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خرفہ بریاں۔ گلنار۔ تخم حماض۔ طباشیر۔ گل ارمنی ہر ایک ۴ ماشہ گل سرخ۔ مائیں۔ حب آلاس۔ نشاستہ۔ دم الاخوین ہر ایک ۲ ماشہ کندر۔ افیون ہر ایک ۱ ماشہ بدستور معروف کوٹ

چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف دمعہ۔ کھانسی اور دمعہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ا رتی ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ یا شہد خالص ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ نمک طعام ۳ ماشہ زہرہ ماہی ا عدد۔ مغز گھیکوار۔ بقدر ضرورت۔ نمک کو زہرہ ماہی میں حل کر کے مغز گھیکوار میں پکائیں۔

سفوف دمہ ہلدی والا۔ کھانسی کو زائل کرتا اور دمہ کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ پہلے دن بقدر ۳ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اور پھر روزانہ ایک رتی کا اضافہ کرتے جائیں۔
نسخہ۔ گیہوں سوختہ۔ ہلدی سوختہ۔ گیہوں کو نئے مٹی کے برتن میں ڈال کر جلائیں جب وہ مثل کوئلہ کے ہو جائیں۔ تو گیہوں سے نصف وزن ہلدی کو جلا کر دونوں کو ملا لیں لیکن ہلدی کو بہ نسبت گیہوں کم جلانا چاہیئے۔

سفوف دواء رمل۔ مثانہ اور گردہ کی ریگ کو بذریعہ اور ارخارج کرتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ جوشاندہ پرسیاوشاں استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربزہ۔ تخم خبازی۔ تخم کرفس۔ بادیان ہر ایک ا تولہ مغز بادام۔ حب البان۔ بیخ بیلاب۔ بیخ کاکنج۔ حب بلسان۔ دوقو۔ فقاح اذخر۔ نانخواہ۔ برگ سداب۔ قلفل۔ گل سرخ۔ سعد ہر ایک ٦ ماشہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف دیدان۔ پیٹ کے کیڑے مار کر نکالتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ قند سفید استعمال کریں۔
نسخہ۔ نمک ہندی ۴ رتی۔ قسط تلخ۔ کمیلہ۔ سرخس۔ (کیل وارد) کالا دانہ۔ ترمس ہر ایک ۲ ماشہ۔ تربد سفید موصوف۔ برنگ کابلی مقشر۔ درمنہ ترکی۔ ہر ایک ۳ ماشہ شکر۔ مساوی وزن ہمہ ادویہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف ذرب۔ دستوں کو بند کرنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خماض۔ زرشک۔ بہیدانہ۔ خستہ مویز۔ کشنیز خشک بریان۔ گلسرخ خرنوب۔ شاہ

بلوط۔ طباشیر۔ ہر ایک ۳ تولہ۔ سماق۔ حب آلاس ہر ایک ۷ ماشہ انار دانہ بریان ۳ ماشہ
بدستور معلوم سفوف تیار کریں۔

سفوف ذیابیطس۔ مثانہ اور گردہ کو طاقت دیتا اور مرض ذیابیطس کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماسہ دہی کی لسی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ رب السوس۔ ریوند چینی۔ گوندہ کتیرا۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی گل مختوم طباشیر۔
حب کانبج۔ تخم خشخاش ہر ایک ۲ تولہ ۔ نشاستہ۔ مغز کدو۔ تخم خرفہ ہر ایک ۳ تولہ قند سفید
برابر وزن ادویہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف ریحان۔ پیچش وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۶ ماشہ صبح۔ شام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گوند ناگوری بریان۔ تخم ریحان بریان۔ ہر ایک ۱ تولہ ۔ کوکنار ۳ ماشہ سب کو کوٹ
چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف زجاج۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری توڑنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۳ ماشہ ہمراہ آب مولی ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زجاج محرق۔ (کانچ جلا ہوا) سرگیں کبوتر۔ پھٹکری۔ ہر ایک مساوی الوزن تمام
دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف زرشک معدہ اور جگر کو قوت دیتا اور دستوں کو روکتا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی ۷ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال
کریں۔
نسخہ۔ سماق۔ نانخواہ۔ سونٹھ۔ انار دانہ بریان۔ زرشک منقیٰ۔ آردکنار۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔
شکر طبرزد ۶ تولہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر شکر سفید ملا کر سفوف تیار کریں۔

سفوف زلق الامعاء پیچش مروڑ اور دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ کی مقدار میں لے کر چند قطرہ پانی کے ڈال کر لعاب اٹھائیں اور خشک
ہو جانے پر ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔
نسخہ۔ اسپغول تخم ریحان۔ تخم کنوچہ۔ بارتنگ ہر ایک مساوی الوزن۔

سفوف زہر مہرہ۔ خفقان کو دور کرتا اور دل کو قوت بخشتا ہے۔

استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ۔ و شربت سیب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زہر مہرہ سودہ۔ طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ دانہ الائچی خورد۔ کشنیز مقشر بہمن سرخ بہمن سفید۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ گل سرخ۔ گاؤزبان۔ سالاج۔ صندل س ودہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۷ ماشہ۔ ورق نقرہ ۲ ماشہ۔ بدستور معروف تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں (ہلیلہ کابلی کو علیحدہ کوٹ کر روغن سے چرب کر کے شامل کریں)۔

سفوف سالٹ پیٹر۔ (قلمی شورہ) سوزاک میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ایک تولہ۔ دودھ کی لسی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سالٹ پیٹر۔ گل ارمنی۔ شب یمانی بریان۔ مصری تمام مساوی الوزن سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سبعہ۔ سوداوی مودا کو بدن سے خارج کرتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق مطبوخ ہفت روزہ ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ افتیمون ہر ایک ۷ ماشہ۔ بسفائج۔ کالا دانہ سنا مکی۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ تربد مدبر نصف وزن ہمہ ادویہ۔ بدستور معلوم سفوف بنائیں۔

سفوف ست گلو۔ سل اورق میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۴ رتی ہمراہ شیر مادہ خریا شیر بز استعمال کریں۔
نسخہ۔ طباشیر سفید۔ تخم گاؤزبان ہر ایک ۲ ماشہ۔ صمغ عربی۔ سرطان نہری محرق ہر ایک ایک ماشہ کوکنار ۲ سرخ۔ دانہ آلائچی خورد ۴ رتی۔ بطریق معلوم سفوف بنائیں۔

سفوف سرخ۔ پیشاب کی جلن اور سوزش کو دور کرتا ہے۔ پیشاب میں پیپ آنے کو روکتا ہے۔ سوزاک کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ خارخسک ۳ ماشہ۔ شیرہ تخم کاہسنی ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گیرو۔ پھٹکری بریاں۔ ہر ایک ایک تولہ شکر خام ۲ تولہ۔ دونوں کو پیس کر شکر ملا کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سرطان۔ کھانسی سل اور دق میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ لعوق نزولی آب تربوز والا استعمال کریں۔

نسخہ۔ تخم خطمی۔ گلنار۔ اقاقیا۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مغز بادام ۱۰ ماشہ۔ کثیرا۔ نشاستہ۔ صمغ
عربی۔ مغز تخم کدو۔ مغز تمتریز۔ مغز بہیدانہ۔ رب السوس۔ طباشیر۔ مغز تخم خیار۔ گل
ارمنی۔ ریشہ برگد ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ باقلائے مقشر ۲۵ ماشہ۔ خشخاش سفید۔ سرطان سوختہ ہر
ایک ۳ تولہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سعد۔ دانت نکلتے وقت بچوں کے دست آنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۴ رتی ماں کے دودھ میں حل کر کے بچہ کو پلائیں۔
نسخہ۔ سعد کوفی۔ کندر۔ حب آلاس۔ تخم خشخاش ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام دواؤں کو
کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سل جالینوس والا۔ جو سل میں خصوصیت مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۲ ماشہ ہمراہ شیر بز استعمال کریں۔
نسخہ۔ حاما۔ دار چینی ہر ایک ۱۴ ماشہ کتیرا ۱۷ ماشہ۔ رب السوس ۱۸ ماشہ مرکی ۲۱ ماشہ۔
زعفران ۳۵ ماشہ۔ کندر سفید ۱۷ ماشہ بطریق سابق کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سماق۔ پیاس کو بجھاتا اور معدہ کو قوت دیتا نیز دستوں کو روکتا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صمغ عربی۔ گلنار ہر ایک ۷ حب آلاس۔ انا دانہ۔ بریان ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ سماق ۲۵
ماشہ۔ خرنوب ۴ تولہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سمندر پھل۔ بلغمی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ ماشہ ہمراہ لعوق سپستان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز سمندر پھل۔ فلفل۔ دار فلفل۔ پوست خشخاش۔ صمغ عربی۔ کاکڑا سینگی اصل
السوس ہر ایک مساوی الوزن بدستور سابق سفوف تیار کریں۔

سفوف سناء سودا۔ صفراء اور بلغمی مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔
نسخہ۔ سنا مکی۔ سونٹھ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک سیاہ ہر ایک مساوی الوزن بدستور معروف
کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سنگ دانہ۔ معدہ کو قوت بخشتا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عود مصطگی۔ طباشیر۔ حب الآس۔ صمغ عربی بریان۔ دانہ ہیل بریان۔ نشاستہ بریان۔
زیرہ سیاہ۔ پوست بیرون پستہ۔ بیلگری بریان۔ گلنار ہر ایک ۷ ماشہ پوست سنگ دانہ مرغ۔
ننگ ۱۸ ماشہ بدستور سفوف بنائیں۔

سفوف سودا۔ مالیخولیا میں تنقیہ سودا کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ ماءالجبن یا مطبوخ ہفت روزہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنامکی۔ افتیمون ہر ایک ۲ ماشہ۔ تربد سفید مجوف ۱۷ ماشہ۔ غاریقون سفید۔ لاجورد مغسول۔ ہلیلہ سیاہ۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ گلسرخ ۱۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ۔ زرد۔ بسفائج فستقی۔ ریوند چینی۔ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ اسطوخودوس ۷ ماشہ۔ بدستور سفوف بنائیں۔

سفوف سورنجان۔ جوڑوں کے درد اور نقرس وغیرہ میں مفید ہے استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ بلغمی اشخاص کے لئے تربد اضافہ کر دینا چاہیے اور سقمونیا کا وزن نصف گھٹا دینا چاہیے۔ نسخہ۔ سورنجاں مصری ۳ تولہ۔ سنامکی ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۴ ماشہ۔ مغز بادام مقشر ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۲۱ ماشہ۔ قند سفید ۹ تولہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سوزاک۔ سوزاک میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ست سلاجیت۔ دانہ الائچی کلاں۔ کہربائے شمعی۔ بیهندہ گجراتی۔ صمغ عربی گیرو۔ کباب چینی۔ گل ارمنی ہر ایک مساوی الوزن سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف سہ تخم۔ صفراوی پیچش میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ روغن گاؤ چرب کر کے ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی۔ تخم کنوچہ۔ اسپغول۔ بارتنگ ہر ایک مساوی الوزن۔ صمغ عربی کو پیس کر تخم کنوچہ وغیرہ کے ساتھ شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

سفوف سیاہ۔ بقدر ایک ماشہ ہمراہ لعوق بادام نزلی ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ نمک چرچٹہ۔ اجوائن دیسی۔ نمک سانبھر۔ بھوڑماہی۔ ہر ایک آدھ پاؤ۔ گل کیلہ برابر وزن ہمہ ادویہ سب کو کوٹ کر مٹی کے برتن میں رکھ کر اور گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہو جانے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

سفوف سیلان رحم۔ رحم کی تمام شکایات میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال

۔ روزانہ علی الصبح بقدر ایک تولہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تج قلمی۔ صندل سفید۔ مغز کائن ہر ایک ایک تولہ قند سفید ۳ تولہ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف سیماب۔ جو آتشک میں بعد تنقیہ کے معمول و مفید ہے۔

استعمال۔ روزانہ ایک خوراک صبح اور ایک شام ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بلیلہ زنگی۔ پوست بلیلہ زرد۔ فلفل سیاہ۔ ہر ایک ۹ ماشہ پارہ ۳۰ ماشہ۔ شکر ۶ تولہ۔ علاوہ پارہ اور شکر کے سب کو کوٹ چھان کر شکر اور پارہ خوب اچھی طرح ملائیں اور جب پارہ کشتہ ہو جائے تو ۱۰ خوراک بنالیں۔

سفوف شادنج۔ خونی پیشاب اور دستوں کو روکتا ہے۔

استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ۔ و مربائے بیلگری ایک تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ریوند خطائی ۳ ماشہ۔ کہربا۔ بسد۔ ودع (کوڑی)۔ سوختہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ دم الاخوین شادنج عدس مقشر۔ ریشہ برگد۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ تخم بارتنگ بریاں ۱۷ ماشہ سوائے تخم بارتنگ کے تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر تخم بارتنگ شامل کر کے سفوف بنائیں۔

سفوف شب یمانی۔ جگر کے ورم کو تحلیل کرتا اور قوت بخشتا ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ آب بہی شیریں ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ ریوند چینی۔ گلنار۔ دم الاخوین۔ شب یمانی (پھٹکری) ہر ایک مساوی الوزن سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف شیریں۔ بدہضمی کو دور کرتا۔ غذا کو ہضم کرتا۔ بھوک لگاتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔

استعمال بقدر ۵ ماشہ کھانا کھانے کے بعد تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ لونگ۔ دانہ الائچی خورد۔ ناگ کیسر۔ مرچ کنکول۔ دار چینی۔ زنجبیل۔ فلفل دراز نیتر بالا۔ خس۔ صندل سفید۔ اگر خام۔ اسارون۔ طباشیر۔ مغز کنول گٹہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ تج۔ ساذج ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ قند سفید برابر وزن ہمہ ادویہ بدستور معلوم کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف صندل۔ عمدہ خون پیدا کرتا۔ چہرہ کی رنگت نکھارتا ہے اور فرحت بخشتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ریوند چینی۔ صندل

صندل سرخ۔ گل سرخ۔ نشاستہ۔ ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ رب السوس۔ شاخ گوزن سوختہ
صمغ عربی ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز خیارین ۱۱ ماشہ۔ کتیرا، مغز کدو۔ ہر ایک ۵ ماشہ۔ کافور
کہربا۔ ہر ایک ۶ رتی شکر سفید برابر وزن ادویہ حسب معمول تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر
شکر ملا کر سفوف تیار کریں۔

سفوف طباشیر۔ خفقان کو دور کرتا ہے اور دل کی حرکت کو تسکین دیتا ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ سکنجبین سفرجلی ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ طباشیر
سفید۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ کشنیز خشک ۷ ماشہ۔ کہربا۔ مروارید ہر ایک ۲ ماشہ۔ کافور
۱ رتی۔ صندل سفید ۱۰ ماشہ بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف طباشیر لولوی۔ جگر اور معدہ کے گرم امراض میں نہایت مفید و معمول
ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ سے ۷ ماشہ تک ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ یا عرق گاؤ زبان ۶ تولہ استعمال
کریں۔
نسخہ۔ ابریشم۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ طباشیر۔ صندل سفید۔ ساق حقی۔ ہر
ایک ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کشنیز خشک۔ آملہ منقی ہر ایک ۱ تولہ۔ غنچہ گل سرخ اڑھائی
تولہ۔ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

سفوف طحال۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ ماشہ تازہ پانی کے ہمراہ کھائیں۔ نسخہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ رائی ۳ تولہ۔ کوٹ
کر سفوف بنائیں۔

سفوف طراثیث۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے اور خونی دستوں کو روکتا ہے
استعمال ۷ ماشہ ہمراہ شربت حب الآس یا شربت انجبار یا رب بہی شیریں استعمال کریں۔
نسخہ۔ طباشیر سفید۔ حب الآس۔ گلنار فارسی ۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ تخم خرفہ۔ ساق حقی
پوست بیرون پستہ۔ گل ارمنی۔ پوست بیخ انجبار۔ صندل سفید (بہ گلاب سودہ) کہربا شمعی
ہر ایک ۲ ماشہ۔ طراثیث شیریں ۷ ماشہ بطریق سابق کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف طین۔ پیچش کو دور کرتا اور خونی دستوں کو روکتا ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ
گھی سے چرب کر کے ہمراہ لعاب ریشہ خطمی ۷ ماشہ لعاب گاؤ زبان ۵ ماشہ۔ شربت انجبار ۲

تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسپغول۔ تخم ریحان۔ تخم کنوچہ۔ نشاستہ۔ تخم حماض بریان۔ صمغ عربی گل ارمنی۔ طباشیر ہر ایک مساوی الوزن۔ تخم ریحان۔ اسپغول اور تخم کنوچہ کے علاوہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر تخم ریحان وغیرہ بریان کر کے شامل کر لیں اور سفوف بنائیں۔

سفوف عبادہ۔ جگر کی کمزوری کو زائل کرتا ہے اور مرض ہزال کبد میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ ۷ ماشہ۔ صبح شام اور رات کو سوتے وقت ہمراہ عرق ماء اللحم۔ مکوہ۔ کاسنی والا استعمال کریں۔ گوشت سے قطعی پرہیز رکھیں۔ نسخہ۔ لک مغسول۔ حب الاس۔ بلوط۔ مصطگی۔ مازو۔ عود بلسان۔ پوست انار ہر ایک ۱ تولہ سونٹھ۔ کندر ہر ایک ۲ تولہ۔ شکر سفید دو چند ہمہ ادویہ۔ بدستور معلوم سفوف تیار کریں۔

سفوف عشبہ مسہل۔ آتشکی مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ تازہ پانی یا عرق عشبہ وغیرہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عشبہ مغربی ۴ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ صول سرخ۔ سنامکی ہر ایک ۱ تولہ ۔ بابچی۔ تخم گل عباسی۔ سرپھوکہ۔ گل سرخ ہر ایک ۶ ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف عنبر۔ خفقان بیہوشی۔ اور دیگر دل کے عوارضات میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عنبرا شہب۔ مشک۔ عطر گلاب۔ ہر ایک ۱ ماشہ۔ قرفہ۔ سازج ہندی۔ مصطگی۔ دانہ الائچی خورد۔ اسارون۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ لونگ۔ فرنجمشک۔ نارمشک۔ زیرہ کرمانی دار چینی۔ چھڑیلہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ سونٹھ۔ انار دانہ۔ جوزبوا۔ دانہ الائچی کلاں۔ ہر ایک ۴ رتی مصری ۱۰ تولہ تمام کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر شامل کر کے چھان لیں۔ اور عطر مذکورہ ملا کر محفوظ رکھیں۔

سفوف عود۔ معدہ کی سردی کو دور کرنے میں نہایت مفید ہے۔ نیز معدہ کے تمام سرد امراض میں کثیرالمنفعت ہے۔ استعمال۔ ۳ سے ۷ ماشہ تک ۳ تولہ گلقند میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنبل الطیب۔ مصطگی ہر ایک ۹ ماشہ۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ عود خام ۲ تولہ۔ شکر طبرزد (یا مصری) ہموزن ادویہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف غدودی۔ علی الصبح روزانہ بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ شیریں اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ نسخہ۔ غدد گردن مادہ جاموش (بھینس کی گردن کے غدد جو اس کی ٹھوڑی کے قریب ہوتے ہیں)۔ خشک ۲۰ عدد قرنفل ا تولہ۔ جوزبوا چار عدد۔ بسباسہ ۵ ماشہ۔ زنجبیل اسیر سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف عزی السمک۔ سل۔ دق اور کھانسی وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ ایک خوراک صبح کو بکری کے دودھ کے ساتھ اور ایک خوراک شام کو عرق بارنگ ۶ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بیخ انجبار۔ دم الاخوین۔ مروارید۔ کہرباء شمعی۔ عزی السمک۔ عود صلیب رب السوس۔ انیسون۔ سرطان محرق۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ مغز بادام شیریں مقشر ہر ایک ۲ تولہ افیون۔ زعفران۔ ہر ایک ۶ رتی۔ کافور قیصوری ا ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اور سات خوراک بنالیں۔

سفوف فلفلموییہ۔ مرض خروج مقعد میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ شربت سیدب استعمال کریں۔ نسخہ۔ فلفلموییہ۔ ۴۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱۴ ماشہ۔ کشنیز۔ نمک سنگ۔ نمک سیاہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ سونٹھ۔ آملہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ حسب معمول سفوف تیار کریں۔

سفوف قابض۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم خرفہ بریاں۔ طباشیر۔ گل قبری۔ گلنار۔ تخم حماض ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ گل سرخ نشاستہ۔ طراثیث۔ دم الاخوین۔ حب شادنج مغسول۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ کندر ۳ ماشہ۔ افیون ا ماشہ۔ حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف قاقلہ۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے معدہ کو قوی کرتا ہے امساک پیدا کرتا ہے اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ استعمال روزانہ علی الصبح ۳ ماشہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ دانہ الائچی خورد۔ ساذج۔ ناگ کیسر لونگ۔ جوزبوا۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ کالی زیری۔ بیلگری۔ شیطرج۔ گل دھاوہ۔ سہاگہ۔ سعد کوفی۔ مائیں خورد۔ پکھان بید۔ نیتر بالا۔ پارہ۔ گندھک۔ نانخواہ۔ اساروں۔ بنسلوچن۔ سجی۔ جواکھار۔ اجمود۔ ہینگ۔ کشنیز۔ خشک۔ ترکٹہ۔ بادیان۔ غنچہ انار۔ پوست کریلا اندر جو شیریں۔ رال۔ لودھ ہلیلہ سیاہ بریان۔ موچرس۔ دج ہر ایک مساوی الوزن تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف قرنفل۔ سرد مزاج اشخاص کے معدہ کو طاقت بخشتا ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ غذا سے قبل استعمال کریں۔
نسخہ۔ لونگ۔ بادیان۔ ہر ایک ۱ ماشہ۔ انیسون۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ
بدستور معروف سفوف تیار کریں۔

سفوف قشر الرمان۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ایک خوراک ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست انار۔ مازو ہر ایک ۳ ماشہ گل (میدہ کی روئی) ۷ ماشہ کندر ۲ ماشہ بزر البنج ۱
ماشہ۔ افیون ۳ رتی۔ حسب معمول کوٹ چھان کر خوراک تیار کریں۔

سفوف قلعی۔ سوزاک اور جریان میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ سرد پانی استعمال کریں۔
نسخہ۔ ست گلو۔ سلاجیت۔ الائچی خورد۔ پکھان بید۔ اصل السوس۔ تالمکھانہ۔ قلعی کشتہ
طباشیر سفید۔ ہر ایک ۱۲ ماشہ مصری برابر وزن ہمہ ادویہ حسب معمول سفوف بنائیں۔

سفوف تنبہ۔ دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ سرد پانی استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ تنبہ بریان۔ سونٹھ نیم برشت۔ دار فلفل ہر ایک ۲ ماشہ۔ مصطگی رومی انار
دانہ بریان۔ کشنیز خشک بریان۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ صمغ عربی بریان ا ماشہ پوست خشخاش ۲
ماشہ۔ حسب معمول سفوف تیار کریں۔

سفوف کافور۔ معدہ اور جگر کے دستوں کو بند کرتا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم ریحان۔ تخم بارتنگ۔ صمغ عربی۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ تخم حماض ۳ ماشہ کافور ایک
ماشہ۔ تخم ریحان۔ بارتنگ۔ اور صمغ عربی کو گھی میں بھون کر اور دیگر ادویہ کو پیس کر شامل
کر کے سفوف تیار کریں۔

سفوف کاکنج۔ مثانہ اور گردہ کے زخموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیر خیار شیریں استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز تخم بارتنگ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم کدو۔ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ خشخاش سفید خشخاش

سیاہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ نشاستہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۷ ماشہ۔ کاکنج۔ ۱۰۔ دانہ۔ بر طریق معلوم تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف کبدی۔ جگر کی تقویت میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ۔ عرق مکوہ ۶ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ ۱۱ماشہ۔ زرشک منقی۔ لک مغسول ہر ایک ۲ ماسہ۔ مجیٹھ۔ طباشیر۔ نشاستہ۔ صندل سفید۔ صمغ عربی ہر ایک ۳ ماشہ۔ ریوند چینی ۲ ماشہ۔ تخم حماض ۴ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ بدستور معلوم سفوف تیار کریں۔

سفوف کبر۔ ورم طحال میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ سکنجبین بزوری یا شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زوفا خشک۔ پوست بیخ کبر۔ مکوہ خشک۔ پرسیاؤشاں۔ تخم فنجنگشت تخم سداب ہر ایک مساوی الوزن تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف کبریت۔ یرقان میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ و عرق کاسنی ۶ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ۔ کبریت زرد ۲ ماشہ۔ افتیمون۔ تخم کرفس جبلی۔ نخود سیاہ۔ کندر سفید ہر ایک ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۱۰ ماشہ۔ مویز منقی ۱۸ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف کتان۔ گرم ورموں کو پکاتا ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ جوشاندہ میتھی اور ہنسراج ایک ایک تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز خیار۔ بادرنگ۔ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ تخم مرو۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ تخم کتان۔ ہر ایک ۷ ماشہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف کرفس۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ نفخ کو زائل کرتا ہے۔ معدہ کو قوت دیتا ہے اور استسقا کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کرفس۔ تخم بادیان۔ انیسون۔ اسارون۔ قسط۔ ریوند چینی ہر ایک ۷ ماشہ۔ زیرہ کرمانی ۱۰ ماشہ۔ بالچھڑ۔ سعد کوفی۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ حسب معمول سفوف بنائیں۔

سفوف کشنیز۔ حیض کی زیادتی کو روکتا ہے اور خفقان وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ روزانہ صبح نہار منہ ۷ ماشہ ہمراہ شربت سیب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کشنیز ایک تولہ۔ گل ارمنی۔ طباشیر۔ بسد سوختہ۔ کہرباء ہر ایک ۶ ماشہ اقاقیا ۳ ماشہ۔ دار چینی۔

عود خام۔ گل مختوم۔ زعفران۔ ہر ایک ۱ ماشہ حسب دستور سفوف بنائیں۔

سفوف کلاں۔ مثانہ اور گردہ کو قوی کرتا ہے باہ کو بڑھاتا ہے جریان اور
رقت و سرعت کو دور کرتا ہے اور تمام اعضاء کو قوت بخشتا ہے
استعمال۔ روزانہ علی الصبح ایک تولہ سفوف آدھ پاؤ گائے کے دودھ کے ساتھ
کھائیں۔
نسخہ۔ باجھڑ ۸ ماشہ۔ کہرباء شمعی۔ مصطگی۔ گل ارمنی۔ ثعلب مصری۔ شقاقل
مصری۔ پودینہ خشک پکھان بید۔ مایہ شتر اعرابی۔ لودھ پٹھانی ہر ایک تولہ ۔ گوند
کیترا۔ گلنار۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ موچرس۔ نشاستہ۔ خارخسک۔ مائیں خورد۔
کشتہ قلعی۔ پوست مولسری۔ پوست کچنال۔ پوست جھڑبیری۔ پوست کیکر۔ سنگھاڑا۔
تودری سفید۔ تودری سرخ۔ الائچی خورد ہر ایک مساوی الوزن۔ شکر سفید ہموزن
ادویہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنالیں۔

سفوف کمون۔ دیدان میں اخراج کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ غذا کے بعد ۷ ماشہ ہمراہ آملہ (گلاب سے دھویا ہوا) ۱ عدد مصطگی ۳ ماشہ
کھائیں۔
نسخہ۔ زیرہ سبز۔ زیرہ کرمانی۔ کرویا۔ دار چینی۔ مصطگی۔ گل سرخ۔ پودینہ۔ بادیان۔
گل گاؤ زبان ہر ایک مساوی الوزن تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف کندر۔ زخموں کو صاف کرنے اور مواد کو خارج کرنے میں مفید
ہے۔ استعمال۔ غذا کے بعد ۷ ماشہ ہمراہ ماالعسل ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم
کرفس ۔ بادیان۔ انیسون۔ زوفا خشک ہر ایک ۷ ماشہ۔ کندر ۱۴ ماشہ بدستور معروف
کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف کنول گٹہ۔ باہ کو قوت دیتا اور سرعت انزال و جریان کو دور کرتا
ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصبح ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ
۔ تخم کوکھرو خرد۔ مغز کنول گٹہ۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ تالمکھانہ ۳ تولہ۔ پوست گولر ۷
تولہ۔ تخم سروالی۔ بھوپھلی خام۔ گوند ڈھاک ہر ایک ۷ تولہ شکر سفید ہموزن ادویہ
تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف کہربا۔ ۹ ماشہ ہمراہ رب بہی شیریں ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسپغول۔ تخم مرو۔ تخم ریحان ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ گل قبری۔ نشاستہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ کہربا۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ اسپغول۔ تخم مرو اور تخم ریحان کو بریان کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر سب کو شامل کر کے سفوف تیار کریں۔

سفوف کیمیاء عشرت۔ تقویت باہ اور امساک میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ جماع سے دو گھنٹے پہلے ایک پیالہ دودھ کے ہمراہ دو ماشہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ نمک پھٹکری ۳ سرخ کافور ۶ سرخ۔ اجوائن ۳ رتی۔ ورق طلاء ۴ سرخ۔ ورق نقرہ ۷ سرخ مشک ۱ ماشہ۔ ریگ ماہی ۱ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف گل۔ معدہ کے دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کندر۔ کرویا۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ زیرہ سیاہ مدبر۔ تخم کشنیز مقشر بریان ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ زرنبور۔ عود ہندی۔ دانہ ہیل۔ جوزبوا۔ دار چینی۔ پوست بیرون پستہ۔ زیرہ سبز مدبر۔ دانہ مویز برشتہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ تخم گل بریان ایک تولہ۔ پودینہ خشک بریان ۲ تولہ مصری ہم وزن ادویہ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف گوند کتیرا۔ سرعت انزال اور رقت منی کو زائل کرتا ہے۔ قوت باہ کو برانگیختہ کرتا اور امساک لاتا ہے۔ استعمال۔ ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نشاستہ۔ طباشیر دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ ست گلو۔ ست سلاجیت کباب چینی۔ کشتہ قلعی مینستان۔ تالمکھانہ۔ کتھ سفید۔ خس۔ کندر۔ کتیرا۔ کنجد سیاہ۔ گلنار اصل السوس۔ برگ حنا۔ ریوند چینی۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ شکر سفید برابر وزن جملہ ادویہ بدستور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف لونگا۔ معدہ کو قوت دیتا ہے خون پیدا کرتا ہے چہرہ کو سرخ کرتا ہے۔ سوزاک کو زائل کرتا ہے اور باہ کو بڑھاتا ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ عرق بادیان

۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ عود ہندی۔ اسارون۔ دار چینی۔ اصل السوس۔ فلفل دراز۔ صندل سفید۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ سونٹھ۔ ناگ کیسر۔ جوزبوا۔ کافور۔ جو دانہ۔ تخم نیلوفر۔ مرچ کنکول۔ خس۔ بالچھڑ۔ تمام مساوی الوزن مصری۔ نصف وزن ادویہ سفوف بنائیں۔

سفوف لاجورد۔ مالیخولیا میں مفید ہے

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق عشبہ و عرق منڈی ۱۰ تولہ یا ماء الجبن ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ حجر ارمنی۔ حجر لاجورد مغسول۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۴ ماشہ۔ افتیمون۔ .سفانج ہر ایک ۷ ماشہ۔ سنا مکی۔ گل بنفشہ ہر ایک ۵ ماشہ تخم شاہتسرہ ۶ ماشہ۔ تخم بالنگو بجوبیہ ۳ ماشہ۔ مصری ۲/۷ ماشہ بدستور معلوم سفوف تیار کریں۔

سفوف لک۔ یرقان اور جگر کے صفراوی امراض میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ شربت تمرہندی ۲ تولہ یا شربت فواکہ ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ لک مغسول ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۵ ماشہ۔ طباشیر ۷ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ ریوند چینی ۶ رتی۔ کافور ۴ رتی حسب معمول سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف ماسک البول۔ بار بار پیشاب آنے کو روکتا اور مثانہ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گلنار۔ کنازج ہر ایک ۷ ماشہ۔ کشنیز خشک بریان۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی ہر ایک ۳۵ ماشہ ۔ کندر ۹ تولہ ۔ بلوط ۲۰ تولہ بدستور معلوم کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف ماسک المنی۔ دھات جانے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ صبح کو دودھ کے ساتھ اور ۹ ماشہ شام کو تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نیخند گجراتی۔ ستاور۔ تالمکھانہ۔ شقاقل۔ ثعلب مصری۔ موچرس۔ تخم سروالی۔ گل منڈی۔ سنگھاڑہ خشک۔ کمرکس۔ گوند ببول۔ گوند سنبھل۔ گل ببول۔ گل دھاوہ۔ تج۔ میدہ لکڑی ہر ایک ۶ ماشہ۔ خستہ تمرہندی۔ دال ماش مقشر ہر ایک ۴ تولہ شکر سفید ہموزن ادویہ حسب معمول کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف مامیراں سوزاک کے پرانے زخموں کو بھرتا ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ خارخسک ۳ ماشہ شیرہ تخم خیارین ۳ ماشہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ مامیراں چینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ گلنار ۶ ماشہ۔ زرشک افیون زراوند مدحرج ہر ایک ۸ ماشہ۔ طباشیر۔ کہربت ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز خیارین ۵ تولہ۔ تخم خرفہ سیاہ ایک تولہ۔ کنجد مقشرہ ۵ تولہ۔ مصری ہموزن لویں۔ حسب معمول سفوف بنائیں۔

سفوف مخدر۔ جاڑہ بخار میں باری روکنے کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ باری سے ایک گھنٹہ پہلے ایک چٹکی گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ خیال (بھنگ کے پتے) کوکنار ہر ایک مساوی الوزن۔ دونوں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف مدر۔ نقرس اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ ۳ ماشہ ہمراہ معجون شیریں ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ نانخواہ۔ ابہل۔ برگ سداب خشک۔ تخ کرفس۔ بادیان۔ تخم گندروشتی ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز بادام تلخ۔ باپھڑ۔ قسط شیریں۔ زراوند مدحرج ہر ایک ۳ ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف مروارید لولوی۔ خفقان۔ پریشان خیالی اور دل کی کمزوری میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصبح ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق عنبرہ ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مروارید۔ کہرباء ہر ایک ۶ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ گاؤ زبان ہر ایک ۶ ماشہ۔ بسد۔ کہرباء۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک ماشہ۔ بہمن سفید۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ابریشم مقرض تخم فرنجمشک ہر ایک ۱ تولہ۔ ورق طلا ۲۰ عدد۔ ورق نقرہ ایک تولہ۔ حسب دستور کوٹ کر ورق نقرہ وغیرہ ملا لیں۔

سفوف مسقط۔ اسقاط حمل کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ ۲ تولہ تازہ پانی کے ساتھ سات روز تک استعمال میں رکھیں۔
نسخہ۔ بھنگرہ۔ کنجد سفید ہر ایک ۴ ماشہ شکر سفید ۲۸ ماشہ۔ دونوں کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف بنائیں۔

سفوف مسہل۔ استسقاء میں اخراج مواد کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔

نسخہ۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ مجیٹھ۔ لک۔ ریوند چینی۔ عصارہ غافث ہر ایک ۷ ماشہ ہلیلہ زرد۔ ۲۵ ماشہ ایرسا۔ تانبہ سوختہ۔ مازریون در سرکہ تر کردہ خشک نمودہ) حسب معمول سفوف تیار کریں۔

سفوف مشتہی۔ اشتہائے صادق پیدا کرتا ہے۔ کھانے کو ہضم کرتا ہے معدہ کو قوت دیتا ہے نہایت مجرب و مفید ہے۔

استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک علی الصبح یا بعد طعام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ جو اکھار۔ دار چینی۔ قرنفل۔ پوست اترج۔ سنبل الطیب۔ زیرہ سفید۔ پترج دار فلفل۔ تج۔ ہر ایک تین ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ سماق۔ گل سرخ۔ بادیان۔ مصطگی۔ پودینہ۔ نانخواہ طباشیر سفید۔ شیطرج ہندی۔ ہر ایک ۴ ماشہ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ کابلی۔ آملہ مقشر۔ دانہ ہیل۔ کشنیز خشک زنجبیل تبد سفید۔ کچری بریان۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ انار دانہ ۷ ماشہ۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ سب کو کوٹ چھان کر لیموں کے عرق اور چنوں کے کھار میں تر کر کے خشک کر لیں۔ اور محفوظ رکھیں۔

سفوف مغلظ۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے سرعت انزال کو دور کرتا ہے اور جریان کو زائل کرتا ہے نیز امساک لاتا ہے۔

استعمال۔ روزانہ علی الصبح ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔

نسخہ۔ کونپل برگد۔ کیلہ خام۔ شکر قند۔ بیخ بھنڈی۔ پستان ہر ایک ۲ تولہ۔ تج قلمی ۳ ماشہ شکر سفید ہموزن ادویہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر شکر ملا کر سفوف تیار کریں۔

سفوف مقلیاثا۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے پیچش کو وغیرہ کو زائل کرتا ہے نیز بواسیر میں مفید ہے۔

استعمال۔ علی الصباح ۳ ماشہ گائے کے گھی یا روغن بادام سے چرب کر کے لعاب ریشہ خطمی ۷ ماشہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ تخم جرجیر ۵ تولہ۔ زیرہ کرمانی مدبر ۲ تولہ۔ السی۔ تخم گندنا۔ ہلیلہ سیاہ چرب کردہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مصطگی ۵ ماشہ سوائے تخم جرجیر۔ اور سب کو کوٹ کر اور تخم مذکورہ ملا کر سفوف تیار کریں۔

سفوف مکھانہ۔ تقویت باہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں

نسخہ۔ تالمکھانہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ بہیدانہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ عاقر قرحا ۷ ماشہ سب کو

کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اور ہموزن ادویہ شکر شامل کریں۔

سفوف ملحم۔ گردہ کے زخموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ رب سیب یا شربت خشخاش ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل مختوم۔ گل قبری۔ گل قیمولیا مغسول ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ طباشیر۔ صمغ عربی۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ بارتنگ ۱۰ ماشہ۔ بسد۔ کہربا۔ شاخ گوزن سوختہ ہر ایک بارتنگ کے علاوہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف مئولف۔ مادہ منویہ کو قابل تولید بناتا ہے۔ جریان اور سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔ استعمال ۔ روزانہ صبح کے وقت ۵ ماشہ کی مقدار میں گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سنگھاڑا خشک۔ گوند کتیرا ہر ایک ۶ ماشہ۔ نشاستہ۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری ہر ایک ۴ ماشہ مازو۔ مصطگی ہر ایک ۳ ماشہ۔ مصری ہموزن ادویہ۔ حسب دستور سفوف بنائیں۔

سفوف مویا۔ معدہ اور آنتوں کو قوت دیتا اور دستوں کو روکتا ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بادیان۔ پوست خشخاش۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ سب کو گھی یا روغن بادام سے چرب کر کے کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف مسہل۔ بدن کو دبلا کرتا ہے۔ استعمال ۔ صبح کو ۵ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔ نسخہ۔ نانخواہ۔ بادیان۔ زیرہ سیاہ۔ برگ سداب ہر ایک ۱ تولہ لک مغسول ۷ ماشہ مرزنجوش۔ بورہ ارمنی ہر ایک ۳ ماشہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف نشاستہ۔ صفراوی دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ روغن گلو سے چرب کر کے ۷ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ تخم کنوچہ بریان۔ تخم خرفہ۔ ہر ایک ۵ ماشہ۔ گل ارمنی ۷ ماشہ۔ اسپغول بریان ۴ ماشہ۔ تخم ریحان بریان۔ تخم حماض بریان ہر ایک ۱۵ ماشہ اسپغول اور تخموں کے علاوہ تمام کو کوٹ چھان کر سب کو شامل کر کے سفوف تیار کریں۔

سفوف نفث الدم۔ کھنکار میں خون آنے کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ صبح کو نہار منہ ۶ ماشہ ہمراہ آب برگ بانسہ مروق ۶ تولہ۔ شربت انجبار ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ گل ارمنی۔ گل مختوم۔ تخم خرفہ۔ شادنج عدسی ۵ ماشہ ۔ کہربا۔ صمغ عربی۔ بگلنار۔

خشخاش سفید۔ رب السوس۔ اقاقیا۔ اسپغول ۲۰ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ مروارید۔ بسد ہر ایک ۳ ماشہ۔
حسب معمول استعمال کریں۔

سفوف نمک۔ بھوک لگاتا ہے غذا کو ہضم کرتا ہے ریاح کو تحلیل کرتا ہے پیٹ کے درد
کو تسکین دیتا ہے اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔
استعمال۔ تازہ پانی کے ساتھ ۳ ماشہ کی مقدار میں استعمال کریں۔
نسخہ۔ پودینہ خشک ۳ تولہ۔ سماق۔ نمک طعام ہر ایک ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۷ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ
چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف نمک سلیمانی خاص۔ معدہ کی تمام شکایات میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ غذا کے بعد ۳ ماشہ استعمال میں لائیں۔
نسخہ۔ نمک سانبھر ایک سیر۔ نمک لاہوری۔ نوشادر۔ نمک اندرانی۔ ہر ایک ۹ تولہ۔ فلفل سیاہ۔
اذخر مکی ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم کرفس ۳ تولہ۔ فلفل سفید۔ باچھڑ۔ ہیرا ہینگ ہر ایک ۱ ماشہ۔ زیرہ سیاہ
مدبر۔ دار چینی۔ پودینہ خشک۔ سونٹھ۔ انیسون ہر ایک ۷ ماشہ زعفران ۶ ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر
سفوف تیار کریں۔

سفوف نمک سلیمانی سادہ۔ تقویت معدہ اور ہضم غذا کے لئے خاص چیز ہے۔
استعمال۔ کھانا کھانے کے بعد ۳ ماشہ کی مقدار میں استعمال کریں۔
نسخہ۔ نمک سانبھر آدھ سیر۔ نمک لاہوری۔ نوشادر ہر ایک ۵ تولہ۔ نمک اندرانی ۴ تولہ۔ تخم
کرفس ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ فلفل سفید ۱ تولہ۔ اذخر ۹ ماشہ۔ افتیمون۔ ہینگ۔ باچھڑ۔ زیرہ سیاہ
ہر ایک ۷ ماشہ۔ دار چینی۔ تخم انجدان۔ مغز تخم معصفر۔ سونٹھ۔ انیسون اصل السوس ہر ایک ۷
ماشہ تمام کو کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

نمک شیخ الرئیس۔ جگر اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ ریاح کو
تحلیل کرتا ہے۔ جوڑوں کے درد کو تسکین دیتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ۳ ماشہ عرق بادیان ۲ تولہ یا آب خاص استعمال کریں۔
نسخہ۔ نمک۔ سانبھر آدھ سیر۔ فلفل سفید ۸ تولہ۔ نوشادر۔ سونٹھ۔ پودینہ خشک۔ فلفل سیاہ۔ ہر
ایک ۵ تولہ۔ تخم کرفس ۴ تولہ۔ تخم جرجیر۔ نانخواہ۔ باچھڑ ہر ایک ۲ تولہ۔ حسب معمول سفوف
بنائیں۔

سفوف نمک ہاضم۔ غذا ہضم کرتا۔ بھوک لگاتا۔ ریاح کو تحلیل کرتا اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ کھانا کھانے کے بعد ۳ ماشہ کھائیں۔
نسخہ۔ نمک اندرانی ۹ تولہ۔ کشنیز خشک بریاں۔ عصارہ زرشک۔ انار دانہ بریاں۔ ساق حنفی ہر ایک ۳ تولہ۔ نمک کو چورا کر کے گرم توے پر ڈال کر اور تھوڑا سرکہ نمک پر ڈال کر جلائیں۔ خشک ہو جانے پر اسی طرح کریں پھر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف ورد۔ پیاس بجھاتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ ۱۷ ماشہ۔ ساق ۷ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ حسب دستور سفوف بنائیں۔

سفوف ہلیلہ۔ پیچش میں مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ روغن زیتون میں بریاں کیا ہوا۔ صمغ عربی بریان۔ زیرہ سیاہ۔ مدر بریان انیسون بریان ہر ایک ۶ ماشہ۔ اسپغول بریان۔ تخم جرجیر ہر ایک ایک تولہ۔ اسپغول اور جرجیر کے علاوہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

سفوف ہندی۔ بھوک لگاتا۔ غذا کو ہضم کرتا اور نفخ کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ کھانا کھانے سے پہلے ۲ ماشہ کی مقدار میں کھائیں۔
نسخہ۔ نمک پھکنی۔ نمک ترب۔ نمک پودینہ۔ نمک کثائی۔ نمک مدار ہر ایک مساوی الوزن تمام کو دار چینی کے عطر سے چرب کر کے کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

سفوف جمیل۔ ریاحی بواسیر میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ دانہ الائچی خورد ۱۴ ماشہ۔ تج ۱۲ ماشہ۔ ساذج ۱۰ ماشہ۔ نارمشک ۸ ماشہ۔ دار فلفل ۶ ماشہ۔ فلفل ۴ ماشہ سونٹھ ۲ ماشہ۔ مصری ۴۲ ماشہ۔ حسب دستور معروف سفوف بنائیں۔

سفوف یبوزی۔ بلغمی پیچش اور دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ ۱ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم ترہ تیزک بریان۔ اسپغول بریان۔ ابہل بریان ہر ایک ۷ ماشہ۔ زیرہ کرمانی۔ تخم گندنہ۔ تخم سویہ۔ خشخاش۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ بزرا لبنج ہر ایک ۹ ماشہ۔ اجوائن ۱ ماشہ۔ اسپغول اور ترہ تیزک کے علاوہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سب کو ملا کر سفوف بنائیں۔

سکنجبین

سکنجبین اس شربت کو کہتے ہیں۔ جو سرکہ میں شہد یا شکر سفید ملا کر بنایا جائے۔ اس کے علاوہ سکنجبین بجائے سرکہ کے عرق لیموں یا عرق پودینہ میں بھی شکر سفید ملا کر تیار کی جاتی ہے۔ جسے سکنجبین لیمونی یا منعنع کہتے ہیں اور ایک یا چند قسم کے تخم شامل کر دیئے جائیں تو اسے سکنجبین بزوری کہتے ہیں۔

سکنجبین۔ پیاس بجھاتی ہے۔ صفرا کی حدت کو کم کرتی ہے اور صفراوی بخار کو دور کرتی ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ۲ تولہ سکنجبین ۲ تولہ سونف کے عرق میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ سرکہ خالص پاؤ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ دونوں کو ملا کر آنچ پر رکھیں۔ تار بندھنے پر اتار کر محفوظ رکھیں۔

سکنجبین افتیمونی۔ مرگی۔ وحشت اور مالیخولیا میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ افتیمون ۔بسفائج فستقی۔ تربد سفید۔ برگ گاؤ زبان۔ ہنسراج۔ تخم کاسنی۔ فرنجمشک۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ گلقند آفتابی ۵ تولہ۔ سرکہ خالص آدھ سیر پانی پاؤ سیر۔ تمام دواؤں کو پانی اور سرکہ میں جوش دے کر صاف کر کے شکر سفید ایک سیر کے ساتھ قوام کر کے سکنجبین بنالیں۔

سکنجبین بزوری اصولی۔ تلی کے درد میں تسکین کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ کی مقدار میں عرق بادیان ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ انیسون۔ تخم کشوث۔ تخم نجنکشت۔ تخم سداب۔ تخم خلفہ۔ بیخ کرفس۔ بیخ بادیان۔ بیخ سوسن۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ سرکہ خالص۔ ۳۰ تولہ پانی حسب ضرورت شکر سفید

ایک سیر۔ تمام دواؤں کو پانی اور سرکہ میں ایک دن رات تر رکھیں۔ پھر جوش دے کر شکر ملا کر سکنجبین کے قوام پر لے آئیں۔

سکنجبین بزوری بارد۔ استسقاء اور جگر کی دیگر گرم بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ۲ تولہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیار۔ بادرنگ ہر ایک ۵ ماشہ۔ پانی ڈیڑھ سیر۔ سرکہ خالص ۸ تولہ۔ شکر ایک سیر۔ تمام دواؤں کو جو کوب کر کے پانی اور سرکہ میں جوش دے کر صاف کر کے شکر کے ساتھ قوام کر کے سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین بزوری حار۔ جگر اور معدہ کے سدے کھولتی ہے۔ پیشاب کھل کر لاتی ہے اور استسقاء کو دور کرتی ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق کاسنی و عرق مکو ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم کاسنی۔ تخم کشوث۔ تخم کرفس۔ رازیانہ۔ انیسون ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ پوست بیخ بادیان۔ پوست بیخ کرفس۔ ہر ایک ۳ تولہ پانی ڈیڑھ سیر۔ سرکہ آدھ سیر۔ شکر سفید ایک سیر تمام دواؤں کو جو کوب کر کے پانی اور سرکہ میں جوش دیں۔ اور پھر صاف کر کے شکر کے ساتھ قوام کر کے سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین بزوری معتدل۔ پیشاب کھل کر لاتی اور جگر کے مواد کو بذریعہ پیشاب خارج کرتی ہے۔
استعمال۔ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں ۲ تولہ سکنجبین ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ بیخ کاسنی۔ - بادیان۔ تخم کرفس ہر ایک ۲ تولہ۔ پانی ڈیڑھ سیر۔ سرکہ خالص ۶ تولہ شکر سفید ایک سیر۔ تمام دواؤں کو کوٹ کر پانی اور سرکہ میں جوش دیں۔ پھر صاف کر کے شکر کے ساتھ قوام کر کے سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین تفاحی۔ بھوک لگاتی جگر کے سدے کھولتی اور دل و معدہ کو قوت بخشتی ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ و عرق بادیان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب سیب شیریں ۱۲ تولہ۔ سرکہ ۱۰ تولہ۔ آب انار ترش۔ آب لیموں کاغذی۔ گلاب بید مشک ہر ایک ۶ تولہ۔ اگر سفید ۳ سیر۔ تمام عرقیات کو شکر میں ملا کر قوام پر لائیں۔ اور درمیان قوام کم قدرے پودینہ سبز شامل کر لیں۔

سکنجبین تمرہندی۔ حلی اور قے کو روکتی ہے۔ پیاس بجھاتی ہے اور صفراء کی تیزی کو کم کرتی ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ تمرہندی منقی ۷۔۱ تولہ۔ پانی ایک سیر۔ گلاب ۶ تولہ شکر سفید ایک سیر۔ تمرہندی (املی) کو پانی اور گلاب میں ایک روز تر رکھیں۔ صبح جوش دے کر شکر ملا کر قوام پر لے آئیں۔

سکنجبین تیتی۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ استعمال۔ روزانہ صبح شام ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ انجیر زرد ۲ دانہ پرسیاوشاں۔ اصل السوس ہر ایک نو ماشہ۔ پوست بیخ کبر پوست۔ بیخ بادیان۔ تخم فنجنگشت۔ کمازج۔ بھیڑ۔ کثوث۔ زوفا۔ اسارون۔ اگر ترکی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سرکہ خالص ہمون ادویہ شکر سفید ر چند وزن ادویہ۔ تمام کو پانی اور سرکہ میں جوش دیں۔ اور پھر صاف کر کے شکر ملا کر سکنجبین کا قوام تیار کرلیں۔

سکنجبین دیناری۔ جگر کے سدے کھولتی ہے اور جگر کو قوت دیتی ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق کاسنی و عرق ۶،۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ریوند چینی ۲ ماشہ۔ پوست بیخ کبر۔ پوست بیخ کاسنی۔ تخم [illegible] تخم کرفس۔ تخم کثوث اصل السوس ہر ایک ۱۳ ماشہ۔ تخم کاسنی ۲۲ ماشہ۔ زرشک۔ تخم گل ہر ایک ۳ تولہ۔ سرکہ انگوری ایک سیر۔ پانی ۲ سیر۔ شکر اڑھائی سیر۔ تمام کو سرکہ اور پانی میں ایک رات تر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر سکنجبین کے قوام پر لے آئیں۔

سکنجبین ریوندی۔ جگر کے سدے کھولتی ہے اور تلی کے ورم کو تحلیل کرتی ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ ریوند چینی۔ غاریقون۔ مجیٹھ۔ پوست بیخ کبر۔ پوست درخت بید۔ کمازج۔ افتیمون ولائتی۔ [illegible] تخم کثوث۔ تخم کاسنی۔ ہر ایک ۳ تولہ شکر سفید ۲ سیر۔ سرکہ ۱۲ تولہ۔ پانی بقدر ضرورت بدستور معروف سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین زبیبی۔ معدہ اور جگر کی تقویت کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ضرورت استعمال کریں۔ نسخہ۔ مویز منقی۔ سرکہ حسب ضرورت گلاب بقدر حاجت شکر حسب ضرورت۔ مویز کو سرکہ میں رات بھر تر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر شکر ملا کر سکنجبین کا قوام کریں۔

سکنجبین سادہ۔ صفرا کی حدت کو تسکین دیتی اور لم معدہ کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ۲ تولہ عرق بادیان میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ شکر سفید ایک سیر سرکہ پاؤ سیر۔ گلاب ۳ تولہ۔ بدستور معلوم سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین شبی۔ دشواری سے پیشاب آنے کو دور کرتی اور مثانہ میں جمے ہوئے خون کو پگھلاتی ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت ۲ تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شب یمانی ۷ ماشہ۔ سرکہ پاؤ سیر شکر آدھ سیر۔ حسب دستور سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین صندلی۔ خفقان میں مفید ہے۔ استعمال۔ عرق بید مشک ۶ تولہ میں ۳ تولہ سکنجبین ملا کر پلائیں۔ نسخہ۔ برادہ صندل ۱۱ تولہ۔ سرکہ ۲ تولہ۔ عرق گلاب و عرق نیلوفر حسب ضرورت زعفران ۲ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ شکر سفید ۲۴ تولہ طباشیر ۴ تولہ۔ برادہ صندل کو عرقیات و سرکہ میں پانچ روز تر رکھیں۔ پھر صاف کر کے زعفران کی پوٹلی میں باندھ کر شکر میں قوام کریں اور آخر قوام میں طباشیر وغیرہ کو پیس کر اضافہ کریں۔

سکنجبین عنابی۔ جذام اور فساد خون میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ضرورت استعمال کریں۔ نسخہ۔ عدس مقشر۔ شاہترہ۔ پوست بیخ کاسنی۔ گل سرخ ہر ایک ۲ تولہ کشنیز خشک مقشر ۵ تولہ۔ عناب ۲۵ تولہ شکر سفید تین پاؤ۔ سرکہ انگوری ڈیڑھ پاؤ۔ بدستور معروف سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین عنصلی۔ تلی اور جگر کے ورم کو تحلیل کرتی ہے اور مثانہ کے جمے ہوئے خون کو پگھلاتی ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ و عرق بادیان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پیاز عنصلی ایک پاؤ سرکہ اڑھائی سیر۔ شکر سفید تین سیر۔ پیاز کو لکڑی کی چھری سے ٹکڑے ٹکڑے کر کے سرکہ میں جوش دیں۔ گل جانے پر صاف کر کے شکر کے ساتھ سکنجبین کا قوام تیار کریں۔

سکنجبین فوہ۔ استسقا کی تمام قسموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب ضرورت استعمال کریں۔ نسخہ۔ بادیان۔ پوست بیخ کبر۔ پوست بیخ بادیان۔ انیسون۔ تخم کاسنی۔ پوست بیخ کاسنی۔ زوفا خشک۔ مجیٹھ۔ غافث۔ افسنتین ہر ایک ۳ تولہ۔ تخم کشوث۔ تخم کرفس۔ پوست بیخ کرفس ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ بابھڑنگ۔ اسارون۔ ہر ایک ۲۵ ماشہ۔ سرکہ خالص ۳ تولہ شکر سفید اڑھائی سیر۔ بطریق معلومہ سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین لیموں۔ معدہ اور جگر کی تقویت اور صفرا کی تسکین میں خاص کر مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ضرورت استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب لیموں ۹ تولہ۔ آب بہی ۱۴ تولہ۔ عرق گلاب۔ سرکہ ہر ایک ۹ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ تمام عرقیات کو شکر کے ساتھ ملا کر جوش دیں۔ قوام ہو جانے پر سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین نانخواہ۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔ اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ نانخواہ۔ زیرہ سیاہ۔ زوفا۔ بھنگرہ کوہی ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ سرکہ کہنہ سوا سیر شکر سفید اڑھائی سیر۔ حسب معمول سکنجبین تیار کریں۔

سکنجبین نعناع۔ بھوک لگاتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے اور صفرا کی تیزی کو توڑتی ہے نیز قے اور حمی کو روکتی ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پودینہ خشک ۲ تولہ۔ آب لیموں ۱۰ تولہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ پودینہ کو پانی میں جوشا کر صاف کر لیں۔ پھر آب لیموں اور شکر کا اضافہ کر کے سکنجبین کے قوام پر لے آئیں۔

سنون

خشک پسی ہوئی دوا جو دانتوں پر ملی جائے۔ اصطلاح طب میں اسے سنون ڈاکٹری میں ٹوتھ پاوڈر اور اردو میں منجن کہتے ہیں۔

سنون ابیض۔ مسوڑوں اور دانتوں کی طرف نزلہ گرنے کو روکتا ہے۔

دانت اور مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے۔ دانتوں سے خون آنے کو روکتا ہے۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ ہر روز صبح اٹھ کر اور شام کو سونے سے قبل دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں۔ نسخہ۔ عاقر قرحا۔ وج ترکی۔ کنازج۔ سعد کوفی ہر ایک چھ ماشہ۔ پوست انار۔ مازو۔ تشار کندر۔ گلنار فارسی۔ گل سرخ۔ مروارید۔ بسد احمر۔ سفال چینی سفید ہر ایک تین ماشہ۔ کف دریا۔ نمک طبرزد۔ شب یمانی۔ صدف سوختہ۔ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ فلفل سفید۔ مصطگی۔ عود بلسان ہر ایک ا ماشہ۔ بیخ سوسن کبود شاخ گوزن سوختہ۔ اشنہ ہلیلہ ہر ایک چار ماشہ۔ طباشیر سفید۔ تخم خرفہ۔ نشاستہ۔ کیرا خشک بریاں۔ آرد عدس۔ ہر ایک سات ماشہ تمام دواؤں کو خوب باریک پیس کر کافور قیصوری چھ سرخ اضافہ کر کے رکھ لیں۔

سنون پوست مغیلاں۔ دانتوں کو مضبوط کرتا اور صاف کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت دانتوں پر ملیں۔ اور کچھ عرصہ بعد کلی کریں۔
نسخہ۔ پوست بیخ مغیلاں ۴ تولہ۔ کتھ پاپڑیہ۔ سپاری۔ سنگجراحت ہر ایک ا تولہ۔ فلفل سیاہ سونٹھ ہر ایک ا ماشہ۔ مصطگی ا تولہ۔ ناگر موتھ ۶ تولہ۔ تمام کو کوٹ پیس کر منجن بنا کر رکھیں۔

سنون تمباکو۔ دانتوں کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ اور مسوڑوں کو مضبوط بناتا ہے، نیز نزلی رطوبتوں کو خشک کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت دانتوں پر ملیں۔
نسخہ۔ تمباکو سورتی۔ سیاہ مرچ ہر ایک ا تولہ۔ نمک سانبھر ۱۰ ماشہ۔ سب کو کوٹ پیس کر منجن تیار کریں۔

سنون چوب چینی۔ منہ کی گندگی کو دور کرتا اور مسوڑوں سے خون بہنے کو روکتا ہے۔
استعمال۔ بوقت حاجت دانتوں پر ملیں۔
نسخہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ مازو سبز۔ توتیا سوختہ۔ پھٹکری بریاں۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ تولہ۔ کہرباء شمعی۔ بسد احمر ہر ایک ۴ ماشہ۔ کیس زرد ۹ ماشہ۔ فوفل سوختہ کتھ سنگجراحت ہر ایک ۶ ماشہ۔ چوب چینی۔ پوست مولسری ہر ایک ۷ ماشہ۔ شاخ گوزن ا تولہ۔ برادہ آہن ۳ ماشہ۔ بدستور سب کو کوٹ پیس کر منجن تیار بنائیں۔

سنون زرد۔ مسوڑوں کے ورم حار کے یا چوٹ وغیرہ لگنے سے جو دانتوں میں درد ہوتا ہے۔ اس کے واسطے بالخصوص مفید ہے۔ نیز دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ ہمیشہ معمول و مستعمل ہے۔

استعمال۔ حسب معمول۔

نسخہ۲۔ پوست انار۔ گلنار۔ زرد چوب۔ سماق۔ شب یمانی بریان مازو ہر ایک ۱ ماشہ سب کو باریک پیس کر دانت اور مسوڑھوں پر ملیں۔

سنون مجلی۔ دانتوں کو جلا دیتا ہے۔ مسوڑوں کو مضبوط کرتا ہے اور ان سے خون آنے کو روکتا ہے۔ نہایت مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ صبح شام دانتوں پر ملیں۔

نسخہ۔ صدف مروارید ایک ماشہ۔ عقیق سرخ۔ برگ مورد۔ گل سرخ ہر ایک نصف ماشہ۔ نمک لاہوری۔ شب یمانی۔ نوشادر ہر ایک ربع ماشہ۔ سب ادویہ کو لیموں کے عرق میں ایک رات تر کر کے صبح کو سب ادویہ کے برابر جو کا آٹا اضافہ کریں۔ اور شہد میں ملا کر نئے مٹی کے پیالے میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ میں جلا لیں اور باریک پیس کر استعمال کریں۔

سنون مجلی دیگر۔ منہ کی گندگی کو دور کرتا ہے اور دانتوں کا میل دور کرتا ہے۔

استعمال۔ بدستور معلوم دانتوں پر ملیں۔

نسخہ۔ سمندر جھاگ۔ صدف سوختہ۔ نمک طعام۔ شاخ گوزن سوختہ۔ مصطگی رومی ہر ایک مساوی الوزن بدستور منجن تیار کریں۔

سنون مسی۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتا ہے اور دانتوں کو چمکاتا ہے۔

استعمال۔ حسب معمول دانتوں پر ملیں۔

نسخہ۔ برادہ آہن ۲۰ تولہ۔ مازو سبز ۱۰ تولہ۔ نیلا تھوتھا بریان ۲ تولہ۔ کتھ سفید ۲ تولہ الائچی خورد۔ مصطگی رومی ہر ایک ۹ ماشہ۔ سب کو کوٹ پیس کر منجن تیار کریں۔

سنون کلاں۔ دانتوں کو صاف کرتا اور مضبوط بناتا ہے۔

استعمال۔ رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں۔

نسخہ۔ سنگی۔ کتھ سفید۔ زیرہ سفید۔ مصطگی رومی۔ نیلا تھوتھا بریان ہر ایک چار ماشہ نمک

لاہوری۔ کشنیز خشک کسیس زرد ہر ایک ۷ ماشہ۔ بجرونتی۔ سونٹھ۔ کباب چینی۔ کپور کچری ہر ایک ۲ ماشہ۔ ناگر موتھ ۴ تولہ سب کو کوٹ پیس کر منجن بنائیں۔

باب الشین

شربت۔ ایک سیال شیریں مرکب ہے۔ جسے میوہ جات کے عرق (انشردہ) مثلاً سیب انار۔ انگور وغیرہ یا دواؤں کے جوشاندہ یا خیسانده میں شکر یا مصری وغیرہ کا قوام ملا کر تیار کرتے ہیں۔

شربت بنانے کے طریق۔ (۱) اگر آبدار میوہ جات مثلاً انگور۔ سیب۔ انار۔ وغیرہ کا شربت بنانا ہو تو ان کا نچوڑ ہولے کر اس سے اڑھائی گنی شکر یا مصری وغیرہ ملا کر آگ پر شربت مذکورہ کا قوام کر لیں۔ اور سرد ہونے پر بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔
(۲) اگر خشک دواؤں کا شربت بنانا ہو تو دواؤں کو آٹھ گنے یا دس گنے پانی یا عرق میں رات کو بھگو دیں اور صبح جوش دیں۔ جب دو حصہ پانی خشک ہو جائے اور ایک حصہ باقی رہے تو اتار لیں۔ اور کسی قدر مل کر چھان لیں۔ اور ہموزن یا کم و بیش شکر وغیرہ ملا کر شربت کا قوام کریں
(۳) اگر ایسے میوہ جات کا شربت بنانا ہو جنہیں نچوڑنے سے پانی نہیں نکلتا۔ پس اگر وہ میوہ جات ترش ہیں جیسے آلو بخارا۔ املی وغیرہ تو انہیں ایک رات پانی میں بھگو کر چھان لیں اور شیرینی ملا کر قوام بنا لیں۔
(۴) اگر میوہ جات شیریں ہیں مثلاً عناب۔ انجیر وغیرہ تو انہیں پانی وغیرہ میں جوش دے کر چھان لیں پھر شیرینی ملا کر شربت کا قوام کریں۔
(۵) شربتوں کو ہمیشہ چینی یا شیشہ کے برتن میں رکھنا چاہیے۔
(۶) شربت کا قوام جس قدر غلیظ ہو گا اسی قدر دیر تک وہ خراب نہ ہو سکے گا۔
(۷) جس برتن میں شربت رکھنا مقصود ہو۔ پہلے اس کو اچھی طرح خشک کر لینا چاہیے۔ اگر ذرا سی بھی نمی باقی رہ جائے گی۔ تو بہت جلد شربت خراب ہو جائے گا۔ اسی طرح یہ بھی ضروری ہے کہ پانی وغیرہ کا قطرہ شربت تیار ہونے کے بعد اس میں نہ گرے۔
(۸) دم الاخوین و کثیرا رب السوس وغیرہ کی مانند دوائیں اگر شربت میں ملانی ہوں تو ان کو شربت کا قوام تیار ہو جانے کے بعد نیچے اتار کر خوب باریک پیس کر ملانا چاہیے۔
(۹) بعض مرتبہ شربت میں شکر وغیرہ کے ساتھ شیر خشت۔ ترنجبین یا شہد ملا کر قوام کرتے

ہیں۔ ترنجبین کو اول جوشاندہ یا خیساندہ وغیرہ میں حل کر کے چھان لینا چاہیے تاکہ خس و خاشاک سے صاف ہو جائے پھر شربت کا قوام کرنا چاہیے۔

(۱۰) جب شربت میں لعاب دار ادویہ کا لعاب شامل ہوتا ہے۔ تو قوام کی علامات جلد ہی ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ حالانکہ اس وقت قوام نہیں ہوا کرتا۔ اس لئے اس بات کا لحاظ رکھیں عام طور پر تمام شربتوں کے قوام کی پختگی کی علامت یہی ہے کہ قوام کے ایک دو قطرہ کو انگلی سے اٹھائیں۔ اگر اس میں تار نکلے تو سمجھنا چاہیے کہ قوام پختہ ہو گیا ہے۔

شربت آلو۔ پیاس کو بجھاتا ہے متلی کو روکتا ہے اور صفراوی و دموی بخار میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ رات کو ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ و تخم ۷ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آلو شیریں کلاں۔ ۳۰ عدد۔ املی ایک پاؤ آب انار میخوش۔ آب ترنج ہر ایک ا پاؤ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ املی اور آلو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے تو دیگر عرقیات اور شکر شامل کر کے شربت کا قوام تیار کریں۔

شربت آلو بالو۔ مثانہ اور گردہ کے مواد کو خارج کرتا ہے اور سوزاک کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ روزانہ نہار منہ بقدر ۲ تولہ عرق اناناس ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آلو بالو آدھ سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ آلو بالو ایک سیر پانی میں ایک رات تر رکھیں صبح کو جوش دے کر چھان کر شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت ابریشم سادہ۔ پریشان خیالی اور خفقان کو زائل کرتا ہے۔ دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ بوقت صبح روزانہ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ و عرق بید مشک ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ابریشم خام ۷ ۳ تولہ۔ گاؤ زبان بادر نجبویہ۔ اسطو خودوس ہر ایک ۱۹ تولہ آب آہن تاب بقدر ضرورت۔ مصری حسب حاجت۔ تخم فرنجمشک ۴ تولہ۔ صندل سفید ۲ تولہ۔ عود ہندی ا تولہ۔ پوست ترنج۔ سادج ہندی ہر ایک ا تولہ۔ شروع کی چار دواؤں کو آب آہن تاب میں تر کر کے جوشا کر مصری حسب ضرورت شامل کر کے قوام کریں اور بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر اضافہ کریں۔

نسخہ دیگر۔ ابریشم مقرض آدھ سیر۔ صندل سفید۔ بالچھڑ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مصطگی قرنفل الائچی خورد۔ سادج ہندی۔ عود ہندی ہر ایک ۷ ماشہ عرق گاؤ زبان۔ عرق بید مشک عرق گلاب ہر ایک ایک سیر رب سیب۔ رب بہی۔ رب انار۔ رب امرود۔ قند سفید۔ شہد ہر ایک ایک سیر۔ حسب دستور شربت تیار کریں۔

شربت احمد شاہی۔ سوداوی بیماریوں خصوصاً مالیخولیا میں مفید ہے۔ استعمال۔

روزانہ علی الصباح نہار منہ ۱ تولہ ہمراہ عرق مرکب مصفی خون ۱۰ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گاؤ زبان ۲ تولہ۔ بادر نجبویہ۔ گل نیلوفر۔ تخم فرنجمشک۔ ہلیلہ سیاہ۔ افتیمون۔ بسفائج فستقی۔ برگ فرنجمشک۔ اسطوخودوس۔ سنائکی ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ گل سرخ ۴ ماشہ۔ مصری عرق گلاب ہر ایک پاؤ سیر۔ تمام دواؤں کو ایک رات پانی میں تر رکھیں۔ اور صبح کو جوش دے کر چھان کر شکر کا اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت اذخر۔ معدہ کی ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ استسقاء نیز یرقان کو دور کرتا ہے اور جگر کے سدہ کو کھولتا ہے۔

استعمال۔ بقدر ۳ تولہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔

نسخہ۔ بالچھڑ۔ تج۔ دج ترکی۔ حب بلسان۔ ریوند چینی۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ بیخ اذخر تفاح اذخر۔ افستنتین۔ بادیان۔ انیسون۔ تخم کرفس۔ گل سرخ۔ گیاہ غافث ہر ایک ۳ تولہ۔ شکر سفید تین سیر۔ زعفران ۳ ماشہ۔ تمام دواؤں کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل کر صاف کریں۔ اور پھوگ کو دوبارہ تین سیر پانی میں جوش دے کر صاف کرلیں۔ دونوں پانیوں کو ملا کر شکر کا اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت اسپغول۔ حلق اور پھیپھڑوں کی کھرکھراہٹ کو دور کرتا ہے۔ اور خشک کھانسی کو زائل کرتا ہے۔ نیز خفقان صفراوی میں مفید ہے۔

استعمال۔ روزانہ صبح کو ۵ تولہ عرق گاؤ زبان ۶ تولہ و عرق بادیان ۶ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔

نسخہ۔ اسپغول ۳۵ ماشہ۔ پانی آدھ سیر۔ شکر سفید تین پاؤ۔ اسپغول کو پانی میں جوش دے کر لعاب علیحدہ کرلیں۔ اور شکر ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔

شربت استسقاء۔ استسقا کی تمام اقسام میں مفید ہے۔

استعمال۔ روزانہ صبح ۳ تولہ۔ عرق مکوہ ۶ تولہ۔ عرق کاسنی ۶ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔

نسخہ۔ بیخ کاسنی۔ بیخ بادیان۔ اصل السوس۔ بیخ اذخر۔ تخم خیارین۔ ریوند چینی۔ بسفائج۔ پرسیاؤشاں ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ بادیان۔ گل سرخ۔ لک مغسول۔ تخم کاسنی۔ بیخ سوسن۔ ساذج ہندی۔ گاؤ زبان ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ بالچھڑ۔ اسارون۔ تخم کشوث۔ مجیٹھ۔ تج ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ انجیر ۱۷ عدد۔ مویز منقی ۲ تولہ۔ شکر ۱ سیر۔ سوائے مصطگی کے باقی تمام دواؤں کو جوش دے کر صاف کر کے شکر اضافہ کر کے شربت کا قوام کریں۔ اور آخر میں مصطگی پیس کر شامل کریں۔

شربت اسطوخودوس۔ دماغ کا تنقیہ کرتا ہے۔ سوداوی اور بلغمی مواد کو خارج کرتا ہے۔ حافظہ کو بڑھاتا ہے۔ سرسام سوداوی اور بلغمی میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ گاؤ زبان کے عرق میں ڈال کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ اسطو خودوس ۲۶ تولہ۔ بسفائج۔ بادرنجبویہ۔ گاؤ زبان ہر ایک ۳ تولہ شکر سفید ۱ سیر تمام دواؤں کو پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے شکر کے ساتھ شربت کا قوام تیار کریں۔
بنسخہ دیگر۔ اصل السوس مقشر۔ ہنسراج۔ اسطوخودوس۔ عود صلیب۔ گاؤ زبان۔ بادیان۔ تخم کرفس۔ تخم خطمی ہر ایک ۱ تولہ۔ بنفشہ۔ گل سرخ ہر ایک ۲ تولہ۔ مویز منقی ۶ تولہ۔ سپستان۔ ۳ دانہ۔ تمام کو جوش دے کر چھان کر شکر کے ساتھ شربت تیار کریں۔ اور حسب دستور سابق استعمال کریں۔

شربت اصل ہندباء۔ خلطی بخاروں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ضرورت ۴ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق گلاب و عرق گاؤ زبان ہر ایک آدھ سیر آب کاسنی سبز مروق ۳۰ تولہ شکر سفید اڑھائی سیر۔ دواؤں کو پانی بقدر ضرورت میں جوش دیں۔ اور صاف کر کے دیگر عرقیات اور شکر شامل کر کے شربت تیار کریں۔

شربت اصول۔ بلغمی مواد میں بطور منضج مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ ۵ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق کاسنی ۶ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست بیخ بادیان۔ پوست بیخ کاسنی۔ بیخ اذخر۔ بیخ کرفس۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ عود صلیب۔ انیسون۔ مکوہ خشک ہر ایک ۹ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت اعجاز۔ پھیپھڑوں کو قوت دیتا ہے سل کو دور کرتا ہے۔ پرانے بخار کو زائل کرتا ہے۔ نیز خشک کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عناب ولایتی ۲۰ دانہ۔ سپستان ۶۰ دانہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ بہدانہ ۱۷ ماشہ اصل السوس۔ تخم خطمی۔ تخم خبازی۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ ہر ایک ۲۴ ماشہ برگ اڑوسہ آدھ سیر شکر سفید ایک سیر سوائے صمغ عربی اور کتیرا کے تمام دواؤں کو جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت کے قوام پر لے آئیں اور کتیرا اور صمغ عربی کو پیس کر ملا لیں۔

شربت افتیمون۔ مالیخولیا اور خفقان وغیرہ سوداوی بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۳ تولہ ہمراہ ماء الجبن ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ افتیمون ۳ تولہ۔ گل سرخ۔ بنفشہ۔ گل گاؤ زبان۔ گل نیلوفر۔ فرنجمشک۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین ہر ایک ۱ تولہ۔ آلو بخارا ۲۵ عدد۔ شکر سفید سہ چند ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

شربت افسنتین۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۶ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ و عرق مکوہ ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ افسنتین ۹ ماشہ۔ گل سرخ ۱۸ ماشہ۔ تمر ہندی ۳۵ ماشہ۔ ترنجبین ۳ تولہ حسب دستور شربت تیار کریں۔

شربت الٰہی۔ گرم امراض میں بطور مسہل مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ۵ تولہ شربت ہمراہ عرق بادیان ۳ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ریوند خطائی۔ تربد سفید۔ برگ سناء ہر ایک ۳ تولہ۔ تخم کاسنی ۳ پاؤ۔ پوست بیخ کاسنی ۹ تولہ۔ حب کاکنج ۶ تولہ۔ آب کدوئے شیریں ۲ سیر۔ آب کاسنی مروق تین پاؤ۔ آب مکوہ مروق ۲۵ تولہ آب شاہترہ مروق ۳ تولہ۔ گلاب آدھ سیر۔ آب پودینہ آدھ پاؤ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو جو کوب کر کے عرقیات میں رات کو بھگوئیں اور صبح کو چھان کر جوش دیں۔ نصف پانی رہ جانے پر آب پودینہ اور شکر اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت انار ترش۔ یہ فرحت لاتا ہے۔ جگر اور دل کو قوت دیتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ اور اندرونی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ شربت پانی میں یا عرق گاؤ زبان ۳ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار ترش ۲ سیر۔ عود خام۔ مصطگی۔ آملہ مقشر ہر ایک ۷ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ۱۷ ماشہ۔ مصطگی کے علاوہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب انار میں جوشا کر صاف کر کے شکر و مصطگی ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت انار شیریں۔ پیاس بجھاتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے قے اور حمی کو روکتا ہے اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ شربت تازہ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار شیریں ۲ سیر۔ پانی ۱ سیر۔ شکر سفید ۱ سیر۔ آب انار کو جوش دیں۔ جب ایک سیر رہ جائے تو پانی اور شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت انارین منفع۔ قے اور متلی کو روکنے میں خصوصیت سے مفید ہے
استعمال۔ بوقت ضرورت ۴ تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار شیریں۔ انار ترش ۲ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ آب پودینہ سبز ۳ تولہ آب انارین کو جوش دیں۔ نصف رہ جانے پر آب پودینہ اور شکر کا اضافہ کر کے شربت کا قوام تیار کریں۔

شربت انبر باریس۔ جگر اور معدہ کی حرارت نیز دل کی کمزوری میں مفید ہے۔
استعمال۔ ٦ تولہ ہمراہ عرق بادیان ٦ تولہ۔ عرق گاؤ زبان ٦ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک منقی ٦ تولہ۔ آملہ منقی ۷ تولہ عرق گلاب ڈیڑھ پاؤ۔ پانی حسب ضرورت آب ترنج ۷ تولہ۔ آب بہی شیریں۔ آب سیب شیریں۔ آب انار شیریں۔ آب انار ترش۔ آب سیب ترش۔ آب زعرور ہر ایک ٦ تولہ مروارید (محلول در آب ترنج) ۹ ماشہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ زرشک اور آملہ منقی کو عرق گلاب میں بھگوئیں اور صبح کو جوش دے کر صاف کر کے دیگر عرقیات اور شکر شامل کر کے شربت کے قوام پر لے آئیں۔ آخر قوام میں مروارید اضافہ کریں۔

شربت انجبار۔ خون آنے کو بند کرتا ہے۔ جگر کو قوت دیتا ہے اور حرارت کی تسکین کرتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ و عرق بید مشک ۵ تولہ یا عرق کاسنی ٦ تولہ و عرق مکوہ ٦ تولہ میں استعمال کریں۔ نسخہ۔ اقاقیا ۹ ماشہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ انجبار ۳ ماشہ شکر سفید آدھ سیر بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت انجیر۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرتا ہے اور قبض کی شکایت کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ٦ تولہ و عرق مکوہ ٦ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ انجیر زرد ۳۰ تولہ۔ خولنجان۔ دار چینی۔ لونگ۔ بالچھڑ ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد ایک سیر۔ شکر سفید ۲۰ تولہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ حسب معمول شربت تیار کریں۔

شربت الغزا مالیخولیا مراقی کو دور کرتا ہے۔ صفرا کی حدت کو توڑتا ہے۔ دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔ رنگ کو صاف کرتا ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ و عرق بید مشک ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ الغزا (کرِیل کے پھول) ۱۰۰ عدد (ان کی سبزی دور کرکے) آب لیموں کاغذی ۲۰ عدد عرق گلاب چھ چھٹانک مصری ایک سیر عرق گاؤ زبان آدھ سیر۔

عرق کیوڑہ آدھ پاؤ۔ دانہ الائچی خورد کشنیز مقشر ہر ایک ۹ ماشہ آب انار ولایتی۔ آب رنگترہ شیریں ہر ایک ا پاؤ مشک ۲ سرخ عنبر ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ رتی۔ گل گڑہل کو چینی کے پیالہ میں عرق لیموں میں رات بھر تر رکھیں۔ صبح کو عرق گلاب اضافہ کر کے ایک دن رات تر رہنے دیں۔ بعدہ دیگر عرقیات و ادویہ وغیرہ شامل کر کے جوش دیں اور آخر قوام میں عنبر مشک وغیرہ شامل کر کے شربت تیار کریں۔

شربت انگور ترش۔ دل اور معدہ کو قوت دیتا ہے قے اور متلی کو روکتا ہے۔ ہاضمہ کو درست کرتا ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ شربت ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور ترش ایک سیر۔ شکر سفید ۵ سیر۔ بدستور سابق شربت تیار کریں۔

شربت انگور شیریں۔ صفرا کی تیزی کو توڑتا ہے۔ دل کو فرحت اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ عرق گاؤ زبان میں ۴ تولہ شربت ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انگور شیریں ایک سیر۔ شکر سفید ۵ سیر۔ بدستور سابق شربت تیار کریں۔

شربت اناس۔ دل کو فرحت بخشتا ہے۔ اور پیشاب کھل کر لاتا ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب اناس ایک سیر۔ شکر سفید ۳ سیر۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

شربت انیسون۔ ہچکی کو بند کرنے میں خصوصیت سے نافع ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ۴ تولہ شربت ہمراہ عرق سونف ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زیرہ کرمانی۔ انیسون۔ پودینہ۔ کندر ہر ایک ۴ ماشہ پانی ا سیر عسل خالص ایک پاؤ۔ شکر سفید ایک پاؤ۔ تمام دواؤں کو پانی میں جوش دیں۔ نصف پانی رہ جانے پر مل کر صاف کریں اور شہد ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت بادر نجبویہ مرکب۔ خفقان میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بید مشک ۳ تولہ و عرق کیوڑہ ۳ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بادر نجبویہ ۸ تولہ۔ تخم بادر نجبویہ۔ گاؤ زبان ہر ایک ۲ تولہ فرنجمشک ۔سفائج۔ گل سرخ بابچھڑ۔ ساذج ہندی۔ ابریشم خام ہر ایک ۱۸ ماشہ شکر سفید آدھ سیر مشک۔ عنبر ہر

ایک ۲ ماشہ حسب معمول شربت تیار کریں۔ اور آخر قوام میں مشک و زعفران شامل کریں۔

شربت برگ انگور۔ گردہ اور مثانہ کی ریگ اور پتھری میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں شامل کر کے استعمال کریں۔ نسخہ۔ قلت (کلتھی) ۴ تولہ۔ خارخسک ۳ تولہ۔ پرسیاؤشاں ۲ تولہ۔ تخم خربزہ ۱۸ ماشہ۔ بادیان ۱۴ ماشہ۔ برگ انگور ۲ تولہ۔ شکر سفید سہ چند تمام دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر صاف کر کے شکر کا اضافہ کر کے شربت کا قوام تیار کریں۔

شربت بزوری۔ خلطی بخار نیز ادرار بول و حیض اور مثانہ کی پتھری نکالنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ حب القرطم ہر ایک ۲ تولہ پوست بیخ کاسنی۔ گل غافث۔ تخم خطمی۔ اصل السوس۔ بابچھڑ۔ بنفشہ۔ انیسون۔ گاؤ زبان ہر ایک ۱۴ ماشہ شکر سفید ایک سیر۔ تمام کو دو سیر پانی میں بھگوئیں اور ۶ تولہ مویز منقی شامل کر دیں۔

شربت بزوری بارد۔ جگر کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے مثانہ اور گردہ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ مغز تخم تربوز ۹ ماشہ۔ پوست بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ بدستور معروف دواؤں کو جوش دے کر صاف کر کے شکر کا اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت بزوری حار۔ مثانہ اور گردہ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول سابق استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بیخ کاسنی ۹ تولہ۔ تخم کاسنی۔ پوست بیخ بادیان ہر ایک ۶ تولہ۔ بادیان۔ تخم کرفس۔ پوست بیخ کرفس ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم کشوث (پوٹلی میں بندھا ہوا) ۱۷ ماشہ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ بدستور سابق شربت تیار کریں۔

شربت بزوری معتدل۔ پیشاب کھول کر لاتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کو مواد سے صاف کرتا ہے اور سوزاک کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بادیان۔ تخم کاسنی۔ تخم خربزہ۔ تخم خیارین۔ خارخسک۔ بیخ کاسنی۔ بیخ بادیان۔ ہر ایک ۵ تولہ شکر سفید اڑھائی سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت سفالجی۔ قولنج میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔ نسخہ۔ سفالجی ۱۵ تولہ۔ تربد موصوف ۷ ماشہ۔ ابریشم خام مقرض ۲۵ ماشہ۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق بادر نجبویہ ہر ایک ۱ پاؤ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ مشک زعفران ہر ایک ۱ ماشہ۔ سفالجی اور تربد کو جو کوب کر کے دواؤں کے ہمراہ پانی میں جوش دیں اور صاف کر کے عرقیات و شکر سفید ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔ اور آخر قوام میں مشک و زعفران کا اضافہ کریں۔

شربت بنفشہ۔ بخار کھانسی اور نزلہ وغیرہ میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت ۴ تولہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں شامل کر کے استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل بنفشہ ۳ تولہ شکر سفید ایک سیر۔ گل بنفشہ کو رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح کو جوش دے کر چھان لیں۔ اور شکر ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔

شربت بہی۔ دل اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ دستوں کو روکتا ہے اور ہاضمہ درست کرتا ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ شربت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب بہی شیریں۔ آب بہی ترش ہر ایک آدھ سیر شکر سفید ۲ سیر۔ حسب دستور شربت تیار کریں۔

شربت پاؤ سات۔ آتشک اور دیگر جلدی امراض میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق منڈی ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برادہ چوب خیشم پاؤ سیر برادہ چوب چینی آدھ پاؤ۔ عناب ۲۵ عدد۔ صندل سفید۔ صندل سرخ ہر ایک ۳ تولہ۔ شاہترہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ افتیمون۔ سفالجی فستقی گل نیلوفر ہر ایک ۲ تولہ۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ ہر ایک ۳ تولہ۔ سناکی ۱۰ تولہ۔ سورنجاں شیریں ۲ تولہ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ برادہ چوب خیشم اور برادہ چوب چینی کو گرم پانی میں ایک دن رات تر رکھیں۔ بعدہ جوش کر اور مل چھان کر اس صاف پانی میں دیگر دواؤں کو ایک دن رات تر رکھیں۔ پھر جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔

شربت تمر ہندی۔ متلی اور قے کو روکتا ہے۔ صفرا کی حدت کو توڑتا ہے۔ تسکین کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب تمر ہندی آدھ سیر۔ شکر سفید ایک سیر بدستور۔

معروف شربت تیار کریں۔

شربت تمباکو۔ دمہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۳ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ لیکن نحیف اور کمزور اشخاص کو قلیل مقدار میں دینا مناسب ہے۔
نسخہ۔ شیرہ برگ سبز تمباکو۔ شکر سفید ہردو مساوی الوزن بدستور شربت تیار کریں۔

شربت تنبول۔ فرحت بخشتا ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے اور باہ کو بڑھاتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ۳ تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب برگ تنبول پختہ و سفید (جو بمبئی اور دکن میں ہوتا ہے) شکر سفید ہردو مساوی الوزن زعفران ۔ ۰بساسہ۔ لونگ ہر ایک ۳ ماشہ۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔ زعفران وغیرہ کو گلاب میں گھس کر آخر قوام میں شامل کرنا چاہیے۔

شربت توت سیاہ۔ خناق اور گلے اور حلق کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب توت سیاہ ایک سیر اور شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ حسب دستور شربت تیار کریں۔

شربت جعدہ۔ سدہ کھولتا ہے۔ ریاح تحلیل کرتا ہے پیشاب لاتا ہے اور حیض جاری کرتا ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ شیرہ خارخسک ۳ ماشہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ۔ شیرہ مغز تخم خربزہ ۳ ماشہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مشک طرا مشیع۔ جعدہ۔ اسپند۔ قسط تلخ ریوند چینی۔ تخم کشوث تخم خربزہ۔ تخم خیار ہر ایک ۴ ماشہ ابہل۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ اوتاس۔ انیسون۔ تخم کاسنی۔ قنطوریون دقیق ہر ایک ۹ ماشہ مویز منقی۔ انجیر زرد ہر ایک ۹ ماشہ شکر سفید ۲ سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت چار تخم۔ کھانسی اور تنگی نفس میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ و عرق گلاب ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم بادیان۔ تخم میتھی۔ تخم کتان۔ تخم بالون۔ اصل السوس ہر ایک ۴ تولہ زرقا ۴ ماشہ۔ پستان ۳۰ عدد۔ انجیر ۴ دانہ۔ مویز منقی۔ ۳۰ دانہ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ۔

بادیان۔ گل سرخ بھی شامل کر لیں بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت چوب چینی۔ جذام۔ آتشک اور دیگر سوداوی امراض میں مفید ہے۔

استعمال۔ بقدر ۳ تولہ ہمراہ عرق منڈی ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ چوب چینی ۲۰ تولہ۔ برادہ چوب شیشم۔ گند ہاری۔ منڈی ہر ایک ۷ تولہ۔ برگ شاہترہ دمامہ۔ چرائتہ۔ برادہ صندل سرخ ہر ایک ۳ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ تمام دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگوئیں صبح جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔

شربت حب آلاس۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ حب آلاس ۲ تولہ۔ شکر سفید سوا سیر۔ حب آلاس کو پانی میں جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت حلبہ۔ پھیپھڑوں کے زخم اور پیپ بڑھانے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ شربت۔ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مویز منقی۔ خرما تازہ ہر ایک ۲ تولہ میتھی ۱۰ تولہ۔ انجیر ۱۵ دانہ شہد خالص دو چند از وزن ادویہ بدستور متعارف شربت تیار کریں۔

شربت حماض۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ صفرا کی تیزی کو تسکین دیتا ہے دل اور معدہ کو قوت بخشتا ہے قے اور متلی کو روکتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ شربت ۱۲ تولہ عرق گاؤ زبان کے ساتھ ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب حماض ۱۹ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

نوٹ۔ حماض کو اردو میں چوکا کہتے ہیں۔

شربت خسک۔ گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتا ہے۔ پیشاب کھل کر لاتا ہے۔ استعمال ۔ ۲ تولہ ہمراہ شیرہ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین۔ تخم کاسنی ہر ایک ۳ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ خسک (گوکھرو کلاں) ۶ تولہ شکر سفید آدھ سیر۔ گوکھرو کو جو کوب کر کے ایک رات پانی میں بھگوئیں صبح کو جوش دیں۔ نصف پانی رہ جائے پر مل چھان کر شکر کا اضافہ کر کے بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت خشخاش۔ کھانسی اور گرم نزلہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ شربت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست خشخاش (کوکنار) ایک سیر۔ شکر سفید ۵

سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت خمار۔ نشہ کو اتارتا ہے اور درد سر خماری کو تسکین دیتا ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انار ترش۔ آب انار شیریں۔ آب سیب شیریں۔ آب لیموں ہر ایک ایک پاؤ
آلو سیاہ۔ تمرہندی ہر ایک آدھ سیر عناب ۵۰ دانہ پانی ۳ سیر۔ شکر سفید سوا سیر۔ آلو سیاہ الخ
اور عناب کو پانی میں جوش دیں۔ جب ایک سیر پانی رہ جائے تو مل چھان کر عرقیات ملا کر
اور شکر کا اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت داور رس۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ قے اور متلی کو روکتا ہے اور معدہ کو
قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۳ تولہ شربت بخار میں طباشیر کے ساتھ اور پیاس کے لئے دانہ الائچی خورد کے
ہمراہ اور قے وغیرہ میں دانہ الائچی خورد کلاں کے ساتھ تقویت معدہ کے لئے معجون کے
ساتھ اور کہرباء اور انجبار کے ساتھ اسہال میں دینا چاہیے۔
نسخہ۔ شیرہ آملہ آدھ سیر۔ شہد خالص ایک سیر۔ عرق گلاب ایک پاؤ۔ بدستور معروف شربت
تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

شربت دینار۔ جگر کے سدے کھولنے قبض کو توڑنے اور ذات الجنب نیز مثانہ و
رحم کی خرابیوں کو دور کرنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ
استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کاسنی۔ گل سرخ ہر ایک ۶ تولہ۔ پوست بیخ کاسنی ایک تولہ۔ گل
نیلوفر۔ گاؤ زبان ہر ایک ۳ تولہ۔ تخم کشوث (پوٹلی میں بندھا ہوا) ۸ تولہ۔ شکر سفید ا سیر
ریوند چینی ۳ تولہ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر دوسری دواؤں کے ساتھ ملا کر پانی میں
جوشائیں۔ بعدہ صاف کر کے شکر کا اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔ آخر قوام میں ریوند
چینی پیس کر ملا لیں۔

شربت راوند۔ یرقان اور جگر کی دیگر بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ
ہمراہ کاسنی ۶ تولہ و عرق مکوہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کشوث۔ پوست بیخ بادیان۔ پوست بیخ
کاسنی۔ بیخ کرفس ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ تخم خیارین۔ تخم خربزہ۔ بادیان۔ تخم کاسنی ہر ایک ۲
تولہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ ریوند خطائی ۲ تولہ تمام دواؤں کو جو کوب کر کے جوش دیں۔ جب

صاف کر کے شکر ملا کر شربت کا قوام تیار کریں اور آخر قوام میں ریوند خطائی پیس کر شامل کریں۔

شربت رنگترہ۔ پیاس بجھاتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے اور حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب رنگترہ پاؤ سیر۔ شکر سفید سوا سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت زرشک۔ جگر اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گلاب ۳ تولہ۔ عرق کیوڑہ ۳ تولہ۔ عرق کاسنی ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کاسنی۔ گل سرخ ہر ایک ۷ ماشہ عود۔ مصطگی۔ بالچھڑ۔ دار چینی۔ الائچی خورد۔ صندل سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ زرشک ۳ ماشہ۔ شربت انار۔ نصف وزن ادویہ۔ شکر سفید ہموزن شربت انار تمام دواؤں کو بھوکوب کر کے عرق گلاب میں بھگوئیں صبح کو جوش دے کر صاف کر کے شربت مذکورہ اور شکر شامل کر کے شربت تیار کریں اور آخر قوام میں صندل کو گلاب میں گھس کر شامل کریں۔

شربت زوفا بارد۔ کھانسی۔ زکام اور بخار میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زوفا۔ بہدانہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ عناب ۱۰ دانہ۔ تخم خطمی۔ خبازی۔ بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ گل گاؤ زبان ہر ایک ۷ ماشہ' جو مقشر ۱۲ ماشہ۔ سپستان ۱۷ دانہ۔ پوست خشخاش معہ تخم ۷ عدد۔ مویز منقی ۱ تولہ۔ اصل السوس مقشر ۱۰ ماشہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف شربت تیار کریں اور آخر قوام میں صمغ عربی کیرا ہر ایک ۲ ماشہ اضافہ کریں۔

شربت زوفا سادہ۔ کھانسی اور تنگی نفس کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ شربت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ زوفا خشک پاؤ سیر۔ شکر سفید ۲ سیر۔ زوفا کو گرم پانی میں ایک رات دن تر رکھیں۔ بعدہ جوش دے کر شکر کا اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت زوفا مرکب۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔ کھانسی کو دور کرتا ہے اور دمہ کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال میں لائیں۔ نسخہ۔ انجیر زرد ۵ دانہ۔ تخم خطمی۔ اصل السوس۔ بیخ بنفشہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ میتھی ایک تولہ بادیان۔ تخم

کرفس۔ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ پرسیاؤشاں۔ زوفا خشک ہر ایک ۲ تولہ مویز منقی ۹ تولہ۔ گلقند شکر
سفید ہر ایک ۱ سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت زہرالقطن۔ خفقان میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ
عرق بید مشک ۳ تولہ عرق گلاب ۳ تولہ و عرق گاؤ زبان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل پنبہ
تازہ آدھ سیر شکر سفید ۱ سیر زعفران ۳ ماشہ۔ گل پنبہ کو دو سیر بارش کے پانی میں ایک روز
تر رکھیں۔ بعدہ جوش دے کر صاف کر کے شکر کے ساتھ شربت تیار کریں اور آخر قوام
میں زعفران حل کر کے ملائیں۔

شربت سعال۔ کھانسی کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ
عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل نیلو فر۔ گل بنفشہ۔ اصل السوس۔ تخم خشخاش
ہر ایک ۳ تولہ۔ عناب ۱۱ عدد تخم خبازی۔ گاؤ زبان ہر ایک ۲ تولہ کو کنار ۱۲ عدد۔ تخم
ریحان۔ تخم حلبہ۔ ہر ایک ۶ ماشہ شکر سفید سوا سیر بدستور معروف شربت تیار کر کے محفوظ
رکھیں۔

شربت سودا۔ مالیخولیا میں تنقیہ سودا کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ
عرق منڈی (عرق شاہترہ ۴ - ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تمرہندی (املی) آلو بخارا ہر ایک
۲۲ ماشہ۔ افتیمون۔ سنائے ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ بنفشہ۔ شاہترہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ شیر خشت۔
خمیرہ۔ بنفشہ ہر ایک ۶ تولہ شکر سفید آدھ سیر۔ حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت سیب۔ خفقان کو دور کرتا ہے۔ دل کو قوت اور فرحت بخشتا ہے دستوں کو
بند کرتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق گندر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب سیب ۲ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت سیب لیموئی۔ گرم خفقان میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ
زبان ۷ تولہ عرق گند ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب سیب شیریں آدھ سیر۔ آب لیموں
کاغذی ایک پاؤ عرق بید مشک آدھ پاؤ شکر سفید ڈیڑھ سیر کافور ۳ ماشہ۔ بدستور معلوم شربت
تیار کریں۔ اور آخر قوام میں کافور ملائیں۔

شربت شاہترہ۔ خارش اور جذام اور دیگر جلدی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔
۶ تولہ ہمراہ ماء الجبن استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کشوث ۱۰ ماشہ گل سرخ۔ زرشک۔ بیدانہ ہر
ایک ۱۸ ماشہ۔ گل بنفشہ ۲۴ ماشہ پرسیاؤشاں۔ اصل السوس۔ سفاجج سبز۔ سنائے۔ گل گاؤ

ہلیلہ ہندی۔ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۶ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تمر ہندی ہر ایک ۹ زبان۔ آلو بخارا۔ گل نیلوفر تازہ ہر ایک ۳۰ عدد۔ عناب۔ سپستان ہر ایک ۵۰ عدد۔ آب زلہ۔ شاہترہ سبز ۴ سیر شکر سفید ا سیر۔ تمام دواؤں کو جو کوب کرکے آب شاہترہ میں ایک رات بھگوئیں۔

شربت شقائق۔ چیچک۔ سیتلا اور وبائی بخاروں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بچوں کو ۲ ماشہ ماں کے دودھ میں اور ماں کو ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کرائیں۔

نسخہ۔ گل شقائق (ہزارہ کے پھول) ۷ تولہ شکر سفید تین پاؤ۔ گل شقائق کو آدھ سیر پانی میں جوش دے کر صاف کرکے شکر کا اضافہ کرکے شربت تیار کریں۔

شربت صندل۔ فرحت بخشتا ہے دل کو قوت دیتا اور گرمی کے درد سر کو تسکین دیتا ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔

نسخہ۔ صندل سفید ۱۰ تولہ۔ عرق گلاب ۴ تولہ۔ شکر سفید ا سیر۔ صندل کو عرق گلاب میں بھگوئیں۔ صبح کو جوش دے کر شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت عسل۔ رعشہ اور تمام سرد اور بلغمی و سوداوی امراض میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۶ تولہ ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ و عرق گاؤ زبان ۶ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ شہد خالص آدھ سیر۔ آب باراں ۳ سیر۔ فلفل سفید۔ سونٹھ۔ لونگ۔ خولنجاں مصطگی رومی ہر ایک ۵ ماشہ۔ شہد کو آب باراں میں جوش دیں اور جھاگ اتارتے جائیں۔ بعدہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر پوٹلی میں باندھ کر شہد میں ڈال دیں۔ اور تھوڑی دیر کے بعد ہاتھ سے ملتے رہیں۔ قوام آجانے پر شربت تیار کرکے رکھیں۔

شربت عشبہ۔ آتشک اور دیگر امراض دموی میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۳ تولہ صبح شام ہمراہ عرق مندی ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ عشبہ مغربی۔ چوب چینی ہر ایک ۱۴ ماشہ آلو بخارا۔ عناب ہر ایک ۱۲ دانہ۔ مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ ہر ایک ۲ تولہ۔ جو مقشر ۴ تولہ پانی دو سیر۔ شاہترہ۔ بنفشہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ شاہترہ اور بنفشہ کے علاوہ تمام دواؤں کو پانی میں جوش دیں۔ جب

نصف پانی باقی رہ جائے تو شاہترہ اور بنفشہ شامل کر کے دوبارہ جوش دیں چہارم حصہ جل جانے پر صاف کر کے شکر اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت عناب۔ کھانسی کو دور کرتا ہے۔ سینہ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ خون کے فساد کو دور کرتا ہے۔ **استعمال**۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق منڈی ۵ تولہ و عرق گاؤ زبان ۷ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ**۔ عناب ولایتی ۱ سیر۔ شکر سفید ۳ سیر۔ عناب کو ۴ سیر پانی میں جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت عنصل۔ ضیق النفس میں خصوصیت سے مفید ہے۔ **استعمال**۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ**۔ عنصل (کولی کا ندا) پاؤ سیر۔ انیسون ولایتی ۲ تولہ مویز منقی ۴ دانہ۔ انجیر ولایتی ۷ تولہ شہد خالص آدھ سیر۔ عنصل کو چھیل کر ٹکڑے ٹکڑے کر لیں۔ اور دیگر دواؤں کو کوٹ کر شامل کر کے جوش دیں۔ پھر صاف کر کے شہد کا اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت عنبر۔ خفقان اور معدہ کے درد میں مفید ہے۔ **استعمال**۔ ڈیڑھ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ و عرق گاؤ زبان ۶ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ**۔ شہد خالص ایک سیر۔ آب خالص ایک سیر۔ عنبر۔ زعفران ہر ایک ۴ ماشہ شہد کو پانی میں جوش دیں اور جھاگ اتارتے جائیں جب قوام پر آجائے تو عنبر و زعفران پیس کر شامل کریں۔

شربت عود ترش۔ معدہ اور جگر نیز دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے غذا کو ہضم کرتا ہے اور متلی و قے کو روکتا ہے۔ **استعمال**۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گذر ۵ تولہ و عرق گاؤ زبان ۷ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ**۔ سیب ترش سیب شیریں۔ انار ترش۔ انار شیریں۔ لیموں ہر ایک آدھ سیر شکر سفید سوا سیر۔ عود قماری ۱۸ ماشہ۔ صندل سفید ۱۰ ماشہ۔ بادر نجبویہ۔ گل سرخ۔ لونگ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ بالچھڑ۔ اسارون۔ بسباسہ۔ سازج۔ ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماشہ عنبر۔ مشک ۔ ورق طلاء ۲ ماشہ۔ بدستور معروف شربت تیار کریں اور آخر قوام میں عنبر مشک ورق طلاء وغیرہ حل کریں۔

شربت فالسہ۔ دل اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ اور پیاس کو تسکین دیتا ہے قے اور متلی کو روکتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا اور جگر کی بڑھتی ہوئی حرارت کو کم کرتا ہے۔ **استعمال**۔ ۴ تولہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ **نسخہ**۔ آب فالسہ۔ ۳ تولہ۔ شکر سفید

سوا سیر بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت فراسیون۔ کھانسی کو دور کرتا ہے۔ بلغم غلیظ کو نکالتا ہے۔ نیز ضیق النفس میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ فراسیون (اڑوسہ) ۲۴ تولہ اصل السوس۔ زوفا۔ پودینہ نہری۔ پرسیاوشاں ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام ۔ مغز چلغوزہ۔ میتھی۔ بادیان۔ انیسون ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ مصطگی ۔ دار چینی۔ سونٹھ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مویز منقی ۹ تولہ۔ عناب سپستان ہر ایک ۱۰۰ دانہ انجیر سفید ۲۰ عدد۔ شکر سفید تین سیر۔ تمام دواؤں کو ۱۲ سیر پانی میں ایک دن رات تر رکھیں۔ بعدہ جوش دیں۔ جب نصف پانی باقی رہے مل چھان کر شکر اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت فتق۔ قے اور بیہوشی میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست بیرون پستہ ۔ پودینہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ گل سرخ۔ انار دانہ۔ زرشک ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ عود۔ مصطگی ہر ایک ۳ ماشہ۔ آب بہی آدھ سیر۔ آب سیب۔ آب انار ہر ایک ایک پاؤ شکر سفید سوا سیر۔ بدستور معلوم شربت تیار کریں۔

شربت فریادرس۔ کھانسی۔ زکام وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گاؤ زبان۔ صندل سفید۔ پرسیاؤشاں۔ عود صلیب۔ خشخاش سفید۔ اصل السوس۔ ہر ۲ تولہ بادیان۔ تخم خطمی۔ گل سرخ ہر ایک ۱ تولہ۔ مویز منقی ۲۵ دانہ۔ شکر سفید ایک سیر حسب معمول شربت تیار کریں۔

شربت فواکہ۔ معدہ اور دل کو قوت بخشتا ہے۔ اور فرحت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ شربت عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب سیب۔ آب انار شیریں۔ آب انار ترش۔ آب امرود۔ آب بہی۔ آب زرشک۔ آب سماق۔ آب انگور ترش ہر ایک ۵ تولہ۔ شکر سفید سوا دو سیر بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت کاسنی۔ سوزاک اور مثانہ کے زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ و عرق بادیان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ انیسون۔ تخم کرفس ہر ایک ۹ ماشہ۔ پرسیاؤشاں۔ بنفشہ۔ گاؤ زبان ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ خارخسک ۲۵ ماشہ۔ کاسنی ۳۵ ماشہ۔ تخم خیار ۸ تولہ شکر سفید آدھ سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت کشوث۔ استسقاء اور جگر کی دیگر بیماریوں میں مفید ہے۔ نیز خلطی بخار میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ شربت عرق بادیان ۶ تولہ اور عرق برنجاسف ۶ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ بیخ بادیان۔ گل سرخ۔ انیسون ہر ایک ۹ ماشہ۔ تخم کشوث۔ بادیان۔ کاسنی تخم خیارین۔ تخم خربزہ۔ بیخ کاسنی۔ گل کشوث ہر ایک ۲ ماشہ ترنجبین ۴ تولہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ تمام دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح کو جوش دے کر مل کر چھان لیں شکر کا اضافہ کر کے شربت کے قوام پر لے آئیں۔

شربت کدر۔ چیچک۔ سیتلا اور دیگر جلدی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ۳ تولہ۔ چوب کیوڑہ آدھ پاؤ۔ سرکہ انگوری آدھ سیر۔ گلاب ۶ تولہ۔ ترشی ترنج ۱۲ تولہ۔ آب انار ترش۔ آب ریباس۔ آب انگور ترش۔ آب لیموں آب نقیع سماق۔ آب نقیع زرشک۔ عصارہ توت شطرمی۔ آب طبیخ عناب۔ آب طبیخ عدس ہر ایک ا پاؤ شکر سفید سوا سیر کافور ۴ ماشہ بادیان رازیانہ (سونف) ہر ایک ۷ ماشہ۔ طباشیر ۳ تولہ۔ اول الذکر تین دواؤں کو جو کوب کر کے سرکہ انگوری میں ایک ہفتہ تک بھگوئیں۔ ایک ہفتہ کے بعد دواؤں کو نچوڑ کر سرکہ کو علیحدہ رکھیں اور دواؤں کو تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر دیگر عرقیات مذکورہ اور سرکہ نیز شکر ملا کر شربت تیار رکیں۔ اور آخر قوام میں کافور۔ سونف۔ طباشیر وغیرہ کوٹ چھان کر شامل کریں۔

شربت کیوڑہ۔ پیاس بجھاتا ہے۔ فرحت بخشتا ہے اور دل کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔ نسخہ۔ آب کیوڑہ پاؤ سیر شکر سفید سوا سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت گاؤ زبان۔ دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے نیز بخار اور کھانسی میں مفید ہے۔ استعمال ۔ ۴ تولہ شربت ٹھنڈے پانی یا عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ گاؤ زبان ۵ تولہ عرق گلاب آدھ سیر۔ شکر سفید ا سیر۔ گاؤ زبان کو رات بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح کو جوش دے کر صاف کر کے عرق گلاب اور شکر کا اضافہ کر کے شربت کے قوام پر

لے آئیں۔

شربت گاؤ زبان خاص۔ تقویت دل و دماغ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گاؤ زبان ۲ تولہ۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ اسطو خودوس۔ فرنجمشک ہر ایک ۹ ماشہ۔ بادر نجبویہ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۱ تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ شکر سفید ۳۰ تولہ۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت گڑھل۔ خفقان اور پریشانی کو دور کرتا ہے۔ اندرونی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ فرحت بخشتا اور دل کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل گڑھل ۱۰ عدد۔ آب لیموں ۲۰ تولہ۔ شکر سفید ۲ سیر چینی کے برتن میں گل گڑھل کو لیموں کے عرق میں تر کریں۔ صبح کو مل کر صاف کریں۔ اور شکر کو دو سیر پانی میں ڈال کر قوام پر لے آئیں۔ قوام مذکور میں خیسانده گڑھل کو ڈال کر بوتلوں میں بھریں کہ چوتھائی کی بوتل خالی رہے۔ بعدہ بوتلوں کا منہ بند کرکے ٹھنڈے پانی میں ڈال دیں جب شربت میں جوش پیدا ہو جائے تو صاف کرکے محفوظ رکھیں۔

شربت گولر۔ کھانسی اور نزلہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گولر خام ایک سیر پستان۔ تخم پالک۔ اصل السوس مقشر ہر ایک اچھٹانک عناب ولایتی پاؤ سیر۔ شکر سفید تین پاؤ۔ تمام دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگو کر جوش دیں اور صاف کرکے شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت لوکاٹ۔ فرحت بخشتا ہے اور صفرا کے جوش کو تسکین دیتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب لوکاٹ آدھ سیر شکر سفید ایک سیر۔ حسب معمول شربت تیار کریں۔

شربت لیموں۔ صفرا کی تیزی کو توڑتا ہے پیاس بجھاتا ہے بھوک لگاتا ہے قے اور متلی کو روکتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب لیموں ۱۹ تولہ شکر سفید ایک سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت مرکب مصفی خون۔ آتشک اور دموی و سوداوی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ عرق مصفی خون ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عناب ۵ تولہ۔ صندل سرخ۔ سرپھوکہ۔ برگ حنا۔ شاہترہ۔ گل نیلوفر۔ مکوہ خشک۔ تخم کاسنی۔ برادہ شیشم۔ منڈی ہر ایک ۲ تولہ۔ شکر سفید سوا سیر۔ تمام دواؤں کو رات کو بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر اور

مل چھان کر شکر اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت مروڑ پھلی۔ پیچش میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۳ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروڑ پھلی۔ پوست خشخاش ہر دو مساوی الوزن۔ شکر سفید دو چند۔ رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح کو جوش دے کر صاف کریں۔ اور شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت مسہل۔ بدن کے فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔ آتشک وغیرہ میں خاص کر مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ سے ۴ تولہ شربت عرق گلاب ۶ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ عود صلیب۔ غاریقون ہر ایک ۶ ماشہ۔ بادیان۔ پرسیاؤشاں۔ گل گاؤزباں۔ انیسون بادر نجبویہ۔ بیخ کاسنی ہر ایک ۱ تولہ۔ گل سرخ۔ اسطو خودوس۔ بسفائج۔ ہلیلہ کابلی۔ تخم کرفس۔ تخم کشوث۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔ گل بنفشہ۔ تکوہ خشک۔ تربد۔ سنائے ہر ایک ۲ تولہ کشمش ۴ تولہ۔ مویز منقی ۳۰ دانہ۔ ترنجبین۔ گلقند آفتابی۔ شکر سفید ہر ایک ۲۰ تولہ بدستور معلوم شربت تیار کریں۔

شربت مفاصل۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بیخ کبر۔ پوست بیخ بادیان ہر ایک ۷ تولہ۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ انیسون۔ نانخواہ۔ ماہیز ہرج۔ سورنجاں ہر ایک ۳ تولہ۔ پوست بیخ کرفس ۶ تولہ شکر سفید ا سیر۔ بدستور شربت تیار کریں۔

شربت ملین۔ آنتوں کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ اور قبض کو رفع کرتا ہے۔ استعمال ۔ ۲ سے ۴ تولہ شربت پانی میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ بہدانہ ۷ ماشہ۔ گاؤ زبان ۱۸ ماشہ گل بنفشہ۔ شاہترہ ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ اسپغول ۳۲ ماشہ۔ عناب ولایتی ۲۰ دانہ۔ پستان ۴۰ دانہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ اسپغول اور بہدانہ کے علاوہ تمام دواؤں کو رات بھر بھگو کر صبح کو جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت تیار کریں۔ اور آخر قوام میں لعاب اسپغول و لعاب بہدانہ اضافہ کریں۔

شربت منضج۔ بلغمی اور سوداوی مواد میں بطور منضج مفید ہے۔ استعمال۔ ۶ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ و عرق گاؤ زبان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عناب ۱۵ دانہ۔ آلو بخارا ۴ دانہ۔ مویز منقی ایک تولہ۔ انجیر زرد۔ ۲۰ دانہ۔ پوست بیخ بادیان۔ تکوہ خشک۔ تخم خبازی۔ اصل السوس۔ قنطوریون۔ دیتق۔ گاؤ زبان۔ سونٹھ۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۲ تولہ۔ پوست بیخ کرفس۔ نانخواہ۔ انیسون۔ تخم کشوث۔ بیخ کبر۔ گل سرخ ہر ایک ۱ تولہ۔

کاسنی ۴ تولہ۔ بادیان ۲ تولہ۔ سورنجان ۳ تولہ۔ بوزیدان ۳ تولہ۔ تخم خیارین ۵ تولہ۔ تربد موصوف ۶ تولہ۔ شکر طبرزد تین پاؤ۔ ترنجبین ۲۰ تولہ۔ بدستور معلوم شربت تیار کریں۔

شربت مویز۔ موٹاپا لاتا ہے۔ عمدہ خون پیدا کرتا ہے۔ رنگت نکھارتا ہے باہ کو قوت دیتا ہے اور امراض بلغمی میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۴ تولہ شربت ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ صبح شام کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔

نسخہ۔ مویز منقی اڑھائی سیر۔ شکر سفید ۲۰ سیر بدستور معروف شربت تیار کریں۔

نسخہ دیگر۔ مویز منقی ۲ سیر۔ قرنفل۔ مصطگی ہر ایک ۱ ماشہ۔ بالچھڑ۔ سونٹھ۔ زعفران جوزبوا ہر ایک ۲ ماشہ۔ شہد ۲۰ سیر۔ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شربت میبہ سادہ۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔ پیاس بجھاتا ہے۔ حثلی اور قے کو روکتا ہے۔ ہاضمہ بڑھاتا ہے۔ اور دستوں کو بند کر دیتا ہے۔

استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ شکر سفید اڑھائی سیر۔ آب سفرجل مروق۔ شراب مثلث ہر ایک تین پاؤ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

فائدہ۔ شراب مثلث انگور کے اس پانی کو کہتے ہیں۔ جو جوش دینے سے تہائی رہ گیا ہو۔ یہ لفظ فارسی ہے جو مے ویہ سے مرکب ہے۔

شربت میبہ مرکب۔ حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ ہیضہ اور ہچکی وغیرہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ دار چینی۔ سونٹھ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ عود ہندی۔ الائچی کلاں ۔بسباسہ۔ بالچھڑ۔ زعفران ۔ جوزبوا ہر ایک ۳ ماشہ۔ مشک خالص ۴ رتی۔ آب سفرجل مروق۔ شربت مثلث۔ شکر سفید ہر ایک تین پاؤ۔ آب سفرجل۔ شکر سفید اور شراب مثلث کا قوام تیار کریں۔ اور آخر قوام میں تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کریں۔

شربت نارنج۔ فرحت بخشتا ہے اور دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب نارنج ۱۲ تولہ عرق گاؤ زبان ۳۰ تولہ شکر سفید ایک سیر بدستور شربت تیار کریں۔

شربت نجیبی۔ دموی اور صفراوی درد سر میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ ۱۸ ماشہ۔ زرشک۔ بہدانہ۔ ساق منقی ہر ایک ۶ تولہ۔ آلو بیاہ کلاں ۲۰ دانہ عناب۔ ۴ دانہ گلاب پاؤ بھر شکر سفید آدھ سیر۔ تمام دواؤں کو رات بھر پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت نزلہ۔ نزلہ گرم اور قبض میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ انجیر زرد۔ ۳۰ دانہ۔ عناب ولایتی ۳۰ دانہ سپستان ۵۰ دانہ پرسیاؤشاں ۹ تولہ حب آلاس۔ کتیرا ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ تخم خطمی ۲۴ ماشہ۔ اصل السوس۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۱۷ ماشہ آب کدو۔ آب تربوز اور حب آلاس کو گلاب میں جوش دیں۔ جب نصف باقی رہے تو صاف کر کے شکر ملا کر شربت تیار کریں۔ اور آخر قوام میں کہرباء طباشیر ساذج وغیرہ باریک پیس کر شامل کریں۔

شربت نیلوفر۔ دل کو قوت دیتا ہے۔ اندرونی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ صفرا کی تیزی کو کم کرتا ہے اور پیاس کو زائل کرتا ہے۔
استعمال ۔ ۲ تولہ شربت عرق گاؤ زبان ۱۴ تولہ یا ٹھنڈے پانی میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل نیلوفر ۵ تولہ۔ شکر سفید ایک سیر۔ پھولوں کو رات بھر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دے کر صاف کر کے شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت وردا ہلیچی۔ صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بقدر ۶ تولہ ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۸ ماشہ۔ گلاب آدھ سیر۔ پوست ہلیلہ کو گلاب میں چینی کے پیالہ میں بھگو کر اور ڈھک کر تین روز دھوپ میں رکھیں۔ بعد تین روز صاف کر کے پوست ہلیلہ زرد جدید لے کر شربت ورد اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت ورد سنائی۔ سودا صفرا اور بلغمی مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔

استعمال۔ ۶ تولہ شربت ٹھنڈے پانی میں استعمال کریں۔

نسخہ۔ سنا کی ۹ تولہ۔ شکر سفید تین پاؤ۔ شربت ورد ایک پاؤ۔ سنا کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شکر اور شربت ورد اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

شربت ورد مکرر۔ فاسد مواد کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن اور گردہ و مثانہ کی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔

استعمال۔ بقدر ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گل سرخ سوا دو سیر۔ شکر سفید تین سیر۔ گل سرخ کو ۶ سیر پانی میں جوش دیں۔ ایک حصہ جل جانے پر خوب اچھی طرح ملیں اور گل سرخ ایک سیر کا مزید اضافہ کر کے دوبارہ جوش دیں۔ دو سیر پانی رہ جانے پر مل چھان کر شکر ملا کر شربت تیار کریں۔

شربت ہلیون۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری کو بذریعہ ادرار خارج کرتا ہے۔

استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ شیرہ خارخسک ۳ ماشہ۔ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ۔ شیرہ مغز خربزہ ۳ ماشہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ تخم ہلیون ۴ تولہ کباب چینی۔ تخم خربزہ ہر ایک ایک تولہ۔ شکر سفید۔ آدھ سیر۔ تمام ادویہ کو رات کو پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر شکر ملا کر شربت کے قوام پر لے آئیں۔

شربت ہلیلہ۔ جوڑوں کے درد اور گرم بخاروں میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ہلیلہ زرد ۱۰۰ عدد۔ شکر سفید ایک سیر سقمونیا مشوی ۴ ماشہ۔ ہلیلہ کو گرم پانی سے دھو کر ایک بڑے برتن میں رکھیں اور اوپر سے اتنا پانی ڈالیں۔ کہ بقدر ایک پور پانی ہلیلہ سے

اوپر آجائے تین روز دھوپ میں رکھ کر پانی علیحدہ محفوظ رکھیں اور جدید پانی ڈال کر تین روز دھوپ میں رکھنے کے بعد پانی کو علیحدہ کر لیں۔ اور ان دونوں پانیوں کو باہم ملا کر شکر کا قوام کر کے شربت تیار کریں۔ اور آخر قوام میں سقمونیا گھس کر شامل کریں۔

شربت ہندباء۔ جگر کے سدے کھولتا ہے۔ قوت دیتا ہے۔ بخار کو اتارتا ہے اور دل و معدہ کی اصلاح کرتا ہے۔
استعمال۔ ۳ تولہ ہمراہ عرق کاسنی ٦ تولہ و عرق مکوہ ٦ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ آب کاسنی مروق ایک پاؤ۔ آب لیموں بقدر ضرورت شکر کو پانی میں حل کر کے جوش دیں۔ جب جھاگ آنے لگے تو آب کاسنی کا اضافہ کر کے قوام پر لائیں اور آخر قوام میں آب لیموں اضافہ کریں۔

شربت یاقوت۔ تقویت قلب میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب انار شیریں۔ آب بہی۔ آب امرود۔ آب سیب ہر ایک ٦ تولہ شکر سفید سوا سیر۔ عرق گلاب۔ حسب ضرورت ۔ مروارید ناسفتہ ۔ کہرباء لعل ہر ایک ۳ ماشہ۔ یاقوت رمانی ۹ ماشہ۔ ورق طلا ۲ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ عرقیات مذکورہ اور گلاب میں شکر کا قوام کریں اور آخر قوام میں ادویہ مندرجہ باریک پیس کر شامل کریں۔

شموم

کسی تر یا خشک دوا کے سونگھنے کو اصطلاح طب میں شموم اور ڈاکٹری میں الفیکشن (OLFECTION) کہتے ہیں۔

شموم حار۔ دماغ کے گرم امراض میں مستعمل و مفید ہے۔
استعمال۔ برتن میں رکھ کر چند مرتبہ سونگھیں۔
نسخہ۔ صندل سفید تین ماشہ۔ آب کشنیز تر گلاب خالص ہر ایک ٦ ماشہ۔ صندل کو باریک پیس کر عرقیات میں ملا کر سونگھیں۔ اور اگر بے خوابی نہ ہو تو سرکہ اضافہ کر سکتے ہیں اگر گرمی شدید ہو تو کافور دو جو بھر اضافہ کریں۔

شموم صداع بارد۔ درد سر بارد میں بہت مفید ہے۔

استعمال۔ حسب معمول۔

نسخہ۔ جوزبوا۔ تخم ارمنی۔ قرنفل۔ مرزنجوش ہر ایک ۱ ماشہ۔ سباسہ ۴ ماشہ دواؤں کو باریک پیس کر ہرے سویہ کے پتوں کے عرق میں ملا کر متواتر سونگھیں۔

شموم فواق۔ ہر قسم کی ہچکی کو فائدہ دیتا ہے۔ نہایت سریع الاثر ہے۔ بخار کی موجودگی میں استعمال کر سکتے ہیں۔

استعمال۔ حسب معمول۔

نسخہ۔ مرزنجوش۔ نک چھکنی ہموزن باریک پیس کر سنگھائیں۔

شموم مخرج۔ زکام کے مادہ کو خارج کرتا ہے۔ نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔

نسخہ۔ کلونجی بریاں۔ نوشادر ہر ایک ۹ ماشہ۔ زنجبیل ایک تولہ سب کو باریک پیس کر تھوڑا سرکہ ملا کر سونگھیں۔

شموم مفتح۔ بند زکام (گرم) جاری کرنے میں مستعمل و مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ صندل سرخ سرکہ میں گھس کر سونگھیں۔

شیاف

(شافہ واحد) اصطلاح طب میں اس بتی یا فتیلہ کو کہتے ہیں جو دوا میں لت کر کے فرج یا مقعد یا احلیل یا دیگر سوراخ ہائے بدن مثلاً" سوراخ گوش وغیرہ یا زخم یا آنکھ میں رکھا جائے۔

(۱) آنکھ یا زخم میں گھس کر ٹپکانے کے واسطے شافہ مخروطی شکل کا بنانا چاہیے کہ پتلی جانب سے پکڑ کر آسانی سے گھسا جا سکے۔

اور جب کسی زخم یا ناسور میں سالم رکھنے کے واسطے بنایا جائے تو جو کی شکل کے باریک باریک شافے بنانے چاہیں۔ جب دست لانے کے واسطے شافہ بنانا ہو تو عمر کے لحاظ سے دو یا تین انگشت تک لمبا شافہ بنا کر مقعد میں رکھیں۔

شیاف ابیض۔ گرم آشوب چشم نیز آنکھ کی سوزش میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت پانی میں گھس کر سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ نشاستہ ۳ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری۔ صمغ عربی کتیرا ہر ایک ۱۰ ماشہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر لعاب اسپغول یا سفیدی بیضہ مرغ میں شیاف تیار کریں۔

شیاف آبار۔ سوزش چشم میں مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم استعمال کریں۔

نسخہ۔ الیوا ۳ ماشہ اقلیمیائے طلاء۔ سفیدہ قلعی۔ مس سوختہ۔ سرمہ اصفہانی۔ گوند کیرا۔ سرب سوختہ ہر ایک ۲۸ ماشہ بدستور کوٹ پیس کر پانی کے ساتھ شیاف تیار کریں۔

شیاف ابیض افیونی۔ گرمی سے آنکھ دکھنے میں مفید ہے۔

استعمال۔ بدستور معروف استعمال کریں۔

نسخہ۔ سفیدہ قلعی ۲۸ ماشہ۔ صمغ عربی ۱۷ ماشہ۔ افیون۔ کیرا ہر ایک ۳ ماشہ۔ تمام دواؤں کو باریک پیس کر سفیدی بیضہ مرغ کے ساتھ شیاف تیار کریں۔

شیاف ابیض کندری۔ آنکھ کے زخموں کو مفید ہے۔

استعمال۔ بدستور معروف آنکھ میں لگائیں۔

نسخہ۔ سفیدہ قلعی ۲۸ ماشہ۔ افیون۔ انزروت۔ کیرا ہر ایک ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۱۴ ماشہ۔ تمام دواؤں کو بارش کے پانی کے ساتھ شیاف تیار کریں۔

شیاف ابیض انزروتی۔ ابتداء آشوب چشم میں مفید ہے۔

استعمال۔ حسب معمول

نسخہ۔ سفیدہ قلعی ۲۸ ماشہ۔ انزروت مربی بہ شیر خر (گدھی کے دودھ میں پرورش کیا ہوا) کیرا ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ تمام دواؤں کو پیس کر سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر شیاف بنائیں۔

شیاف احمر حاد۔ سفیدی چشم اور مرض سلاق میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت گلاب میں گھس کر سلائی سے بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔

نسخہ۔ شادنج عدسی مغسول ۲ تولہ۔ صمغ عربی ۱۷ ماشہ۔ زنگار ۹ ماشہ۔ مس سوختہ بھنگرہی سوختہ ہر ایک ۷ ماشہ صبر سقوطری۔ افیون ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران۔ مرکی ہر ایک ۶ رتی بدستور معروف دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں شیاف تیار کریں۔

شیاف احمر لین۔ شدید آشوب چشم میں مفید ہے۔

استعمال۔ بطریق معروف استعمال کریں۔

نسخہ۔ شاذج عدسی مغسول ۳ تولہ۔ مس سوختہ ۲ تولہ۔ بسد۔ مروارید ناسفتہ سازج ہندی ہر ایک ایک تولہ۔ صمغ عربی۔ کیرا۔ مرکی ہر ایک ۷ ماشہ۔ دم الاخوین

زعفران ہر ایک ۴ ماشہ۔ تمام ادویات کو پیس کر شیاف بنائیں۔

شیاف اخضر۔ خارش چشم میں مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معروف استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی ۴ ماشہ۔ اقلیمائے فضہ۔ اشق۔ صمغ عربی۔ سفیدہ۔ ارزیر (رانگ) ہر ایک ۷ ماشہ۔ زنگار۔ بدستور دواؤں کو پیس کر آب سداب سبز میں شیاف تیار کریں۔

شیاف اسود۔ آشوب اور ناخنہ چشم میں مفید ہے۔ استعمال۔ شبنم میں رکھے ہوئے پانی میں ایک شیاف گھس کر سلائی میں بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ شب یمانی ۴ ماشہ۔ رسوت ہندی ۷ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری توتیائے سبز۔ پوست مازو قرحا ہر ایک ۱ ماشہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر شیاف بنائیں۔

شیاف اصطفلیقان۔ پلکوں کے زخم میں مفید ہے۔ استعمال۔ شبنم میں رکھے ہوئے پانی میں ایک شیاف گھس کر سلائی سے بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ اقلیمائے طلاء قلفل سیاہ۔ افیون۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ نمک لاہوری بورہ ارمنی۔ ہڑتال سرخ ہر ایک ۱ ماشہ۔ صمغ عربی۔ شیاف مامیثا۔ انزروت ہر ایک ۴ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر بادیان سبز کے عرق میں شیاف تیار کریں۔

شیاف اصفر۔ آنکھ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معروف استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ زرد توتیائے ہندی ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ قلفل سفید۔ صمغ عربی ہر ایک ۴ ماشہ زعفران ۳ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ہری سونف کے پانی میں شیاف تیار کریں۔

شیاف برلوگل۔ ہر قسم کے آشوب چشم میں مفید ہے۔ نہایت سریع الاثر ہے۔ استعمال۔ حسب معمول استعمال کریں۔ نسخہ۔ اقاقیا۔ تانبہ سوختہ۔ مرکی۔ رسوت۔ جند بید ستر۔ کندر ہر ایک ۴ ماشہ۔ زعفران۔ ۱ ماشہ بدستور معروف شیاف تیار کریں۔

شیاف بنفشہ۔ قبض کو رفع کرتا اور قولنج کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ امعاء مستقیم (مقعد) میں بطور شیاف رکھیں۔ نسخہ۔ بنفشہ ۱۷ ماشہ۔ سقمونیا۔ نمک ہندی ہر ایک ۷ ماشہ۔ بورہ ارمنی۔ تربد موصوف ہر ایک ۲ ماشہ قراقروت (چھاچھ) شکر سفید ہر ایک ۲۲ ماشہ بدستور معروف شیاف تیار کریں۔

شیاف پھولی۔ جالہ اور پھولہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت لیموں کے عرق میں حل کر کے آنکھ میں ڈالیں۔

نسخہ۔ نمک لاہوری ۳ ماشہ لونگ۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۵ عدد افیون ۱ سرخ خرمہو سوختہ ۵ عدد۔ پارچہ چینی سفید ۱ ماشہ۔ کافور بھیم سینی ۴ سرخ۔ گھونگچی سفید ۵ عدد پہلے گھونگچی کا پوست دور کر کے جلا لیں بعدہ تمام دواؤں کو لوہے کے برتن میں نیب کی لکڑی کے دستہ سے کہ جس میں لوہے کا پیسہ لگا ہو۔ لیموں کا عرق شامل کر کے باریک پیس کر شیاف تیار کریں۔

شیاف تفاح۔ آنکھ کے زخموں میں مفید ہے۔

استعمال ۔ ایک شافہ سفیدی بیضہ مرغ میں گھس کر آنکھ میں بطور سرمہ لگائیں۔

نسخہ۔ ا قلیمیا محرق (لڑکی والی عورت کے دودھ میں بجھایا ہوا) ۵۶ ماشہ سفیدہ قلعی مغسول ۷۰ ماشہ زعفران ۴ ماشہ کتیرا ۷ ماشہ تمام دواؤں کو بارش کے پانی میں گھس کر شیاف تیار کریں۔

شیاف جالب النوم۔ آنکھ کے ورم اور سخت درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ بطریق معلوم استعمال کریں۔

نسخہ۔ عاقر قرحا ۱ ماشہ۔ زنگار۔ جاؤ شیر ہر ایک ۴ ماشہ بدستور معروف شیاف تیار کریں۔

شیاف جلاء۔ نگاہ کو تیز کرتا اور نزول الماء کو دور کرتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت حسب معمول بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔

نسخہ توتیائے کرمانی مغسول ۶ تولہ (مرزنجوش سبز کے پانی میں حل کیا ہوا) زنجبیل فلفل دار فلفل ہر ایک ۷ ماشہ۔ مامیراں ۷ ماشہ۔ نوشادر۔ زعفران۔ رسوت۔ کتیرا۔ صمغ عربی اشق زنگار۔ نحاس محرق۔ ا قلیمیائے فضہ ہر ایک ۲ ماشہ تمام ادویات کو بادیان سبز کے عرق میں پیس کر شیاف بنائیں۔

شیاف حضض۔ آنکھ سے پانی بہنے کو روکتا اور سوزش کو دور کرتا ہے۔

استعمال۔ حسب معمول آنکھ میں لگائیں۔

نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سونٹھ سنگ بصری ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ رسوت ۳۵ ماشہ۔ بدستور معروف شیاف تیار کریں۔

شیاف حلتیت۔ نزول الماء میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک شیاف پانی میں گھس کر سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ حلتیت (ہینگ) خربق سفید (کنگی سفید) ہر ایک ۳ ماشہ۔ سکبینج ۴ تولہ۔ شہد حسب ضرورت تمام دواؤں کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر شیاف تیار کریں۔

شیاف حنا۔ آنکھ کی سرخی کاٹنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال بوقت ضرورت پانی میں حل کر کے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ آب حنا آدھ پاؤ۔ شب یمانی ۹ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ تینوں دواؤں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اور نیب کے دستہ سے خوب اچھی طرح ہلاتے رہیں۔ غلیظ ہو جانے پر اتار کر شیاف تیار کریں۔

شیاف خیار شنبر۔ قبض کو رفع کرتا ہے اور قولنج کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت امعاء مستقیم (مقعد) میں رکھیں۔
نسخہ۔ گل بنفشہ ۷ ماشہ۔ سنا کی ۱۷ ماشہ۔ خطمی ۳۲ ماشہ۔ نمک ہندی ۳ ماشہ عسل خیار شنبر۔ شکر سرخ ہر ایک ۳۵ ماشہ بدستور معلوم شیاف بنائیں۔

شیاف خیطہ۔ پیچش میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت مقام خاص میں اس طرح سے شیاف رکھیں کہ دھاگا باہر رہے اور بوقت قضائے حاجت دھاگہ کھینچ لیں۔
نسخہ۔ کندر۔ دم الاخوین۔ اقاقیا۔ مرصاف۔ افیون۔ ریشہ برگد تمام ہموزن تمام دواؤں کو آب بارتنگ سبز میں خمیر کر کے شیاف تیار کریں اور ہر شیاف میں دھاگہ پرویں۔

شیاف دہنہ فرنگ۔ آنکھ کی سفیدی ناخونہ اور نزول الماء میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول آب لیموں میں گھس کر سلائی سے بطور سرمہ آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ سعد کوفی۔ فلفل سیاہ۔ دار فلفل۔ ناخن ٹیل ہر ایک ۵ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۳ ماشہ۔ دہنہ فرنگ مسی ۲ ماشہ۔ مار قیشا ذہبی ۴ ماشہ۔ تخم سرس ۵ ماشہ۔ تخم کھرنی سفیدی پنچال کبوتر صحرائی ہر ایک ۴ ماشہ۔ سنگ بصری ۵ ماشہ۔ قرنفل ا عدد تمام دواؤں کو باریک کوٹ چھان کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آب لیموں شامل کر کے بارہ سینگھا کے سینگ سے خوب اچھی طرح حل کر کے شیاف تیار کریں

شیاف دینار جون۔ مادہ سوداوی سے آنکھ دکھنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ سفیدہ قلعی۔ اقلیمیائے فضہ ہر ایک ۳ تولہ۔ کتیرا ۵ ماشہ۔ افیون نشاستہ ہر ایک ۲ ماشہ بدستور معروف شربت تیار کریں۔

شیاف روشنائی۔ آنکھ کی خارش اور نمونیہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول پانی میں گھس کر سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ اقلیمیائے فضہ۔ اقلیمیائے طلاء۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ کافور مشک ہر ایک ۴ رتی۔ تمام دواؤں کو بارش کے پانی میں پیس کر شیاف تیار کریں۔

شیاف زعفران۔ ضعف بصارت میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بطریق معروف استعمال کریں۔
نسخہ۔ اشق۔ زنگار ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ شیاف مامیثا۔ گل سرخ۔ مر۔ نشاستہ صمغ عربی ہر ایک ۲ ماشہ۔ حسب معمول شیاف تیار کریں۔

شیاف زنگار۔ جالہ اور خارش چشم میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ زنگار۔ کف دریا۔ شب یمانی بریاں۔ کتیرا ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام ادویات کو آب لیموں میں کھرل کر کے شیاف بنائیں۔

شیاف سماق۔ آشوب اور سوزش چشم میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ سماق۔ بہدانہ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۱ ماشہ۔ کتیرا ۴ رتی۔ کافور ۲ رتی بطریق معروف شیاف بنائیں۔

شیاف سورنجان۔ بواسیر ریحی میں مفید ہے۔
استعمال۔ امعاء مستقیم (مقام خاص) میں روئی کے پھایہ میں رکھ کر رکھیں۔
نسخہ۔ سورنجان ۳ ماشہ۔ روغن گاؤ۔ حسب ضرورت۔ سورنجان کو کوٹ چھان کر روغن گاؤ سے چرب کر کے شیاف تیار کریں۔

شیاف علائی۔ آنکھ کی تمام بیماریوں میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ حسب معمول آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ توتیا مغسول ۲۱ ماشہ۔ مامیران چینی۔ شیاف مامیثا ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ دار فلفل۔ زنجبیل۔ کف دریا (سمندر جھاگ) رسوت ہندی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سازج ہندی ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ زعفران ۷ ماشہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۹ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب انگور ترش میں شیاف تیار کریں۔

شیاف عنبر۔ جالہ اور دھند میں مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ توتیائے مغسول ۷ تولہ۔ مشک ارتی عنبر ۶ رتی۔ رسوت ۹ ماشہ۔ رسوت کو پانی۔ میں حل کریں۔ اور دیگر دواؤں کو اس میں خوب اچھی طرح حل کر کے شیاف تیار کریں۔

شیاف غرب۔ گوشہ چشم ناسور میں مفید ہے۔ استعمال۔ ایک شیاف پانی میں حل کر کے سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ ایلواء کندر۔ انزروت۔ گلنار۔ دم الاخوین۔ سرمہ شب یمانی ہر ایک ۳ ماشہ زنگار ۴ رتی۔ تمام دواؤں کو عرق گلاب میں کھرل کر کے شیاف تیار کریں۔

شیاف عذیوط۔ مرض عذیوط (بوقت جماع پاخانہ خارج ہونا) میں مفید ہے۔ استعمال۔ مقام براز پر ایک شیاف باندھیں اور قبل از جماع حاجت ضروری سے فراغت کر لیں۔ نسخہ۔ اقاقیا۔ رامک۔ گلنار۔ صمغ عربی ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شیاف تیار کریں۔

شیاف غورہ۔ خارش چشم میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب ضرورت استعمال کریں۔ نسخہ۔ زنجبیل ۱۷ ماشہ۔ ہلیلہ زرد۔ صمغ عربی۔ توتیائے مغسول ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ رسوت مکی ۱۴ ماشہ۔ زرد چوب۔ زعفران ہر ایک ۷ ماشہ بدستور آب انگور ترش میں شیاف تیار کریں۔

شیاف قلقند۔ ناخنہ چشم میں مفید ہے۔ استعمال۔ شیاف مذکور سے ناخنہ کو رگڑیں۔ نسخہ۔ روئی سوختہ ۱۷ ماشہ۔ زنگار ۷ ماشہ۔ ہیرا کسیس سوختہ۔ ہڑتال مصعد ہر ایک ۳ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ایک ہفتہ شراب میں تر رکھیں اور بعدہ شیاف بنائیں۔

شیاف کافور۔ گرم آشوب چشم میں مفید ہے۔
استعمال۔ بدستور متعارف استعمال کریں۔
نسخہ۔ سفیدہ قلعی ۱۰ ماشہ کیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۴ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ حسب معمول شیاف تیار کریں۔

شیاف کندر۔ آنکھ کے زخموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بدستور سابق آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کندر۔ سفیدہ قلعی ہر ایک مساوی الوزن تمام دواؤں کو سفیدی بیضہ مرغ میں حل کر کے شیاف تیار کریں۔

شیاف گل کنجد۔ ضعف بصارت میں مفید ہے۔
استعمال۔ ٹھنڈے پانی میں ایک شیاف گھس کر آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ گل کنجد ۴۰ ماشہ۔ غنچہ یاسمین ۴۰ ماشہ۔ فلفل سیاہ دار فلفل ہر ایک ۸ ماشہ۔ تمام دواؤں کو پیس کر دگنی جو کے برابر شیاف تیار کریں۔

شیاف مجرب۔ نزول الماء میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت ایک شیاف پانی میں کھرل کر کے سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ مار قیشا سوختہ۔ دار فلفل۔ اقلیمیائے ذہبی۔ دودمس ہر ایک مساوی الوزن تمام دواؤں کو بارش کے پانی میں کھرل کر کے شیاف تیار کریں۔

شیاف ملین۔ رفع قبض میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ مقام براز (مقعد) میں شیاف رکھیں۔
نسخہ۔ ترنجبین ۱۷ ماشہ۔ صابون۔ خطمی۔ نمک طعام ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ شکر سرخ ۱۷ ماشہ۔ بدستور معروف شیاف تیار کریں۔

شیاف منجح۔ شدت درد اور سوزش چشم میں بطور مسکن مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ جند بید ستر۔ ایلوا۔ افیون۔ ہمسکرمی ہر ایک ۹ ماشہ۔ بالچھڑ۔ رسوت ہر ایک ۸ ماشہ۔ اقلیمیا ۲۷ ماشہ۔ سفیدہ رصاص ۳۶۔ تانبہ سوختہ مغسول ۳۳ ماشہ۔ سرمہ اقاقیا۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۸ ماشہ بدستور معلوم شیاف تیار کریں۔

شیاف ممسک۔ سرعت انزال میں مفید ہے۔ **استعمال۔** زیرہ کے برابر شیاف میں سے توڑ کر احلیل میں رکھیں۔ **نسخہ۔** جفت بلوط۔ خولنجان ہر ایک ۶ ماشہ۔ جوزبوا نصف عدد۔ افیون ۴ رتی تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب برگ انیسون و آب گزر میں شیاف تیار کریں۔

شیاف نارنج۔ سرخی۔ خارش اور آشوب چشم نیز نزول الماء اور ضعف بصارت میں مفید ہے۔ **استعمال۔** بدستور معروف استعمال کریں۔ **نسخہ۔** توتیا (آب نارنگی میں مدبر کیا ہوا) ۳۵ ماشہ۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ انزروت۔ گل سرخ۔ ایلوا زرد۔ رسوت مکی ہر ایک ۳ ماشہ۔ سفیدہ قلعی۔ ہلیلہ زرد ہر ایک ۷ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ حسب معمول شیاف تیار کریں۔

شیاف دردی۔ آنکھ کی شدت درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ گل سرخ ۵۲ ماشہ۔ زعفران ۲۷ ماشہ۔ افیون ۲۸ ماشہ۔ باپھلی ۷ ماشہ۔ صمغ عربی ۳ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر بارش کے پانی کے ساتھ شیاف تیار کریں۔

شیاف وسخ الاذن۔ سفیدی چشم اور رتوندہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ پانی میں حل کر کے سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ وسخ گوش آدمی (آدمی کے کان کا میل) پوست ہلیلہ زرد۔ ہر دو مساوی الوزن دونوں کو شہد میں ملا کر شیاف تیار کریں۔

شیاف ہندی۔ دھند اور جالہ میں مفید ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت لعاب دہن میں گھس کر آنکھ میں لگائیں۔ **نسخہ۔** ترپھلہ۔ ترکٹہ۔ اصل السوس۔ پھٹکری سفید۔ نیلا تھوتھا۔ تمام دواؤں کو پانی میں پیس کر شیاف تیار کریں۔

شیاف یاسمین۔ آنکھ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ **استعمال۔** شبنم کے رکھے ہوئے پانی کے ساتھ حل کر کے جست کی سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ **نسخہ۔** غنچہ گل یاسمین۔ سرمہ سنگ بصری۔ توتیا ہارونی۔ زعفران۔ شورہ قلمی۔ مغز تخم سرس ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر سنگ سماق کے کھرل میں لیموں کے عرق کے ساتھ

ایک ہفتہ کھرل کریں۔ اور شیاف تیار کریں۔

باب الضاد

ضمادات

اصطلاح طب میں ادویہ کو کسی تیل یا ہرے پتوں کے سادہ پانی میں گاڑھا گاڑھا پیس کر کسی حصہ جسم پر لگانے کو ضماد یا لیپ کہتے ہیں۔

ضماد اسپغول۔ گرم ورموں میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ قدرے روغن گل میں چرب کر کے مقام ورم پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ اسپغول کو کنار۔ ہر دو مساوی الوزن دونوں کو کوٹ کر پانی میں پکائیں۔

ضماد اسہالی۔ دست جاری کرتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت ناف کے گرد لیپ کریں۔

نسخہ۔ سہاگہ۔ نیلا تھوتھا۔ مغز جمال گوٹہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سب کو تھوہر کے دودھ میں پیس کر لیپ تیار کریں۔

ضماد اشق۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرتا ہے اور سختی دور کرتا ہے۔ استعمال۔ پرانے سرکہ میں ملا کر تلی پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ برگ سداب ۲۸ ماشہ۔ گندھک ۷ ماشہ۔ انجیر زرد ۱۰ عدد۔ انجیر کو سرمہ میں پکا کر اور اشق اور گوگل کو پگھلا کر نیز تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر لیپ تیار کریں۔

ضماد افسنتین۔ بچوں اور چنونے مارنے کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ مقعد اور پیٹ پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ افسنتین رومی۔ صبر سقوطری۔ تخم حنظل۔ تمام دواؤں کو گائے کے پتہ میں گوندھ کر لیپ تیار کریں۔

ضماد برص۔ جلد کے سیاہ اور سفید داغ دور کرنے میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ لیموں کے عرق میں حل کر کے داغوں پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ بیخ انجیر دشتی۔ باوچی۔ تخم پنواڑ۔ ترنجبور ہر ایک ۲ ماشہ حسب معمول لیپ تیار کریں۔

ضماد بواسیر۔ قبض کو توڑتا ہے اور بواسیری مسوں کو تحلیل کرتا ہے۔ استعمال۔ بواسیری مسوں پر لیپ کریں اور اوپر سے بھنگ کے پتوں کی ٹکیہ بنا کر کپڑا باندھیں۔ نسخہ۔ زنجبیل۔ جاؤ شیر ہر ایک ۶ تولہ۔ سفیدہ جست۔ رسوت۔ موم سفید ہر ایک ایک تولہ۔ گل خطمی۔ گوگل ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن گل ۵ تولہ۔ روغن کنجد ۷ تولہ۔ گوگل اور گل خطمی کو کوٹ چھان کر اور بقیہ ادویات کو روغن مذکورہ میں ملا کر سب کو شامل کر کے لیپ تیار کریں۔

ضماد پاچہ۔ سر اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام درد پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ مغز استخوان پاچہ (نلی کی ہڈی کی مینگ) ۱۰ ماشہ روغن گل ۵ ماشہ۔ فرفیون ۱ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ بدستور معروف لیپ کریں۔

ضماد جالینوس۔ معدہ کی سختی کو دور کرتا اور پیٹ کے عضلات کو نرم کرتا ہے۔ استعمال۔ معدہ اور پیٹ پر لیپ کر کے اوپر سے ارنڈ کا پتہ نیم گرم باندھیں۔ نسخہ۔ مغز فلوس ایک تولہ مکوہ خشک ۹ ماشہ۔ آرد جو۔ گل بابونہ۔ اکلیل الملک بابچھڑ ہر ایک ۶ ماشہ۔ آب کوہ سبز ۳ تولہ۔ سرکہ ۱ تولہ۔ روغن گل ۶ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر آب مکوہ سبز۔ سرکہ اور روغن گل میں ملا کر لیپ تیار کریں۔

ضماد جاوَرس۔ دستوں کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت پیٹ پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ باجرا ۱۰ ماشہ۔ آرد جو ۷ا ماشہ۔ گل سرخ۔ برگ مورد۔ کندر۔ کنک (میدہ کا کلچہ) ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ تمام کو آب بہی میں گوندھ کر ضماد تیار کریں۔

ضماد جرب۔ کھجلی میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ دوا مکھن میں ملا کر تمام بدن پر ملیں اور دو گھنٹہ کے بعد غسل کریں۔ نسخہ۔ گندھک آملہ سار۔ نیلا تھوتھا۔ کمیلہ۔ مردار سنگ ہر ایک ایک تولہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گھی میں ملا کر لیپ تیار کریں۔

ضماد چہار گل۔ درد سر اور سرسام حار میں مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت پیشانی اور چند یا پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ گل

خطمی۔ تمام مساوی الوزن۔ تمام ادویات کو گلاب میں پیس کر ضماد بنائیں۔

ضماد حرمل۔ لنگڑی کے درد میں مفید ہے
استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم لیپ کریں۔
نسخہ۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ مرزنجوش۔ ورق الغار ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم حرمل ۱۷ ماشہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب گوگل محلول میں ملا کر ضماد تیار کریں۔

ضماد خدر۔ مرض سن بھری میں مفید ہے۔
استعمال۔ مقام سن پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ فلفل سیاہ۔ عاقر قرحا ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ قرنفل۔ فرفیون ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ کلونجی ۹ ماشہ۔ زنجبیل ۲۲ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کاٹ کر روغن گل میں ملا کر لیپ تیار کریں۔

ضماد خردل۔ قے کو روکنے میں عجیب الاثر ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت فم معدہ پر لیپ کریں اور پندرہ بیس منٹ کے بعد علیحدہ کرکے روغن گل وغیرہ لگائیں۔
نسخہ۔ رائی ۱ ماشہ۔ سرکہ حسب ضرورت۔ رائی کو سرکہ میں پیس کر ضماد بنائیں۔

ضماد خنازیر۔ خنازیری گلٹیوں کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ آب گلوئے سبز میں حل کر کے گلٹیوں پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ اکلیل الملک۔ ایرسا۔ السی ہر ایک ۲ ماشہ۔ زراوند مدحرج۔ فلفل سیاہ۔ فلفلموںہ۔ جرائیہ شیریں۔ اشق۔ گوگل۔ ہینگ۔ قسط تلخ۔ فرفیون۔ میتھی۔ بہروزہ ہر ایک ۱ ماشہ مرکی۔ ایلوا ہر ایک ۲ ماشہ۔ سرکہ۔ روغن گل حسب ضرورت ادویہ کو پانی میں باریک پیس کر اور سرکہ و روغن مذکورہ میں شامل کر کے ضماد تیار کریں۔

ضماد خواب آور۔ دماغ میں تری پہنچاتا اور نیند لاتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت پیشانی پر ملیں۔
نسخہ۔ تخم نیلوفر۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ زعفران افیون ہر ایک ۴ سرخ۔ آب کشنیز سبز ۲ تولہ۔ سرکہ ۱ تولہ۔ تمام دواؤں کو آب کشنیز او، سرکہ میں پیس کر روغن گل کا اضافہ کر کے لیپ تیار کریں۔

ضماد داد۔ داد کو زائل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت مقام دار پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ پوست نارجیل سوختہ۔ ساکہ بریاں۔ کافور۔ گندھک۔ ہر ایک مساوی الوزن تمام دواؤں کو عرق لیموں میں کھرل کرکے نیب کے پتوں کو پانی میں جوش دے کر صاف کرکے اس سے گھی ایک سو مرتبہ دھو کر تمام دواؤں کو اس میں ملا کر ضماد تیار کریں۔

ضماد دمل۔ دمل اور پھوڑے پھنسیوں کو دباتا ہے اور ورم کو تحلیل کرتا ہے۔
استعمال۔ نیم گرم دمل پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ تخم کتان۔ تخم میتھی ہر دو مساوی الوزن دونوں کو پیس کر روغن کنجد یا سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر ضماد بنائیں۔

ضماد رادع۔ ابتداء دمل میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت دمل پر نیم گرم لیپ کریں۔
نسخہ۔ رسوت۔ صندل سرخ۔ فوفل۔ اسپغول ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام دواؤں کو عرق گلاب میں پیس کر لیپ تیار کریں۔

ضماد روش۔ جوڑوں کی سختی اور درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ جوڑوں پر نیم گرم مالش کریں۔
نسخہ۔ مغز تخم بید انجیر ۹ ماشہ۔ روغن گاؤ۔ شہد۔ ملائی۔ سرکہ ہر ایک ۳ ماشہ سب کو باریک پیس کر سرگین گاؤ۔ خشک بوزن مجموع ادویہ اضافہ کرکے لیپ بنائیں۔

ضماد زعفران۔ پسلی اور سینہ کے درد کو تسکین دینے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر روئی گرم کرکے باندھیں۔
نسخہ۔ موم ۵ ماشہ۔ روغن گل بقدر ضرورت زعفران۔ ایلوا۔ لوبان ہر ایک ۱ ماشہ۔ موم کو روغن گل میں پگھلائیں اور تمام دواؤں کو پیس کر شامل کرکے لیپ تیار کریں۔

ضماد زفت۔ وجع المفاصل میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت جوڑوں پر نیم گرم لیپ کریں۔
نسخہ۔ عاقر قرحا۔ بورہ ارمنی ہر ایک ۷ ماشہ۔ قسط۔ حب الرشاد ہر ایک ۳ ماشہ۔ زفت رومی ۱۷ ماشہ۔ روغن کنجد حسب ضرورت زفت کو روغن کنجد میں پگھلا کر اور تمام

دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کر کے ضماد تیار کریں۔

ضماد زوفا۔ معدہ اور جگر نیز تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ زوفائے تر۔ پیہ اورک۔ پیہ مرغ ہر ایک ۳ تولہ۔ بدستور ضماد تیار کریں۔

ضماد شیر شتر۔ رحم کی اصلاح کرتا ہے اور ورم اور سختی کو دور کرتا ہے۔ استعمال ۔ پیڑو پر نیم گرم مالش کریں۔ نسخہ۔ شیر شتر شہر میش۔ روغن بید انجیر ہر ایک اسیر۔ سونٹھ۔ اجوائن دیسی ہر ایک ا تولہ۔ اول الذکر تینوں چیزوں کو شامل کر کے آگ پر رکھیں۔ غلیظ ہو جانے پر موخر الذکر ہر دو ادویہ کو کوٹ پیس کر شامل کر کے ضماد تیار کریں۔

ضماد صندلین۔ معدہ اور جگر کی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ نیز سر کے درد کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ مقام معدہ اور جگر پر لیپ کریں۔ سردرد کی صورت میں پیشانی پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ شیاف مامیثا ہر ایک ٦ ماشہ۔ کافور ا ماشہ۔ سب کو آب کشنیز سبز اور سرکہ میں پیس کر لیپ تیار کریں۔

ضماد طحال۔ تلی کے ورم میں مفید ہے۔ استعمال۔ سرکہ میں حل کر کے تلی میں لیپ کریں۔ نسخہ۔ برگ سداب ۱۰ ماشہ۔ اشق ۷ ماشہ۔ پودینہ خشک۔ بورہ ارمنی۔ ہر ایک ۳ ماشہ سرکہ حسب ضرورت تمام دواؤں کو پیس کر سرکہ میں ملا کر ضماد تیار کریں۔

ضماد قوی التلئین۔ درد کمر اور مہوں کی سختی میں مفید ہے۔ استعمال۔ مقام درد پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ کنجد مقشر ٦ تولہ۔ برگ مرزنجوش تازہ ١٧ ماشہ۔ دونوں کو پیس کر ضماد بنائیں۔

ضماد فیصوم۔ خصیہ کے ورم نیز دیگر ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ قیصوم۔ گل بابونہ۔ اکلیل الملک ہر ایک ۲ تولہ۔ گل بنفشہ۔ گل خطمی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ گل سرخ ایک تولہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں ضماد تیار کریں۔

ضماد کبد۔ جگر کی سختی اور ورم میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ مقام ورم پر بدستور معمول لیپ کریں۔ نسخہ۔ مر۔ حاشا۔ ا فستین۔ سعد کوفی۔ برنجاسف۔ اکلیل الملک۔ گل بابونہ۔ بابچھڑ۔ مکوہ خشک۔ ہر ایک ٦ ماشہ۔ رسوت۔ جدوار ہر ایک ا اشہ۔ تمام ادویات کو ہری مکوہ کے عرق کے ساتھ پیس کر لیپ کریں۔

ضماد کبریت۔ تلی کے ورم اور سختی میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ سرکہ میں حل کر کے تلی پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ کبریت ۱۷ ماشہ۔ گوگل۔ اشق۔ سکبینج۔ ترمس۔ میتھی۔ اسپند سوختی۔ السی برگ سداب۔ اکلیل الملک ہر ایک ۳ تولہ۔ انجیر زرد ۱۰ عدد۔ گوگل اور اشق کو پگھلا کر انجیر کو سرکہ میں پکا کر اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کر کے ضماد تیار کریں۔

ضماد کعک۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے اور دستوں کو بند کرتا ہے۔
استعمال۔ مقام معدہ و جگر نیز پیٹ پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ اقاقیہ۔ مازو۔ رسوت سماق۔ باجرا۔ زعفران۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ گل سرخ۔ شگوفہ انگور۔ برگ مورد ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ ککرم (میدہ کا کلچہ) ۱۸ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر آب برگ مورد میں گوند کر ضماد تیار کریں۔

ضماد لاذن۔ مرض زلق الامعاء آنتوں میں غذا کا نہ رکنا میں مفید ہے۔
استعمال۔ آنتوں پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ لاذن۔ سعد۔ مصطگی۔ چرائتہ شیریں۔ اذخر۔ مرزنجوش۔ پودینہ کوہی ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ عود۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سب کو کوٹ پیس کر آب برگ مورد میں ملا کر لیپ تیار کریں۔

ضماد مجلی۔ چہرہ کے داغ جھائیاں اور مہاسوں کے نشان کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت چہرہ پر ملیں۔
نسخہ۔ کتکی سفید ۶ ماشہ۔ ایرسا (بیخ بنفشہ) ۳ ماشہ سرکہ بقدر ضرورت دونوں کو سرکہ میں پیس کر لیپ تیار کریں۔

ضماد محلل۔ جوڑوں کے مواد کو تحلیل کرتا ہے۔
استعمال۔ ماؤف جوڑوں پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ آردجو۔ خطمی۔ بنفشہ۔ اکلیل الملک ہر ایک ۷ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر آب کرونده سبز میں گوندھ کر ضماد تیار کریں۔

ضماد مخدر۔ نقرس اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے نیز دستوں کو بند کرتا ہے۔
استعمال۔ جوڑوں پر لیپ کر کے اوپر سے برگ کاہو باندھیں۔
نسخہ۔ افیون ۴ ماشہ۔ زعفران۔ مرمکی ہر ایک ۲ ماشہ۔ شیر مادہ گاؤ حسب ضرورت سب کو کوٹ کر شیر گاؤ میں گوندھیں اور روغن گل و موم پگھلا کر اضافہ کر کے لیپ تیار کریں۔

ضماد مرخی۔ بغل اور کنج ران کے ورموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ورموں پر گرم گرم لیپ کریں۔
نسخہ۔ بنفشہ۔ خطمی۔ تخم مرو۔ روغن بنفشہ۔ موم سفید۔ ہر ایک بقدر ضرورت اول الذکر تینوں دواؤں کو روغن بنفشہ اور موم میں ملا کر ضماد بنائیں۔

ضماد مفجر۔ دمل اور دیگر ورموں کو پکا کر پھوڑتا ہے۔
استعمال۔ مقام متورم پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ انزروت۔ تخم مرو۔ کتیرا۔ مغز خستہ تمر ہندی۔ مغز حب الخروع۔ میتھی۔ خیرتان۔ برگ چقندر۔ ہر ایک مساوی الوزن تمام دواؤں کو شیر گاؤ میں پکا کر زردی تخم مرغ روغن حب الخروع اور زہرہ گاؤ شامل کر کے ضماد بنائیں۔

ضماد ممسک۔ سرعت انزال کو دور کرتا اور امساک لاتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت عضو مخصوص پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ کافور۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ مین پھل۔ قرنفل ہر ایک مساوی الوزن سب کو شہد میں پیس کر لیپ بنائیں۔

ضماد منضج۔ مواد کو پکاتا ہے۔
استعمال۔ مقام متورم پر نیم گرم لیپ کریں۔
نسخہ۔ تخم مرو۔ تخم کتان۔ پنچال کبوتر صحرائی ہر ایک مساوی الوزن تینوں کو قدرے ترش خمیر ملا کر ضماد تیار کریں۔

ضماد مورد۔ صفراوی دستوں کو بند کرنے میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ بدستور معلوم لیپ کریں۔
نسخہ۔ برگ مورد۔ گل سرخ۔ گلنار۔ صندل۔ مازو۔ آملہ۔ لاذن۔ سماق۔ رسوت۔ اقاقیا ہر ایک مساوی الوزن ادویہ کو کوٹ چھان کر آب برگ مورد میں گوندھ کر لیپ بنائیں۔

ضماد منوم۔ مرض سر میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ کنپٹی اور پیشانی پر لیپ کریں۔
نسخہ۔ تخم کاہو۔ بزرا لبنج۔ افیون۔ پوست۔ بیخ لفاح۔ زعفران۔ ہر ایک مساوی الوزن تمام کو کوٹ چھان کر جوشاندہ خشخاش میں گوندھ کر لیپ تیار کریں۔

ضماد ورم انثیین۔ فوطوں کے ورم میں مفید ہے۔
استعمال۔ عضو۔ متورم پر نیم گرم لیپ کریں۔
نسخہ۔ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ قیصوم۔ ہر ایک ۲ تولہ گل بنفشہ۔ گل خطمی۔ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ گل سرخ ۱ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر السی کے لعاب کے ہمراہ ضماد بنائیں۔

باب الطاء المہملہ

طلاء

صرف تیل کو یا ادویہ کو تیل یا پانی میں پیس کر کسی عضو پر پتلا پتلا لیپ کرنے کو اصطلاح طب میں طلاء کہتے ہیں۔ طلاء اخص۔ بچپن کی غلط کاریوں کے برے نتائج اور خراب اثرات کو دور کرکے از سر نو قوت لاتا ہے اور قوت باہ کی جملہ خرابیوں کو زائل کر کے عضو مخصوص کی تمام شکایات کو رفع کرنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ طلاء کے استعمال سے ایک ہفتہ قبل شیشہ نمک طعام ہر ایک ۵ تولہ کے جوشاندہ سے پیڑو پر تریڑا دیں۔ اس کے بعد رات کو سوتے وقت سروسیون بچا کر مالش کریں۔ اور اوپر سے نیم گرم بنگلہ پان باندھیں۔ صبح کو کھول کر گرم پانی سے دھوئیں۔ دوران استعمال میں پھنسیاں اگر نکل آئیں۔ تو طلاء کا استعمال موقوف کریں۔ اور روغن چنبیلی لگائیں۔ پرہیز۔ زمانہ استعمال میں سردپانی اور مجامعت سے پرہیز کریں۔ فائدہ۔ طلاء کی تیاری کی شناخت یہ ہے کہ نرم کیلا پر رات کو طلاء مذکور لگا کر رکھ دیں صبح کو دیکھیں۔ کہ کیلا اگر سخت ہو گیا ہو تو طلاء تیار ہو گیا ورنہ دوبارہ کھرل کریں۔ نسخہ۔ چربی شیر۔ چربی خوک جنگلی ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ قرنفل۔ جاوتری۔ زعفران۔ مالکنگنی۔ سہاگہ۔ اجوائن خراسانی۔ ہیرا ہینگ۔ کافور بھیم سینی۔ چرک گوش آدمی شنگرف۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ ہر ایک ۳۶ ماشہ۔ بیر بہوٹی۔ جوزبوا۔ خراطین۔ زہر بچھناگ۔ گھونگچی سفید۔ عاقر قرحا۔ دار چینی ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ جونک خشک ۷ عدد۔ مغز کنجشک

خاگی ۶ تولہ۔ مغز خوک جنگلی۔ بھلانوہ دکھنی ہر ایک ۲ عدد۔ کلہ نرگس۔ مغز و چربی سانڈہ۔ مغز و چربی نیولہ ہر ایک ۲ عدد۔ لسن کشمیری ۳ ماشہ۔ آش پچگان ۳ ماشہ۔ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ کر دیگر دواؤں کو ملا کر کھرل کریں۔ اور طلاء بنائیں۔

طلاء اقاقیا۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت پیٹ پر طلاء کریں۔
نسخہ۔ اقاقیا۔ سعد کوفی۔ مر۔ کہک (میدہ کا کچھ)۔ کندر۔ مازو۔ گل سرخ۔ آملہ۔ گل ارمنی باجرا۔ مسور۔ بلوط۔ گلنار۔ بزرا لبنج۔ صندل سفید۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب برگ مورد سبز میں ملا کر طلاء بنائیں۔

طلاء بزوری۔ گرم ورموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت آب کاسنی تازہ آب کشنیز سبز عرق گلاب و آب کو سبز کا اضافہ کر کے طلاء تیار کریں۔
نسخہ۔ صندل سرخ۔ عصارہ مامیثا۔ گل سفید۔ رسوت مکی۔ فوفل۔ زعفران ہر ایک مساوی وزن مذکورہ دواؤں کو پانی میں پیس کر طلاء تیار کریں۔

طلاء بزوری جدید۔ پٹھوں کو قوت دیتا ہے اور جلق کی وجہ سے جو خرابیاں لاحق ہوتی ہوں ان کا دفعیہ کرتا ہے۔ رگوں سے گندہ پانی خارج کرتا ہے۔
استعمال۔ بدستور رات کو سوتے وقت سرو سیوں چھوڑ کر مالش کریں اور دیگر تدابیر مذکورہ و پرہیز وغیرہ پر کاربند ہوں۔
نسخہ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ شیر آکھ ۵ تولہ۔ بیربہوٹی۔ جاوتری۔ قرنفل۔ عقرقرحا۔ جوزبوا ہر ایک ۶ تولہ۔ مشک زعفران ہر ایک ۲۰ ماشہ۔ روغن گاؤ ایک سیر۔ تمام دواؤں کو روغن مذکورہ میں کھرل کرکے طلاء تیار کریں۔

طلاء جدید جعفری۔ جلوق کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ بدستور سابق استعمال کریں۔
نسخہ۔ شیطرج۔ مرمر۔ مازو۔ زاک سرخ۔ شنگرف۔ استخوان ماہی۔ سوختہ ہر ایک ۱ تولہ افیون۔ مصری۔ پھٹکڑی سفید۔ زہر میٹھا ہر ایک ۲ تولہ۔ کینچوے ۷ تولے عمدہ سائیدہ تخم ترب تخم گندنا ہر ایک ۳ تولہ۔ مرچ جنگلی ہر ایک ۵ تولہ۔ سانڈہ۔ پیہ شیر۔ دھتورہ ۱

زلش جنگلی ہر ایک ۷ تولہ پیسنے والی دواؤں کو پیس کر علیحدہ رکھیں۔ اور دیگر بقیہ دواؤں کو بطریق چوہ روغن کشید کریں۔ اور پسی ہوئی دواؤں کو شامل کر کے طلاء بنائیں۔

طلاء جرب۔ خارش میں مفید ہے۔

استعمال۔ دھوپ میں بیٹھ کر تمام بدن پر ملیں۔

نسخہ۔ مردار سنگ۔ برگ حنا۔ تخم حنظل۔ اقلیمیائے نقرہ۔ آرد عدس۔ سیماب ہر ایک بقدر ضرورت پارہ کو سرکہ میں ڈال کر ماریں اور دیگر دواؤں کو کوٹ کر روغن گل میں شامل کریں۔

طلاء جمال گوٹہ۔ عضو مخصوص کی تمام شکایات اور باہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

استعمال۔ بدستور معروف رات کو سوتے وقت سروسپون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور بقدر ارتی پان پر لگا کر کھائیں۔

نسخہ۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ گھونگچی سفید۔ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ قسط تلخ۔ جمال گوٹہ۔ مد ہر ایک ۲ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ کر ۱۵ سیر دودھ میں جوش دیں اور دہی جما کر مسکہ نکال لیں۔

طلاء جوہ رال۔ باہ اور گردوں کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ رتی بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں۔ اور مقام گردہ پر مالش کریں۔ نسخہ۔ رال سفید ایک سیر۔ برادہ صندل سفید آدھ سیر۔ لوبان کوڑیا۔ لونگ حسب ضرورت بدستور چوہ روغن کشید کریں۔

طلاء حب الخروع۔ عضو مخصوص کی کجی اور دیگر نقائص میں مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور رات کو سوتے وقت مالش کریں۔ نسخہ۔ سپنداں۔ حب الخروع۔ رائی۔ ہر ایک ۸ ماشہ۔ روغن کنجد ۵ تولہ ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن مذکورہ میں ملا محفوظ رکھیں۔

طلاء خمرہ۔ سوزشی ورموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ مقام سوزش پر طلاء کریں۔ نسخہ۔ صندل سرخ۔ فوفل۔ شیاف مامیثا۔ سفیدہ قلعی۔ گل ارمنی ہر ایک مساوی الوزن تمام کو کوٹ چھان کر آب کشنیز میں طلاء تیار کریں۔

طلاء داد۔ داد میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت لیموں میں حل کر

کے طلاء تیار کریں۔ نسخہ۔ مازو۔ سہاگہ بریاں۔ گندھک۔ کتھ پاپڑیہ ہر ایک ا تولہ سیاہ مرچ ۶ ماشہ۔ نیلہ تھوتھا۔ بریان ۳ ماشہ تمام کو عرق لیموں میں پیس کر گولیاں بنائیں۔

طلاء دار چینی مشک والا۔ عضو مخصوص کی لاغری میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال بدستور معروف عضو مخصوص پر مالش کر کے پان گرم کر کے باندھیں۔ نسخہ۔ شنگرف۔ ہڑتال طبقی۔ سیماب۔ کمیلہ۔ عقرقرحا۔ پیاز نرگس۔ دار چینی۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام دواؤں کو گائے کے پتہ میں کھرل کریں اور نگاہ رکھیں۔

طلاء سرخ۔ غیر طبعی افعال کے نقائص کو دور کرنے میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت بدستور معمول مالش کریں۔ نسخہ۔ شنگرف۔ جمال گوٹہ ہر ایک ۲ تولہ موم ۴ تولہ ۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ مکھن تازہ ۱۲ تولہ۔ ادویہ مذکورہ کو مکھن میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

طلاء سعفہ۔ گنج اور سر کے زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت سر پر ملیں۔ نسخہ۔ آملہ سوختہ۔ نیلہ تھوتھا سوختہ۔ مرچ سیاہ سوختہ۔ پوست خشخاش سوختہ۔ مردار سنگ بریان۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ روغن زرد حسب ضرورت تمام کو باریک پیس کر گھی میں سو مرتبہ پانی سے دھو کر ادویہ مذکورہ ملا کر محفوظ رکھیں۔

طلاء فرنگی۔ اعصاب کی کمزوری نقصان باہ اور عضو مخصوص کی تمام خرابیوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت بدستور معروف مالش کریں۔ نسخہ۔ سیماب۔ ہڑتال۔ سنکھیا۔ مردار سنگ ہر ایک ۱ ماشہ۔ عرق برگ کٹائی خورد ۲ تولہ مکھن تازہ ۳ تولہ تمام کو پہلے عرق مذکورہ اور دوبارہ مکھن میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

طلاء کھنگچی۔ بچپن کی غلط کاریوں اور جلق میں مفید ہے۔ استعمال۔ بطریق معلوم سر اور سیون چھوڑ کر عضو مخصوص پر ملیں۔ نسخہ۔ جمال گوٹہ مدبر۔ کھنگچی سفید مقشر۔ کچلہ۔ عاقر قرحا۔ پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ شیر گاؤ ۲ سیر تمام کو دودھ میں کھرل کریں دودھ جذب ہو جانے پر بطریق چوہ روغن کشید کریں۔

طلاء ماہی۔ بقدر ۲ رتی رات کو سوتے وقت حسب دستور عضو مخصوص پر مالش کریں اور اوپر سے بنگلہ پان نیم گرم باندھیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھوئیں۔ نسخہ۔ ماہی

سیاہ۔ ماہی سفید۔ ماہی سرخ ہر ایک ۱ عدد۔ کچلہ۔ کنگھی سفید ہر ایک ۲ تولہ (در شراب تر کردہ) عقر قرحا۔ لونگ۔ اسگند ناگوری۔ سلاجیت۔ افیون۔ جوزبوا ہر ایک ٦ ماشہ چربی شیر بقدر حاجت۔ ماہی سیاہ سے کنگھی تک تمام دواؤں کو تین روز تک شراب میں تر رکھیں۔ اور بقیہ دواؤں کو باریک پیس کر شیر کی چربی میں پگھلا کر پھر تمام کو شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

طلاء مبہی ممسک۔ باہ کو قوت دیتا ہے سرعت انزال کو زائل کرتا ہے اور امساک لاتا ہے۔ استعمال۔ مجامعت سے دو گھنٹہ قبل ایک گولی پوست خشخاش کے جوشاندہ میں حل کر کے سروسیون چھوڑ کر طلاء کریں۔ نسخہ۔ پوست بیخ آکھ ۲ تولہ۔ کچلہ ایک تولہ۔ پوست بیخ کنیر ۴ تولہ۔ عرق چوب کیوڑہ زہرہ گاؤ (گائے کا پتہ) بقدر حاجت۔ تمام دواؤں کو باریک کر کے عرق مذکور اور گائے کے پتہ میں کھرل کر کے گولیاں تیار کریں۔

طلاء مجلوق۔ مجلوق اصحاب کے لئے خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بدستور معروف استعمال کریں۔ نسخہ۔ خراطین مصفے۔ میٹھا تیلیہ۔ انبہ ہلدی۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ سنکھیا زرد ۲ ماشہ۔ شنگرف رومی ۳ ماشہ۔ مسکہ میش (بھیڑ کا مکھن) ۲ تولہ۔ اول تدبارہ کے شیر میں آدھ گھنٹہ کپڑا تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ بعدہ عرق پیاز میں تر کریں۔ اور خشک ہو جائے پر تیسری مرتبہ شیر مدار میں تر کر کے خشک کر لیں۔ پھر تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر مکھن میں ملا کر کپڑے پر پھیلائیں۔ اور کپڑے کی بتی بنا کر آگ دیں۔ اور روغن کو برتن میں محفوظ رکھیں۔

طلاء مجلوق خاص۔ اعصاب کی تمام خرابیوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معروف استعمال کریں۔ نسخہ۔ مارو بینگن ۱ عدد۔ دار فلفل ۵۰ عدد۔ کینچوے ۵ تولہ۔ لہسن ٦ تولہ۔ روغن کنجد آدھ سیر۔ بینگن میں دار فلفل چبھو کر دھوپ میں رکھ دیں۔ خشک ہو جانے پر بینگن اور لہسن کو تیل مذکورہ میں جلا کر کینچوے پیس کر ملا لیں۔

طلاء مجلوق دیگر۔ مجلوق کی تمام شکایات سستی وغیرہ کو بہت جلد زائل کرتا ہے مقوی باہ ہے۔ مجرب ہے۔ استعمال۔ حشفہ کو چھوڑ کر طلاء کریں۔ نسخہ۔ خراطین انگوزہ۔ کھونگھچی سفید۔ پوست بیخ کنیر۔ تخم دھتورہ ہر ایک ۳ تولہ۔ تمام ادویہ کو شراب میں تر رکھ کر شیشہ میں ڈال کر ٹپکائیں۔ اور بطریق مذکور استعمال کریں۔

طلاء مخدر۔ جوڑوں کے سخت درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم لیپ کریں۔

نسخہ۔ افیون۔ جند بید ستر ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران ا ماشہ۔ تمام کو پانی میں کھرل کر کے طلاء کریں۔

طلاء مشک والا۔ قوت شہوانی کو از سر نو تازہ کرتا ہے۔ اور تمام مردانہ نقائص کو دور کرتا ہے عامہ کمزوری کو دور کر کے طاقت بخشتا ہے۔

استعمال۔ بدستور معروف مالش کر کے نیم گرم بنگلہ پان باندھیں۔

نسخہ۔ مشک ۶ رتی۔ فرفیون ۱۲ رتی۔ عاقر قرحا ۳ ماشہ۔ روغن خیری بقدر ضرورت ادویہ مندرجہ کو روغن مذکور میں جوش دے کر نگاہ رکھیں۔

طلاء ملذذ۔ لذت و سرور بخشتا ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت تھوڑا سا شہد میں ملا کر طلاء کریں۔ اور کچھ عرصے بعد کپڑے سے صاف کر کے مشغول ہوں۔

نسخہ۔ عقرقرحا۔ سہاگہ خام۔ کافور ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کو باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

طلاء ممسک۔ سرعت انزال کے دفیعہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ مجامعت سے ایک ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی شراب میں حل کر کے طلاء کریں۔

نسخہ۔ مستی غوک خشکی۔ سمندر پھل۔ کچلہ۔ بیج کنیر سفید۔ موصلی۔ سیاہ۔ تخم انگن ہر ایک مساوی الوزن۔ شیرہ برگ پان۔ حسب ضرورت تمام دواؤں کو الگ الگ پیس کر شیرہ برگ پان میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

طلاء منوم۔ بیخوابی میں مفید ہے۔

استعمال۔ پیشانی پر لیپ کریں۔

نسخہ۔ پوست خشخاش۔ شیاف ماميثا ہر ایک ۷ ماشہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ نیلوفر۔ بنفشہ۔ تخم کاہو ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر برگ کاہو سبز کے پانی میں گوندھ کر طلاء بنائیں۔

طلاء مہاسہ۔ چہرہ کے داغ اور مہاسہ کے نشانات کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ رات

کو سوتے وقت چہرہ پر ملیں اور صبح کو گرم پانی سے دھوئیں۔ نسخہ۔ برگ شبت۔ ارسا۔ سفیدہ کاشغری۔ پوست سرش۔ آرد جو مقشر ہر ایک ۱ تولہ تمام دواؤں کو پیس کر لیپ کریں۔

طلاء نایاب۔ باہ کی تقویت میں خصوصیت سے عجیب الاثر ہے۔ استعمال۔ ایک گولی گائے کے گھی میں حل کر کے بدستور معلوم طلاء کریں۔ نسخہ۔ آب پیاز عنصل۔ آب پیاز نرگس۔ آب پیاز سفید۔ آب سیر ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن جمالگوٹہ ۱ تولہ۔ زہرہ مرغ سیاہ ۱ عدد۔ زہرہ کنجشک نر ۱۸ عدد۔ مورچہ سرخ ۲۰ عدد۔ زنبور ۵ عدد۔ مویز منقی۔ عاقر قرحا۔ دار چینی۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ حجر اسود ہر ایک ۴ ماشہ۔ شراب ۱۰ تولہ تمام دواؤں کو شراب میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

طلاء ورسم۔ انجماد خون میں مفید ہے۔ استعمال۔ پہلے نطرون کا لیپ کریں۔ بعدہ ملک البطم کو ملیں۔ نسخہ۔ نطروں حسب ضرورت۔ علک البطم قدر حاجت۔ شہد بقدر ضرورت۔ نطرون کو گرم پانی میں حل کر کے علیحدہ محفوظ رکھیں۔ اور علک البطم کو شہد میں ملا کر جداگانہ رکھیں۔

طلاء ہندی۔ دستوں کو روکنے میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت پیٹ پر طلاء کریں۔ نسخہ۔ جائفل۔ مغز تخم انبہ کہنہ۔ مغز بیل ہر ایک مساوی الوزن۔ افیون قدر قلیل۔ تمام دواؤں کو پانی میں حل کر کے محفوظ رکھیں۔

باب العین المہملہ

عرقیات

اس کشید کئے ہوئے پانی کو عرق کہتے ہیں۔ جو بھگوئی ہوئی ادویہ کے جوش کے انجرات سے بذریعہ دیگر اور بھبکہ وغیرہ حاصل کیا جاتا ہے۔

عرق کشید کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ سب سے آسان بذریعہ قرع انبیق عرق کشید کرنے کا طریقہ ہے۔ دوسرا طریقہ بذریعہ گربھ جنتر ہے۔ اور تیسرا بذریعہ دیگ یا بھبکہ ہے۔ چنانچہ ذیل میں ان سب کا بیان کیا جاتا ہے۔

قرع انبیق۔ کے ذریعہ عرق کشید کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک رات کو ایک دیگچہ میں دوائیں بھگو دی جائیں۔ صبح کو انبیق اس دیگچہ پر رکھ کر آٹے سے اچھی طرح درزیں بند کر دیں۔ اور دیگچہ کو چولہے پر رکھ کر آگ جلائیں۔ اور انبیق کے اوپر والے حصہ میں سرد پانی بھر

کر اس کا سوراخ بند کر دیں۔ اور جب پانی گرم ہو جایا کرے تو اسی سوراخ سے گرم پانی نکال کر ٹھنڈا پانی بھر دیا جائے۔ اور انبیق کے نچلے حصہ میں جو دوسرا سوراخ ہے اس کے نیچے عرق کے ٹپکنے کے واسطے کوئی تانبے کا قلعی شدہ یا چینی کا برتن رکھ دیں۔ دیگچہ کو اس سوراخ کی جانب جھکا رکھنا چاہیے جس سے عرق نکلتا ہے۔ ورنہ عرق نہیں نکل سکتا۔ جب سب عرق نکل آئے تو دیگچہ کو نیچے اتار لیں۔

گربھ جنتر کے طریقے سے اس طرح کشید کرتے ہیں۔ کہ جس دوا کا عرق لینا ہو پہلے اس دوا کو رات کے وقت اس قدر پانی میں بھگو دیں۔ کہ وہ سب پانی دوا کے اندر کا عرق لینا ہو پہلے اس دوا کو رات کے وقت اس قدر پانی میں بھگو دیں کہ وہ سب پانی دوا کے اندر جذب ہو جائے۔ پھر صبح کو ایک دیگچی کے بیچ میں صاف اینٹ یا پتھر رکھ کر اس کے چاروں طرف دوائی مذکور پھیلا دیں اور اس پتھر یا اینٹ پر ایک چینی یا تانبے کا قلعی شدہ پیالہ رکھ دیں اور دیگچی پر سرپوش رکھ کر آٹے سے درزیں خوب بند کر دیں۔ تاکہ بھاپ نہ نکل سکے۔ سرپوش میں سرد پانی بھر کر نیچے سے ہلکی ہلکی آنچ دیتے رہیں۔ کچھ دیر میں دوا کا عرق پیالہ میں آجائے گا۔ اس ترکیب سے عرق کم مقدار میں نکلتا ہے لیکن تیز اور اچھا ہوتا ہے۔

دیگ بھبکہ۔ سے عرق کشید کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ دیگ کا گنبد نما سرپوش تیار کریں۔ اور اس کے سرپوش میں ایک سوراخ کریں۔ تاکہ بانس اس کے اندر داخل کیا جاسکے۔ دیگ میں دوا معہ پانی کے ڈال کر سرپوش دے ڈھانک دیں۔

اس کے بعد ایک نیچہ جو بانس کے دو ٹکڑوں سے کمنی دار بنایا ہوا ہو۔ اور رسی وغیرہ لپیٹ کر خوب مضبوط کر لیا گیا ہو۔ اس کا ایک سرا سرپوش کے سوراخ میں اچھی طرح داخل کر دیں اور نیچے کے دوسرے سرے کو تانبے کے تنگ منہ والے قلعی شدہ برتن میں رکھ دیں اور مضبوط کر دیں تاکہ بھاپ نہ نکل سکے اور ایک ناند میں سرد پانی بھر کر تانبے کے برتن کو اس میں رکھ دیں تاکہ بخارات اس برتن میں سردی کے باعث پانی بنتے جائیں۔ دیگ کے نیچے تیز آگ جلا دیں۔ جب عرق نکلنا بند ہو جائے تو آگ بجھا دیں اور عرق نکال کر کام میں لائیں۔

اگر آدھ سیر دوا سے چار سیر عرق لینا مطلوب ہو تو دوا کو آٹھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں چار سیر عرق نکلے گا۔

خوشبودار ادویہ مثلاً عنبر مشک وغیرہ اگر عرق کے نسخہ میں ہوں تو ان کو ایک کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر اس سوراخ کے نیچے جس میں عرق ٹپکتا ہے۔ اس طریقہ سے لٹکائیں کہ عرق اس میں سے گذرتا ہوا برتن میں گرے مگر یہ جب ہو سکتا ہے جب کہ عرق قرع انبیق کے ذریعہ حاصل کیا جائے۔

جب دیگ بھبکہ سے عرق کشید کیا جائے تو ان خوشبودار ادویہ کی پوٹلی کو نیچے کے منہ پر رکھنا چاہیے۔ مذکورہ بالا طریقوں کے علاوہ عرق کشید کرنے کا ایک اور بھی طریقہ ہے۔ جسے حمام ماریہ کہتے ہیں اس کے ذریعہ سے پھول پھل اور گوشت کا خالص عرق یا روح نکالنی ہو۔ انہیں کچل کر تانبہ قلعی دار تنگ منہ کے برتن میں بھر دیں اور برتن کے منہ پر عرق نکالنے کی نلکی لگا دیں۔ اور نلکی کے کنارہ کو باہر بوتل کے منہ پر لگا دیں۔ اب ایک بڑی کڑاہی یا دیگ میں اتنا پانی بھریں کہ دوا کا برتن آدھا رہ جائے اور دیگ کے اندر تین اینٹیں رکھ کر برتن کو دیگ میں اینٹوں کے اوپر رکھ دیں۔ اور دیگ کے نیچے آگ جلا دیں۔ پانی کے کھولنے سے دیگچہ گرم ہو کر دواؤں سے بخارات اٹھیں گے۔ جو انبیق کے پانی کی سردی سے پانی بن کر نلکی کے ذریعہ سے بوتل میں جمع ہو جائے گا انبیق کا پانی گرم ہونے پر بدلتے رہیں اور دیگ میں بھی جب پانی کم ہو جائے تو ڈالتے رہیں۔

عرق نکالنے کا ایک اور طریقہ ناڑی جنتر کا مشہور ہے جس کی ترکیب یہ ہے کہ دوا والی دیگچی کے اوپر بجائے انبیق رکھنے کے ایک ایسا سرپوش رکھتے ہیں جس میں ایک پیچدار نالی لگی ہوتی ہے۔ اسے دیگ کے قریب سرد پانی سے بھرے ہوئے برتن میں ڈال کر آخری کنارہ کو بوتل یا اور کسی برتن میں لگا دیتے ہیں۔ اس طرح دوا کے بخارات نالی سے گذر کر اور سرد پانی کی سردی سے پانی بنتے ہوئے بوتل وغیرہ میں جمع ہو جاتے ہیں۔

عرق آسو۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ دستوں کو بند کرتا ہے اور سرور بخشتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۶ تولہ ہمراہ شربت حب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ قند سیاہ ۱سیر۔ پوست مغلیلاں ۲ سیر۔ بیلگری ۲۰ تولہ لودھ موچرس۔ اتیس ایک ۴ تولہ۔ پوست بیرون پستہ ۲ تولہ۔ آملہ آدھ سیر۔ مازو ایک تولہ۔ ناگر موتھ۔ باجھرٹ۔ پوست ترنج ترنجور ہر ایک ۲ تولہ برادہ صندل۔ گل سرخ۔ خش ہندی ہر ایک ا تولہ۔ بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق ابریشم۔ خفقان وغیرہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ صبح شام ۶ تولہ عرق ہمراہ شربت سیب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ابریشم خام ۱۹ تولہ۔ گل گاؤ

زبان۔ بادر نجبویہ۔ فرنجمشک۔ صندل سفید ہر ایک ۴ تولہ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ خولنجان۔ سازج ہندی ہر ایک ۲ تولہ۔ گل سرخ ۳ تولہ۔ بسباسہ۔ دار چینی دانہ الائچی خورد (ہر ایک ۴ ماشہ۔ پودینہ خشک ۲۷ ماشہ۔ زعفران عنبر ہر ایک ۵ ماشہ۔ آب سیب شیریں آب بہی شیریں۔ آب امرود۔ گلاب عرق بید مشک عرق دار چینی ہر ایک سوا سیر۔ برگ تنبول ۱۰۰ عدد بطریق معلوم عرق کشید کریں۔

عرق اجوائن سادہ۔ معدہ کے درد۔ بد ہضمی اور استسقاء نیز جگر کی سردی میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۶ تولہ عرق ۵ ماشہ جوارش بسباسہ یا معجون دبید الورد کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ دار چینی۔ اجوائن دیسی ہر ایک ۱۰ تولہ۔ گاؤ زبان آدھ سیر۔ تین سیر پانی میں رات کو بھگوئیں اور صبح عرق کشید کریں۔

عرق اسطوخودوس۔ مرض کابوس اور تبخیر وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۹ تولہ ہمراہ اطریفل افتیمونی ۷ ماشہ استعمال کریں۔
نسخہ ۔ اسطو خودوس ۱۲ تولہ۔ کشنیز خشک ۱۳ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ آملہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۹ تولہ۔ گل سرخ ۵ تولہ حسب معمول عرق کشید کریں۔

عرق اعجاز۔ ہر قسم کے خفقان کو دور کرتا ہے دل اور جگر کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۶ تولہ عرق ہمراہ شربت ابریشم ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برگ ایلوا ۲۰ سیر۔ صندل سرخ۔ اسیر۔ ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۷ سیر۔ تخم کاسنی۔ لونگ کابلی ہر ایک دو سیر۔ گل سیوتی ایک سیر۔ گاؤ زبان۔ سازج ہندی۔ شاہترہ۔ گل داؤدی۔ سونف۔ خولنجان۔ بیخ بادیان۔ بابھڑ ہر ایک ۳ سیر۔ دار چینی ڈیڑھ سیر۔ بیخ کنیر سفید۔ عود غرقی ما لکنگنی۔ گل سرخ ہر ایک ایک سیر درونج عقربی آدھ سیر۔ برگ ریحان اسیر۔ الائچی کلاں۔ پوست گواندی۔ پوست درخت نیب۔ برگ نارنگی ہر ایک ۲ سیر پوست ترنج۔ موبز منقی ہر ایک ۵ سیر کلو تین پاؤ۔ شکر سرخ ۲۰ سیر بدستور معروف عرق تیار کریں۔

عرق افستنتین۔ جگر کے ورم اور دیگر غلیظ مواد کے اخراج کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ ۶ تولہ عرق ہمراہ شربت کوشث ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ افستنتین ایک سیر عرق گلاب تین سیر۔ رات کو افستنتین عرق مذکور میں تر رکھیں اور صبح کو عرق کھینچیں۔

عرق الائچی۔ قے اور دستوں کو روکتا ہے فرحت بخشتا ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے
استعمال۔ بقدر ۵ تولہ ہمراہ شربت گاؤ زبان ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ الائچی ایک
بدستور رات بھر الائچی کو پانی میں بھگوئیں اور صبح کو عرق کشید کریں۔

عرق انبرباریس۔ بھوک لگاتا ہے معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔ صفرا کی تیزی کو
توڑتا ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ عرق ہمراہ ۲ تولہ شربت انبرباریس استعمال کریں۔ نسخہ۔
زرشک منقی پونے تین سیر۔ لونگ آدھ سیر۔ سرکہ انگوری تین پاؤ۔ بدستور معروف عرق
کشید کریں۔

عرق انبہ۔ دمہ اور تنگی تنفس میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ صبح شام بقدر ۵
تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شیرہ انبہ شیریں ۱۰۰ عدد پرسیاوشاں۔ اصل السوس ہر ایک آدھ پاؤ
بدستور متعارف عرق کشید کریں۔

عرق اناناس۔ مثانہ کی پتھری وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ٦ تولہ عرق میں ۴ تولہ شربت بزوری ملا کر استعمال کریں۔ دوران استعمال میں
ثقیل غذا اور آم خربزہ کیلہ وغیرہ سے اجتناب کریں۔
نسخہ۔ اناناس ۱۲ عدد۔ بادیان ۱ سیر پیاز سفید ۲ سیر۔ اناناس کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں۔
اور دیگر دواؤں کے ساتھ پانی میں بھگوئیں صبح کو عرق کشید کریں۔

عرق بادیان۔ بدہضمی اور معدہ و جگر کی بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ٦ تولہ ہمراہ جوارش مصطگی ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بادیان ۲ سیر پانی حسب ضرورت بطریق معروف ۴۰ بوتل عرق کشید کریں۔

عرق بادیان مرکب۔ بھوک لگاتا ہے معدہ کو قوت دیتا ہے اور نفخ کو زائل کرتا
ہے۔
استعمال۔ بقدر ۱۲ تولہ ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سونف ۱ سیر۔ عود ۳ تولہ۔ اجوان دیسی۔ پودینہ خشک ہر ایک ۵ تولہ رات کو پانی میں
بھگو کر صبح کو عرق کشید کریں۔

عرق برنجاسف۔ جگر کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ اور کمزوری کو دور کرتا ہے
معدہ کو قوت بخشتا ہے اور بلغمی بخاروں کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ۱۲ تولہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برنجاسف۔ شکاعی باد آورد۔ مکو خشک۔ بادیان۔ مویز منقی ہر ایک ۲۰ تولہ۔ گل گاؤ
زبان ۱۰ تولہ تمام دواؤں کو رات بھر گرم پانی میں بھگو دیں اور صبح کو آب مکو سبز ۱۰ سیر شامل
کر کے طرف کھینچیں۔

عرق بنفشہ۔ سر کے درد کو تسکین دیتا ہے اور نزلہ و زکام کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ۱۲ تولہ ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بنفشہ سوا سیر۔ پانی حسب ضرورت حسب معمول عرق کشید کریں۔

عرق بہار۔ فرحت بخشتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔ اندرونی حرارت کو کم کرتا ہے
اور خفقان کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ۱۰ تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل نارنج ۵ سیر۔ گلاب ا سیر۔ بادیان۔ مویز منقی۔ کشمش ہر ایک ۱۲۵ تولہ۔ عود۔
زرنب (تالیس پتر) بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری ہر ایک ا تولہ۔ عنبر ۲ ماشہ۔ تمام
دواؤں کو ۱۵ سیر پانی میں رات کو بھگوئیں۔ اور صبح کو ۵ سیر عرق کھینچیں۔

عرق بید سادہ۔ دق اور گرم بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۱۲ تولہ ہمراہ شربت عناب ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ بید سادہ سوا سیر پانی بقدر حاجت حسب دستور عرق کھینچیں۔

عرق بید مشک۔ معدہ اور دل و دماغ کی تقویت نیز صفرا کی تسکین اور خفقان کو
دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۶ تولہ ہمراہ شربت انار ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ بید مشک پاؤ سیر۔ پانی۔ سیر بدستور معروف اڑھائی سیر عرق کشید کریں۔

عرق بیلگری سادہ۔ معدہ اور آنتوں کے دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۱۲ تولہ ہمراہ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بیلگری خشک۔ پانی حسب ضرورت ۔ بیلگری کو جو کوب کر کے رات کو پانی میں

بھگوئیں اور صبح کو عرق کھینچیں۔

عرق پان۔ قولنج کے درد کو دور کرتا ہے معدہ اور دل کو قوت دیتا ہے نیز حرارت کو تسکین اور طبیعت کو فرحت بخشتا ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ۔ برگ گاؤ زبان۔ پودینہ خشک۔ برگ تنبول ہر ایک پاؤ سیر۔ نانخواہ۔ دار چینی۔ معتر فارسی۔ قرنفل۔ خولنجان۔ زنجبیل۔ الائچی خورد ہر ایک آدھ پاؤ۔ عرق گلاب ۳ سیر۔ بید مشک۔ آب باران ہر ایک ڈیڑھ سیر۔ رات کو ادویہ تر رکھیں۔ صبح بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق پرسیاؤشاں۔ پرانی کھانسی اور مرض دمہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت عناب یا مصری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پرسیاؤشاں پاؤ سیر۔ اصل السوس۔ سپستان۔ مویز منقی۔ زوفا خشک۔ بادیان تخم خطمی خبازی۔ بیخ سوسن ہر ایک ۲۱ ماشہ بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق پودینہ۔ بدہضمی ہیضہ اور متلی وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ عرق ہمراہ سکنجبین لیموئی ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پودینہ سوا سیر۔ پانی حسب ضرورت بدستور متعارف عرق کھینچیں۔

عرق پیارانگا۔ پیٹ کے درد بدہضمی اور ہیضہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ تولہ عرق ۶ تولہ پانی میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ دانہ انار ترش پاؤ سیر۔ گل نیب ا سیر۔ اجوائن تین پاؤ۔ بادیان۔ نرکچور ہر ایک ڈیڑھ پاؤ زیرہ سفید کشنیز۔ بالچھڑ۔ سونٹھ۔ الائچی کلاں ۔ پیارانگا۔ ہر ایک ا چھٹانک۔ نمک سیاہ۔ انیسون ہر ایک ۲ چھٹانک۔ عرق گلاب سیر۔ پانی ۱۵ سیر حسب معمول دواؤں کو عرق گلاب اور پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو عرق کھینچیں۔

عرق تراشہ کدو۔ خون کے فساد اور مرکب بخاروں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ شاہترہ آدھ سیر۔ صندل سائیدہ (دھنیہ) گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ کاسنی ہر ایک پاؤ سیر تراشہ کدو ایک سیر۔ عناب ولایتی ۵۰ عدد۔ تخم کاہو آدھ پاؤ۔ گل گاؤ زبان۔ اصل السوس

ہر ایک ۴ تولہ پانی ۱۰ سیر۔ بدستور معلوم رات کو دوائیں پانی میں بھگوئیں اور صبح کو عرق کشید کریں۔

عرق تفاح۔ تقویت قلب اور باہ میں مفید اور ازالہ خفقان میں نافع ہے۔ استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت سیب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سیب ۵۰ عدد۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ شقاقل مصری۔ گل گاؤ زبان ہر ایک ۴ تولہ۔ ثعلب مصری۔ دار چینی۔ برادہ صندل۔ الائچی خورد۔ عود خام ہر ایک ۲ تولہ۔ قرنفل۔ گل نسرین ساذج ہندی۔ بالچھڑ ہر ایک ۱ تولہ۔ مشک۔ عنبر ہر ایک ۲ ماشہ۔ بید مشک ۳ سیر۔ عرق گلاب ۴ سیر۔ پانی خالص ۵ سیر۔ مشک و عنبر کے علاوہ تمام کو رات بھر بھگوئیں۔ اور صبح کو عرق کشید کریں۔

عرق تمباکو۔ جوڑوں کے درد اور فالج و لقوہ وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ صبح شام بقدر ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تمباکو زرد خشک ۳ سیر۔ نانخواہ۔ معتر فارسی ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ دار چینی۔ قرنفل۔ حاشا۔ اظفار الطیب (نکھ) ہر ایک ۹ ماشہ۔ بدستور سابق رات کو پانی میں بھگوئیں اور صبح عرق کھینچیں۔

عرق تیزاب۔ برص میں مفید ہے۔ استعمال۔ سفید داغوں کو پہلے سرگین گاؤ خشک سے رگڑ کر عرق مذکور لگائیں۔ نسخہ۔ پھٹکری ۱۲ ماشہ۔ ہیرا کسیس ۲۴ ماشہ۔ شورہ ۴۴ ماشہ۔ تمام کو باریک پیس کر بھبکہ میں ڈال کر عرق کھینچیں۔

عرق گذر۔ خفقان میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ نبات سفید ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گاجر (استخواں دور کردہ) ایک سیر۔ گاؤ زبان ۲۵ ماشہ۔ گل گاؤ زبان ۱۸ ماشہ۔ بہمن سفید۔ تودری۔ سرخ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق چوب چینی۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ حواس کو تیز اور دل کو فرحت بخشتا ہے۔ بھوک لگاتا اور معدہ کو قوی کرتا ہے۔ خون کی اصلاح اور تفریح طبع میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ تولہ غذا کے بعد گھونٹ گھونٹ کر کے پئیں۔ نسخہ۔ دار چینی۔ گل سرخ۔ تخم ریحان ہر ایک ۶۷ ماشہ۔ بالچھڑ۔ ساذج ہندی۔ لونگ۔ الائچی خورد نرکچور۔ بادر نجبویہ۔ گل گاؤ زباں۔ ابریشم مقرض ہر ایک ۳۴ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ صندل سفید عود ہندی۔ چھڑیلا ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ چوب چینی ۵۶ تولہ۔ سیب شیریں ۵۰ عدد عرق گلاب تین باڈ۔ مصری ۶ تولہ چوب چینی کو جو کوب اور سیب کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے دیگر دواؤں کے

ہمراہ عرق گلاب اور پانی حسب ضرورت میں بھگوئیں۔ صبح کو ۴۰ بوتل عرق کشید کریں اور بھبکہ کے نیچہ میں زعفران ۱۱ ماشہ۔ مصطگی۔ مشک خالص ہر ایک ۲ ماشہ عنبرا شہب ۳ ماشہ کی پوٹلی بنا کر باندھیں۔

عرق حاج۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت بزوری استعمال کریں۔
نسخہ۔ جوانسہ۔ حسب ضرورت پانی میں بقدر حاجت حسب دستور عرق کشید کریں۔

عرق حشیشتہ السعال۔ خونی کھنکار۔ کھانسی اور ضیق النفس میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ شربت اعجاز ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برگ آڑو ۲ سیر پانی بقدر ضرورت بطریق معلوم ۱۰ سیر عرق کشید کریں۔

عرق خس۔ تپ دق میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ ہمراہ شربت کثوث ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ خس بقدر ضرورت پانی حسب حاجت۔ رات کو پانی میں خس بھگوئیں اور صبح کو حسب معمول عرق کشید کریں۔

عرق رنگترہ۔ فرحت بخشا ہے اور دل کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ شربت سیب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب گاجر۔ آب لیمنگر۔ کشمش سبز ہر ایک دس سیر۔ جوزبوا۔ بسباسہ رہ ایک ۴ تولہ قرنفل دار چینی۔ گل گاؤ زبان ہر ایک ۵ تولہ۔ شکر طبرزد ۱۵ سیر عود غرقی ۲ تولہ۔ عنبرا شہب ۴ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ بدستور ادویہ کو پانی میں رات کو بھگو کر صبح کو عرق کشید کریں۔ اور عطریات کی پوٹلی بنا کر بچہ میں باندھیں۔

عرق زحیر۔ پیچش نیز تقویت معدہ و تحلیل ریاح میں بہت مفید چیز ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ ہمراہ بدرقہ مناسب استعمال کرائیں۔ نسخہ۔ قرنفل۔ نانخواہ۔ انیسون۔ بادیان ہر ایک ۲ ماشہ۔ مشک ۴ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ گل بابونہ۔ تخم کرفس ہر ایک ۹ ماشہ دار چینی ۱۲ ماشہ۔ تمام ادویہ کو کوٹ کر چار سیر پانی میں رات کو بھگوئیں۔ اور صبح دو سیر عرق کشید کریں۔

عرق زرشک۔ جگر کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۶ تولہ عرق ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ انبر باریس۔ پوست ترنج۔ سماق۔ تخم کاسنی۔ آلو

بخارا۔ کشنیز مقشر ہر ایک ۶ تولہ بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق زیرہ۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے اور نفخ کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ جوارش مصطگی ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زیرہ سیاہ۔ دج ترکی۔ خولنجان۔ قرنفل ہر ایک ۵ تولہ۔ پودینہ پاؤ سیر۔ بدستور متعارف عرق کشید کریں۔

عرق سازج۔ جگر کی تقویت میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سازج ہندی ایک سیر۔ مصری پاؤ سیر سازج کو تین روز تک پانی میں بھگوئیں اور چوتھے روز مصری شامل کر کے عرق کشید کریں۔

عرق سنبل۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ بدہضمی کو زائل کرتا ہے اور معدہ کے ورم کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ جوارش مصطگی ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بابچھڑ آدھ پاؤ۔ سازج ہندی۔ تج۔ بادیان۔ آلاچگی کلاں۔ خولنجاں۔ قرنفل نانخواہ پودینہ۔ دار چینی ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ عود ۱۷ ماشہ۔ بدستور متعارف عرق کھینچیں۔

عرق سوزاک۔ پیشاب کی جلن اور سوراخ بول کے زخم نیز سوزاک میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ایک تولہ دن میں تین مرتبہ۔ صبح۔ دوپہر۔ شام استعمال کریں۔ نسخہ۔ کشنیز خشک ۵ تولہ۔ برانڈی ۳ تولہ۔ روغن صندل ۶ تولہ بدستور عرق کشید کریں۔
عرق سہ گل۔ تقویت قلب اور خفقان کے دور کرنے میں مفید ہے۔ استعمال علی الصبح ۶ تولہ عرق اور ۲ تولہ شربت صندل ملا کر پلائیں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ گل نسرین۔ گل گاؤ زبان ہر ایک مساوی الوزن بدستور سابق عرق کھینچیں۔

عرق سیوتی۔ دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور فرحت بخشتا ہے۔ استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت گاؤ زبان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ دار چینی ۱۴ ماشہ۔ جوزبوا۔ بسباسہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ برگ تنبول ۱۰۰ عدد۔ گل سیوتی ایک سیر۔ زعفران ۴ ماشہ بطریق معلوم عرق کشید کریں۔

عرق شاہترہ۔ فساد خون اور جلدی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۱۰ تولہ عرق شہد یا شربت عناب ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ شاہترہ سوا سیر۔ پانی حسب ضرورت بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق شاہترہ۔ فساد خون اور جلدی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۱ تولہ عرق شہد یا شربت عناب ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ شاہترہ سوا سیر۔ پانی حسب ضرورت بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق شاہترہ مرکب جوڑوں کے درد اور آتشک وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال تولہ عرق اور ۲ تولہ شہد ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ شاہترہ پوست ہلیلہ زردہ پوست بیخ نیب ہر ایک ہرایک ۱ سیر چرائتہ آدھ سیر امر بیل ۱ سیر بیخ یاسمین گاؤزبان ہر ایک پاؤ سیر درکت ایک سیر گل سرخ سیر صندل سرخ صندل سفید پاؤ سیر سرپھوکہ ایک سیر بدستور متعارف عرق کشید کریں۔

عرق شیر سادہ سوداری بخار اور نیز بدق میں مفید ہے استعمال ۱۰ تولہ ہمراہ شربت عنصاب ۲ تولہ استعمال کریں
نسخہ شیر بزہ سیر عرق بید مشک ۱ سیر عرق بید سادہ ۲ سیر عرق شاہترہ ایک سیر مصری ۱۰ تولہ حسب طریق معلوم ۲۰ بوتل عرق ۲۰ بوتل عرق کشید کریں
عرق شیر مرکب خون کو صاف کرتا ہے دل کو قوت دیتا ہے حرارت کو تسکین دیتا ہے دق اور تمام سوداوی بیماریوں میں مفید ہے استعمال تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں نسخہ تخم کاسنی بکھل گاؤزبان ہر ایک ۱ تولہ مغز تخم کدو شیریں تخم کاہو ہر ایک ۲ تولہ تخم خرفہ ۳ تولہ تخم خبارین طباشیر زہر مہرہ ایک تولہ گل کموہ خشک گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ کشنیز خشک صندل سفید سرخ ہر ایک ۴ تولہ کدو سبز برگ کاسنی برگ میوہ سبز برگ کاہو ایک ایک ۵ تولہ گل لنول گٹہ ۵ تولہ کیسرو عمل بید گلا نیلو فر ہرایک ۱۰ تولہ عرق بید مشک عرق شاہترہ عرق عنب الثعلب ہرایک ۱ سیر عرق گلاب ۲ سیر بید سادہ ۴ سیر مشیر نزاء ۱۰ سیر پانی حسب ضرورت بدستور معروف ۸۰ بوتل عرق کشید کریں

عرق صدر برگ بواسیری خون کو بند کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے استعمال ۔ ۲ تولہ صبح شام ہمراہ قرص کو فورا عدد استعمال کریں نسخہ ورق گل صدر برگ زرد پاؤ سیر آب بیخ کیلہ ۲ سیر حسب معمولی عرق کھینچیں عرق صعتر سادہ معدہ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب طریق سابق استعمال کریں۔ نسخہ۔ صعتر فارسی ۱ سیر پانی حسب ضرورت بدستور معروف عرق کشید کریں

عرق صعتر مرکب تحلیل ریاح اور تقویہ معدہ نیز مرگی میں مفید ہے استعمال ہمراہ جوارش مصطگی ۲ تولہ ۔ استعمال کریں نسخہ صعتر فارسی ۹ تولہ انیسون انجدان رومی خولنجان بادیان اجوائن خراسانی ہر ایک ۲۱ تولہ عود ۱۴ ماشہ بدستور معروف عرق کشید کریں

عرق عجیب معدہ کے امراض ہیضہ وغیرہ نیز دبائی اثرات اور درد وغیرہ میں مفید ہے بچھو اور دیگر نیش زن جانور کے کاٹنے میں نافع ہے استعمال درد اور کاٹنے کی صورت میں مقام درد اور نیشن پر لگائیں ۔ ورنہ عرق بادیان میں دو تین قطرہ ملا کر استعمال کریں
نسخہ ست اجوائن ۱ تولہ ست طودینہ ۲ تولہ کافور ۴ تولہ سب کو ملا کر شیشی میں بند کر کے دھوپ میں رکھیں تیل بن جانے پر محفوظ رکھیں

عرق عشبہ آتشک سوزاک اور دیگر سوداوی وجلدی امراض میں مفید ہے
استعمال ۷ تولہ ہمراہ شہد یا شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں
نسخہ عشبہ مغربی سوا سیر چوب چینی سوا سیر رات کو گرم پانی میں بھگو کو صبح عرق کھینچیں

عرق عشبہ مرکب جذام آتشک اور دیگر امراض سودر مین مفید ہے استعمال بدستور سابق استعمال کریں
نسخہ ۔ اعناب شاہترہ گلا سبز سرپھوکہ برگ حنا برادہ شیشم منڈج ۔ سفانج ہر ایک ۵ تولہ ہلیلہ سیاہ چرائتہ ہر ایک ۱۰ تولہ صندل سرک سفید آلائچی کلاں گاؤزبان پرسیاؤشان ہر ایک ۲ تولہ تمام دواؤں کو رات بھر گرم پانی میں بھگوائیں ۔ صبح کو ۷ سیر عرق کھنچیں

عرق عناب ۔ خون کی اصلاح کرتا ہے دل کو قوت دیتا ہے اور پیاس وغیرہ کو تسکین دیتا ہے استعمال ایک تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں ۔ نسخہ عناب اڑائی سیر پانی حسب ضرورت بدستور معروف ۴۰ بوتل عرق کشید کریں

عرق عنبر بواسیر کثرت حیض کو درر کرتا ہے اور تمام اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے
استعمال ۔ ۷ تولہ ہمراہ لبوب کبیرہ ۵ ماشہ استعمال کریں نسخہ مشک عنبر ۳ ماشہ مصطگی ۹ ماشہ برگ ریحان تازہ سعد کوفی گشنیز خشک گل گاؤزبان ۔ انیسون درونج عقربی پوست بیرون پستہ ترنجور عود غرقی کباب چینی چھڑیلہ بالچھڑ بہمن سرخ سفید شقاقل مصری دار چینی دار چینی سازج ہندی قرنفل بوزیدان گلسرخ طباشیر آلائچی خورد الائچی کلاں علف ہندی پوست اترج ابریشم مقرض صندل سفید ہر ایک ۲۲ ماشہ زعفران ۹ ماشہ آب سیب آدھ سیر آب انار ترش ایک سیر

عرق گاؤزبان عرق بید مشک عرق بادر نجبویہ ہر ایک اڑھائی سیر عرق گلاب ۵ سیر بدستور معروف عرق ۲۵ بوتل کشید کریں (اعریقت کی پوٹلی بنا کر نیچہ میں باندھیں)۔
عرق فواکہ۔ خفقان ووحشت اور مالیخولیا کو دور کرتا ہے اعلیٰ خیالات پیدا کرتا ہے اور اعضائے رئیسہ قوت بخشتا ہے
استعمال ۷ تولہ میں شربت فوالہ ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں
نسخہ انار شیریں۔ انار ترش سیب ہی ہر ایک ڈیڑھ سیر انگور شیریں امرود ڈیڑھ سیر۔ آب زرشک ۲۰ تولہ۔ برادہ صندل سفید آدھ سیر۔ بدستور معمول ۴۰ بوتل عرق کشید کریں۔

عرق کاسنی گرم۔ گرم درد سر کو تسکین دیتا ہے صفرا اور خون کے جوش کو کم کرتا ہے۔ اور پیاس کو زائل کرتا ہے۔ نیز جگر کی حرارت کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ ۱۲ تولہ ہمراہ شربت بزدری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم کاسنی سوا سیر۔ پانی حسب ضرورت بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق کافور۔ تپ دق میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل نیلوفر۔ گل بید۔ غنچہ گل سرخ۔ شاہترہ۔ گل گاؤ زبان۔ گل بید مشک۔ باقلائے تازہ ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ برگ کاہو۔ جو مقشر۔ بادیان۔ کروئی تازہ۔ سیب شیریں۔ بہ شیریں۔ امرود شیریں ہر ایک ڈیڑھ پاؤ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ تخم کاسنی۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ تخم کاہو مقشر۔ مغز تخم خربزہ۔ گلبنفشہ ہر ایک ۴۵ ماشہ۔ کافور قیصوری ۵ تولہ گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق کاسنی عرق بید ہر ایک ڈیڑھ سیر۔ بدستور معلوم عرق کشید کریں۔

عرق کتیگی۔ تقویت دل و دماغ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ قرص طباشیر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل کینگی ۹ عدد۔ گل سیوتی۔ گل گاؤ زبان۔ رہ ایک ۴ تولہ۔ گل نیلوفر۔ کشنیز خشک ہر ایک آدھ پاؤ۔ گل سرخ۔ برادہ صندل سفید ہر ایک ۴ تولہ بدستور عرق کشید کریں۔

عرق کیوڑہ۔ اختلاج قلب کو دور کرتا ہے۔ دل اور حواس کو قوت دیتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوی کرتا ہے اور فرحت بخشتا ہے۔
استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ شربت انار ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل کیوڑہ (پھلیاں) ۱۰ عدد باقی حسب ضرورت۔ پھلیوں کو رات بھر پانی میں بھگوئیں اور صبح بدستور عرق کشید کریں۔

گل گاؤ زبان۔ فرحت بخشتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوی کرتا ہے اور حرارت کو قوت بخشتا ہے نیز پیاس کو زائل کرتا ہے۔ بخاروں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۱۲ تولہ ہمراہ شربت نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل گڑھل آدھ پاؤ۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ ثعلب مصری۔ دار چینی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ کشمش آدھ پاؤ۔ آبباراں ۲ سیر۔ تمام کو جوکوب کر کے پانی میں ملا کر شیشہ میں بند کر کے دھوپ میں رکھیں۔ جوش آجانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

عرق گندر خالص۔ خفقان اور دل کی دیگر بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۱۰ تولہ عرق اور ۲ تولہ شربت سیب ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ آب گندر۔ آب انار شیریں۔ آب رنگترہ۔ آب سیب۔ ہر ایک ۱ سیر۔ عرق بید مشک دو سیر۔ عرق کیوڑہ ایک سیر۔ مشک ۲ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ عنبر ۲ ماشہ۔ بطریق متعارف کشید کریں (عطریات کی پوٹلی بنا کر نیچہ میں باندھیں)

عرق گندر عنبری بہ نسخہ کلاں۔ رنگت نکھارتا ہے۔ چہرہ کو سرخ کرتا ہے۔ باہ کو بڑھاتا ہے اور دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت انار ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گندر ۵ سیر۔ کشمش۔ منقی ہر ایک اڑھائی سیر۔ بہی۔ سیب ہر ایک آدھ سیر۔ انار شیریں ایک سیر۔ گل سرخ۔ آلاچی خورد۔ آلاچی کلاں۔ ابریشم مقرض۔ صندل سرخ۔ صندل سفید برگ ریحان۔ کشنیز خشک۔ گاؤ زبان۔ تخم فرنجمشک۔ تخم بالنگو ہر ایک ۴ تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ گل گاؤ زبان۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین ہر ایک ۲ تولہ۔ عرق گلاب۔ عرق کیوڑہ عرق گاؤ زبان ہر ایک ۲ سیر مشک عنبر ہر ایک تین ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ بدستور معمول عرق کشید کریں اور عطریات کو پوٹلی میں باندھ کر نیچہ میں باندھیں۔

عرق گلاب۔ خفقان کو زائل کرتا ہے۔ بیہوشی کو دور کرتا ہے۔ بدهضمی کو رفع کرتا ہے۔ معدہ دماغ اور دل وغیرہ کی تقویت میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ عرق اور ۲ تولہ شربت صندل باہم ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل گلاب سوا سیر۔ آب خالص بقدر ضرورت حسب معمول عرق کشید کریں۔

عرق گل سینبھل۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ معجون آرد خرما ۷ ماشہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سینبھل۔ گل سرخ۔ گل منڈی۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ گل چنبیلی نصف واحد بدستور معروف عرق کشید کریں۔

"عرق گل نیب۔ جذام اور دیگر صفراوی و دموی امراض جلدی میں مفید ہے۔
استعمال۔ پہلے دن ۴ تولہ اور تین دن تک اسی مقدار تک ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کر کے ایک تولہ بڑھائیں۔ اور پھر اسی ہر تین دن کے بعد ایک ایک تولہ بڑھاتے جائیں۔
نسخہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ کوہ خشک۔ نیلوفر۔ گل خیرو ہر ایک پاؤ سیر۔ گل سرخ۔ بنفشہ۔ گاؤ زبان۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک آدھ پاؤ۔ خس ہندی آدھ پاؤ۔ تخم کاسنی آدھ پاؤ۔ اسطو خودوس۔ گل گاؤ زبان۔ گل معصفر ہر ایک ۴ تولہ۔ آلائچی خورد ۲ تولہ۔ شاہترہ۔ سرپھوکہ ہر ایک آدھ سیر۔ گل کیوڑہ ۲ عدد۔ عناب۔ سپستان ہر ایک ۵۰ دانہ۔ مویز منقی ۲۰۰ دانہ کشمش سبز ۳۰۰ دانہ۔ گل نیب ۲ سیر۔ مصری سیر۔ بدستور معلوم عرق کشید کریں۔

عرق گلو۔ مرکب اور خلطی بخاروں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ یا شربت بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گلو آدھ سیر۔ آب مصفی بقدر ضرورت حسب معمول عرق کھینچیں۔

عرق گھیکوار۔ جگر اور تلی کی سختی نیز ہر قسم کے استسقاء میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۱۰ تولہ ہمراہ شربت کشوث ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز گھیکوار ۴ سیر۔ سونٹھ۔ دار فلفل۔ فلفل گرد۔ تج۔ پترج۔ آلائچی خورد۔ جوزبوا۔ سعد مرہٹی۔ نمک سنگ ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ قند ۲۱ سیر۔ پانی حسب ضرورت حسب دستور عرق کشید کریں۔

عرق ماء الجبن۔ دموی اور سوداوی بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۱۰ تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ برگ بکائن۔ پوست بکائن۔ پوست نیب۔ تخم نیب۔ گل بیگاسار۔ گاؤ زبان۔ تخم کاسنی۔ بیکاسنی۔ ہرن کھری۔ مغز تخم تمر ہندی مغز تخم آملہ مقشر۔ پوست ہلیلہ۔ کشنیز خشک۔ پوست درخت مولسری۔ گلو سبز ہر ایک ۱۰ تولہ شاہترہ۔ چرائتہ۔ سرپھوکہ۔ برگ حنا۔ ابریشم۔ برادہ صندل سرخ برادہ صندل سفید۔ برادہ شیشم۔ گل سرخ۔ عنب الثعلب خشک۔ پوست ۔لسنکر ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز فلوس آدھ سیر۔ ماء الجبن پاؤ سیر مجیٹھ پاؤ سیر۔ آب خالص ۱۵ سیر حسب معمول عرق کشید کریں۔

عرق ماء اللحم بارد۔ جگر کے ورم کو تحلیل کرتا ہے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔
استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ ہمراہ نبات سفید ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گوشت بزغالہ۔ گوشت بزجوان۔ گوشت میش ہر ایک ۱ سیر۔ صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ گل سرخ۔ دانہ آلائچی خورد۔ طباشیر ہر ایک ۲ تولہ۔ دار چینی ۴ ماشہ عرق گلاب۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق نیلوفر۔ عرق بید مشک۔ عرق بید سادہ۔ عرق کاسنی۔ عرق صندل ہر ایک ۱ سیر۔ پانی حسب ضرورت۔ بدستور معروف عرق کشید کریں۔ پھر اس عرق میں کدو تر (تراشیدہ) برگ خرفہ تر برگ پالک۔ گل نیلوفر۔ کاہو۔ برگ بید۔ باقلہ سبز۔ گاؤ زبان۔ گل گاؤزبان۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم خشخاش۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ماہی رو بیاں ہر ایک ۲ تولہ۔ تودری سرخ۔ تودری سفید ہر ایک ۱ تولہ۔ پانی حسب ضرورت شامل کریں۔ بدستور معروف دوبارہ عرق کشید کریں اور نیچہ میں زعفران ۹ ماشہ۔ عنبرا شہب ۳ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ کی پوٹلی بنا کر باندھیں۔

عرق ماء اللحم جدید قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ چہرہ کی رنگت سرخ کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ نزلہ اور جوڑوں کے درد کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ ۵ تولہ عرق میں دو تولہ مصری شامل کر کے استعمال کریں۔
نسخہ۔ گوشت بز ۱۲ سیر۔ کنجشک نر ۱۰۰ عدد۔ مور۔ بٹیر۔ کبوتر ہر ایک ۵۰ عدد۔ چوزہ مرغ ۳۰ عدد۔ تیتر ۲۰ عدد۔ تمام کو پکا کر یخنی تیار کریں۔ بعدہ مومیائی۔ جند بید ستر۔ سعد کوفی۔ جدوار

زعفران مشک عنبر ہر ایک ۱ تولہ۔ گل گاؤ زبان۔ کباب چینی۔ بالچھڑ۔ ملٹھی۔ بسفائج۔ درونج عقربی۔ انجدان رومی۔ عود صلیب۔ صعتر فارسی۔ فطر اسالیون۔ شیطرج ہندی۔ فراسیون۔ بسباسہ جوزبوا۔ تخم جرجیر۔ حب القلقل۔ مایہ شتر اعرابی۔ ریگ ماہی ہر ایک ۲ تولہ۔ نانخواہ۔ زوفا خشک وج ترکی ہر ایک ۳ تولہ۔ دار چینی۔ تیزپات۔ ابریشم مقرض ہر ایک ۷ تولہ۔ تخم ہلیون۔ تخم انجرہ۔ تخم ترب اسپست تخم بالنگو۔ تخم شربتی۔ تخم ریحان۔ تخم ز نمشک۔ برگ فرنمشک۔ بیخ سوسن نیلگون۔ گل بابونہ مغاث بغدادی۔ بوزیدان۔ ترنج۔ تج۔ مصطگی۔ ناگ کیسر۔ چھڑیلہ۔ اسارون۔ ساذج ہندی۔ صندل سرخ۔ اسطو خودوس۔ زراوند مدحرج۔ ماہی روبیاں۔ نرکچور۔ اسارون۔ کوکنار ہر ایک ۴ تولہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ شقاقل مصری۔ سورنجان شیریں۔ گاؤ زبان۔ اندر جو شیریں۔ بادیان خطائی۔ چاء خطائی۔ آلائچی خورد۔ آلائچی کلاں۔ عود غرقی۔ گل سرخ۔ بادر نجویہ۔ پرسیاؤشاں۔ پودینہ۔ خبطیانا۔ خولنجان۔ تخم خرپزہ۔ تخم گزر۔ تخم خطمی سفید تخم خبازی۔ حلبتہ الخضراء۔ حلبتہ السمنہ۔ حب القرطم۔ مغز پنبہ دانہ۔ پستان۔ ماہی جھینگا ہر ایک ۸ تولہ۔ چوب چینی۔ انجیر زرد۔ مویز منقی۔ کشمش رہ ایک ۳۴ تولہ۔ خارخسک۔ آب شیریں۔ آب بہی شیریں۔ آب انار شیریں ہر ایک ۶۸ تولہ۔ مصری اڑھائی سیر۔ برگ ریحان تازہ آدھ سیر۔ عناب ولایتی ۱۰۰ عدد۔ عنبر مشک ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران ۲ تولہ۔ بدستور عرق کشید کر کے پھر دوبارہ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ ہر ایک ۲ بوتل۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق خیار شنبر ہر ایک ۳ سیر۔ آب گزر تازہ۔ آب لسنکر تازہ ہر ایک ۲۰ سیر شامل کریں اور دوبارہ بدستور سابق عرق کشید کریں۔

عرق ماء اللحم خاص۔ فوائد مذکورہ بالا میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال ۔ ۵ تولہ ہمراہ نبات سفید ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ بالچھڑ۔ ساذج ہندی۔ بہمن سفید۔ آلائچی خورد۔ آلائچی کلاں۔ قرنفل۔ دار چینی۔ عود خام۔ پوست ترنج۔ گاؤ زبان۔ بوزیدان۔ چھڑیلہ۔ صندل سفید۔ بادر نجبویہ۔ تخم زنمشک گل گاؤ زبان کشنیز خشک۔ نرکچور۔ بادیان۔ درونج عقربی۔ مصطگی۔ سعد کوفی ہر ایک ۵ تولہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ گل سرخ۔ ابریشم مقرض۔ ہر ایک ۹ تولہ۔ قضیب گاؤ ۳ تولہ۔ گوشت حلوان ۲۴ سیر۔ بٹیر ۲۴ عدد۔ عرق بید مشک ۶ سیر۔ عرق گاؤ زبان ۹ سیر۔ انگور۔ سیب۔ بہی۔ ریگ ماہی ماہی روبیاں ہر ایک ۳ سیر۔ جھینگا مچھلی خشک ۶ سیر۔ عنبر ۲ تولہ۔ مشک ۶ تولہ۔ چرہ مرغ ۱۴ عدد۔ سانڈہ ۱۰ عدد بدستور عرق کشید کریں۔

عرق ماء اللحم مکوہ کاسنی والا۔ معدہ اور جگر کے ورم کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ تولہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برنجاسف۔ شکاعی بادآورد۔ بادر نجویہ۔ بادیان۔ مویز منقی۔ بیخ کبر۔ بیخ اذخر۔ اصل السوس۔ گلو سبز۔ عنب الثعلب خشک ہر ایک ۱۰ تولہ۔ گاؤ زبان گل گاؤ زبان ہر ایک ۵ تولہ۔ آب کاسنی سبز۔ آب عنب الثعلب سبز ہر ایک ۲ سیر۔ گوشت بز ۴ سیر۔ بدستور معروف عرق کھینچیں۔

عرق مخترع۔ محرقہ بخار ودق و سوء مزاج میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ ۶ تولہ میں شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ کافور۔ آلائچی خورد۔ زہر مہرہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ تخم بالنگو ۷ ماشہ۔ صندل سرخ۔ طباشیر۔ اصل السوس ہر ایک ۹ ماشہ۔ صندل سفید۔ بیخ کاسنی ہر ایک ۱ تولہ۔ گاؤ زبان گیلانی تخم خطمی۔ خبازی ہر ایک ۱۰ تولہ۔ گل سرخ بنفشہ۔ نیلوفر۔ تخم تربوز۔ تخم خربزہ۔ عنب الثعلب۔ بادیان۔ خاکسی۔ اسپغول۔ ترنجبین ہر ایک ۲ تولہ۔ تخم خیارین۔ تخم کدو۔ تخم کاہو۔ منشی۔ خرفہ رہ ایک ۴ تولہ کاسنی ۳ تولہ۔ عناب ۱۵ دانہ۔ سب کو پانی میں تر کر کے بدستور عرق تیار کریں۔

عرق مصفی خون بہ نسخہ کلاں۔۔ پھوڑے پھنسی۔ خارش اور دیگر جلدی اور دموی امراض میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۱۲ رولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ برگ نیب۔ پوست نیب۔ پوست بکائن۔ برگ بکائن۔ پوست کچنال۔ پوست مولسری۔ دودھی خورد۔ برگ بھنگرہ سیاہ۔ شاخ برگ جوانسہ۔ پوست گولر۔ برگ حناء۔ منڈی۔ شاہترہ۔ سرپھوکہ۔ دھمایا۔ چوب بجیسار۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ تخم کاسنی۔ مجیٹھ۔ برگ بید سادہ۔ برادہ چوب شیشم ہر ایک ۱۰ تولہ پانی ۲۴ سیر بدستور معلوم عرق کشید کریں۔

عرق مطبوخ ہفت روزہ۔ آتشک جوڑوں کے درد نیز دیگر سوداوی امراض میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۶ تولہ عرق روزانہ علی الصباح استعمال کریں۔ اور غذا میں سہ پہر کو مونگ کی کھچڑی پکائیں۔ اگر دوران استعمال میں پیچش ہو جائے۔ تو عرق مذکورہ کو ترک کریں اور لعاب بیدانہ ۳ ماشہ۔ لعاب ریشہ خطمی ۵ ماشہ۔ شیرہ بادیان ۵ ماشہ۔ اسپغول مسلم ۲ ماشہ۔ چھڑک کر اور رب بہی شیریں ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست درخت نیم۔ پوست درخت کچنال۔ بیخ حنظل۔ پھلی ببول۔ کتائی خورد۔ قند سیاہ کہنہ ہر ایک

۱۰ تولہ۔ پانی ۳ سیر میں جوش کر تہائی حصہ رہ جانے پر صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

عرق مقوی۔ نہایت مبہی و مقوی اور مجرب ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ علی الصبح استعمال کریں۔ نسخہ۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ ثعلب مصری۔ دار چینی ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل موصل۔ کشمش نبات سفید ہر ایک ۱۰ تولہ۔ آب باراں ۲ سیر۔ ادویہ کو جو کوب کر کے ایک بڑے شیشہ میں بھر کر تین چار دن آفتاب میں رکھیں۔ بعدہ صاف کر کے استعمال کریں۔

عرق مکو۔ پیاس کو تسکین دیتا حرارت ملیہ ودیگر اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا اور خفقان و سوداوی بیماریوں میں نافع ہے۔ استعمال۔ ۱۲ تولہ ہمراہ شربت نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مکو خشک سوا سیر۔ پانی بقدر ضرورت بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق موم۔ پسلی اور سینہ نیز جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۱۲ تولہ روزانہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ موم زرد۔ نمک شور ہر ایک ۳۰ تولہ حسب معمول عرق کھینچیں۔

عرق منڈی۔ نگاہ کو تیز کرتا ہے۔ خون کو صاف کرتا اور اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے۔ استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ منڈی سوا سیر۔ آب خالص حسب ضرورت بدستور سابق ۲۰ بوتل عرق کھینچیں۔

عرق نانخواہ۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ اور معدہ کے ریاحی درد کو تسکین دیتا ہے۔

اجوائن۔ آدھ سیر۔ خولنجان۔ تالیسپتر زرنجور ہر ایک پاؤ سیر۔ گلاب ۳ بوتل بدستور معلوم عرق کشید کریں۔

عرق نمک۔ استسقاء یرقان اور پرانے بخار میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ قطرہ بتاشہ میں ڈال کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ نمک سانبھر۔ گل ظروف۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ نمک کو آگ میں سرخ کر کے مٹی مذکور ملا کر گولی بنائیں۔ اور آتشی شیشہ میں رکھ کر روغن نکالیں۔

عرق نیلوفر۔ سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے اور اندرونی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔
استعمال۔ ۱۲ تولہ ہمراہ شربت نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل نیلوفر سوا سیر۔ پانی حسب ضرورت حسب معمول ۲۰ بوتل عرق کشید کریں۔

عرق ہاضم۔ معدہ کی تمام شکایات کو دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ تولہ عرق روزانہ علی الصبح ہمراہ شربت بزوری یا شربت بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ چھال کیکر ۵ سیر۔ کشمش۔ قند سفید ہر ایک اڑھائی سیر۔ لسن (بھرہ بست) قرنفل ہر ایک ۶ ماشہ۔ عود غرقی ایک تولہ۔ صندل سفید ۱۱ ماشہ۔ بیخ بنفشہ ۹ ماشہ۔ سعد کوفی ۵ ماشہ۔ پوست ترنج ۲ تولہ۔ بہمن سیفد۔ بہمن سرخ۔ شقاقل۔ ثعلب مصری۔ سازج ہندی۔ دار چینی۔ گل گاؤ زبان ہر ایک ا تولہ۔ خس ۲ تولہ۔ دانہ ہیل کلاں ۳ تولہ۔ جوزبوا۔ بسباسہ ہر ایک ا تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ بدستور معروف ۱۰ بوتل عرق کھینچیں۔

عرق ہرا بھرا۔ خفقان۔ سوزاک اور دق میں خصوصیت سے عجیب الاثر ہے۔
استعمال۔ بقدر ۶ تولہ ہمراہ نبات سفید ۲ تولہ۔ روزانہ صبح کے وقت استعمال کریں۔
نسخہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ خس۔ پدماکھ۔ ناگر موتھ۔ گلو سبز۔ شاہترہ۔ پوست نیب۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ بادیان۔ تخم کدو۔ نیتر بالا۔ کشنیز۔ تخم تلسی۔ بیخ بھیڑہ۔ بیخ لنشکر۔ بیخ جواسہ۔ بیخ کاسنی۔ دھمایا۔ منڈی۔ اصل السوس۔ آلاچی خورد۔ کوکنار ہر ایک ا تولہ بدستور معروف عرق کشید کریں۔

عرق ہلیلہ۔ دماغ کو قوت دیتا ہے اور سوداوی مواد کو خارج کرتا ہے۔
استعمال۔ ۷ تولہ ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ کشنیز ہر ایک آدھ سیر۔ پوست بلیلہ۔ آملہ ہلیلہ سیاہ۔ گل سرخ۔ مویز منقی ہر ایک پاؤ سیر۔ اسطو خودوس۔ سازج ہندی۔ گل نسرین۔ گاؤ زبان ہر ایک آدھ پاؤ۔ عود غرقی۔ گل گاؤ زبان۔ ابریم مقرض۔ برادہ صندل ہر ایک ۵ تولہ۔ سفائج (جوکوب کردہ) ۶ تولہ۔ بالچھڑ ۲ تولہ۔ بدستور معروف ۱۲ سیر عرق کھینچیں۔

باب الغین المعجمہ

غازہ ۔ جسے ہندی میں ا بٹنہ اور فارسی میں روشویہ کہتے ہیں ایک مرکب ہے جو چہرہ کے رنگ کو صاف رکھے اور جلا دینے میں مستعمل ہوتا ہے۔

غازہ مجلی۔ چہرہ کو جلا دیتا ہے۔ جلد کو نرم کرتا ہے۔ کثیرا لمنفعت و کثیرالاستعمال ہے۔
استعمال۔ ادویات کو باریک پیس کر قرص بنالیں۔ بوقت ضرورت چہرہ پر ملیں۔
نسخہ۔ ترمس۔ تخم ترب۔ تخم شلجم۔ زرنبو۔ چاکسو۔ قسط شیریں۔ حب البان۔ تخم کرلی ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید بد نا سفتہ ۲ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری۔ زراوند مدحرج۔ بیخ سوسن نیلگون۔ نیلرج۔ فوہ۔ مصطگی۔ زعفران۔ آرد باقلا مقشر۔ آرد جو۔ آرد نخود بریاں۔ آرد برنج۔ کندش تخم جرجیر۔ کف دریا۔ تخم خربزہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز بادام ہر ایک ۴ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر قرص بنالیں۔

غازہ مصفی۔ چہرہ کی جلد کو سفید و نرم کرتا ہے۔
استعمال۔ رات کو پانی میں دوائیں ملا کر چہرہ پر ملیں۔ صبح اٹھ کر دھو ڈالیں۔
نسخہ۔ جو مقشر ۴ حصے۔ تخم خربزہ۔ آرد باقلا مقشر۔ آرد نخود مقشر۔ سبوس گندم ہر ایک ۲ حصے۔ ترمس ایک حصہ۔ سب کو باریک پیس کر بدستور معروف کام میں لائیں۔

غازہ مصفی دیگر۔ رخساروں کو سرخ و صاف کرتا ہے آبلوں کے نشانات کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ دواؤں کو پیس کر السی کے لعاب میں ملا کر رات کو چہرہ پر لگائیں۔ اور صبح کو اس پانی سے جس میں گل بابونہ۔ بنفشہ جوش دیا ہو چہرہ کو دھو ڈالیں۔
نسخہ۔ آرد جو۔ استخوان بوسیدہ۔ بیخ نے۔ آرد برنج۔ مغز تخم خربزہ۔ حب البان۔ قسط شیریں۔ باریک پیس کر السی کے لعاب میں ملا کر استعمال کریں۔

باب الفاء المعجمہ

فتیلہ

(پلیتہ یا بتی) روئی یا کپڑے کی بتی کو دوا میں لت کر کے سوراخ بدن مثلاً کان۔ ناک فرج مقعد وغیرہ یا سوراخ رحم میں رکھنے کو اصطلاح طب میں فتیلہ کہتے ہیں۔

فتیلہ حابس رعاف۔ نکسیر کو روکنے میں نہایت سریع الاثر و مستعمل ہے
استعمال۔ دوائیں باریک پیس کر رکھ لیں۔ اور کپڑے کی بتی بنا کر انگوری سرکہ میں بھگو
لیں۔ اور دوا چھڑک کر ناک میں رکھ دیں۔ نسخہ۔ دقاق کندر۔ دم الاخوین۔ انزروت
سفید۔ صبر سقوطری۔ مرکی۔ سب ادویہ ہموزن لے کر باریک پیس لیں۔ اور بطریق بالا
استعمال کریں۔

فتیلہ خشم۔ مرض خشم (یعنی سونگھنے کی قوت کا جاتا رہنا) میں مستعمل و مفید
ہے۔ استعمال۔ اول ناک کو سرکہ و گلاب سے چند مرتبہ دھو لیں۔ پھر حسب دستور ناک
میں فتیلہ رکھیں۔ نسخہ۔ سعد کوفی۔ سنبل الطیب۔ صبر زرد۔ گل سرخ۔ قرنفل سب
دوائیں ہموزن لے کر باریک پیسیں۔ اور پودینہ سبز کو پانی میں ملا کر حسب دستور فتیلہ تیار
کرکے ناک میں رکھیں

فتیلہ درد گوش۔ کان کے درد میں بہت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب دستور بنا
کر کان میں رکھیں۔ نسخہ۔ برگ نیب ۱ عدد۔ افیون ۱ رتی۔ انزروت ۲ رتی۔ شہد خالص ۲
ماشہ۔ کموہ خشک ۱ ماشہ۔ باریک پیس کر حسب معمول فتیلہ کان میں رکھیں۔

فتیلہ درد گوش دیگر۔ کان میں پھوڑا ہونے کی وجہ سے جب درد ہو تو بہت
فائدہ کرتا ہے۔ نہایت مستعمل و مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ تخم مرد۔
انزروت۔ ہموزن باریک پیس کر شہد میں ملا کر فتیلہ کان میں رکھیں۔

فتیلہ زحیر صادق۔ بلغمی پیچش جو سدہ کی وجہ نہ ہو اس میں بہت مفید و مستعمل
ہے۔ استعمال۔ حسب دستور مقعد میں فتیلہ رکھیں۔ نسخہ۔ غار یقن۔ تخم حنظل۔ تربد
سفید۔ سناء مکی۔ قسط شیریں۔ سب مساوی کوٹ چھان کر آب سداب و شہد ملا کر فتیلہ
بنائیں۔ اور روغن قسط سے چرب کرکے مقعد میں رکھیں۔

فتیلہ سوزاک۔ سوزاک کے زخم کو بھرتا ہے۔ اور میل سے صاف کرتا ہے۔
نواسیر میں بھی بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ استعمال۔ پتلا فتیلا بنا کر سوراخ احلیل میں
رکھیں۔ نسخہ۔ صبر زرد ۳ ماشہ۔ توتیائے مغسول۔ مردار سنگ سفید آب قلعی مغسول۔ گلنار
فارسی۔ گل ارمنی ہر ایک ۶ ماشہ۔ کدوئے سوختہ۔ کندر ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ڈیڑھ
ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر ریشمی کپڑے میں چھان کر کتیرا سفید کے پانی میں ملا کر فتیلہ

تیار کریں۔

فتیلہ غرب۔ آنکھ کے ناسور کو بہت جلد بھرتا ہے۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ ناسور کے اندر فتیلہ تیار کر کے رکھیں۔ اگر ناسور کا منہ بند ہو۔ اور ورم ہو گیا ہو۔ تو پہلے تخم مرو کو دودھ میں پکا کر اس میں ذرا سا زعفران اضافہ کر کے جائے ورم پر لگائیں۔ تاکہ اس کا منہ کھل جائے پھر فتیلہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شہد خالص۔ کف دریا۔ مازو سبز۔ اول شہد کو آگ پر جوش دیں۔ جب غلیظ ہو جائے تو دونوں دوائیں مساوی الوزن پیس کر بقدر ضرورت شہد خالص میں فتیلہ بنا کر رکھیں۔

فتیلہ فساد شم۔ گندہ بنی کو دور کر کے بہت جلد اصلی حالت پر لے آتا ہے۔
استعمال۔ اول فتیلہ کو شراب میں بھگو لیں۔ پھر ادویہ مسحوقہ سے لت کر کے ناک میں رکھیں۔ نسخہ۔ مر۔ پوست انار ترش۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ قصب الذریرہ۔ بزرا لبنج۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ زاج۔ قرنفل ہر ایک ۳ ماشہ۔ باریک پیس کر فتیلہ حسب معمول تیار کر کے ناک میں رکھیں۔

فرزجہ

اصطلاح طب میں دوا سے لت کئے ہوئے مخصوص شافہ یا بتی کو فرزجہ کہتے ہیں جو عورت اپنی اندام نہانی میں رکھے۔

فرزجہ احتباس طمث۔ حیض کے جاری کرنے میں بے نظیر ہے۔ استعمال۔ حسب معمول فرزجہ تیار کر کے اندام نہانی میں رکھیں۔ نسخہ۔ مرصاف۔ پودینہ خشک ہر ایک ا تولہ۔ سداب خشک ۲ تولہ۔ مویز منقی ۵ تولہ ابہل ۲ تولہ سب کو باریک پیس کر گائے کے پتہ میں ملا کر فرزجہ تیار کریں۔

فرزجہ خارش رحم ۔ رحم کی خارش میں بہت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ برگ نعناع۔ پوست آنار۔ عدس مقشر۔ ہموزن باریک پیس کر سرکہ میں ملا کر استعمال کریں۔
فرزجہ سیلان الرحم۔ سیلان الرحم میں مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ جفت بلوط۔ خرنوب شامی۔ مازوئے سبز۔ اظفار الطیب۔ اقاقیا۔ صندل سفید برگ مورد۔

مساوی الوزن باریک پیس کر چھان لیں۔ اور گلاب خالص و روغن عود ہندی میں ملا کر استعمال کریں۔

فرزجہ مانع حمل۔ حمل قرار پانے سے روکتا ہے۔

استعمال۔ بدستور معلوم۔

نسخہ۔ مرکی۔ جاؤ شیر۔ خربق سیاہ۔ مساوی الوزن باریک پیس کر گائے کے پتہ میں ملا کر استعمال کریں۔

فرزجہ مدر حیض۔ حیض کے جاری کرنے میں مجرب و مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ سداب۔ مرصاف۔ ابہل۔ رازیانہ۔ تخم مرد۔ مساوی الوزن سب کو باریک پیس کر گائے کے پتہ میں ملا کر استعمال کریں۔

فرزجہ مسکن۔ درد رحم (جو قرحہ کی وجہ سے ہو) کو بہت جلد فائدہ کرتا ہے۔ نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ مردار سنگ ۳ ماشہ۔ آب کاسنی سبز میں پیس کر روغن گل میں موم سفید و چربی مرغ پگھلا کر اضافہ کریں۔ اور بدستور فرزجہ بنا کر کام میں لائیں۔

فرزجہ معین حمل۔ حمل کے قائم کرنے میں عجیب الاثر ہے۔ استعمال۔ حیض کے بعد متواتر تین شب فرزجہ استعمال کر کے مباشرت کی جائے۔ نسخہ۔ پنیر مایہ خرگوش۔ سرگین خرگوش ہموزن دونوں کو مِلا کر بدستور فرزجہ تیار کریں۔

فرزجہ مضیق فرج۔ فرج کو تنگ کرتا ہے۔ استعمال۔ حسب دستور۔ نسخہ۔ سک ۹ ماشہ۔ قرنفل ۳ ماشہ۔ مشک ۲ جو بھر۔ شراب کہنہ ۲ تولہ ۔ شراب کو گرم کر کے ادویہ باریک پیس کر اس میں ملا لیں۔ بدستور استعمال کریں۔

فرزجہ منشف۔ جماع کے وقت رطوبت کے اخراج کو روکتا ہے۔ رحم کی رطوبت کو خشک کرتا ہے۔ استعمال۔ اول گلنار جفت بلوط کو پانی میں جوش کر کے کپڑے کو بھگو لیں۔ بعدہ ادویہ مسوقہ سے لت کر کے استعمال کریں۔ نسخہ۔ جوزا السرو۔ سرمہ سادہ۔ خبث الحدید ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔ مازو تخم حماض۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ باریک پیس کر بطریق مذکور کام میں لائیں۔

فرزجہ ورم رحم۔ رحم کے گرم ورم میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔
استعمال۔ بطریق متعارف۔
نسخہ۔ آردجو۔ عنب الثعلب۔ گل ارمنی۔ رسوت۔ صندلین۔ جدوار ہم وزن آب عنب الثعلب سبز۔ آب کشنیز سبز میں خوب پیس کر بدستور مذکور کام میں لائیں۔

فرزجہ ورم رحم صلب۔ رحم کی صلابت کو بہت جلد تحلیل کرتا ہے۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بطریق مشہور۔
نسخہ۔ موم سفید۔ چربی بط۔ چربی مرغ۔ مقل ارزق ہر ایک ۹ ماشہ۔ گل خطمی۔ تخم کتان ہر ایک ۵ تولہ۔ باریک پیس کر شہد خالص و مغز املتاس میں ملا کر کام میں لائیں۔

باب القاف المعجمہ

اقراص

(ٹکیہ۔ لازنج) قرص بھی گولی کی ہی قسم سے ہے۔ اور اس کے بنانے کی ترکیب بھی بعینہ وہی ہے۔ جو گولی کی مگر اس کی شکل چپٹی یا بیضاوی بنائی جاتی ہے۔

قرص ابدی۔ یرقان میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ سکنجبین سادہ ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ کوکب الارض (گل قیمولیا) محلول میعہ سائلہ۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ تخم کرفس پوست بیخ کرفس۔ پوست بیخ کبر ہر ایک ۵ ماشہ۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ تخم کشوث۔ تخم کاسنی ہر ایک ۷ ماشہ۔ مغز بادام تلخ۔ مغز پستہ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کھرل کر کے آب کرفس میں ملا کر ٹکیاں بنائیں۔

قرص استسقاء۔ ہر قسم کے استسقا میں مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ایک ٹکیہ روزانہ ہمراہ آب کاسنی سبز ۴ تولہ مکوہ سبز ۴ تولہ سکنجبین۔ سادہ ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ باچھڑ ۲ ماشہ۔ تخم خیار۔ تخم خرفہ۔ تخم کشوث۔ تخم کرفس۔ مصطگی۔ لک مغسول

ریوند۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۱۷ ماشہ۔ عصارہ زرشک ۵ تولہ۔ بدستور معروف ۵ ماشہ کی ٹکیہ بنائیں۔

قرص افستنین۔ معدہ کے درد میں مفید ہے۔

استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق ہاضم ۵ تولہ و شربت بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ افستنین رومی ۲ تولہ۔ انیسون۔ تخم کرفس ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ تج ۴ تولہ۔ مرکی۔ فلفل افیون۔ جندبیدستر ہر ایک ۷ ماشہ۔ سب کو پانی میں حل کر کے ٹکیاں بنائیں۔

قرص اقاقیا۔ تبخیش میں مفید ہے۔

استعمال۔ روزانہ ۵ ماشہ قرص ماء العسل ۲ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ کاغذ سوختہ۔ اقاقیا ہر ایک ۹ ماشہ۔ ہڑتال سرخ۔ ہڑتال زرد ہر ایک ۱۲ ماشہ ایک آب نادیدہ ۲ تولہ۔ تمام دواؤں کو کھرل کر کے آب بارتنگ سبز میں قرص تیار کریں۔

قرص انبرباریس۔ جگر اور تلی کے سدوں کو کھولتا ہے۔ اور پرانے بخاروں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بقدر ۴ ماشہ ہمراہ سکنجبین سادہ ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زرشک منقی۔ رب السوس۔ گل سرخ۔ مغز خیار۔ مغز تخم ہندوانہ۔ تخم کشوث۔ تخم کاسنی ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ مصطگی۔ بالچھڑ۔ عصارہ غافث ہر ایک ۹ ماشہ۔ مجیٹھ۔ ریوند چینی۔ زعفران ہر ایک ۴ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر آب ترنجبین (وہ پانی جس میں ترنجبین حل کی ہوئی ہو) کے ساتھ قرص بنائیں۔

قرص انبرباریس کافوری۔ خلطی بخاروں میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان و عرق کاسنی ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زرشک منقی۔ آملہ منقی۔ طباشیر سفید۔ گل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ تخم کاسنی مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز خرفہ مقشر۔ صندل سفید ہر ایک ۵ ماشہ۔ کافور قیصوری ۵ ماشہ۔ تمام دواؤں کو عرق گلاب میں کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں۔

قرص انجبار۔ خونی قے اور دستوں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ بیخ انجبار ۱۲ ماشہ۔ گل سرخ۔ گوند کیکر۔ تخم خرفہ۔ کہربا ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ گلنار۔

نشاستہ گل ارمنی۔ بسد احمر۔ طباشیر سفید۔ رب السوس ہر ایک ۷ ماشہ۔ اقاقیا ۵ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر کیلے کے پانی میں ٹکیاں بنائیں۔

قرص اندروخوں۔ صفراوی پھنسیوں (نملہ) میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ نبات سفید ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ مازو سبز۔ کندر ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ شب یمانی۔ مرمکی ہر ایک ۱۴ ماشہ قلقدیس (زاج کی قسم سے ہے) ۳ ماشہ۔ زراوند مدحرج ۴۲ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں اقراص تیار کریں۔

قرص ایرسا۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ سکنجبین بزوری ۳ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ ایرسا ۱۴ ماشہ۔ فلفل سفید۔ بالچھڑ۔ اشق ہر ایک ۷ ماشہ۔ اشق کو سرکہ میں حل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر سب کو ملا لیں اور اقراص تیار کریں۔

قرص انیسون۔ معدہ کے درد کو (وہ درد جو کھانا کھانے کے بعد لاحق ہو۔ اور جب تک غذا بذریعہ قے خارج نہ ہو نہ ٹھہرے) تسکین دیتا ہے۔

استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ شربت انیسون ۲ تولہ و عرق انیسون ۵ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ انیسون۔ تخم کرفس ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ افستین رومی ۲ تولہ۔ تج ۴ تولہ۔ مرکی۔ فلفل افیون۔ جندبیدستر ہر ایک ۹ ماشہ۔ بدستور معروف ٹکیاں بنائیں۔

قرص ایلاؤس۔ مرض ایلاؤس اور قولنج میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ شربت خیار شنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کرفس۔ انیسون۔ دار چینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ فلفل۔ مرجندبیدستر۔ افیون ہر ایک ۷ ماشہ حسب معمول ٹکیاں بنا لیں۔

قرص بارد۔ کھانسی بخار میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ سکنجبین یا شربت بنفشہ ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۳ ماشہ۔ گل نیلوفر ۴ ماشہ۔ طباشیر۔ تخم خرفہ۔ تخم خشخاش۔ تخم کاہو۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر پانی میں ملا کر اقراص بنائیں۔

قرص بزور۔ مثانہ کی خارش اور سوزاک وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷

ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ یا شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز تخم خربزہ ۲ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۱۷ ماشہ۔ مغز تخم کدو۔ تخم خطمی۔ مغز بادام شیریں کتیرا۔ نشاستہ۔ رب السوس۔ خشخاش سفید۔ گل ارمنی۔ تخم کرفس۔ ہر ایک ۷ ماشہ بزرالبنج ۳ ماشہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ ٹکیاں بنائیں۔

قرص بنفشہ۔ کھانسی اور بخار میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بنفشہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیار۔ کتیرا ہر ایک ۱۷ ماشہ رب السوس گلِ ارمنی۔ نشاستہ ہر ایک ۱۰ ماشہ مصطگی ۵ ماشہ یا بھڑ ۳ ماشہ۔ بدستور معروف اقراص تیار کریں۔

قرص بنفشہ مسہل۔ قولنج اور مرکب بخاروں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ جلاب شکری یا جوشاندہ منقیٰ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ تربد سفید مدبر ۱۷ ماشہ۔ رب السوس ۱۱ ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۱۰ ماشہ مصطگی ۵ ماشہ۔ کتیرا سفید ۳ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ اقراص بنائیں۔

قرص پستہ۔ بلغمی و سوداوی قے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق الائچی ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بیرون پستہ۔ گل سرخ ہر ایک ۴ ماشہ۔ عود خام۔ مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ مشک ۱۸ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر آب سیب میں گوندھ کر قرص بنائیں۔

قرص حب آلاس۔ دستوں کو بند کرتا ہے۔ استعمال۔ ۱۰ ماشہ ہمراہ رب بہی شیریں یا شربت سیب ۲ تولہ ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ ساق۔ حب آلاس۔ کزمازج۔ گل ارمنی۔ نشاستہ بریان۔ بلوط ہر ایک ۳۵ ماشہ کوگل ۳ ماشہ۔ پوست انار۔ پوست مازو۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ حسب معمول قرص تیار کریں۔

قرص حماض۔ ورم جگر اور دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ ایک قرص شربت انار ۴ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم حماض۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ زرشک ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ لک مغسول زراوند ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر آب ترنجبین میں ملا کر اقراص تیار کریں۔

قرص خردل۔ تلی کے ورم اور درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ سکنجبین سادہ ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ حب الرشاد ۵ سیر (ایک روز سرکہ تر کردہ) برگ سداب خشک ا سیر۔ حب الرشاد کو ایک روز سرکہ میں تر رکھیں۔ پھر برگ سداب کو اس کے

ساتھ ملا کر چھوڑ دیں۔ ایک دن کے بعد دونوں کو کوٹ کر ٹکیاں بنا لیں۔

قرص خشخاش۔ اسہال دماغی میں مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شربت خشخاش ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی۔ گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ۔ خشخاش سفید۔ خشخاش سیاہ ہر ایک ۱۰ ماشہ نشاستہ۔ رب السوس۔ کتیرا ہر ایک ۷ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ بطریق معمول قرص تیار کریں۔

قرص دق۔ صفراوی اور دموی دستوں میں نیز دق اور خلطی بخاروں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ وزن کی ٹکیاں روزانہ علی الصباح ہمراہ شربت انجبار و شربت تمر ہندی ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم بارتنگ۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ گل ارمنی۔ طباشیر ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ خشخاش سفید ۱۷ ماشہ۔ گل سرخ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ تخم خرفہ ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ مغز بہدانہ۔ مغز تخم تربوز ہر ایک ۲۴ ماشہ۔ رب السوس ۳۵ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں ٹکیاں تیار کریں۔

قرص ذیابیطس۔ ذیابیطس میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ۔ ہمراہ شربت انار ۴ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ طباشیر سفید۔ رب السوس ہر ایک ۳ تولہ۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ ہر ایک ۴ تولہ گل ارمنی گل سرخ۔ کشنیز خشک ہر ایک ۱ تولہ۔ اقاقیا۔ صمغ عربی۔ صندل سفید۔ صندل سرخ گلنار ہر ایک ۷ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ بدستور معروف قرص تیار کریں۔

قرص راسن۔ قے اور دستوں کو بند کرتا ہے۔ اور ہیضہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق الائچی و عرق پودینہ ۵ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ لونگ ۲۴ تولہ۔ سک۔ قرفہ۔ راسن ہر ایک ۷ ماشہ۔ مصطگی۔ انیسون۔ بیخ تفاح ہر ایک ۴ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر اقراص بنائیں۔

قرص ریوند۔ استسقاء میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ و عرق مکو ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زعفران ۷ رتی۔ ریوند چینی ۲ ماشہ۔ زرشک۔ بہدانہ۔ لک مغسول۔ مجیٹھ۔ طباشیر صندل سفید۔ تخم حماض ہر ایک ۵ ماشہ۔ گل سرخ۔ کہربا (ملایہ کردہ) ہر ایک ۵ ماشہ صمغ عربی ہر ایک ۹ ماشہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ قرص تیار کریں۔

قرص زحیر۔ پیچش اور خونی دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بارتنگ ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل مختوم۔ گل ارمنی۔ طباشیر۔ طراثیث۔ بلوط۔ آرد کنار۔ حب الاس ہر ایک ۷ ماشہ تخم حماص۔ صمغ عربی۔ گلنار ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ نشاستہ۔ گل سرخ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ تخم کرفس۔ سماق مصطگی ہر ایک ۳ ماشہ۔ زیرہ کرمانی (یکشبانہ روز در سرکہ تر کردہ) ۵ ماشہ بدستور معروف لعاب اسپغول میں قرص بنائیں۔

قرص زرشک۔ جگر کے تمام امراض میں مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ ۴ ماشہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک ۴ تولہ۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ۔ تخم خیارین۔ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ گل سرخ ۱۸ ماشہ بابچھڑ ۴ ماشہ تمام کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں قرص بنائیں۔

قرص زرشک کافوری۔ جگر اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ نیز ہر قسم کے خلطی بخاروں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زرشک منقیٰ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم ہندوانہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ طباشیر سفید۔ ورق گل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ۷ ماشہ۔ ریوند چینی ۲ ماشہ لک مغسول ۹ ماشہ۔ تخم کرفس۔ کافور قیصوری ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران ۴ رتی۔ بدستور آب کشوث میں گوندھ کر قرص بنائیں۔

قرص زرشک لولوی۔ جگر کی تقویت اور تسکین حرارت نیز عفنی بخاروں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ سکنجبین ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عصارہ زرشک ۳ ماشہ۔ تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک ۷ ماشہ۔ گل سرخ ۱ ماشہ تخم کاسنی۔ تخم کاہو۔ تخم حماض۔ ریوند خطائی۔ طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ لک مغسول ۴ ماشہ۔ کافور ۴ سرخ۔ زعفران ۴ رتی۔ بدستور لعاب اسپغول کے ساتھ ٹکیاں بنائیں۔

قرص زرنیخ۔ آنتوں کی خراش اور آنول و خون خارج ہونے میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بارتنگ ۶ تولہ استعمال کریں۔

افیون۔ کاغذ سوختہ۔ اقاقیا۔ ہر ایک ۹ ماشہ۔ ہڑتال سرخ۔ ہڑتال زرد ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ کہ آب بادیان ۱۴ ماشہ۔ بدستور معلوم آب بارتنگ سبز میں ٹکیاں بنائیں۔

قرص سرطان۔ سل اور دق میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سرطان محرق ۳۲ ماشہ۔ طباشیر کہربا۔ پوست خشخاش (بریاں کردہ) کافور سنگجراحت۔ گل ارمنی ہر ایک ۳ ماشہ۔ نشاستہ گندم۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۱ تولہ۔ گل سرخ رب السوس۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ تخم خرفہ بریاں ہر ایک ۹ ماشہ۔ الجذن ۱ ماشہ۔ بدستور لعاب بہدانہ کے ساتھ قرص بنائیں۔

قرص سرطان کافوری۔ کھانسی۔ سل اور پرانے بخاروں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی۔ شکر طبرزد۔ کتیرا سفید۔ گل سرخ۔ طباشیر ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ اصل السوس ۵ ماشہ۔ خرفہ۔ نشاستہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ صندل زرد ہر ایک ۲ ماشہ تخم کاہو ۳ ماشہ۔ کافور قیصوری ۷ ماشہ۔ رب السوس ۵ ماشہ۔ مغز کدوے شیریں۔ مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ۔ تخم خشخاش ہر ایک ۹ ماشہ۔ سرطان سوختہ۔ بدستور معروف لعاب اسپغول تمین اقراص تیار کریں۔

قرص سک۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔ اور درد معدہ کو تسکین بخشتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال میں لائیں۔ نسخہ۔ مصطگی۔ قرنفل۔ عود۔ دار چینی۔ بالچھڑ۔ سک۔ جوزبوا۔ کبابہ۔ الائچی خورد۔ پوست ترنج الائچی کلاں ہر ایک ۵ ماشہ۔ مشک ۴ رتی۔ بدستور معروف شراب ریحانی کے ساتھ قرص تیار کریں۔

قرص سماق۔ ہیضہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق الائچی و عرق پودینہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ قرنفل ۲۲ تولہ۔ سک۔ قرفہ۔ راسن ہر ایک ۷ ماشہ۔ مصطگی۔ انیسون۔ بیخ نفاح ہر ایک ۳ ماشہ۔ بدستور معروف قرص تیار کریں۔

قرص سنبل۔ معدہ اور جگر کے ورم میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان و عرق کاسنی ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نفاح اذخر (غنچہ اذخر) تج۔ گل سرخ۔ ریوند چینی۔ چرائتہ۔ بالچھڑ ہر ایک ۱۰ ماشہ زعفران۔ مرکی۔ انیسون۔ قسط۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ گوگل ۱۰ ماشہ۔ مصطگی میعہ سائلہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ اشق ۳ ماشہ۔ بدستور

معروف قرص بنائیں۔

قرص شادنج۔ خونی دستوں کو بند کرنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ ماشہ ہمراہ شیرہ تخم خرفہ مقشر استعمال کریں۔ نسخہ۔ شادنج عدسی مغسول۔ تخم خرفہ مقشر۔ کشنیز خشک۔ تخم خشخاش سفید۔ گل سرخ طباشیر۔ گل ارمنی مغسول۔ گل رومی ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ بدستور معلوم لعاب اسپغول کے ساتھ قرص تیار کریں۔

قرص شب۔ سوزاک کے زخموں میں اندمال کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول استعمال کریں۔ نسخہ۔ شاخ گوزن سوختہ۔ شب یمانی۔ کتیرا۔ گل ارمنی۔ گلنار۔ تخم خرفہ ہر ایک مساوی الوزن۔ بدستور معروف آب خرفہ میں ملا کر استعمال کریں۔

قرص صموغ۔ تسہیل ولادت کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ ایک قرص ہمراہ آب سداب سبز مروق ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مرجاؤ شیر۔ سکبینج ہر ایک ۳ ماشہ۔ ہینگ ۲ ماشہ۔ بدستور کوٹ چھان کر ایک قرص بنائیں۔

قرص صندل۔ پیاس جگر کی حرارت اور تیز بخاروں میں تسکین کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ شربت سیب ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز تخم خیار۔ بزنگ ۔ کافور۔ کتیرا سفید ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ تخم خرفہ۔ صندل زرد۔ رب السوس ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ قند سفید ہر ایک ۱۴ ماشہ حسب معمول لعاب اسپغول (در عرق گلاب بر آوردہ) میں اقراص تیار کریں۔

قرص صندل مطلی۔ سر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت آب کشنیز سبز میں حل کر کے پیشاب پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ رسوت مکی۔ گل نیلوفر۔ شیاف مامیثا۔ تخم کاہو۔ صندل سفید انزروت۔ اقاقیا ہر ایک مساوی الوزن۔ بدستور کوٹ چھان کر آب کشنیز میں ملا کر قرص تیار کریں۔

قرص طباشیر۔ ذیابطیس میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ کے انداز سے قرص کھا کر اوپر سے ۱۲ تولہ عرق گاؤ زبان پئیں۔ نسخہ۔ تخم خرفہ۔ گل سرخ ۔ گل ارمنی۔ گلنار۔ طباشیر تخم کاہو ہر ایک ۱ تولہ۔ بدستور قرص بنائیں۔

قرص طباشیر قابض۔ مزمن بخاروں اور دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲

ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ و شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ طباشیر۔ گل سرخ۔ تخم کاسنی۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ ساق ہر ایک ۶ ماشہ گلنار صندل سفید۔ تخم حماض ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ تمام کو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں ملا کر قرص بنائیں۔

قرص قاطع الدم۔ خونی بواسیر اور خونی دستوں کو مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ شربت حب آلاس ۲ تولہ یا رب بہی شیریں ا تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم بارتنگ۔ طباشیر۔ گل قبرسی۔ گل مختوم ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ کندر سپید۔ کہربا و صدف سوختہ۔ بسد حجر الدم (شادنج) مروارید ناسفتہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ رسوت ۵ ماشہ۔ عصارہ ریشہ برگد ۱۱ ماشہ۔ بدستور معروف شربت حب آلاس میں ملا کر اقراص تیار کریں۔

قرص طباشیر کافوری لولوی۔ سل دق اور خونی کھنگار نیز دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق نیلوفر و شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ طباشیر سفید۔ سرطان محرق۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ مقشر کیرا ہر ایک ا تولہ۔ کہرباء شمعی۔ رب السوس۔ غنچہ گل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۲ تولہ صمغ عربی۔ بسد محرق ہر ایک ۵ ماشہ۔ کافور قیصوری ۳ ماشہ۔ زعفران ابریشم مقرض ہر ایک ۷ رتی۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر بارتنگ سبز کے پانی میں اقراص بنائیں۔

قرص طباشیر ملین۔ سل اور دق نیز حتی محرقہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ طباشیر سفید ا تولہ۔ ترنجبین خراسانی ۱۱ ماشہ۔ مغز تخم کدوے شیریں۔ مغز تخم خیارین نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ تخم خشخاش ہر ایک ۴ ماشہ۔ بدستور سابق کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں قرص تیار کریں۔

قرص طحال۔ تلی کے ورم اور سختی میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ سکنجبین ۴ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پرسیاوشاں۔ پوست بیخ کنیر۔ تخم خرفہ مقشر۔ سداب تخم فنجنگشت زوفا ہر ایک مساوی الوزن بدستور معروف اقراص تیار کریں۔

قرص طین۔ مثانہ کے زخم اور خونی پیشاب میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ ماء الشعیر استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل مختوم۔ طباشیر۔ کتیرا۔ صمغ عربی۔ صمغ فارسی۔

تخم خرفہ۔ مغز تخم خیارین ہر ایک مساوی الوزن ۔ بدستور سابق دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں قرص بنائیں۔

قرص عنبر۔ تشنج اور معدہ کی کمزوری میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ عنبر اشہب۔ مشک خالص۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ اسارون قرنفل۔ زعفران ہر ایک ۴ ماشہ۔ دار چینی۔ دار فلفل۔ سونٹھ۔ جوزبوا ہر ایک ۶ ماشہ۔ بدستور معروف لعاب اسپغول میں ٹکیاں بنائیں۔

قرص عود۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور معدہ کو قوت بخشتا ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ رب بہی یا شربت سیب ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گل سرخ۔ سنبل۔ .بسباسہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ عود خام۔ قرفہ۔ پوست ترنج ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ زعفران۔ جوزبوا۔ سونٹھ دار فلفل ہر ایک ۳ ماشہ۔ قند سفید ہم وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر قرص تیار کریں۔

قرص غافث۔ سدے کھولتا ہے۔ تلی اور جگر کے ورم اور درد کو تسکین دیتا ہے بخار کہنہ اور گردہ و مثانہ کے زخموں میں مفید ہے۔

استعمال۔ بقدر ۴ ماشہ ہمراہ جوارش زرعونی ۷ ماشہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ عصارہ غافث ۶ تولہ۔ بانجھڑ ۳ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ بدستور معروف سب کو کوٹ چھان کر پانی میں ملا کر قرص بنائیں۔

قرص فنجنگشت۔ جگر کے ورم اور سختی نیز تلی کے ورم میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ شربت کاسنی ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ لک مغسول۔ ریوند چینی۔ طباشیر ہر ایک ۳ ماشہ۔ تخم کشوث۔ تخم فنجنگشت۔ پوست بیخ کبر۔ زراوند طویل۔ کزمازج۔ غافث۔ مجیٹھ ہر ایک ۷ ماشہ۔ گل سرخ تخم کاسنی۔ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ بدستور معروف قرص بنائیں۔

قرص فوہ۔ تلی کے ورم اور درد میں نافع ہے۔

استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ جوشاندہ انیسون استعمال کریں۔

نسخہ۔ مجیٹھ ۴۴ ماشہ۔ ایرسا۔ پوست بیخ کبر۔ زراوند طویل ہر ایک ۷ ماشہ۔ تمام کو کوٹ

سکنجبین ملا کر قرص تیار کریں۔

قرص قابض۔ مرض سیلان الرحم میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ آب بارتنگ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شادنج مغسول۔ دم الاخوین۔ کہربا۔ بسد۔ شب یمانی۔ گلنار۔ تخم خرفہ۔ گل ارمنی۔ گل شیرازی۔ ہر ایک مساوی الوزن۔ تمام کو کوٹ چھان کر آب ساق میں گوندھ کر قرص بنائیں۔

قرص کافور۔ گردہ اور مثانہ کے تمام امراض خصوصاً ذیابطیس میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ جوارش زرعونی ۷ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کاہو ۶ تولہ۔ تخم خرفہ ۴ تولہ۔ طباشیر۔ رب السوس۔ ہر ایک ۳ تولہ گل سرخ کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ۔ اقاقیا۔ صندل سفید۔ گل ارمنی گلنار ہر ایک ۷ ماشہ کافور ۲ ماشہ۔ بدستور سابق عرق گلاب میں ملا کر قرص بنائیں۔

قرص کافور خاص۔ تیز اور شدید بخاروں نیز دق اور یرقان میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک۔ طباشیر۔ گل سرخ ہر ایک ۷ ماشہ۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ تخم کاسنی۔ کیرا ہر ایک ۲ ماشہ۔ مغز خرپزہ۔ مغز کدو شیریں ہر ایک ۵ ماشہ۔ صندل سفید۔ رب السوس ہر ایک ۲ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ حسب معمول دواؤں کو کوٹ چھان کر لعاب اسپغول میں قرص تیار کریں۔

قرص کافور لولوی۔ پھیپھڑہ کے زخم اور دق نیز صفراوی و جگری دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ ایک قرص صبح ایک شام ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ طباشیر ہر ایک ۹ ماشہ۔ صندل سفید۔ گل نیلوفر۔ کشنیز خشک صندل سرخ۔ تخم خرفہ مقشر۔ گل سرخ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربوز ہر ایک ۱ تولہ کیرا۔ نشاستہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ کافور قیصوری ۲ ماشہ۔ بدستور معلوم لعاب اسپغول میں ٹکیاں بنائیں۔

قرص کاکنج۔ پیشاب کی جلن اور سوزش نیز گردہ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصباح بقدر ۷ ماشہ کھا کر اوپر سے جوارش زرعونی ۷ ماشہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم خیارین۔ تخم کاکنج۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ رب السوس۔ نشاستہ۔ صمغ عربی کیرا کندر۔ دم الاخوین۔ تخم کرفس ہر ایک

۳ ماشہ۔ افیون ۳ تولہ۔ بدستور کوٹ چھان کر پانی کے ہمراہ اقراص بنائیں۔

قرص کبر۔ تلی کے ورم اور سختی میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ سکنجبین ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بیخ کبر۔ اشق ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ زراوند طویل ۷ ماشہ۔ فنجنکشت فلفل ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ اشق کو سرکہ میں حل کر کے اور بقیہ دواؤں کو کوٹ چھان کر باہم ملا کر اقراص بنائیں۔

قرص کزمازج۔ تلی کے ورم کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۴ ماشہ ہمراہ سکنجبین ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کزمازج ۱۸ ماشہ۔ فلفل سفید۔ اسارون اشق ہر ایک ۹ ماشہ۔ بدستور سابق اقراص بنائیں۔

قرص کلف۔ جلد کے سیاہ اور سفید داغوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت سرکہ میں حل کر کے داغوں پر لگائیں۔ نسخہ۔ اشق۔ گوگل ہر ایک ۷ ماشہ۔ مازریون ۲ ماشہ۔ رائی سفید ۳۵ ماشہ۔ بدستور قرص بنائیں۔

قرص کندر۔ معدہ کی گرانی اور ہچکی میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ آب زیرہ سیاہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کندر ۱۸ ماشہ۔ راسن۔ پودینہ خشک ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ برگ سداب ۷ ماشہ۔ تخم نمام ۱۰ ماشہ۔ نانخواہ۔ صعتر فارسی ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ بدستور معروف قرص تیار کریں۔

قرص کوکب۔ سر کے درد اور نزلہ نیز معدہ کی کمزوری۔ خونی کھنکار اور مثانہ اور آنتوں کے زخم میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ جندبید ستر۔ بابھڑنگ۔ گل مختوم۔ پوست بیخ تفاح ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ افیون۔ زعفران۔ قسط۔ ابرک سوختہ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ انیسون۔ دوقو۔ انجدان رومی بزرالبنج۔ میعہ سائلہ۔ تخم کرفس ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ صمغیات کو شراب ریحانی میں حل کر کے اور باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا کر ۱۴ ماشہ کے انداز سے ٹکیاں بنائیں۔

قرص کہرباء۔ خونی کھنکار نفث الدم میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کہرباء۔ صمغ عربی۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم کدو شیریں ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ گلنار۔ اقاقیا ہر ایک ۱ ماشہ۔ بدستور متعارف لعاب اسپغول

میں قرص تیار کریں۔

قرص کہرباء خاص۔ مرض نفث الدم اور ہر جگہ کے جریان خون میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۴ ماشہ۔ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ کہرباء بسد۔ موارید۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ا تولہ۔ شاخ گوزن سوختہ۔ پوست بیضہ سوختہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ گشنیز خشک بریان۔ تخم خشخاش سیاہ۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ دوع سوختہ (کدو کا چھلکا جلایا ہوا) بزرالبنج سفید ہر ایک ۷ ماشہ حسب طریق متعارف تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب بارتنگ سبز میں ٹکیاں بنائیں۔

قرص گل۔ تپ کہنہ نیز بلغمی بخاروں میں نافع ہے۔

استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ۔ اصل السوس مقشر ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ طباشیر۔ باچھرٹ۔ افسنتین ہر ایک ۷ ماشہ۔ ترنجبین ۱۱ ماشہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر عرق گلاب میں اقراص تیار کریں۔

قرص گل بہ نسخہ خاص۔ امراض بالا میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ عصارہ غافث۔ طباشیر۔ رب السوس ہر ایک ۴ ماشہ۔ بدستور اقراص بنائیں۔

قرص گلنار۔ خونی کھنکار خونی قے وغیرہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ ایک ٹکیہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ گل سرخ۔ اقاقیا ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ کتیرا ۷ ماشہ۔ بدستور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر آب گلنار میں ٹکیاں بنائیں۔

قرص لبوب۔ گردہ اور مثانہ کے زخموں میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ شیرہ تخم کاسنی ۳ ماشہ وشیرہ مغز تخم خربزہ ۳ ماشہ وشیرہ خارخسک ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز بہیدانہ۔ مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم تربوز۔ تخم خشخاش سفید۔ مغز حب محلب۔ نشاستہ۔ تخم خطمی

سفید۔ تخم خبازی۔ رب السوس۔ گل ارمنی۔ مغز چلغوزہ۔ تخم گزر دشتی۔ رازیانہ۔ تخم کرفس ہر ایک مساوی الوزن۔ بدستور معروف لعاب تخم کتان میں اقراص تیار کریں۔
پرہیز۔ دوران استعمال میں سرخ مرچ اور تیل وغیرہ سے احتراز کریں۔

قرص لک۔ استسقاء میں مفید ہے۔ **استعمال۔** ۷ ماشہ ہمراہ عرق کاسنی ۶ تولہ عرق مکوہ ۶ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** لک مغسول ۴ ماشہ۔ ریوند چینی۔ تخم کاسنی۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خرپزہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ مجیٹھ۔ بادیان۔ تخم کرفس۔ سازج ہندی۔ باؤچھڑ۔ تج ہر ایک ۲ ماشہ۔ نانخواہ مصطگی ہر ایک ا ماشہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر اقراص تیار کریں۔

قرص مازریون۔ استسقائے زقی میں مفید ہے۔ **استعمال** ۔ روزانہ ایک قرص استعمال کریں۔ **نسخہ۔** تخم کاسنی ۳۵ ماشہ۔ مازریون۔ غاریقون۔ عصارہ غافث۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ گل سرخ مغز تخم کدو۔ مغز خیار ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ اقراص بنائیں۔

قرص ماسک البول۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنے میں مفید ہے۔ **استعمال۔** روزانہ صبح شام ایک ایک قرص ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** کزمازج۔ اقاقیا۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ کشنیز بریاں۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ جفت بلوط حب آلاس ہر ایک ا تولہ۔ بدستور معروف پانی کے ساتھ ٹکیاں بنائیں۔

قرص مثلث۔ نیند لاتا ہے اور شقیقہ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت پانی میں پیس کر کنپٹی پر لیپ کریں۔ **نسخہ۔** مرکی ۔ افیون۔ بزرالبنج۔ کافور۔ زعفران۔ پوست بیخ نفاح۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ انزروت کندر۔ آملہ۔ گل ارمنی ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ کوٹ چھان کر گلاب یا آب کاہو میں ملا کر سہ گوشہ قرص بنائیں۔

قرص مخدر۔ مقام درد کو سن کرنے کے لئے از حد مفید ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت آب کاہو میں گھس کر مقام درد پر لیپ کریں۔ **نسخہ۔** فرفیون۔ بزرالبنج۔ افیون۔ زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ مرکی۔ اشق۔ دار چینی کندر۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ بیخ لفاح۔ کافور ہر ایک ۲ ماشہ بدستور معمول آب کشنیز سبز میں اقراص تیار کریں۔

قرص مروارید۔ دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔ خفقان اور یرقان کو زائل کرتا ہے اور تپ دق میں مفید ہے۔ **استعمال۔** بقدر ۵ ماشہ ہمراہ سکنجبین ۴ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ گل سرخ ۷ ماشہ۔ طباشیر۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد ہر ایک ۲ ماشہ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ تخم خرفہ ۱۱ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ کوٹ چھان کر لعاب بہدانہ میں قرص بنائیں۔

قرص مشک۔ جگر و معدہ کو قوت دیتی ہے۔ خفقان و غشی اور درد و معدہ وغیرہ کو جو سردی کی باعث ہوں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ سے ۴ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی۔ قرنفل۔ دار چینی۔ عود۔ سنبل الطیب۔ مشک۔ جوزبوا۔ کبابہ پیپل۔ پوست ترنج۔ الائچی سفید ہر ایک ۴ ماشہ۔ مشک ۱ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر شراب ریحانی میں ملا کر اقراص تیار کریں۔ اور قوی الاثر کرنے کے واسطے گاہے عنبر ۲ ماشہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

قرص مصطگی۔ ہچکی اور قے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق الائچی ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عود مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ۱۴ ماشہ۔ گل سرخ۔ سک ہر ایک ۱۸ ماشہ بدستور معروف کوٹ چھان کر ٹکیہ بنائیں۔

قرص منوم بارد۔ مرض سہر (بیداری) میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت آب کاہو میں گھس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ تخم کاہو۔ خشخاش۔ باقلا۔ تخم خرفہ۔ کاکنج ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون ۱ رتی بدستور معروف قرص تیار کریں۔

قرص نارمشک۔ بھوک لگاتا ہے۔ اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ گلقند ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ باچھڑ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ صمغ عربی۔ نارمشک ہر ایک ۷ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ گلنار۔ طباشیر۔ ہر ایک ۵ ماشہ بدستور معروف قرص تیار کریں۔

قرص ورد۔ بدہضمی اور معدہ کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی ۲ ماشہ۔ باچھڑ ۳۵ ماشہ۔ گل سرخ ۳۵ ماشہ۔ بدستور معروف ٹکیاں بنائیں۔

قرص ہندی۔ سنگرہنی اور دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ ۔ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سونٹھ۔ بیلگری۔ کشنیز

خشک۔ رال سفید مساوی الوزن۔ بدستور معروف قرص بنائیں۔

قیروطی

جس دواء میں موم اور روغن شامل ہو اسے اصطلاحاً" قیروطی کہتے ہیں۔ قیروطی عموماً" اس طرح تیار کرتے ہیں۔ کہ اول موم کو یا کسی روغن کو پگھلا لیتے ہیں اس کے بعد باقی ادویہ اگر کچھ ہوں تو انہیں باریک پیس کر ملا دیا جاتا ہے اور گرم گرم عضو پر مالش کی جاتی ہے۔

قیروطی آرد باقلا۔ پسلی کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کر کے اوپر سے گرم روئی باندھیں۔ نسخہ۔ بنفشہ۔ سبوس گندم۔ آرد جو۔ آرد باقلا۔ بابونہ۔ گل خطمی۔ اکلیل الملک۔ ہر ایک مساوی وزن۔ موم۔ روغن کنجد ہر دو حسب ضرورت پہلے موم کو روغن میں پگھلائیں۔ بعدہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر باہم ملا کر محفوظ رکھیں۔

قیروطی آرد کرسنہ۔ پسلی۔ سینہ اور دیگر جگر کے دردوں کو تسکین دیتی ہے ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام درد پر نیم گرم مالش کر کے اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔ نسخہ۔ آرد کرسنہ۔ آرد حلبہ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ کلونجی۔ اصل السوس۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ عقر قرحا ۵ ماشہ۔ موم۔ روغن سوسن ہر دو بقدر ضرورت۔ زعفران ۔ ایلوا ۳ ماشہ۔ بدستور قیروطی تیار کریں۔

قیروطی کرنب۔ ہونٹ۔ رخسارہ اور ہاتھ پاؤں کے پھٹنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ پھٹے ہوئے مقامات پر ملیں۔ نسخہ۔ آب چقندر۔ آب شلغم۔ آب برگ کرنب۔ لعاب گل خطمی ۔آب بنفشہ۔ موم سفید ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ روغن گل ۱۲ تولہ بدستور معلوم قیروطی تیار کریں۔

قطور

قطور اس دواء سیال کو کہتے ہیں۔ جو قطرہ قطرہ کسی سوراخ بدن مثلاً" کان ناک رحم یا ناسور وغیرہ میں ٹپکائی جائے۔ کان میں جب کوئی دوا ٹپکائی ہو تو (ہرچہ در گوش چکانند نیم گرم باید) کا لحاظ رکھنا ضروری ہے۔ گاڑھی یا لیسدار دوا بھی کان میں ٹپکانی نہیں چاہیے۔ بلکہ کوئی کپڑا اس دوا سے لت کر کے رکھ دینا چاہیے۔

قطور بارد۔ سردی سے کان کے درد کو دور کرتا ہے۔ بہت مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ نیم گرم کرکے قطرہ قطرہ کان میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ آب پیاز ۶ ماشہ۔ روغن بابونہ ا تولہ باہم ملا کر استعمال کریں۔

قطور حابس۔ کان سے خون آنے کو روکتا ہے۔ نہایت مستعمل و مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول
نسخہ۔ کندر۔ صبر زرد۔ ہم وزن آب خرفہ سبز خوب باریک پیس کر کان میں ٹپکائیں۔

قطور حار۔ کان کی گرمی کے درد میں نہایت مفید و زود اثر ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ۔ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد آب کدو سبز میں مخلوط کرکے استعمال کریں۔

قطور حافظ العین۔ آنکھ کو چیچک کے نقصانات سے محفوظ رکھتا ہے۔ بہت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول تیار کرکے آنکھ میں چند مرتبہ ٹپکائیں۔ نسخہ۔ سماق ۳ ماشہ۔ گلاب خالص ۲ تولہ۔ دونوں کو ۶ گھنٹہ ملا کر رکھیں۔ بعدہ صاف کرکے کافور بقدر جو اضافہ کرکے کام میں لائیں۔
نسخہ۔ کافور نصف ماشہ۔ آب افشردہ سرگین خر ۲ تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ اگر زیادہ قوی کرنا منظور رہو تو ذرا سی افیون اضافہ کر سکتے ہیں۔

قطور رمد۔ آنکھ آ جانے میں بہت مفید ہے۔ درد کو تسکین دیتی ہے آنکھ میں ٹھنڈک پہنچاتی ہے۔ استعمال۔ بطریق معلوم آنکھ میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ چاکسو۔ بہدانہ۔ تخم خبازی۔ ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ سب کو کوٹ لیں۔ نشاستہ ۲ ماشہ۔ رسوت زرد ڈیڑھ ماشہ۔ اضافہ کرکے پانی میں جوش دیں جب کسی قدر گاڑھا ہو جائے تو چھان کر سفیدی بیضہ مرغ نصف عدد اضافہ کرکے ایک شیشی میں بھر کر خوب ہلائیں۔ اور نیم گرم کرکے آنکھ میں ٹپکائیں

قطور قاتل کرم۔ کیڑوں کی وجہ سے جب کان میں درد ہو۔ تو نہایت نافع ہے کیڑوں کو مار کر خارج کرتی ہے۔ درد کو تسکین دینے میں بہت مستعمل و مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب معمول کان میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ شہد خالص سرکہ دیسی کہنہ۔ روغن گل۔ مساوی الوزن گرم کرکے استعمال کریں۔

قطور قاتل کرم۔ کیڑوں کی وجہ سے جب کان میں درد ہو۔ تو نہایت نافع ہے کیڑوں کو مار کر خارج کرتی ہے۔ درد کو تسکین دینے میں بہت مستعمل و مجرب ہے۔
استعمال۔ حسب معمول کان میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ شہد خالص سرکہ دیسی کہنہ۔ روغن گل۔ مساوی الوزن گرم کر کے استعمال کریں۔

قطور قاتل کرم دیگر۔ کان کے کیڑوں کو مارنے میں بہت مفید و مستعمل ہے استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ۔ آب برگ شفتالو۔ آب برگ ترب۔ آب برگ پودینہ۔ بورہ ارمنی۔ سقمونیا۔ افسنتین ہر ایک ۳ ماشہ۔ درمنہ ترکی۔ ڈیڑھ ماشہ۔ سرکہ دیسی بقدر ضرورت۔ ادویہ کو سرکہ میں پیس کر نیم گرم کر کے کام میں لائیں۔

قطور قرحہ۔ مثانہ کے زخم کو مندمل کرنے میں بہت مفید ہے۔ استعمال۔ دوا کو لڑکی والی عورت کے دودھ میں حل کر کے بوقت ضرورت پچکاری کے ذریعہ سے احلیل میں پہنچائیں۔ نسخہ۔ انزروت دم الاخوین۔ کندر سفید۔ آب نشاستہ۔ صمغ عربی۔ افیون خالص ہم وزن۔ سب کو باریک پیس کر شیاف بنالیں بوقت ضرورت بدستور مذکور استعمال کریں۔

باب الکاف

کحل

ایک یا چند ادویہ کے نہایت باریک سفوف کو (کحل) (سرمہ) کہتے ہیں جو آنکھوں میں لگانے کے واسطے تیار کیا جاتا ہے۔ بنانے کی ترکیب دیکھو ضمیمہ دوا سازی

کحل بقراطی۔ بیاض چشم میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔ نسخہ۔ شیشہ سبز محرق مغسول ۷ ماشہ۔ بورہ ارمنی۔ سمندر جھاگ ہر ایک ۳ ماشہ بدستور معروف سرمہ تیار کریں۔

کحل بنفسجی۔ بوقت ضرورت پلکوں پر لگائیں۔ نسخہ۔ استخوان خرمہ سوختہ ۱۷ ماشہ۔ دخان کندر ۱۴ ماشہ۔ بابھڑنگ۔ حب بلسان ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ لاجورد مغسول ۳۵ ماشہ۔ بدستور سابق سرمہ تیار کریں۔

کحل بیاض۔ جالا پھولا کو کاٹتا ہے۔ دھند تاریکی کو دور کرتا ہے۔ اور ناخنہ میں

مفید ہے۔ استعمال۔ صبح شام ایک ایک سلائی آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ مس سوختہ۔ شادنج مغسول ہر ایک ۵ ماشہ۔ ا قلیمیاء فضہ ۲ ماشہ زنگار۔ ایلوا بورہ ارمنی ہر ایک ۱ ماشہ۔ فلفل گرد۔ فلفل دراز۔ زعفران ہر ایک ۶ رتی۔ سب کو کوٹ کر سرمہ بنائیں۔

کحل تشمیزج۔ پرانے آشوب چشم میں مفید ہے۔
استعمال۔ رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ تشمیزج (چاکسو) انزروت سفید مدبر ہر ایک ۹ ماشہ۔ سفیدہ قلعی شستہ توتیا کرمانی مغسول۔ مامیران چینی۔ ا قلیمیا ذہبی۔ رسوت مکی ہر ایک ۵ ماشہ۔ چاکسو کو سوتی کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر جوشاندہ سرگین خر میں جوش دیں۔ پھر نکال کر اور چھیل کر دیگر دواؤں کے ہمراہ کوٹ چھان کر سرمہ بنائیں۔

کحل توتیائے سادہ۔ نگاہ کی کمزوری میں مفید ہے۔ استعمال۔ سنگ بصری ۲ ماشہ۔ آب لیموں ۳ عدد۔ سنگ بصری کو عرق لیموں میں بھگوئیں اور کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں پھر نکال کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

کحل الجواہر۔ نگاہ کی تیزی کو بڑھاتا ہے اور قوت بخشتا ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت آنکھ میں ایک ایک سلائی لگائیں۔ نسخہ۔ سرمہ اصفہانی۔ سنگ بصری۔ یاقوت سرخ۔ لاجورد مغسول۔ زعفران۔ توبال مس سوختہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ مار قیشا۔ مرجان سرخ۔ دہنہ فرنگ۔ عقیق سرخ۔ طلا نقرہ۔ مامیران چینی۔ فلفل سفید۔ دار فلفل۔ اقلیمیاء نقرہ۔ روئی سوختہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ سرطان نہری مروارید ناسفتہ۔ سازج ہندی ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ تمام کو کیوڑہ کے عرق میں کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

کحل دمعہ۔ آنکھ سے پانی بہنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ توتیائے کرمانی ۱۰ ماشہ بسد۔ پوست ہلیلہ زرد۔ ایلوا ہر ایک ۴ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ دار فلفل ہر ایک ۶ رتی توتیا کو سات مرتبہ عرق گلاب میں سرد کریں اور دیگر دواؤں کے ساتھ کوٹ چھان کر سرمہ بنائیں۔

کحل روشنائی۔ ناخنہ اور خارش چشم تیز نگاہ کی کمزوری میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ نسخہ۔ فلفل دراز۔ ایلوا۔ بابچھڑ۔ فلفل۔ شادنج۔ توبال مس ہر ایک ۱ تولہ سونا مکھی۔ سازج ہندی۔ بورہ ارمنی ہر ایک ۱۴

ماشہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ سمندر جھاگ ہر ایک ۱۱ ماشہ حب النیل۔ سونٹھ ہر ایک ۷ ماشہ۔ زعفران۔ نوشادر ہر ایک ۳ ماشہ۔ بدستور معروف سرمہ بنائیں۔

کحل زرقہ۔ مرض زرقہ (آنکھ کا نیلگوں ہونا) میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب ضرورت استعمال کریں۔
نسخہ۔ سمندر جھاگ۔ شادنج عدسی۔ دار فلفل۔ سونٹھ۔ ہلیلہ زرد۔ صمغ عربی ہر ایک ہم وزن بطریق معلوم سرمہ تیار کریں۔

کحل صدف۔ بینائی کو تیز کرتا ہے۔ آنکھ کی سوزش اور گرمی کو دور کرکے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے اور سرخی چشم کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ صبح و شام ایک ایک سلائی آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ صدف سوختہ ۴ ماشہ۔ توتیا کرمانی مغسول ۲۰ ماشہ۔ مصری ۶ ماشہ۔ تمام دواؤں کو کھرل کرکے سرمہ بنائیں۔

کحل عشاء شبکوری (رتوندہ) میں مفید ہے۔
استعمال۔ رات کو آنکھ میں سلائی سے لگائیں۔
نسخہ۔ دار فلفل۔ فلفل گرد۔ کمیلہ ہر ایک برابر وزن۔ بدستور معروف سرمہ بنائیں۔

کحل فلفل۔ پرانے آشوب چشم۔ جالہ اور شبکوری میں مفید ہے۔
استعمال۔ بدستور سابق رات کو سوتے وقت آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ مرچ سیاہ (در پتہ بز پروردہ و خشک کردہ) ۱ ماشہ۔ انبہ ہلدی (در عرق لیموں پروردہ و خشک کردہ) ۱ ماشہ۔ مغز تخم کھرنی۔ سنگ بصراور عرق لیموں چار مرتبہ (داخدادہ) غنچہ چنبیلی خام ہر ایک ۲ ماشہ۔ بدستور معروف تمام کو سنگ سماق میں کھرل کرکے سرمہ بنائیں۔

کحل کافور۔ آنکھ کی گرمی کو دور کرکے ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔
استعمال۔ روزانہ صبح شام سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ زعفران۔ بابھرڑ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ رسوت ۷ تولہ۔ کافور ۳ ماشہ سب دواؤں کو کھرل کرکے سرمہ بنائیں۔

کحل گل کنجد۔ ناخنہ نیز جالہ وغیرہ میں مفید ہے۔

استعمال۔ دن میں تین مرتبہ صبح دوپہر شام کو استعمال کریں۔
نسخہ۔ کلی گل کنجد۔ کل گل چنبیلی۔ فلفل گرد ہر ایک ۴۰۰ عدد پھٹکڑی بریاں ۳ تولہ تمام کو خوب باریک پیس کر سرمہ بنالیں۔

کحل مازو۔ خارش چشم اور پانی بہنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ صبح شام آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ شادنج عدس۔ سادج ہندی ہر ایک ۷ ماشہ۔ روئی سوختہ۔ مازو ہر ایک ۳ ماشہ دار فلفل۔ دم الاخوین ہر ایک ۲ ماشہ۔ الائچی۔ مشک ہر ایک ۴ رتی۔ کافور ۱ رتی۔ تمام کو کوٹ چھان کر سرمہ تیار کریں۔

کحل معمولی۔ نزلہ کو دور کرتا ہے پانی اترنے کو روکتا ہے اور جالہ کو کاٹتا ہے
استعمال۔ دانہ خشخاش کے برابر دوا لے کر چچہ میں پانی میں گھس کر سلائی سے آنکھ میں ڈالیں۔
نسخہ۔ صابون ۵ تولہ ۱۰ ماشہ۔ نیلہ تھوتھا رال ہر ایک ۴ ماشہ۔ صابون کو ٹکڑے کر کے کسی لوہے کے برتن میں رکھ کر آگ میں رکھیں اور نیلہ تھوتھا کو ہاون دستہ میں پیس کر شامل کریں اور رال کو ملا کر خوب تیز آنچ دیں۔ اور آہنی دستہ سے چلاتے رہیں جب دوا سیاہ ہو جائے اتار کر محفوظ رکھیں۔

کحل مقوی بصر۔ تقویت بینائی میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ سرمہ اصفہانی ۳ تولہ مروارید ۳ ماشہ۔ مرجان۔ ابریشم مقرض۔ مامیران چینی کباب چینی سنگ بصری۔ تخم نیب کافور ہر ایک ۵ ماشہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۵ عدد۔ عرق بادیان عرق گلاب حسب ضرورت۔ تمام دواؤں کو عرق مذکورہ میں تین روز تک کھرل کریں۔ خشک ہو جانے پر محفوظ رکھیں۔

کحل ملکایا۔ آنکھ کی تمام بیماریوں میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ صبح شام ایک ایک سلائی آنکھ میں لگائیں۔
نسخہ۔ انزروت (بہ شیر الاغ پروردہ) نشاستہ۔ شکر سفید ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ مغز چاکسو ۳ ماشہ۔ بدستور متعارف سرمہ تیار کریں۔

کحل ہندی۔ درد شقیقہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

نسخہ۔ ترپھل ا گھنٹہ گس ہر دو برابر وزن لڑکے والی عورت کے دودھ میں حل کر کے محفوظ رکھیں۔

کشتہ جات

کشتہ کسی معدنی یا غیر معدنی دوا کو آگ میں خاص ترکیب سے پھونک کر تیار کیا جاتا ہے۔
کشتہ کا اثر جسم انسان میں بہت زبردست ہوتا ہے اور اس کی ذرا سی ہی خوراک خون میں جذب ہو کر معتدبہ اثر پیدا کرتی ہے۔
کشتوں کے تیار کرنے میں بہت تجربہ کاری و ہوشیاری کی ضرورت ہے۔ ہر شخص کشتہ تیار نہیں کر سکتا۔
کشتہ کے تیار کرنے کی ہدایات ضمیمہ معلم دوا سازی میں درج کی گئی ہیں لہٰذا وہاں دیکھا جائے۔

کشتہ ابرک سفید۔ دمہ، کھانسی اور قوت باہ کی کمزوریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک چاول کشتہ بالائی یا مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ ابرک سفید ۱۰ تولہ۔ عرق لیموں۔ عرق بھنگ سبز آب دھتورہ ہر ایک حسب ضرورت پہلے ابرک پر گرم پانی چھڑک کر اچھی طرح کوٹیں۔ پھر عرق لیموں میں ۱۲ گھنٹہ کھرل کر کے قرص بنا کر مٹی کے پیالہ میں رکھیں اور گل حکمت کر کے ڈیڑھ مربع گز گڑھے میں اپلے بھر کر اور قرص مذکورہ درمیان میں رکھ کر آنچ دیں پھر دوبارہ بھنگ کے عرق میں کھرل کر کے اور سہ بارہ دھتورہ کے عرق میں کھرل کر کے آنچ دیں۔ یہاں تک کہ چمک زائل ہو جائے۔

کشتہ ابرک سیاہ۔ تمام اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتا ہے۔ بلغمی کھانسی کو زائل کرتا ہے اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ نیز جریان اور سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ چاول مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ ابرک سیاہ ۱۰ تولہ۔ شیر آکھ حسب ضرورت ابرک کو کوٹ کر موٹے کپڑے کی تھیلی میں چند کوڑیوں کے ساتھ ڈال کر تھیلی کو باندھ کر گرم پانی میں ڈال دیں اور تھیلی کو خوب ہاتھ سے ملتے رہیں۔ یہاں تک کہ تمام ذرات پانی میں آ کر تہ نشین ہو جائیں۔ پھر پانی کو نتھار کر ابرک کو خشک کریں اور خشک ہو جانے پر شیر آکھ میں بارہ گھنٹہ کھرل کر کے قرص بنائیں اور کوزہ گلی میں آکھ کے پتوں کے درمیان رکھ کر اور کوزہ کو گل حکمت کر کے ۲ سیر اپلوں کی آنچ دیں اور پھر شیر مدار میں کھرل کر کے بدستور سابق آنچ دیں اسی

طرح سات مرتبہ آنچ دینے کے بعد ریشہ برگد کی کونپلوں کے شیرہ میں کھرل کریں اور سات مرتبہ آنچ دیں لیکن اس دفعہ آنچ کو کم کرتے جائیں۔ اس کے بعد ہم وزن گائے کے گھی میں ڈال کر کڑاہی میں ڈالیں اور آنچ پر رکھیں۔ جب گھی بالکل جذب ہو جائے تو نکال کر نگاہ رکھیں۔

کشتہ بیضہ مرغ۔ سرعت انزال۔ جریان۔ ذیابطیس اور بار بار پیشاب آنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک رتی کشتہ مکھن میں ملا کر کھائیں۔
نسخہ۔ پوست بیضہ مرغ۔ شیر آکھ پہلے پوست بیضہ مرغ کو چونے اور نمک کے پانی سے اس قدر دھوئیں کہ پوست کی اندرونی جھلی صاف ہو جائے اس کے بعد ۱۲ گھنٹہ شیر مذکور میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور خشک ہو جانے پر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اپلوں کی آگ دیں اسی طرح ۹ مرتبہ کھرل کر کے آگ دیتے رہیں۔ اور محفوظ رکھیں۔

کشتہ تانبا۔ قوت باہ بڑھاتا ہے اور برص و جذام میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ایک برنج مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ تانبا خالص بقدر حاجت۔ تانبا کو چورا کر کے دہی سے کھرل کریں اس کے بعد عرق لیموں اور نمک سے چار پہر کھرل کریں اور رات میں دھو کر اگلے روز پھر لیموں کے عرق میں نمک سے کھرل کریں اسی طرح پانچ مرتبہ یہی عمل کریں۔ اس کے بعد تانبہ کا تہائی حصہ گندھک آملہ سار مصفی اور سولھواں حصہ پارہ صاف شدہ ملا کر عرق لیموں اور نمک سے کھرل کر کے آتشی شیشی میں ڈال کر گل حکمت کر کے بذریعہ پتال جنتر آنچ دیں اور اس کے بعد محفوظ رکھیں

کشتہ حجرالیہود۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ رتی ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ حجرالیہود ۱ تولہ۔ عقرب کلاں ۵ عدد۔ بچھوؤں کو کوٹ کر اور ان کے درمیان حجرالیہود رکھ کر گولی بنا کر کوزہ گلی میں بند کر کے اور گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں اور اس کے بعد نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

کشتہ خبث الحدید۔ خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔ استسقا اور یرقان کو زائل کرتا ہے۔ جگر اور معدہ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ ایک سے دو رتی ہمراہ جوارش جالینوس ۷ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ خبث الحدید کہنہ بقدر ضرورت۔ خبث الحدید کو چند

مرتبہ آگ میں سرخ کر کے گائے کے پیشاب میں بجھائیں۔ چورا ہو جانے پر شیر آکھ میں سات گھنٹہ کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے ڈیڑھ گز مربع گڑھے میں رکھ کر اور اپلے بھر کر آگ دیں اسی طرح ۲۰ مرتبہ آنچ دینے کے بعد گھیکوار میں کھرل کر کے اسی قدر مرتبہ آنچ دیں اور جب وہ پانی پر تیرنے لگے تو محفوظ رکھیں۔

کشتہ زمرد۔ مثانہ اور گردوں کو قوت دیتا ہے۔ کھانسی کو زائل کرتا ہے اور دل کو فرحت بخشتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ چاول ہمراہ جوارش زرعونی عنبری ۵ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زمرد۔ عرق گلاب ہر دو حسب ضرورت۔ زمرد کو گلاب میں کھرل کر کے خوب باریک کریں۔ اور گھیکوار کی ٹکلی میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہو جانے پر محفوظ رکھیں۔

کشتہ سرب۔ سوزاک۔ جریان اور پرانی کھانسی میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ رتی کشتہ معجون آرد خرما ۵ ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ سیسہ بقدر ضرورت سیسہ کو باریک کر کے گل عباسی کے پانی میں کھرل کریں پھر خشک ہو جانے پر آب کوکنار میں دو پہر کھرل کر کے کوزہ گلی میں رکھ کر اور گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں پھر سیسہ کو نکال کر شیر مدار میں کھرل کریں اور ۳ سیر اپلوں سے آگ دیں اس کے بعد لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے آگ دیں اور محفوظ رکھیں۔

کشتہ طلاء۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ اور مادہ منویہ کو غلیظ کرتا ہے نیز امساک پیدا کرتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ چاول مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ برادہ طلاء ا تولہ آب بن تلسی پاؤ بھر' برادہ اور طلا کو آب مذکورہ میں کھرل کریں۔ جب سب پانی جذب ہو جائے تو ٹکیہ بنا کر مٹی کے سکورہ میں رکھ کر اور اوپر دوسرا سکورہ رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں سرد ہو جانے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

کشتہ عقیق۔ سل اور نفث الدم میں مفید ہے۔ استعمال۔ ایک رتی کشتہ۔ مفرح بارد ۵ ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ عقیق سرخ ۲ تولہ برگ کیکر ڈیڑھ پاؤ۔ عقیق کو برگ مذکورہ کی ٹکلی میں رکھ کر اور گل حکمت کر کے۔ ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں اور سرد ہو جانے پر محفوظ رکھیں۔

کشتہ فولاد۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ قوت باہ کو قوت دیتا اور برانگیختہ کرتا ہے۔
استعمال۔ ا رتی جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ برادہ فولاد (جوہر والا) عرق لیموں کاغذی ہر دو حسب ضرورت (برادہ کو تین روز لیموں کے عرق میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر مولی میں سوراخ کر کے ٹکیہ رکھ کر نکالے ہوئے ٹکڑے سے بند کر کے گل حکمت کریں۔ اور ۱۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہو جانے پر نکال کر دوبارہ سہ چند عرق لیموں میں کھرل کر کے بدستور سابق مولی میں رکھ کر آگ دیں اسی طرح چالیس مرتبہ عمل کریں اور پھر محفوظ رکھیں۔

کشتہ فولاد سرد۔ گرم مزاج اشخاص میں مندرجہ بالا عوارض کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ چاول جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ برادہ فولاد (جوہر والا) عرق جامن سوا دو سیر۔ فولاد کو عرق مذکورہ میں کھرل کریں۔ کل عرق جذب ہو جانے پر محفوظ رکھیں۔

کشتہ قرن الایل۔ سل اور دق نیز سرعت انزال وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲۰ برنج خمیرہ گاؤزبان ا تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ برادہ قرن الایل (بارہ سینگے کے سینگ کا برادہ) شیرہ آکھ۔ برادہ کو شیرہ آکھ میں تر کریں۔ خشک ہو جانے پر دوبارہ اور ڈال دیں اسی طرح تین مرتبہ خشک و تر کرنے کے بعد کوزہ گلی میں رکھ کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ اسی طرح سات مرتبہ یہی عمل کریں۔

بطریق دیگر۔ اجوائن دیسی کو عسل خالص میں پیس کر سینگ پر لیپ کر کے آنچ دیں فوراً کشتہ ہو جائے گا۔

کشتہ قلعی۔ جریان اور منی کے رقیق ہو جانے نیز احتلام کی کثرت میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ برنج مکھن یا ایک تولہ معجون آرد خرما میں رکھ کر استعمال کریں۔
نسخہ۔ پترہ قلعی۔ حسب ضرورت۔ پترے کو قینچی سے چاول کے برابر کاٹ لیں۔ اور اپلہ پر ایک چھٹانک بھنگ رکھ کر قلعی کے ریزوں کو اس پر پھیلا کر اوپر سے ایک چھٹانک بھنگ اور رکھ دیں۔ اور دوسرے اپلہ سے ڈھک کر گڑھے میں رکھ کر آگ دیں ٹھنڈا ہو جانے پر

نکال کر پیس لیں اور چھان کر بحفاظت رکھیں۔

کشتہ گودنتی۔ کھانسی دمہ اور دیگر سرد بیماریوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۲ چاول کشتہ۔ مویز منقیٰ میں رکھ کر حلق سے اتار لیں۔
نسخہ۔ گودنتی ہڑتال۔ شیر آکھ۔ عرق گھیکوار ہر ایک حسب ضرورت۔ گودنتی ہڑتال کو کوزہ گلی (آب نادیدہ) میں ڈال کر اوپر سے شیر آکھ ڈالیں اور ۱۰ روز تر رکھیں۔ اس کے بعد عرق گھیکوار میں چودہ روز تر رکھیں۔ بعدہ کوزہ مذکور کو گل حکمت کر کے ایک مربع گڑھے میں ۲۵ سیر اپلوں کی آگ دیں اور سرد ہو جانے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

کشتہ گودنتی دیگر۔ بخار استسقاء کھانسی اور دیگر امراض میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۴ چاول کشتہ شہد میں ملا کر چاٹیں۔
نسخہ۔ گودنتی ۱ تولہ۔ پھٹکری ۳ تولہ۔ عرق لیموں ایک چھٹانک سکورہ گلی میں نصف پھٹکری نیچے رکھ کر گودنتی رکھ دیں اور اوپر نصف تک پھٹکری ڈال کر اوپر عرق لیموں ڈال دیں بعدہ گل حکمت کر کے رات کو پانچ سیر اپلوں کی آگ دیں اور صبح کو نکال کر محفوظ رکھیں۔

کشتہ مثلث۔ جریان کو زائل کرتا ہے۔ سرعت انزال کو دور کر کے امساک پیدا کرتا ہے اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ استعمال۔ ۲ چاول کشتہ ایک تولہ مکھن میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست خشخاش ۲ تولہ۔ قلعی۔ جست۔ سیسہ ہر ایک ۱ تولہ۔ روغن زرد بقدر ضرورت دہی ترش حسب حاجت۔ پوست خشخاش کا سفوف بنا کر علیحدہ رکھیں۔ اور جست قلعی اور سیسہ کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر پگھلائیں۔ پگھل جانے پر گھی میں بجھائیں اسی طرح سات مرتبہ بجھانے کے بعد کسی علیحدہ برتن میں پگھلا کر تھوڑا تھوڑا سفوف مذکور ڈالتے جائیں اور لوہے کے کفگیر چلاتے جائیں۔ خاکستر بن جانے پر اس کو دہی میں چار پہر کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں۔ اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۱۵ سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اور سرد ہو جانے پر دوبارہ کھرل کر کے آنچ دیں۔ اسی طرح پانچ مرتبہ آنچ دینے کے بعد نکال کر محفوظ رکھیں۔

کشتہ مرجان۔ دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ کھانسی کو زائل کرتا ہے۔ سرعت انزال کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ ۲ چاول کشتہ۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۵ ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ شاخ مرجان۔ عرق گھیکوار۔ عرق گلاب ہر دو حسب ضرورت۔ شاخہائے

مرجان کو کوزہ گلی میں ڈال کر عرق گھیکوار اس قدر ڈالیں کہ شاخیں معلوم نہ ہوں بعدہ گل حکمت کرکے ۲۰ سیر جنگلی اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہو جانے پر نکال کر عرق گلاب میں ایک روز کھرل کریں اور دوبارہ کوزہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے آنچ دیں اور سرد ہو جانے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

کشتہ مرجان جواہر والا۔ نزلہ زکام۔ کھانسی نسیان اور دماغ کی کمزوری میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ چاول خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ مرجان ایک تولہ۔ یاقوت ۳ ماشہ۔ عنبر ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ ورق طلاء ۱ ماشہ زمرد ۵ ماشہ تمام کو عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے قرص بنائیں اور گل حکمت کرکے ۱۰ سیر جنگلی اپلوں میں آگ دیں اور سرد ہو جانے پر کام میں لائیں۔

کشتہ مروارید۔ خفقان اختلاج قلب۔ معدہ اور جگر نیز دماغی کمزوری میں مفید ہے۔ استعمال۔ ایک رتی خمیرہ گاؤزبان ایک تولہ میں ملا کر استعمال میں لائیں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ ایک تولہ شیر مادہ گاؤ حسب ضرورت گل گاؤ زبان بقدر حاجت موتیوں کو دودھ میں ایک روز کھرل کریں اور قرص بنا کر گل گاؤ زبان کی نگلدی کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے سات سیر جنگلی اپلوں میں آگ دیں۔ اسی طرح ۳ مرتبہ کرنے کے بعد محفوظ رکھیں۔

کشتہ نقرہ۔ تقویت باہ اور جریان و سرعت انزال میں فائدہ مند ہے۔ نیز معدہ کی کمزوری اور تمام اعضائے رئیسہ کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ چاول مکھن تازہ ایک تولہ میں ملا کر کھائیں۔ نسخہ۔ ورق نقرہ۔ شیر آکھ۔ ورق نقرہ کو شیر مذکور میں تین چار گھنٹہ کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر اور آکھ کے نرم پتوں کی نگلدی میں رکھ کر گل حکمت کرکے ۵ سیر اپلوں کی آگ دیں اور دو بار اسی طرح عمل کرکے آنچ دینے کے بعد محفوظ رکھیں۔

کشتہ یاقوت جواہر والا۔ مرگی جنون۔ مالیخولیا۔ نگاہ کی کمزوری اور اختلاج قلب نیز دیگر اعضاء رئیسہ کی تقویت کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ ایک رتی کشتہ مکھن ملا کر استعمال کریں۔ نسخہ۔ یاقوت سرخ ۶ ماشہ۔ بسد۔ مرجان ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق طلاء ہر ایک ۲ ماشہ۔ تمام دواؤں کو سنگ ساق میں آٹھ روز عرق گلاب کے ساتھ کھرل کریں کرکے قرص بنائیں اور گل حکمت کرکے ۲۰ سیر اپلوں کی آگ دیں اسی طرح ۱۰ مرتبہ آنچ دے کر محفوظ رکھیں

کماد

(فومن ٹیشن) یا سینک کرنے کو کماد کہتے ہیں۔
کماد تر و خشک دو طریقہ سے کیا جاتا ہے۔

کماد تر کے پھر دو طریقے ہیں۔
(۱) گرم پانی یا کسی دیگر سیال دوا کو بوتل وغیرہ میں بھر کر سینکائی کی جاتی ہے۔
(۲) خشک دوا کو پوٹلی میں باندھ کر اور کسی گرم شدہ روغن میں تر کر کے یا تر دوا کو کوٹ کر اور پوٹلی بنا کر گرم کر کے سینکتے ہیں۔

کماد خشک ۔ خشک دوا کو کوٹ کر باریک سفوف کر کے پوٹلیوں میں باندھ کر گرم کر کے سینک کی جاتی ہے۔

کماد درد گوش ۔ کان کے سردی کے درد میں نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ روئی تر کر کے کنپٹی پر سینک کریں۔
نسخہ ۔ روغن گل بقدر ضرورت گرم کر کے سینکیں۔

کماد درد معدہ ۔ معدہ کے ہر قسم کے درد کو دور کر کے تسکین دیتا ہے۔
استعمال ۔ دواؤں کو پوٹلی میں باندھ کر معدہ کے مقام پر حسب معمول تر سینک کریں۔
نسخہ ۔ کنجد سیاہ۔ نانخواہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ نمک شور ہموزن۔ سرکہ دیسی کہنہ قدر حاجت تمام ادویہ کو کوٹ کر سرکہ میں ملا کر بدستور معلوم معدہ پر سینک کریں۔

کماد ذات الجنب ۔ پسلی کے (دموی) درد کی شدت کے وقت استعمال کیا جاتا ہے فورا درد کو تسکین دیتا ہے نہایت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ اول قیروطی استعمال کریں۔ بعدہ ادویہ ذیل سے روئی تیار کر کے درد کے مقام پر رکھیں۔
نسخہ ۔ آرد جو۔ آرد باقلا۔ آرد باجرا۔ سبوس گندم ہموزن۔ لعاب گل خطمی سفید۔ لعاب بزر قطونا۔ لعاب بہی دانہ۔ شیر گاؤ تازہ۔ روغن بنفشہ۔ روغن گل میں گوندھ کر توے پر نیم ناختہ روٹی تیار کر کے موضع درد پر قیروطی کے اوپر باندھیں۔

کماد سکتہ۔ سکتہ بلغمی میں بہت مفید ہے۔

استعمال۔ ادویہ کو کوٹ کر پوٹلی تیار کریں۔ اور گرم کر کے سر پر خشک سینک کریں۔

نسخہ۔ قرنفل۔ الائچی سفید۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ درج ترکی۔ سنبل الطیب۔ عاقر قرحا۔ نمک طعام۔ آرد باجرا ہم وزن سب کو کوٹ کر حسب معمول سینک کریں۔

کماد مدر حیض۔ حیض کے جاری کرنے میں نہایت مفید و مستعمل ہے۔

استعمال۔ پیڑو اور ناف پر تر سینک کریں۔

نسخہ۔ سنبل الطیب۔ دار چینی۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ ابہل۔ قسط تلخ۔ سلیخہ۔ حب بلسان۔ عود بلسان۔ الائچی سفید۔ الائچی کلاں۔ حماما۔ فقاح اذخر ہم وزن سب کو نیم کوب کر کے پانی میں جوش دے کر صاف کر کے بوتل میں بھر کر سینک کریں۔

کماد نسیان۔ نسیان بلغمی میں بے حد مفید و مجرب ہے۔

استعمال حسب معمول سر پر خشک سینک کریں۔

نسخہ۔ قرنفل۔ بسباسہ۔ ساذج ہندی۔ کندر ہموزن سب کو نیم کوب کر کے پوٹلی تیار کریں۔ اور نیم گرم سر پر سینک کریں۔

کماد وجع طحال۔ تلی کے درد میں جو ورم صلب یا ریاح غلیظ یا مادہ باردہ کے باعث لاحق ہو بہت مفید ہے۔

استعمال۔ مقام طحال پر تر سینک کریں۔

نسخہ۔ پوست بیخ کبر۔ کزمازج۔ پودینہ۔ تخم فنجنکشت۔ بورہ ارمنی۔ سداب خشک اشنہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ سب کو سرکہ کہنہ بقدر ضرورت میں جوش دے کر صاف کریں اور اسفنج سے یا بوتل میں بھر کر سینک کریں۔

گلقند

عموماً گلقند سے مراد وہی گلقند ہوتا ہے جو گلاب کے پھول اور قند سے تیار کیا گیا ہو۔ مگر گل سیوتی و گل نسرین و گل املتاس وغیرہ سے بھی اسی طرح تیار کیا جاتا ہے جس طرح گلاب کے پھولوں سے اور انہی کے نام سے موسوم ہوتا ہے مثلاً گلقند املتاس گلقند سیوتی وغیرہ۔

گلقند کی اقسام۔ گلقند کی دو قسمیں ہیں۔ آفتابی و آبی

آبی گلقند۔ پھول اور شیرینی باہم ملا کر ایک برتن میں جس کا چوتھائی حصہ خالی رہے ڈال دیں اور اس کا منہ اچھی طرح بند کر کے برتن کو گلے تک پانی میں تین ہفتہ تک رکھا رہنے دیں۔

آفتابی گلقند۔ پھول اور شیرینی باہم ملا کر ہاتھوں سے مل کر برتن میں ڈال کر دو ہفتہ دھوپ میں رکھا رہنے دیں۔ درمیان میں دو تین مرتبہ اچھی طرح مل دیا جائے۔ دو ہفتہ کے بعد کام میں لائیں۔

کبھی گلقند کی بجائے قند سفید کے شہد ڈالتے ہیں۔ اسے گلقند عسلی کہتے ہیں۔

پھول اور شیرینی کا تناسب۔ اچھا گلقند وہ ہے جس میں پھولوں کے وزن سے اڑھائی گنا شیرینی ملائی گئی ہو۔

اس کے بعد وہ ہے۔ جس میں چوگنی تک شیرینی شامل ہو اگر اس سے بھی زیادہ شیرینی ڈالی جائے تو اس کی قوت بہت کم رہجاتی ہے اور اثر بہت ضعیف ہو جاتا ہے۔

ہدایات۔ (ا) جن پھولوں کا گلقند تیار کیا جائے۔ انہیں زیرہ اور سبزی وغیرہ سے بالکل صاف کر کے شہد خالص یا مصری یا قند ملا کر رکھیں۔

(ب) اگر پھول تازہ میسر نہ آئیں۔ تو خشک پھولوں کو عرق یا پانی یا کسی اور عرق میں چند گھنٹے تر کر کے نکال لیں۔ اور پھر بدستور شیرینی ملا کر تیار کریں۔

(ج) گلقند کو ہمیشہ چینی یا شیشے کے مرتبان میں رکھنا چاہیے۔ تانبہ وغیرہ کے برتن میں رکھنا مناسب نہیں۔

گلقند آفتابی۔ قبض کو رفع کرتا اور دماغ و معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ استعمال۔ ۴ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ

گل سرخ ایک سیر شکر سفید ۲ سیر پتیوں کو ہاتھ سے مل کر دھوپ میں رکھیں

گلقند سیوتی خفقان کے ازالے اور دل کی تقویت میں مفید ہے استعمال بوقت ضرورت ۲ تولہ گلقند ہمراہ عرق گاؤزبان تو عرق بیدہ مشک ۵ تولہ استعمال کریں نسخہ گل سیوتی۔ ۱۰۰ عدد شکر سفید ۲۰ تولہ گل سیوتی پر قدرے عرق گلاب چھڑک کر اور ہاتھ سے مل کر شکر ملا کر چار روز دھوپ میں رکھنے کے بعد محفوظ رکھیں۔

گلقند عسلی۔ رفع قبض میں مفید ہے۔ استعمال۔ تولہ گلقند ہمراہ عرق بادیاق ۱۲ تولہ

استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ ایک سیر شہد خالص ۲ سیر بدستور سابق گلقند تیار کریں۔

گلقند گاؤزبان۔ تفریح طبع اور تقویت دل ودماغ میں مفید ہے
استعمال۔ گل گاؤزبان تازہ ایک سیر شکر سفید ۲ سیر بدستور معروف گلقند بنائیں

گلقند نیلو فری۔ کھانسی اور سر کے درد میں مفید ہے
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ گل نیلو فر تازہ آدھ سیر شکر سفید ایک سیر بدستور معروف گلقند تیار کریں

گلقند ماہتابی۔ خفقان میں مفید ہے
استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۷ تولہ عرق بید مشک ۵ تولہ استعمال کریں
نسخہ۔ برگ گل چاندنی ۱۰۰ عدد شکر سفید ۳۰ تولہ پھولوں پر عرق گلاب چھڑک کر اور شکر ملا کر ہاتھ سے مل کر دھوپ میں رکھیں

باب اللام

لبوب

لبوب بھی معجون کی قسم کا مرکب ہے اور اس کے بنانے کی ترکیب وغیرہ وہی ہے جو معجون کے تیار کرنے کی ہوتی ہے (دیکھو بیان ترکیب معجون باب المیم صفحہ ۲۸۴ پر) چونکہ اس میں مغزیات زیادہ شامل ہوتے ہیں۔ اس لئے اس کا نام لبوب رکھا گیا ہے (لبوب جمع لب بمعنی مغز) لبوب کا استعمال تقو۔ کے واسطے اکثر ہوتا ہے۔

لبوب ابریشم۔ اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتا ہے۔ مادہ تولید اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز حبتہ الخضرا۔ مغز حب الزلم۔ مغز حب قلقل۔ مشک تخم خشخاش بہمن سفید۔ دار چینی۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ کبابہ۔ قرفہ۔ ورق نقرہ۔ تخم ہلیون خولنجان ہر ایک ۶ ماشہ۔ زعفران ایک تولہ۔ مغز فندق۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ۔ تودری سرخ تودری زرد ہر ایک ۲ تولہ۔ نارجیل۔ شقاقل ہر ایک ۴ تولہ۔ ابریشم مقرض ۵ تولہ۔ ابریشم خام ۱ تولہ گلاب آدھ سیر شہد سہ چند وزن ادویہ۔ بطریق معجون لبوب تیار کریں۔

لبوب اسرار۔ دل و دماغ اور دیگر اعضائے رئیسہ کی تقویت اور اعصاب اور باہ کی عام شکایت اور کمزوری کو دور کر کے از سر نو قوت بخشتا ہے۔ **استعمال۔** روزانہ علی الصباح ۷ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری ۴ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** دار چینی۔ قرنفل۔ بالچھڑ۔ اسارون۔ بسباسہ۔ کبابہ۔ سعد۔ قرفہ۔ دار فلفل عود جوزبوا۔ نارمشک۔ عنبراشہب۔ زعفران ہر ایک ۵ ماشہ۔ مشک ۵ رتی۔ زنجبیل۔ بوزیدان قسط شیریں۔ مغز حب الزلم۔ درونج عقربی۔ حب بلسان۔ حب البان۔ فلفل سفید۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین۔ تخم گزر۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم کونچ۔ خشخاش سفید۔ خسک دانہ۔ تخم گزر جنگلی تخم ترہ تیزک۔ تخم سویہ۔ تخم گندنا۔ تخم ہلیون۔ خسک (مربی) ہر ایک ۷ ماشہ۔ شقاقل خولنجاں۔ خصیتہ الثعلب۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ وج ترکی۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ اندرجو شیریں۔ سقنقور ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ نارجیل۔ حبتہ الخضراء مغز بادام۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ کنجد مقشر ہر ایک ۲ تولہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ۔ بدستور معروف لبوب تیار کریں۔

لبوب اکبر۔ قوت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ **استعمال۔** ۲ تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** مغز بادام مقشر۔ مغز فندق مقشر۔ مغز پستہ مقشر۔ مغز چلغوزہ مقشر۔ مغز نقل خواجہ۔ مغز انجلک۔ مغز سر کنجشک نر ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری خصیتہ الثعلب ہر ایک ۹ ماشہ۔ زعفران۔ بزرالبنج سفید۔ مایہ شتر اعرابی۔ عنبر اشہب ہر ایک ۲ ماشہ۔ تودری زرد۔ تودری کبود۔ تخم بالنگو ہر ایک ۵ ماشہ مصری شہد خالص ہر ایک ۳۰ تولہ۔ عرق گذر عرق بید مشک۔ عرق گاؤزبان ہر ایک ۳ سیر بدستور معروف لبوب تیار کریں۔

لبوب بارد۔ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے امساک لاتا ہے۔ مادہ منویہ کو غلیظ کرتا ہے اور احتلام کی زیادتی کو روکتا ہے۔ **استعمال۔** علی الصباح ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** مغز بادام شیریں مقشر تخم خشخاش سفید ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ مغز تخم۔ زنجبیل۔ خولنجاں شقاقل مصری ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم خیار بزنگ۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ کتیرا ۷ ماشہ۔ مغز چلغوزہ۔ تودری زرد۔ تودری گلگلوں۔ تخم گذر۔ تخم ہلیون ہر ایک ۴ ماشہ۔ ترنجبین ایک سیر۔ بدستور معروف لبوب بنائیں۔

لبوب دیگر۔ مادہ منویہ کے زیادہ کرنے میں مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ اے اتولہ تک روزانہ صبح و شام استعمال کریں۔
نسخہ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ نارمشک ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز پستہ مغز فندق۔ مغز صنوبر۔ مغز حب قلقل۔ مغز حب الزلم۔ مغز الخضرا۔ مغز نارجیل ہر ایک ۹ تولہ۔ قند سفید دو چند وزن ادویہ بطریق معروف تیار کریں۔

لبوب صغیر۔ مادہ کو قوت دیتا ہے اور مثانہ و گردہ کی تمام شکایات کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ ماءاللحم ۵ تولہ یا شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز بادام۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حب الزلم۔ مغز قلقل۔ مغز حبتہ الخضراء فندق۔ پستہ۔ نارجیل تازہ۔ خشخاش سفید۔ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ کنجد مقشر بہمن سرخ بہمن سفید۔ قرفہ زنجبیل۔ دار فلفل۔ عاقر قرحا۔ کباب چینی۔ دار چینی۔ شقاقل مصری۔ خولنجاں تخم جرجیر۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم اسپست۔ تخم ہلیون۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ تمام کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر لبوب تیار کریں۔

لبوب کبیر۔ خون کی پیدائش بڑھاتا ہے۔ پٹھوں کو قوت دیتا ہے۔ چہرہ کو سرخ کرتا ہے۔ قوت باہ کے لئے خصوصیت سے عجیب الاثر ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصباح ۵ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خصیتہ الثعلب۔ نارجیل تازہ۔ مغز سر کنجشک۔ خشخاش ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز پستہ مغز بادام۔ مغز فندق۔ مغز حبتہ الخضراء۔ مغز اخروٹ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حب الزلم۔ ماہی روبیاں۔ شقاقل مصری۔ خولنجاں۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ تودری سرخ۔ تودری زرد۔ زنجبیل۔ کنجد مقشر دار چینی ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ قضیب گاؤ (سائیدہ) سورنجاں۔ بوزیدان پودینہ خشک ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ بالچھڑ۔ سعد کوفی۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ اندرجو شیریں۔ درونج عقربی۔ نرکچور۔ حب القلقل۔ تخم گذر۔ تخم ترب۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ تخم اسپست۔ تخم ہلیون ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ چھڑیلہ۔ دار فلفل ہر ایک ۷ ماشہ۔ مایہ شتر اعرابی زعفران مصطگی ہر ایک ۱۴ ماشہ عود خام ۹ ماشہ عنبر اشہب ۵ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ ورق طلاء ۳۰ عدد۔ ورق نقرہ ۵۰ عدد شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف لبوب بنائیں۔

لخلخہ

کسی خوشبو دار سیال مرکب دوا کو فراخ دہن شیشی میں بھر کر سنگھانے کو اصطلاح طب میں لخلخہ اور ڈاکٹری میں ان ہیلیشن کہتے ہیں۔

لخلخہ بارد۔ دماغ کے تمام گرم امراض میں بہت نافع و مجرب ہے۔ استعمال۔ حسب دستور ادویہ کو شیشہ میں بھر کر چند مرتبہ سنگھائیں۔ نسخہ۔ گل نیلوفر۔ گل ارمنی۔ صندل سفید ہر ایک ۱ ماشہ۔ عرق ۲ تولہ میں پیس کر آب کشنیز سبز آب خیار شنبر آب کدوے سبز ہر ایک ۴ تولہ اضافہ کریں اور حسب معمول کام میں لائیں۔

لخلخہ خفقان۔ خفقان بارد میں بہت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ حسب دستور چند مرتبہ سنگھائیں۔ نسخہ۔ مرزنجوش۔ بادر نجبویہ۔ برگ گاؤزبان ہر ایک ۳ ماشہ۔ عرق گاؤزبان۔ عرق بادر نجبویہ ہر ایک ایک چھٹانک۔ آگ پر جوش دیں۔ صاف کر کے استعمال کریں۔

لخلخہ سرسام حار۔ سرسام حار میں بہت فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ۔ آب بستان افروز۔ آب کشنیز سبز تخم کاہو تازہ۔ نیلو فر تازہ ہر ایک ۹ ماشہ رسوت صندل سفید۔ مغز تخم تربوز۔ مغز تخم کدو ہر ایک ۳ ماشہ۔ سب کو عرق گلاب آدھ پاؤ میں پس کر سرکہ مقطر ایک تولہ۔ شیر عورت ایک تولہ۔ کافور ایک ماشہ اضافہ کر کے کام میں لائیں۔

لزوق

سوزن زدہ کاغذ یا کپڑے کے ٹکڑے پر کوئی ایسی دوا جو طلاء کی بہ نسبت غلیظ ہو اور ضماد کی بہ نسبت رقیق ہو لگا کر مقام مرض پر چپکانے کو لزوق کہتے ہیں بعض اطباء مطبوخ کی بھی یہی تعریف کرتے ہیں۔

لزوق سقوط لہات۔ بچوں اور جوانوں کے کوے کے لٹک جانے میں مستعمل ہے۔ استعمال۔ تالو کے اوپر کے بال مونڈ کر دوا کو کپڑے پر لگا کر چپکا دیں۔ نسخہ۔ مغاث (انار دانہ دشتی) اقاقیا۔ اسپغول۔ سریش۔ گل دیگداں (چولہے کی مٹی) مساوی الوزن۔ اسپغول کے علاوہ سب ادویہ کو سرکہ میں برگ مورد اور کشنیز خشک جوش دینے کے بعد ملا دیں اور بدستور مذکور

استعمال کریں۔

لزوق صبر۔ مہو گردن کے ٹل جانے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ مہو کو اپنی جگہ پر لاتا ہے۔
استعمال۔ مہو زائل شدہ کے مقام پر چپکا دیں۔
نسخہ۔ صبر زرد۔ مغاث (انار دانہ دشتی) اقاقیا۔ سریش۔ سب کو لعاب اسپغول میں لگا کر حسب معمول استعمال کریں۔

لعوق

چاٹنے کی دوا (چٹنی) کو لعوق کہتے ہیں۔ یہ بھی معجون کی ہی قسم ہے اور بنانے کی ترکیب بھی وہی ہے جو معجون کی (دیکھو معجون) لیکن اس کا قوام بہ نسبت معجون کے کسی قدر پتلا ہوتا ہے اور شربت کی بہ نسبت گاڑھا ہوتا ہے لعوق کا استعمال زیادہ تر کھانسی ضیق النفس و دیگر امراض سینہ و حلق میں ہوتا ہے۔

لعوق آب تربوز۔ کھانسی نزلہ اور پھیپھڑوں کے زخم نیز پرانے بخار میں مفید ہے۔
استعمال۔ علی الصباح بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق ہرا بھرا ۴ تولہ۔ عرق شیر مرکب ۳ تولہ۔ شربت اعجاز ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خشخاش۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ مغز تخم کدوے شیریں۔ مغز تخم خیارین۔ تخم خرفہ۔ تخم کاہو مقشر ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ مغز بادام شیریں ۳ تولہ۔ روغن بادام شیریں ۶ تولہ۔ ترنجبین ۱۵ تولہ۔ تربوز کے پانی میں ترنجبین کو حل کریں۔ اور چھان کر قوام کر کے دواؤں کو باریک پیس کر شامل کر کے روغن مذکورہ اضافہ کر کے لعوق تیار کریں۔

لعوق آب نیشکر۔ سل اور کھانسی میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا عرق ہرا بھرا ۷ تولہ شربت اعجاز ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ لعاب اسپغول۔ لعاب بہدانہ۔ لعاب تخم خطمی۔ آب انارین۔ آب خیار۔ آب

کدو آب برگ خرفہ۔ آب نیش کر ہر ایک ۶ تولہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ مغز بادام شیریں۔
شکر تیغال۔ تخم خشخاش ہر ایک ۸ تولہ شکر آدھ سیر بدستور سابق لعوق بنائیں۔

لعوق انجیر۔ گلا بیٹھ جانے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۲
تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ انجیر خشک۔ پودینہ خشک ہر دو مساوی الوزن۔ صمغ عربی بقدر
ضرورت بدستور معروف لعوق تیار کریں۔

لعوق بادام۔ خشک کھانسی اور سوکھے ٹھسکہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی
الصباح بقدر ۱ تولہ۔ ہمراہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔
نشاستہ۔ رب السوس ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ شکر سفید ۶ تولہ۔ مغز بادام مغز تخم کدو ہر ایک ۱
ماشہ۔ جلاب شکری حسب ضرورت تمام دواؤں کو کوٹ کر روغن بادام سے چرب کرکے
لعوق تیار کریں۔

لعوق بارد۔ خون تھوکنے (نفث الدم) اور جگر کی خرابی میں مفید ہے۔ استعمال۔
دو تولہ ہمراہ عرق کافور ۳ تولہ۔ شربت کہربا ا تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم خرفہ۔ طباشیر
ہر ایک ۷ ماشہ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیار ہر ایک ۱۱ ماشہ لعاب اسپغول۔ لعاب تخم
بارتنگ نبات سفید ہر ایک ۶ تولہ۔ بدستور معروف لعوق تیار کریں۔

لعوق بزرا لبنج۔ نزلہ اور سرد زکام میں مفید ہے۔ استعمال۔ دو ماشہ ہمراہ عرق
بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بزرا لبنج۔ زعفران فلفل گرد۔ دار چینی۔ فلفلموبہ۔
سونٹھ ہر ایک ا تولہ۔ مشک عاقر قرحا۔ مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ۔ دار فلفل۔ قرنفل ہر ایک ۲
ماشہ۔ جوزبوا ایک عدد شہد خالص آدھ سیر بدستور متعارف لعوق تیار کریں۔

لعوق بہدانہ۔ پھیپھڑوں کے زخم اور خشک کھانسی میں معمول و مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بہدانہ۔ اسپغول تخم
خطمی ہر ایک ۲ تولہ۔ آب انار شیریں آب خیار دانہ۔ آب کدو دراز۔ آب برگ خرفہ
مروق ہر ایک ۱۰ تولہ شکر سفید آدھ سیر صمغ عربی۔ کتیرا۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ تخم
خشخاش ہر ایک ا تولہ۔ رب السوس۔ شکر تیغال ہر ایک ۶ ماشہ۔ اول الذکر تینوں ادویات کا
لعاب نکال کر آبہائے مذکورہ میں ملا کر شکر کا اضافہ کرکے لعوق کے قوام پر لے آئیں اور
آخر قوام میں صمغ عربی وغیرہ باریک پیس کر شامل کریں۔

لعوق پیٹھہ۔ کھانسی میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت اصل السوس ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم خشخاش۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم پیٹھہ ہر ایک ۱ تولہ مصری ۱۵ تولہ بدستور سابق لعوق تیار کریں۔

لعوق جمیز۔ سینہ اور حلق پر نزلہ گرنے سے باز رکھتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۳ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ جمیز (ثمر گولر) بقدر ضرورت شکر سفید حسب حاجت۔ صمغ عربی۔ کتیرا ہر ایک ۶ ماشہ اول جمیز (ثمر گولر) کو پانی میں جوش دے کر صاف کریں اور پھر دوبارہ جوش دے کر شکر ملا کر لعوق کے قوام پر لے آئیں اور آخر قوام میں صمغ عربی اور کتیرا پیس کر شامل کریں۔

لعوق حب القطن۔ تقویت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری ۴ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز پنبہ دانہ ۶ تولہ۔ دار چینی۔ تخم انجرہ۔ قرنفل۔ تخم صنوبر ہر ایک ۴ تولہ۔ شقاقل مصری۔ سونٹھ ہر ایک ۳ تولہ۔ جائفل ۲ تولہ۔ قسط شیریں۔ تخم کتان بریان۔ مصطگی ہر ایک اٹھارہ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معلوم لعوق تیار کریں۔

لعوق خشخاش۔ کھانسی۔ خونی کھنگار اور نزلہ کی شکایت میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۶ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اصل السوس ۱۸ ماشہ۔ تخم خطمی۔ بہدانہ ہر ایک ۲۴ ماشہ۔ شکر سفید آدھ سیر مغز بہدانہ صمغ عربی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ کتیرا ۱۴ ماشہ۔ خشخاش سیاہ۔ خشخاش سفید ہر ایک ۱۸ اولی الذکر تینوں دواؤں کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں اور مل چھان کر شکر ملا کر قوام پر لے آئیں اور آخر قوام میں دیگر دواؤں کو باریک پیس کر شامل کریں۔

لعوق خیار شنبر۔ رفع قبض کے لئے نیز ذات الجنب میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عناب سپستان ہر ایک ۱۵ عدد۔ بنفشہ ۹ ماشہ۔ خطمی ۵ ماشہ۔ سناء مکی۔ شیر خشت ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ فلوس خیار شنبر ۶ تولہ خمیرہ بنفشہ ۳ تولہ۔ ترنجبین ۶ تولہ۔ روغن بادام شیریں ۵ ماشہ۔ مصری ۲ تولہ۔ بدستور معروف لعوق تیار کریں۔

لعوق زوفا۔ پرانی کھانسی اور دمہ و تنگی نفس میں مفید ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زوفا خشک بیخ سوسن نیلگوں ہر ایک ۶ تولہ۔ شہد خالص آدھ سیر۔ دواؤں کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ سیر پانی باقی رہ جائے تو صاف کر کے شہد ملا کر قوام کریں۔

لعوق سپستان۔ گاڑھے اور لیسدار بلغم کو چھانٹتا ہے کھانسی اور نزلہ کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سپستان ۵۰ عدد۔ عناب ۲۰ عدد پوست خشخاش ۲ تولہ اصل السوس ۱ تولہ خطمی سفید تخم خیارین ہر ایک ۴ ماشہ۔ بہدانہ ۳ ماشہ۔ شکر سفید آدھ سیر۔ شیرہ جو مقشر۔ شیرہ مغز بادام مقشر۔ شیرہ تخم خشخاش ہر ایک ۱ تولہ۔ رب السوس۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۳ ماشہ۔ شیرہ جات اور رب السوس وغیرہ کے علاوہ تمام دواؤں کو جوش دے کر اور مل چھان کر شکر ملا کر قوام پر لائیں اور آخر قوام میں تمام شیرہ جات اور رب السوس وغیرہ کو پیس کر ملا لیں۔

لعوق سل۔ مرض سل میں نہایت مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۳ سے ۵ ماشہ تک روزانہ چاٹیں۔
نسخہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز بہدانہ۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم خشخاش۔ انزروت سفید کتیرا۔ حلبہ۔ سرطان محرق۔ مغز چلغوزہ۔ ایرسا۔ زوفا خشک۔ جملہ مساوی الوزن سب کو کوٹ کر شربت زوفاء میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

لعوق شمعون۔ نزلہ و زکام و کھانسی کے واسطے بے مثل دوا ہے۔ قبض و یبوست اس میں بالکل نہیں۔ بلغم کو آسانی سے خارج کرتا ہے۔
استعمال۔ قدرے قدرے چاٹتے ہیں۔
نسخہ۔ تخم خشخاش۔ کتیرا۔ صمغ عربی نشاستہ۔ مغز تخم کدوے شیریں۔ مغز بادام شیریں ہر ایک ۲ تولہ۔ قند سفید پاؤ سیر عرق بید مشک ڈیڑھ سیر بدستور معلوم لعوق تیار کریں۔ اگر اخراج بلغم و ترطیب کی زیادہ ضرورت ہو تو روغن بادام شیریں ۲ تولہ اصل السوس ایک تولہ اضافہ کریں۔

لعوق صنوبر۔ ضیق النفس میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز بادام۔ مغز صنوبر۔ بیخ بنفشہ۔ صمغ عربی۔ کیرا ہر ایک ۲ ماشہ۔ تخم کتان۔ تخم تمرہندی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ روغن زرد ہم وزن ادویہ شہد خالص دو چند بدستور معروف لعوق تیار کریں۔

لعوق طباشیر۔ پرانے بخار اور تپ دق میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق ہرا بھرا ۴ تولہ شربت اعجاز ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نشاستہ۔ کیرا ہر ایک ۳ تولہ۔ طباشیر ۱۴ ماشہ۔ مغز تخم خیار مغز تخم چلغوزہ۔ الائچی خورد صمغ عربی ہر ایک ۲۴ ماشہ۔ شکر سفید ۳ پاؤ۔ بدستور معلوم لعوق تیار کریں۔

لعوق طباشیر دیگر۔ پھیپھڑے اور سینہ کے زخموں میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت ایک تولہ کی مقدار میں چاٹیں۔ نسخہ۔ صمغ عربی نشاستہ۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیارین ہر ایک اڑھائی تولہ۔ طباشیر سفید ایک تولہ۔ تخم خبازی۔ تخم خطمی ہر ایک ۹ ماشہ سب کو کوٹ کر باریک کرکے شہد بقدر ضرورت۔ روغن بادام قدرے اضافہ کرکے لعوق تیار کریں۔ اور چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

لعوق عنصل۔ کھانسی اور تنگی تنفس میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عنصل بریان ۱۱ ماشہ۔ بیخ سوسن ۷ ماشہ۔ فراسیون۔ زوفا خشک ہر ایک ۳ ماشہ شہد سہ چند ادویہ۔ بدستور سابق لعوق بنائیں۔

لعوق غاریقون۔ بھوک لگاتا ہے اور معدہ کے صفراوی و بلغمی مواد کو چھانٹتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ غاریقون سفید ۵ ماشہ۔ ریوند چینی ۳ ماشہ۔ حشیش۔ غافث ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ افسنتین ۱ ماشہ۔ شربت کاسنی ۲ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ کر شربت مذکور میں ملا کر لعوق تیار کریں۔

لعوق کتان۔ ضیق النفس میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصباح ۱ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ لعاب تخم کتان۔ شکر سرخ۔ شہد خالص ہر ایک ۲۴ تولہ۔ سب کو جوش دے کر قوام پر لے آئیں۔ اور لعوق بنا کر محفوظ رکھیں۔
نسخہ دیگر۔ تخم کتان بریان۔ مغز بادام شیریں ہر ایک ۳ تولہ۔ شہد بقدر ضرورت تمام دواؤں کو پیس کر شہد میں ملا کر لعوق بنائیں اور بطریق سابق استعمال کریں۔

لعوق کزبرۃ البر۔ سینہ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کزبرۃ البر (پرسیاؤشاں) بقدر ضرورت اصل السوس ۳ تولہ۔ عناب ۵۰ دانہ۔ شکر سفید۔ شہد خالص۔ فانیذ (قند یا بتاشہ) ہر ایک ا پاؤ۔ رب السوس۔ کتیرا صمغ عربی نشاستہ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ پر سیاؤشاں کو جوش دیں اور جوش کے وقت اصل السوس اور عناب کو شامل کریں۔ پھر مل چھان کر شکر وغیرہ ڈال کر لعوق تیار کریں۔

لعوق گرم۔ رطوبتی کھانسی میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ رب السوس۔ زوفائے خشک۔ بیخ بنفشہ۔ مغز بادام تلخ ہر ایک ۴ ماشہ ہینگ تخم انجرہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ شہد حسب ضرورت۔ بدستور معروف لعوق بنائیں۔

لعوق معتدل۔ کھانسی کو زائل کرتا ہے اور گرم نزلات کو روکتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ۔ ۷ ماشہ صبح کے وقت چاٹ لیا کریں۔ نسخہ۔ مویز منقیٰ۔ انجیر زرد۔ باقلا۔ تخم خشخاش۔ اصل السوس۔ مغز تخم کدو شیریں بادیان پر سیاؤشان۔ زوفاء خشک۔ مغز بادام مقشر۔ میتھی۔ پودینہ ولایتی۔ صمغ عربی کتیرا تخم خطمی۔ تخم کتان۔ بہدانہ۔ کوکنار۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ شہد خالص ۱۰ تولہ۔ تمام دواؤں کو جوش دیں۔ نصف پانی رہ جانے پر مل چھان کر شہد ملا کر لعوق تیار کریں۔

لعوق ناردان:۔ معدہ کو قوت دیتا ہے۔ اور قے و ہچکی کو روکتا ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان و عرق الائچی ہر ایک ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ آرد سنجد۔ پوست بیرون پستہ۔ انار دانہ۔ زرشک ہر ایک ۶ تولہ سماق ۲ تولہ۔ پودینہ خشک۔ تخم مورد۔ ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ آب لیموں۔ آب غورہ آب بہی آب تمرہندی ہر ایک ۹ تولہ۔ سرکہ ۳ پاؤ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ بدستور معروف لعوق تیار کریں۔

لعوق نزلی۔ نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال ۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اصل السوس ۱۷ ماشہ۔ تخم خطمی۔ بہدانہ ہر ایک ۲ تولہ شکر سفید ۳۵ تولہ۔ مغز بہدانہ صمغ عربی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ کتیرا ۱۴ ماشہ۔ خشخاش سفید۔ خشخاش سیاہ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ اول الذکر تینوں دواؤں کو رات کو گرم پانی میں بھگوئیں اور صبح جوش دیں نصف پانی رہ جانے پر شکر ملا کر قوام پر لائیں اور آخر قوام میں دیگر دواؤں کو باریک پیس کر شامل کریں۔

باب المیم

ماء الاصول

ماء بمعنی پانی۔ اصول جمع اصل (بمعنی جڑیا بیخ) ادویہ کی جڑوں کے جوشاندہ کو ماء الاصول کہتے ہیں۔
ادویہ کو بیس گنے پانی میں اس قدر جوش دیا جائے کہ تین حصے پانی خشک ہو جائے پھر صاف کرکے شہد یا مصری وغیرہ ملا کر پیا جائے۔

ماء الاصول بلغمی۔ بلغمی امراض مثلاً" فالج استرخاء۔ صرع۔ سکتہ وغیرہ میں کثیر الاستعمال و نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول جوش کرکے گلقند عسلی ملا کر پلائیں۔
نسخہ۔ بیخ کرفس۔ بیخ اذخر۔ بیخ بادیان۔ اصل السوس۔ بیخ کبر۔ قرومانا ہر ایک ۹ ماشہ پانی میں بیس گنا جوش دے کر گلقند عسلی ۴ تولہ اضافہ کرکے پلائیں۔

ماء الاصول کبدی۔ جگر کے سوء مزاج بارد میں استفراغ مادہ کے بعد استعمال کیا جاتا ہے۔ نہایت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بدستور معروف ۷ تولہ سے ۹ تولہ تک روزانہ پیا جائے۔
نسخہ۔ سنبل الطیب۔ اذخر۔ گل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ اجوائن دیسی۔ انیسوں ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم کرفس۔ بادیان ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ پوست بیخ کرفس۔ پوست بیخ بادیان ہر ایک ۳ تولہ پانی ساڑھے چار سیر میں جوش دے کر جب نصف باقی رہ جائے صاف کرکے روغن بادام شیریں ۳ تولہ اضافہ کرکے نگاہ رکھیں۔

ماء الاصول مدر۔ دموی بخاروں میں ادرار کے واسطے نہایت مستعمل و مفید ہے
استعمال۔ حسب معمول تیار کرکے نیم گرم پئیں۔
نسخہ۔ پوست بیخ کرفس۔ پوست بیخ بادیان۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ انیسون۔ حاشا ہر ایک ۶ ماشہ۔ گلقند ۳ تولہ۔ ادویہ کو جوش کرکے گلقند اضافہ کرکے پلائیں۔

ماء الاصول منضج۔ دموی و صفراوی بخاروں میں نضج مادہ کے لئے مستعمل و مفید ہے۔

استعمال۔ چند روز تک سوا پاؤ ماء الاصول میں ۳ تولہ سکنجبین ملا کر پلائیں۔

نسخہ۔ پوست بیخ کاسنی نیم کوفتہ ۵ تولہ۔ تخم کاسنی نیم کوفتہ ۵ تولہ۔ تخم کشوث۔ ڈیڑھ تولہ۔ عناب ۲۰ دانہ۔ سپستان ۱۸ دانہ۔ سب کو ۹ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب اڑھائی سیر پانی باقی رہے تو صاف کر کے رکھیں۔ اور بطریق مذکور سکنجبین ملا کر ہر روز پلائیں۔

ماء الجبن

بکری یا گائے کے دودھ کو پھاڑ کر تیار کیا جاتا ہے گائے کے دودھ کی نسبت بکری کے دودھ کا بہتر ہوتا ہے۔ خصوصاً" سرخ رنگ کی بکری کا جس بکری کے دودھ کا ماء الجبن بنانا ہو اسے گابھن ہونے کے ابتدائی زمانہ سے پالک خرفہ وکاہو وغیرہ کی ترکاری کا چارہ دیا جائے اور ہر وقت چارہ اور پانی کا انتظام رکھا جائے۔ بچہ جننے کے چالیس روز بعد سے اس بکری کے دودھ کا ماء الجبن بنانا چاہیئے۔

استعمال۔ ماء الجبن کو ۷ تولہ سے شروع کریں اور ہر روز ایک تولہ دو تولہ اضافہ کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ ڈیڑھ پاؤ تک پہنچ جائے تین دن تک ڈیڑھ پاؤ پی کر پھر اسی طرح تدریجاً" ۷ تولہ لا کر چھوڑ دیں۔

ماء الجبن کے فوائد۔ حمیات سوداویہ۔ دیگر گرم سوداوی امراض میں نیز حرارت جگر کمزوری اور لاغری جسم۔ سوزش پیشاب و قروح مثانہ جدید و قدیم۔ خارش و حرقت بدن وغیرہ امراض میں ماء الجبن کا استعمال بے حد مفید ہوتا ہے۔

بنانے کی ترکیب۔ گائے یا بکری کے دودھ کو قلعی دار برتن میں آگ پر جوش دیں اور انتہائے جوش کی حالت میں ترش سکنجبین یا انگوری سرکہ یا عرق لیموں اور ذرا سا نمک لاہوری ڈال کر انجیر کی تازہ لکڑی سے (لکڑی کے کنارہ کو چاقو سے چوپارہ کریں) چلاتے رہیں۔ جب دودھ پھٹ جائے تو برتن کو آگ سے اتار دیں اور دبیز کپڑے میں چھان لیں اگر پانی کا رنگ نیلگوں ہو جائے تو بہتر ہے۔ ورنہ ذرا سا نمک اور ڈال کر پھر ایک دو جوش دینا چاہیئے۔ اور نیلگوں ہو جانے پر چھان کر شربت مناسب اضافہ کر کے پینا چاہیئے۔

ماء الحیات

اصلاح کیمیا میں ماء الحیات اس دوا کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ سے کشتہ زندہ ہو جائے یعنی جس دھات کا کشتہ ہو اسی کی طرف لوٹ آئے مثلاً" چاندی یا سونے کا کشتہ چاندی اور سونا بن جائے۔ لیکن بعض ممالک میں ماء الحیات ایک خاص ترکیب سے تیار کئے ہوئے عرق کو کہتے ہیں۔ جو شراب کی بجائے محتاط لوگ یا عام لوگ ماہ رمضان المبارک میں استعمال کرتے ہیں۔

ماء الشعیر

ماء الشعیر (جو کا پانی) پیاس کو ساکن کرتا ہے۔ اخلاط فاسدہ کے جوش کو فرو کرتا ہے۔ تمام جسم میں آسانی سے نافذ ہو جاتا ہے۔ حرات کو تسکین دیتا ہے مادہ کو نضج دیتا ہے۔ جلے ہوئے مواد کو نکالتا ہے۔ معتدل الغذا ہے بارد ہے۔ دوائیت کے ساتھ غذایت بھی ہی۔ الغرض مجموعی حیثیت سے ماء الشعیر مریضوں کے لئے ایک سستی اور کثیر المنفعت دوائے غذائی یا غذائے دوائی ہے۔

مگر احشائے بارد کو مضر ہے اور معدہ کو ڈھیلا کرتا ہے۔ نفخ شکم پیدا کرتا ہے گلقند سے اس کے نقصانات کی اصلاح ہو جاتی ہے۔

ماء الشعیر پکانے کا طریقہ۔ جو مقشر ایک حصہ میں پانی دس حصہ ملا کر نرم آنچ پر پکائیں جب پانی گرم ہو جائے۔ تو سات مرتبہ پانی تبدیل کریں۔ ساتویں مرتبہ جب پانی سرخی مائل ہو جائے تو اچھی طرح مل کر صاف کر لیں اور گلاب و عرق کیوڑہ و شربت انار یا مصری ملا کر پلائیں

ماء الشعیر محمص۔ بھنے ہوئے جو کے پانی کو بدستور مذکور تیار کرتے ہیں۔ اس کا استعمال مریضان اسہال کے واسطے بہت مفید ہوتا ہے۔

ماء الشعیر ملحم۔ جو مقشر کو آب یخنی میں اس قدر پکایا جائے کہ اس میں کسی قدر غلظت آ جائے پھر چھان کر کام میں لائیں۔ یا معمولی طریقہ سے مناسب مصالحہ کے ساتھ گوشت کو پکایا جائے اور گھی نہ ڈالا جائے۔ پھر اس میں دو تین جوش دیئے ہوئے جو مقشر ملا کر اور جدید پانی شوربہ کی طرح ڈال کر پکائیں۔ جب اچھی طرح جو گل جائیں تو چھان کر کام میں لائیں۔

(اگر جو کے گل جانے کے بعد گھوٹ کر گاڑھا پانی لیں تو اسے کشک الشعیر کہتے ہیں)

ماء العسل (شہد کا پانی)

اس کا استعمال امراض بارد مثلاً" سکتہ۔ صرع۔ فالج۔ لقوہ و درد سینہ و جگر (ریاحی) وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔

ماء العسل کے فوائد۔ معدہ کو قوی کرتا ہے۔ مواد کو پکاتا ہے ملین و مدر ہے اخلاط فاسدہ کو خارج کرتا ہے۔ امراض باردہ مثلاً" فالج و لقوہ وغیرہ کی ابتداء میں ماء العسل کو بعوض غذا و پانی کے استعمال کیا جاتا ہے۔

ورم احشاء کی حالت میں اس کا استعمال نہیں چاہیئے۔

ماء العسل بنانے کی ترکیب۔ شہد خالص مصفی ایک حصہ پانی میں چار حصہ میں جوش دیں جب ایک تہائی پانی خشک ہو جائے تو کام میں لائیں اسے سادہ ماء العسل کہتے ہیں۔ گاہے ماء العسل کی قوت بڑھانے کے واسطے چند ادویہ اس میں اضافہ کی جاتی ہیں۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ دواؤں کو نیم کوب کر کے پوٹلی میں باندھ کر ماء العسل سادہ ڈال دیتے ہیں اور جوش دے کر صاف کر کے پلاتے ہیں اسے ماء العسل مرکب کہتے ہیں۔ اگر پانی کی بجائے کسی مناسب عرق میں جوش دے کر ماء العسل تیار کیا جائے تو زیادہ مفید ہوتا ہے۔

ما القرع و ماء الخیار (کدو اور ککڑی کا پانی)

دموی و صفراوی بخاروں کو زائل کرتا ہے۔ اخلاط محرقہ کو خارج کرتا ہے۔ پیاس کو ساکن کرتا ہے۔ بدن میں تری پیدا کرتا ہے۔ تپ دق اور کھانسی کو فائدہ دیتا ہے۔ غرض بہت مفید اور سستی چیز ہے۔

استعمال۔ ۷ تولہ سے شروع کر کے روزانہ ایک دو تولہ بڑھا کر ایک رطل تک پہنچا دیں بعدہ اسی طرح تدریجاً" کم کر کے ابتدائی مقدار تین دن استعمال کریں۔ اور چھوڑ دیں زیادہ تبرید مطلوب ہو تو برف سے سرد کر کے دیں۔

بنانے کی ترکیب۔ کدو تازہ لے کر چاقو کی نوک سے چکو کر بہت سے سوراخ کر دیں پھر جو کا آٹا یا ملتانی مٹی ایک انگشت چڑھا کر کم آنچ کے تنور میں رات کو رکھ دیں۔ صبح نکال کر مٹی وغیرہ علیحدہ کر کے برتن میں پانی نچوڑ لیں اور صاف کر کے مناسب شربت اضافہ کر کے

پلائیں یہی طریقہ خیار (ککڑی) وغیرہ کے پانی نکالنے کا ہے اور اس کا طریق استعمال و فوائد
اسی کے قریب ہیں۔

ماء اللحم

ماء اللحم (گوشت کا پانی) اس عرق کو کہتے ہیں جو صرف گوشت یا گوشت و دیگر ادویہ
سے عرق کے طریقہ پر کشید کیا جاتا ہے۔
استعمال۔ عام جسمانی کمزوری و تقویت اعضائے رئیسہ و باہ و امراض سوداوی وغیرہ میں
بے حد مفید ہے۔
بنانے کی ترکیب۔ گوشت کو کسی سربستہ برتن میں بطور یخنی پکائیں۔ جب اچھی طرح پک
جائے تو چولھے سے اتار کر ویسے ہی سربستہ رکھ کر سرد کرلیں۔
اگر محض گوشت کا عرق لینا ہے تو صرف اسی کا عرق کشید کریں ورنہ ادویہ کو اس کے
پانی میں ملا کر عرق کشید کریں۔

ماء اللحم بارد۔ تپدق۔ مالیخولیا احتراقی (جو احتراق صفرا یا خون یا کثرت سے گرم
اغذیہ و ادویہ کے استعمال سے ہو) میں نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ علی الصباح ۳ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گوشت بزغالہ۔ گوشت برہ جوان۔ گوشت بچہ میش ششماہیہ ہر ایک ا سیر سب
گوشتوں کو ہڈی اور چربی سے صاف کر کے پتلے پتلے پارچے بنا کر تازہ قلعی شدہ دیگ میں
ڈال دیں اور طباشیر صندل سفید۔ کشنیز خشک گل سرخ دانہ الائچی سفید ہر ایک ۲۲ ماشہ۔
دار چینی ۴ ماشہ۔ باریک پیس کر اس پر چھڑک کر نیم پخت کر کے گلاب عرق بید مشک عرق
گاؤزبان ۔ عرق سیوتی۔ عرق صندل۔ عرق شاہترہ۔ عرق نیلوفر۔ عرق کاسنی ایک ایک سیر۔
پانی بقدر ضرورت اضافہ کر کے بطریق معروف آٹھ نو سیر کے قریب عرق کشید کریں۔ پھر
اس عرق تیار شدہ میں سیب تازہ امرود تازہ شیریں۔ کدوئے تازہ زعرور سب کو ٹکڑے
ٹکڑے کر کے اور آب انار شیریں۔ برگ خرفہ تر۔ اسفاناخ تر۔ زرشک ۔ کاہو۔ برگ
بید۔ گل سرخ۔ گل نیلوفر۔ شاہترہ تازہ۔ گل سیوتی۔ باقلا تازہ ہر ایک پاؤ سیر۔ بہمن سفید۔
بہمن سرخ۔ تخم خشخاش۔ گاؤ زبان۔ گل گاؤزبان ہر ایک ۲۲ ماشہ تودرین ا تولہ۔ پانی اور
کوئی مناسب عرق بقدر ضرورت اضافہ کر کے دوبارہ ۷ سیر عرق کشید کریں۔ عنبر اشہب ۳

ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ ۔ نیچہ میں رکھ دیں۔ اگر ضرورت ہو تو دوسری مرتبہ بھی عرق کشید کرتے وقت طباشیر و کافور اضافہ کر سکتے ہیں۔

ماء اللحم حار۔ سرد معدہ والوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز تقویت قلب و باہ کے لئے مخصوص ہے۔
استعمال۔ ۳ تولہ علی الصباح استعمال کریں۔
نسخہ۔ گوشت دراج آدھ سیر۔ گوشت بٹلی۔ گوشت آہو ہر ایک ۱ سیر۔ گوشت مرغ آدھ سیر۔ گوشت کنجشک۔ نرخانگی پاؤ سیر۔ گوشت کبوتر جنگلی آدھ سیر سب گوشتوں کو چربی دار استخوان سے صاف کر کے پارچے کرلیں اور پانی یا کسی مناسب عرق میں (بقدر حاجت) گلا قرنفل۔ پوست بیرون پستہ۔ خولنجاں۔ بوزیدان۔ جوزبوا ۔بسباسہ۔ گل سرخ۔ طباشیر گل گاؤزبان۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۱ تولہ۔ آملہ۔ ہلیلہ کابلی۔ دار چینی۔ الائچی خورد۔ خارخسک پوست ترنج۔ کشنیز خشک مقشر۔ صندل سفید۔ گاؤزبان۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید شقاقل تو درین۔ تخم ہلیون ہر ایک ۲ تولہ۔ عود غرقی ۶ ماشہ۔ درونج عقربی۔ تخم فرنجمشک قرفہ ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ اندر جو شیریں۔ مصطگی ہر ایک ۲ تولہ مشک عنبراشہب ہر ایک دو ماشہ۔ آب بہی آب سیب ہر ایک آدھ سیر۔ گلاب خالص ۲ سیر۔ پانی بقدر مناسب اضافہ کر کے بطریقہ معلوم عرق کشید کر کے کام میں لائیں۔

ماء اللحم مرطب۔ تپ دق کے مریضوں کے واسطے بے حد مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ علی الصباح ۴ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گوشت بزغالہ یک سالہ۔ چربی و استخوان سے صاف کر کے دیگچہ میں اس قدر بریاں کریں کہ گوشت کا پانی علیحدہ ہو جائے اور اچھی طرح گلا نہ ہو کہ چولھے سے اتار کر گوشت سے پانی نچوڑلیں اور اس پانی کو آگ پر ایک دو جوش دیں تاکہ خامی جاتی رہے اور بقدر ضرورت نمک و دھنیا باریک پیس کر ملا کر پلائیں۔

ماء اللحم مقوی۔ عام جسمانی کمزوری کے رفع کرنے کے واسطے ناقہین و کمزور لوگوں کو دیا جاتا ہے۔ نیز ضعف قلب و مالیخولیا میں بہت مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ ہر روز استعمال کریں۔ نسخہ۔ کبوتر ۹ عدد۔ دراج (تیتر) بٹیر ہر ایک ۱۵ عدد۔ مرغ جوان ۳ عدد۔ کنجشک نر ۵۰ عدد۔ گوشت حلوان ۳ سیر زرشک پاؤ سیر۔ آب بہی۔ آب سیب۔ آب انار شیریں آب ناشپاتی ہر ایک ۱ سیر۔ صندل سفید پسا ہوا ۴ تولہ۔ کشنیز خشک گل سرخ ہر ایک

۲ تولہ گاؤزبان ۹ تولہ۔ اسطوخودوس اڑھائی تولہ۔ گل گاؤزبان ۸ تولہ۔ بادر نجبویہ ۲ تولہ۔ ابریشم خام ۲۰ تولہ تخم فرنجشک۔ بالنگو ہر ایک ۳ تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ۔ عود غرقی۔ پوست زنج ہر ایک ۴ تولہ۔ گلاب ا سیر۔ بید مشک ۲ سیر۔ عرق گاؤزبان۔ عرق نیلوفر ہر ایک ا سیر مشک ۹ ماشہ۔ عنبرا تولہ۔ بطریق متعارف عرق کشید کریں اگر مزاج میں حرارت غالب ہو تو ادویہ حارہ کم کرکے باردہ اضافہ کرسکتے ہیں۔

ماء اللحم مقوی باہ۔ تقویت باہ میں قوی الاثر ہے۔ نیز ناقہین و ضعیف لوگوں کو عام جسمانی کمزوری میں فائدہ دیتا ہے۔ بدن میں قوت پیدا کرتا ہے۔ چہرہ کے رنگ کو سرخ کرتا ہے نہایت مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ علی الصباح استعمال کریں۔ نسخہ۔ گوشت بزغالہ ششماہیہ سوا دو سیر پختہ۔ گوشت مرغ فربہ ۳ عدد کا۔ گوشت دراج ۹ عدد کا۔ گوشت لوہ پندرہ عدد کا سب کو چربی وغیرہ سے صاف کرکے پتلے پتلے پارچے کرکے صندل سفید۔ کشنیز خشک۔ دانہ ہیل۔ غنچہ گل سرخ۔ دار چینی ہر ایک ۲۲ ماشہ باریک پیس کر اس پر چھڑک کر دیگچہ میں ڈال کر گوشت کو نیم پختہ کرلیں اور گلاب عرق بید مشک آب گذر۔ آب انار شیریں ہر ایک ساڑھے چار سیر پختہ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں آب نیشکر۔ آب کمثری۔ عرق گاؤزبان ہر ایک سوا دو سیر پختہ ملا کر عرق کشید کریں۔ پھر اس تیار شدہ عرق میں عرق پان ۱۰۰ عدد۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ خولنجاں۔ سازج ہندی۔ دانہ ہیل۔ خصیتہ الثعلب۔ گل گاؤزبان۔ ہر ایک ساڑھے پانچ تولہ۔ گل سرخ سوا دو سیر پختہ۔ چائے خطائی۔ اشنہ ہر ایک ساڑھے چار تولہ ابریشم خام ساڑھے سات تولہ۔ دار چینی اڑھائی تولہ اضافہ کرکے ایک رات رکھا رہنے دیں۔ دوسرے دن دوبارہ عرق کشید کریں اور کام میں لائیں۔ دوسری مرتبہ کشید کرتے وقت مشک تبتی۔ عنبراشہب۔ زعفران ہر ایک ۴ ماشے۔ بدستور پوٹلی بنا کر نیچہ کے منہ میں رکھ دیں۔

ماء اللحم مقوی قلب۔ تقویت قلب کے لئے بہت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ ۳ تولہ علی الصباح استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل گاؤزبان۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ بید مشک تازہ۔ طباشیر ہر ایک ا تولہ برادہ صندل سفید ۴ تولہ۔ قرنفل۔ دار چینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ گوشت مرغ جوان ایک عدد کا۔ تمام ادویہ کو گوشت کے ساتھ اچھی طرح کوٹیں۔ یہاں تک کہ مثل مرہم کے ہو جائے بعدہ عرق بید مشک۔ عرق گلاب اضافہ کرکے عرق کشید کریں اور کام میں لائیں۔

ماء اللحم مقوی قلب دیگر۔ قلب و دیگر اعضائے رئیسہ نیز معدہ و باہ کو بہت قوت دیتا ہے۔ نہایت مفید و مستعمل ہے۔
استعمال۔ ۲ تولہ بوقت صبح استعمال کریں۔
نسخہ۔ شیرہ مغز بادام۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں۔ شیرہ تخم خیارین ہر ایک ڈیڑھ تولہ خس ہندی۔ سازج۔ برادہ صندل گل سرخ گل نسرین۔ کشنیز مقشر۔ ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ دانہ الائچی سفید۔ دانہ الائچی کلاں۔ ابریشم مقرض۔ گاؤزبان۔ گل گاؤزبان پوست ترنج۔ شقاقل۔ بہمن سرخ بہمن سفید۔ تودرین۔ بادر نجبویہ۔ برگ پودینہ۔ عود ہر ایک ۹ ماشہ۔ سنبل الطیب۔ زرنباد۔ صعتر۔ کباب چینی اشنہ۔ زرنب۔ خولنجاں۔ سعد کوفی قرنفل۔ مصطگی۔ طباشیر۔ دار چینی۔ درونج عقربی۔ نارمشک۔ بسباسہ۔ فرنجمشک ہر ایک ساڑھے چار ماشہ۔ برگ پان زرد ۲۵ عدد۔ کوٹنے کی دوائیں نیم کوب کر کے پانی اور عرق گلاب میں بھگو دیں۔ اور گوشت بزغالہ یکسالہ سات سیر ہڈی و چربی سے صاف کر کے آب یخنی لے کر دواؤں کے ساتھ ملا کر عرق کشید کریں۔ زعفران عنبر مشک عطر کیوڑہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ پوٹلی میں باندھ کر نیچہ کے منہ پر رکھ دیں تاکہ عرق اس کے اندر سے گزر کر برتن میں گرے۔

مالتی بسنت

معدہ و تمام اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ دق اور دیگر پرانے بخاروں کو دور کرتا ہے۔ حرارت غریزی کو جوش میں لاتا ہے۔
استعمال۔ ایک رتی کی مقدار میں حمیات مزمنہ میں سفوف ست گلو کے ہمراہ اسہال وغیرہ میں زیرہ کے ہمراہ بلغمی و ریاحی امراض میں شہد کے ہمراہ اور فساد خون و صفراوی امراض میں رسوت کے ہمراہ دیں۔
نسخہ۔ ورق طلاء ایک ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ شنگرف ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۴ ماشہ سنگ بصری ۸ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے گائے کے مکھن میں چرب کر کے کھرل کریں پھر لیموں کاغذی کا عرق ڈال کر اس قدر کھرل کریں کہ دہنیت جاتی رہے پھر قرص تیار کر کے رکھ اور حسب طریقہ مذکورہ استعمال کریں۔

مالتی بسنت دیگر۔ فوائد مذکورہ بالا۔
استعمال۔ تقویت معدہ کے واسطے ایک رتی ہمراہ معجون سنگدانہ مرغ ۳ ماسہ۔ تپ دق میں ارتی کو بالائی میں ملا کر ہمراہ عرق ہرا بھرا ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ کہربائے شمعی ۵ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ مروارید ناسفتہ۔ ورق طلاء ہر ایک ۶ ماشہ۔ مسکہ گاؤ بقدر ضرورت۔ تمام ادویہ کو مسکہ گاؤ میں کھرل کریں۔ بعدہ عرق لیموں میں سات دن کھرل کریں۔ خشک ہونے پر دوبارہ عرق لیموں میں دو ہفتہ کھرل کریں پھر سہ بارہ عرق لیموں میں تین دن کھرل کر کے اقراص تیار کر کے سکھا کر محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

مربہ جات

پھلوں کو پانی وغیرہ میں ابال کر شکر یا شہد وغیرہ کے قوام میں رکھا جاتا ہے اسی کو مربٰی کہتے ہیں۔

مربہ بنانے کے عام قاعدے۔ بالعموم مربہ اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ جس پھل کا مربہ تیار کرنا ہو اسے چھیل کر ویسے ہی پانی میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ وہ نرم ہو جائے اور پانی سوکھ جائے۔
اس کے بعد قند سفید وغیرہ کا قوام کر کے پھل کو اس میں ڈال دیں۔ دوسرے دن قوام مذکور معہ پھل کے پھر پکالیں (تاکہ قوام درست ہو جائے۔ یا پھر جوش دے کر درست کرلیں) تفصیل کے لئے دیکھو ضمیمہ معلم دوا سازی۔

مربہ آملہ۔ دل و دماغ کو قوت بخشتا ہے۔ معدہ اور جگر کو قوی کرتا ہے اور دستوں کو روکتا ہے۔ نیز بواسیر کو زائل کرتا ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصباح ایک عدد آملہ پانی سے دھو کر چاندی کا ورق لپیٹ کر استعمال کریں اور اوپر سے عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ پئیں۔
نسخہ۔ آملہ تازہ (نیم پخت) بقدر ضرورت شکر سفید حسب حاجت۔ آملوں کو لکڑی کی چھڑی سے چوک کر پانی میں بھگوئیں اور تین روز کے بعد نکال کر صاف پانی سے دھوئیں بعدہ پانی میں جوش دے کر نرم ہو جانے پر پانی سے نکال کر خشک کرلیں اور تھوڑے سے گھی میں بریاں کر کے کپڑے سے صاف کریں اور شکر میں ملا کر قوام پر لے آئیں اور صاف کر کے

محفوظ رکھیں۔

مربہ انناس۔ وحشت و سراسیمگی ۔ خفقان و اختلاج قلب کو دور کرتا ہے۔ طبیعت کو فرحت بخشتا ہے۔
استعمال۔ ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ انناس حسب ضرورت۔ شکر سفید۔ بقدر حاجت گلاب۔ مشک بقدر ضرورت انناس کو چھیل کر اور درمیانی ہڈی کو نکال کر ٹکڑے کرلیں اور دیگچی میں ڈال کر پانی بھر دیں۔ اور دیگچہ کا منہ سرپوش سے ڈھک کر آٹا لگا دیں اور نرم آنچ پر جوش دیں جب ٹکڑے نرم ہو جائیں تو ٹکڑوں کو نکال کر مصری کے قوام میں جوش دیں اور گلاب و مشک ڈال کر اتار لیں اور محفوظ رکھیں۔

مربہ بہی۔ فرحت بخشتا ہے۔ دل اور دماغ کو قوی کرتا ہے۔ معدہ کو قوت بخشتا ہے۔ خفقان اور پریشان خیالی کو دور کرتا ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصباح بقدر ۳ تولہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بہی کلاں بقدر ضرورت۔ شہد حسب ضرورت۔ بہی کو چھیل کر چار ٹکڑے کریں اور ایک حصہ شہد اور دو حصہ پانی میں جوش دیں۔ نرم ہو جانے پر نکال کر خالص شہد میں جوش دے کر مربہ تیار کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔

مربہ بیلگری۔ پیچش اور ہر قسم کے دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۳ تولہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بیل کلاں۔ شکر حسب ضرورت۔ عمدہ اور پختہ بیل کا چھلکا اتار کر قاشیں کرلیں اور بیج صاف کرلیں۔ شکر کے قوام میں شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

مربہ پیٹھا۔ اندرونی حرارت کو تسکین دیتا ہے۔ دل کو فرحت اور قوت بخشتا ہے۔
استعمال۔ روزانہ صبح نہار منہ بقدر ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پیٹھا حسب ضرورت ۔ شکر سفید بقدر حاجت پیٹھے کو چھیل کر نرم حصہ نکال کر آب پیٹھا میں جوش دیں۔ پانی کے جذب ہو جانے پر گھی میں بھون کر اور کپڑے سے صاف کر کے شکر کے قوام میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

مربائے ترنج۔ دل کی گرمی کو تسکین دیتا ہے بھوک لگاتا ہے معدہ کو قوی کرتا اور دل کو فرحت بخشتا ہے۔
استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ و عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست ترنج بقدر ضرورت شکر سفید۔ حسب ضرورت پوست کو پانی میں جوش دیں اور نرم ہو جانے پر نچوڑ کر شکر کے قوام میں بدستور مربہ تیار کریں۔

مربائے خرما۔ تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ صبح شام ایک عدد خرما ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خرما تازہ ۱۷ عدد۔ شیر مادہ گاؤ تین پاؤ۔ خرما کو رات بھر دودھ میں بھگوئیں اور صبح کو دودھ میں سے نکال کر پیٹ چاک کر کے گٹھلی نکالیں اور بقدر ۳ سرخ لوبان کوڑیہ بھر کر دھاگہ لپیٹ دیں اور گھی میں بریان کریں سرخ ہو جانے پر گھی علیحدہ کرلیں اور شکر ملا کر مربہ کے قوام پر لائیں۔

مربائے زنجبیل۔ ریاح کو تحلیل کرتا ہے غذا کو ہضم کرتا ہے۔ گردوں کی سردی کو زائل کر کے گرم کرتا ہے اور کمر کو مضبوط بناتا ہے۔
استعمال۔ ایا ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زنجبیل بے ریشہ بقدر حاجت شہد حسب ضرورت زنجبیل کو کسی برتن میں رکھ کر ریت سے دبائیں اور روزانہ پانی چھڑکتے رہیں۔ اکیس روز کے بعد نکال کر چھری یا چاقو سے گود کر ایک حصہ پانی اور دو حصہ شہد میں ملا کر قوام تیار کریں۔

مربائے سیب۔ دل اور دماغ کو قوت دیتا ہے۔ خفقان ۔ بیہوشی اور دل کی دھڑکن میں از حد مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سیب حسب ضرورت شکر مفید بقدر حاجت۔ سیب کو چھیل کر اور بیج نکال کر پانی میں جوش دیں۔ نرم ہو جانے پر شکر کے قوام میں شامل کر کے مربہ تیار کریں۔

مربائے شقاقل۔ قوت باہ کے لئے عجیب الاثر ہے۔
استعمال۔ بقدر ۲ تولہ روزانہ علی الصباح دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ شقاقل تازہ ۔ شکر سفید حسب ضرورت۔ شقاقل کو تین روز پانی میں بھگوئیں لیکن

روزانہ پانی تازہ بدلتے رہیں۔ بعدہ شقاقل کو چھیل کر پانی میں جوش دیں اور نیم پخت ہونے پر پانی سے نکال کر شکر میں جوش دیں اور قوام ہو جانے پر محفوظ رکھیں اور چالیس روز کے بعد استعمال کریں۔

مربائے گزر۔ تبخیر کو دور کرتا ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے معدہ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ شیرہ مادہ گاؤ یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گاجر حسب ضرورت شکر سفید بقدر حاجت گاجر کو چھیل کر اور اندر سے استخوان نکال کر دودھ میں جوش دیں۔ پک جانے پر جب کچھ سوکھ جائیں تو گھی میں بریان کر کے شکر کے قوام میں مربہ تیار کریں۔

مربائے ناشپاتی۔ تقویت معدہ اور تفریح طبع نیز معدہ کی کمزوری دور کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۲ تولہ مربہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ناشپاتی بقدر ضرورت۔ شکر سفید بقدر ضرورت۔ ناشپاتی کو چھیل کر اور بیج نکال کر پانی میں جوش دیں۔ نیم پخت ہو جانے پر نکال کر شکر میں ڈال کر قوام پر لے آئیں۔

مربائے ہلیلہ۔ قبض کو توڑتا ہے بھوک لگاتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ استعمال۔ روزانہ ایک عدد ہلیلہ پانی سے دھو کر اور چاندی کا ورق لپیٹ کر عرق بادیان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ تازہ یا خشک بقدر ضرورت۔ شکر سفید حسب حاجت۔ ہلیلہ کو چند روز پانی میں بھگوئیں اور روزانہ پانی بدلتے رہیں۔ بعدہ پانی میں جوش دیں۔ نرم ہو جانے پر چاقو سے گود کر گھی میں بھونیں۔ اور گھی کو صاف کر کے شکر ملا کر تیار کریں۔

مرہم

نیم جامد مرکب دوا جو کسی تیل یا چربی میں ادویہ ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ اور زخم پھوڑے اور ورموں وغیرہ میں استعمال کیا جاتا ہے (بنانے کی ترکیب وغیرہ ضمیمہ معلم دوا سازی میں دیکھیے)۔

مرہم آبی۔ ہر قسم کے ناصور اور زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ کپڑے پر لگا کر زخموں پر رکھیں۔ نسخہ۔ گوگل۔ سیماب ہر ایک ۴ ماشہ۔ رسوت ہندی ۷ ماشہ۔ تمام دواؤں کو روغن کنجد میں حل کر کے جوش دیں سیاہ اور غلیظ ہو جانے پر اتار کر محفوظ رکھیں۔

مرہم آہک۔ جلے ہوئے مقام پر سوزش کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ جلے ہوئے مقام پر بار بار لگائیں۔ نسخہ۔ آہک شستہ۔ مردار سنگ مغسول۔ سفیدہ کاشغری مغسول۔

سفیدی بیضہ مرغ ہر ایک حسب ضرورت بدستور معلوم مرہم بنائیں۔

مرہم ابیض۔ کان کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت کپڑے پر لگا کر فتیلہ بنائیں اور کان میں رکھ دیں۔ نسخہ۔ سفیدہ قلعی ۶ ماشہ۔ موم زرد ۶ ماشہ۔ روغن کنجد ۱ تولہ۔ موم کو روغن مذکورہ میں پگھلا کر اور سفیدہ کو کھرل میں ڈال کر موم اور روغن شامل کر کے اچھی طرح گھوٹ کر محفوظ رکھیں۔

مراہم اسود۔ پرانے زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت کپڑے پر لگا کر زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ مردار سنگ مغسول مسحوق۔ شنگرف مسحوق سفیدہ قلعی مغسول۔ توتیائے سفید ہندی ہر ایک ۵ ماشہ۔ روغن کنجد ۳۰ تولہ تمام دواؤں کو روغن کنجد میں حل کر کے جوش دیں۔ سیاہ اور غلیظ ہو جانے پر اتار کر محفوظ رکھیں۔

مرہم اشق۔ سخت ورموں کو خصوصا خنازیری گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے۔ استعمال ۔ مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ خردل۔ سمندر جھاگ۔ زراوند طویل ۔ گوگل۔ اشق۔ گندھک زرد۔ تخم انجرہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ زیت کہنہ ۱ تولہ۔ موم زرد ۲ ماشہ۔ تمام دواؤں کو پیس کر گوگل و اشق کو روغن مذکورہ میں حل کر کے موم کو پگھلا کر سب کو شامل کر کے مرہم بنائیں۔

مرہم اعجاز۔ زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ پھٹکری۔ نیلا تھوتھا ہر ایک ۱ تولہ کات سرخ یا پاپڑیا کتھ۔ رال۔ روغن کنجد۔ آب چاہ شیریں ہر ایک ۵ تولہ۔ پہلے روغن اور پانی کو کانسی کے برتن میں ہاتھ سے خوب ملیں بعدہ بقیہ دوائیں کوٹ چھان کر شامل کریں اور بدستور دو تین گھنٹے تک ہاتھ سے ملیں بس تیار ہے۔

مرہم اعلیٰ۔ پرانے ناسور۔ آتشکی زخم اور سرطان وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام زخم پر بقدر حاجت لگائیں۔ نسخہ۔ سیماب۔ توتیائے شنگرف۔ رال۔ مردار سنگ پیاز۔ برگ نیب سبز۔ صدف سوختہ۔ موم سفید ہر ایک ۴ ماشہ روغن مادہ گاؤ ۵ تولہ۔ موم روغن مذکورہ میں پگھلائیں اور تمام دواؤں کو باریک پیس کر خوب اچھی طرح ملائیں۔

مرہم اکبر۔ سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ خصوصا استسقاء کے ورموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ میتھی۔ تخم کتان۔ آردجو۔ گل خطمی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ مقوس خیار شنبر ۱۷ ماشہ۔ روغن کنجد بقدر ضرورت بدستور معروف مرہم تیار کریں۔

مرہم باسلیقون۔ کان کے درد اور زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت کپڑے پر لگا کر بتی بنائیں اور کان میں رکھیں۔ نسخہ۔ موم ۱۷ تولہ زفت ۱۱ تولہ مرکی۔ راتینج۔ ملک الانباط (صمغ بطم) ہر ایک ۵ تولہ۔ روغن زیت ۳ پاؤ۔ بدستور معلوم مرہم تیار کریں۔

مرہم بہروزہ۔ کان کے درد میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔ نسخہ۔ بہروزہ ۳ ماشہ۔ صمغ بطم۔ زفت رومی ہر ایک ٦ ماشہ۔ موم۔ روغن کنجد ہردو حسب ضرورت بطریق متعارف مرہم بنائیں۔

مرہم پنبہ۔ ہر قسم کے زخموں میں بطور مندمل مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ خاکستر پنبہ ۵۴ ماشہ۔ موم سفید ۲٦ ماشہ۔ بچ خراسانی ۲٦ ماشہ۔ روغن گاؤ ۴۵ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ سرخ۔ روغن کو گرم کر کے اس میں موم ڈال کر پگھلائیں اور خاکستر پنبہ کو شامل کریں۔ بچ کو باریک پیس کر اور نیلا تھوتھا کو جلا کر سب کو ملائیں اور لکڑی کے دستہ سے خوب اچھی طرح گھوٹیں۔

مرہم جاذب۔ پھوڑے پھنسیوں کے زخموں کو بھرتا ہے اور چبھے ہوئے کانٹے کو جذب کرتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام خلش پر لگائیں۔ نسخہ۔ راتیج ۹ تولہ۔ موم۔ ملک البطم ہر ایک ۲۰ سیر۔ روغن زیتون آدھ سیر۔ بورہ ارمنی ٦ تولہ بدستور متعارف مرہم تیار کریں۔

مرہم جدوار۔ زخموں کو بھرتا ہے اور سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ نیز چوٹ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ استعمال ۔ مقام درد پر نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔ نسخہ۔ جدوار ۵ ماشہ۔ کندہ بہروزہ ۱۷ ماشہ۔ زرد چوبہ۔ دیودار۔ اصل السوس۔ برگ حنا دھواں (بھڑ بھونجی کے مکان کی چھت کا دھواں) ہر ایک اڑھائی تولہ۔ پوست درخت مغیلاں برگ درخت نیم ہر ایک ۵ تولہ ۔ روغن ۵٦ تولہ موم ۵ تولہ۔ پوست

اور برگ کو خوب باریک پیسیں اور بہروزہ کے علاوہ تمام دواؤں کو ۲ سیر پانی میں جوش دیں۔ پانی تہائی رہ جانے پر مل کر چھان لیں بعدہ روغن مذکور اسی میں ملا کر دوبارہ جوش دیں جب پانی جذب ہو جائے تو تھوڑا روغن علیحدہ کر کے اس میں بہروزہ اور موم ڈال کر پگھلائیں۔ غلیظ ہو جانے پر محفوظ رکھیں۔

مرہم جذام۔ سوداوی زخموں نیز جذام میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ لادن ۹ ماشہ۔ حماما۔ بالچھڑ۔ کرویہ دشتی۔ دار فلفل۔ تج قسط تلخ۔ عاقر قرحا۔ مصطگی۔ مرکی۔ گوگل۔ حب بلسان۔ اشق۔ ایلوا۔ میعہ سائلہ۔ تخم انجدان۔ زراوند طویل۔ زراوند مدحرج۔ سعد کوفی۔ قرنفل۔ اکلیل الملک۔ بیخ بنفشہ۔ روغن زیتون کہنہ ہر ایک ۱ تولہ۔ ملک البطم۔ موم سفید ہر ایک ۲ تولہ روغن ناردین ہموزن ادویہ زعفران ۱۷ ماشہ۔ بدستور معروف مرہم بنائیں۔

مرہم چوب چینی۔ آتشکی زخموں میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔ استعمال ۔بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ برگ شیشم پاؤ سیر روغن گل آدھ پاؤ۔ موم سفید ۵۶ ماشہ۔ چوب چینی ۱ تولہ۔ شنگرف سیندور۔ سفیدہ کاشغری شستہ۔ مردار سنگ۔ سنگ بھری۔ سندروس۔ سیماب ہر ایک ۳ ماشہ۔ کات سفید ۹ ماشہ۔ برگ شیشم کو پیس عرق نکالیں اور چھان کر روغن گل اور موم ملا کر پکائیں اور دیگر دواؤں کو باریک پیس کر شامل کر کے مرہم تیار کریں۔

مرہم چہار مغز۔ ناسور میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال ۔ بوقت ضرورت ناسور پر لگائیں۔ نسخہ۔ رال۔ مغز اخروٹ۔ موم ۔ روغن کنجد ہر ایک مساوی الوزن۔ بدستور مرہم تیار کریں۔

مرہم خل۔ ورم فلغمونی میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام ورم پر لگائیں۔ نسخہ۔ مردار سنگ ۳۵ ماشہ۔ موم سفید ۳۵ ماشہ۔ روغن گل ۶ تولہ سرکہ بقدر حاجت حسب مرہم بنائیں۔

مرہم داخلیون۔ رحم کی گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے اور نسائی اندرونی ورموں کو دور کرتا ہے۔ نیز زخموں کو بھرتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت آب کاسنی سبز۔ آب مکوہ سبز میں حل کر کے دایہ سے استعمال کرائیں۔ نسخہ۔ روغن زیت کہنہ ۲ تولہ۔ مردار سنگ ۶

تولہ۔ تخم خطمی۔ اسپغول مسلم۔ تخم مرو۔ تخم میتھی۔ تخم کتان ہر ایک ۲ تولہ تخموں کو رات بھر بھگو کر صبح لعاب نکالیں اور مردار سنگ کو پیس کر روغن مذکورہ میں ملا کر آگ پر رکھیں سیاہ رنگ ظاہر ہونے پر اتار کر لعاب شامل کریں اور دوبارہ آنچ دیں۔ غلیظ ہو جانے پر گھوٹ کر مرہم تیار کریں۔

مرہم رال۔ زخموں کو بھرتا ہے اور زخموں سے گندہ گوشت کو کاٹتا ہے۔ استعمال ۔ زخموں کو پہلے نیم کے جوشاندہ سے دھوئیں۔ بعدہ مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ کافور قیصوری۔ رال کتھ ہندی۔ موم سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن گاؤ مساوی الوزن ادویہ موم کو روغن میں پگھلا کر رال کو شامل کریں۔ اور جوشائیں۔ بعدہ کتھ کو ملا کر دوبارہ جوش دیں غلیظ ہو جانے پر اتار کر کافور ملا کر گھوٹ لیں۔

مرہم رسکپور۔ آتشک کے گندہ اور متعفن زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ زخموں کو نیم گرم پانی سے دھو کر مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ دم الاخوین ۳ ماشہ۔ رسکپور ۶ ماشہ۔ روغن زرد حسب ضرورت۔ روغن کو ایک سو ایک مرتبہ پانی میں دھو کر دوا مذکورہ شامل کر کے خوب اچھی طرح گھوٹیں۔ یکذات ہو جانے پر محفوظ رکھیں۔

مرہم رسل۔ طاعون اور خنازیر کی گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے۔ ورموں کو دور کرتا ہے۔ بواسیری ناصور کو مندمل کرتا ہے۔ استعمال۔ مقام ورم اور زخموں پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ جاؤ شیر۔ زنگار۔ بہروزہ۔ مرصافی ہر ایک ۷ ماشہ۔ کندر زراوند طویل ہر ایک ۱۱ ماشہ مقل ارزق ۱۴ ماشہ۔ مردار سنگ ۱۵ ماشہ۔ اشق ۲ تولہ۔ سفید را تینج ہر ایک ۴ تولہ۔ روغن زیتون بقدر ضرورت بدستور متعارف مرہم تیار کریں۔

مرہم رسوت۔ ورم فلغمونی میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ مقام ورم پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ رسوت ۳ ماشہ۔ موم سفید ۷ ماشہ۔ روغن گل۔ روغن بنفشہ ہر ایک ۱۴ ماشہ بدستور سابق مرہم تیار کریں۔

مرہم زنجفر۔ پرانے زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ شنگرف۔ سیندور۔ موم سفید ہر ایک ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۴ ماشہ۔ توتیائے ہندی سوختہ ۱ ماشہ۔ سفیدہ قلعی ۴ رتی۔ روغن کنجد۔ حسب ضرورت بدستور معروف مرہم تیار کریں۔

مرہم زنگار۔ آتشک کے زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ زنگار۔ سیماب۔ گوگرد۔ توتیائے سبز۔ مردار سنگ۔ فوفل سفید سوختہ۔ کات ہندی ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن گاؤ ۷ ماشہ حسب معمول مرہم تیار کریں۔

مرہم سرخ۔ زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ موم پاؤ سیر۔ مصطگی۔ ایلوا۔ روغن کنجد۔ شنگرف ہر ایک ۴ تولہ۔ رال آدھ پاؤ حسب معمول مرہم تیار کریں۔

مرہم سرطان۔ مرض سرطان (ورم سخت) میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام ورم پر لیپ کریں۔ نسخہ۔ صندل سفید ۳ ماشہ۔ بوش دربندی۔ اقاقیا ہر ایک ۷ ماشہ شیاف مامیثا موم سفید ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ سرطان سوختہ ۱ عدد۔ روغن کنجد بقدر ضرورت بدستور معمول مرہم بنائیں۔

مرہم سرنج۔ خنازیری گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے اور ورم سرطانی کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ متورم مقام اور گلٹیوں پر لگائیں۔ نسخہ۔ مردار سنگ ۱۸ ماشہ۔ ملک البطم ۲۱ ماشہ۔ سیندور ۲۸ ماشہ۔ کندر۔ اشق۔ موم ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ روغن کنجد ۱۷ تولہ بدستور متعارف مرہم تیار کریں۔

مرہم سعفہ۔ گنج کی تمام قسموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ سر کو نیم کے جوشاندہ سے دھو کر مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ کافور ۶ سرخ۔ زرد چوبہ۔ گل سرخ۔ اقاقیا مغسول ہر ایک ۳ ماشہ۔ گلنار کاغذ سوختہ ہر ایک ۷ ماشہ سفیدہ کاشغری ۱۱ ماشہ۔ موم زرد ۶ ماشہ۔ روغن کنجد بقدر ضرورت بدستور معمول مرہم بنائیں۔

مرہم سعید خانی۔ ہر قسم کے زخموں میں خصوصیت سے مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں کو دھو کر مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ مرکی سیاہ۔ مرکی سرخ۔ زنگار۔ کات سفید۔ ایلوا سیاہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ مردار سنگ ۹ ماشہ۔ موم سفید ۲۲ ماشہ۔ روغن کنجد ۱۴ تولہ۔ موم کو روغن میں پگھلائیں۔ بعدہ تمام دواؤں کو باریک پیس کر شامل کریں اور نیم کی لکڑی کے دستہ سے چلاتے رہیں غلیظ ہو جانے پر اتار کر محفوظ رکھیں۔

مرہم سفید۔ زخموں کو صاف کرتا ہے گندہ اور فاسد گوشت کو کاٹ کر زخموں کو جلد بھر لاتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں کو صاف کر کے لگائیں۔ نسخہ۔ اجمود۔ سنگ بصری۔ کات سفید۔ کمیلہ۔ نیلہ تھوتھا بریان۔ مردار سنگ ہر ایک ۵ ماشہ۔ موم سفید ۲۸ ماشہ۔ روغن ۵۶ ماشہ۔ بدستور سابق تمام دواؤں کو روغن کنجد میں حل کر کے آگ پر رکھیں۔ غلیظ ہو جانے پر محفوظ کر لیں۔

مرہم سفید آب کافوری۔ جلے ہوئے مقام کی سوزش اور درد کو تسکین دیتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت جلے ہوئے مقام پر لگائیں۔ نسخہ۔ کافور قیصوری ۲ ماشہ۔ مردار سنگ۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ۴ ماشہ۔ موم سفید ۷ ماشہ۔ روغن کنجد ۱۸ ماشہ۔ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد بدستور سابق مرہم تیار کریں۔

مرہم سفیدہ۔ زخموں کو خشک کرتا ہے اور جلد کو مندمل کرتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ سفیدہ قلعی۔ موم سفید ہر ایک ۷ ماشہ۔ روغن گل ۱۱ ماشہ۔ بدستور معروف مرہم بنائیں۔

مرہم سلیمانی۔ قروح خبیثہ (گندے زخم) میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ رال۔ موم زرد ہر ایک ۴ تولہ مردار سنگ ۴ ماشہ۔ تخم پنواڑ۔ رسوت مکی۔ گیرو ہر ایک ۱ تولہ۔ توتیائے سفید۔ سیندور ہر ایک ۸ ماشہ۔ کتھ سفید۔ سنگ سرخ ہر ایک ۲ تولہ۔ گوگرد ۱ ماشہ۔ روغن گاؤ۔ روغن سرسوں ہر ایک ۸ تولہ برگ نیم یک مشت (مٹھی بھر) بدستور معروف مرہم بنائیں۔

مرہم سیاہ۔ متعفن زخموں کو دور کرنے میں مفید ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ مرچ پیپل۔ ہلدی۔ رسوت۔ کمیلہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ میدہ گندم ۲۸ ماشہ۔ روغن گاؤ۔ روغن سرسوں ہر ایک ۱۲ تولہ۔ تمام ادویات کو باریک پیس کر روغن گاؤ روغن سرسوں میں گھوٹیں اور محفوظ رکھیں۔

مرہم سیماب۔ زخموں کو بھرنے میں اور پھوڑے پھنسیوں کو تحلیل کرنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ سیندور۔ مردار سنگ۔ سیماب ہر ایک ۲ ماشہ۔ رسکپور۔ سفیدہ کاشغری کتھ سفید ہر ۱۱ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۴ سرخ۔ مسکہ گاؤ حسب ضرورت۔ تمام دواؤں کو مسکہ گاؤ میں (جو ایک سو ایک مرتبہ دھویا گیا ہو) حل کر کے مرہم تیار کریں۔

مرہم سیندور۔ زخموں کو بھرتا ہے اور فاسد گوشت کو صاف کرتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ روغن گاؤ ۳ تولہ۔ سیندور۔ مردار سنگ۔ سمندر جھاگ۔ رال۔ موم ہر ایک ۱ تولہ نیلا تھوتھا ۶ ماشہ۔ موم کو روغن میں پگھلائیں اور دیگر دواؤں کو باریک پیس کر اچھی طرح ملالیں۔

مرہم شادنج۔ بواسیر اور شقاق مقعد میں مفید ہے۔ استعمال۔ مقام پھٹن اور بواسیری مسوں پر لگائیں۔ نسخہ۔ شادنج مغسول۔ گل قبرسی۔ گل ارمنی۔ عصارہ ریشہ برگد ہر ایک ۱۰ ماشہ افیون ۲ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۷ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ روغن بنفشہ۔ روغن بادام روغن گل ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ موم سفید ۱۸ ماشہ۔ بدستور متعارف مرہم تیار کریں۔

مرہم شقاق۔ ہاتھ پاؤں کی پھٹن میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ علک البطم ۳ ماشہ۔ پیہ بط ایک تولہ زوفاتر ۹ ماشہ۔ مصطگی۔ مقل ہر ایک ۶ ماشہ موم۔ ہموزن ادویہ بدستور معلوم مرہم تیار کریں۔

مرہم شلجم۔ ورموں کو تحلیل کرنے زخموں کو بھرنے اور جلے ہوئے مقام کی سوزش کو تسکین دینے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ روغن گل ۱ تولہ۔ شلغم تازہ قدر ضرورت۔ سیندور ۳ تولہ کافور ۳ ماشہ۔ شلغم کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے روغن مذکور میں خوب اچھی طرح بھونیں۔ بعدہ شلجم کے ٹکڑوں کو نکال دیں اور روغن کو آگ پر سے اتار کر نیم کی لکڑی کے دستہ سے سیندور کو خوب اچھی طرح حل کریں۔ جب سیندور حل ہو جائے تو کافور اسی طرح شامل کر کے محفوظ رکھیں۔

مرہم شنگرف۔ زخموں کو صاف کرنے اور بھرنے میں خصوصیت سے نافع ہے۔
استعمال۔ زخموں کو دھو کر اور صاف کر کے مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ سنگ بصری۔ شنگرف۔
انزروت ہر ایک ۲ تولہ۔ دم الاخوین پھٹکری ہر ایک ۱ تولہ۔ موم سفید ۲۰ تولہ روغن گل
۴۰ تولہ۔ بدستور سابق مرہم بنائیں۔

مرہم عسل۔ زخموں کو آلائش سے پاک کرتا ہے اور فاسد گوشت کو کاٹتا ہے۔
استعمال۔ حسب ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ انزروت شہد۔ ہر ایک مساوی الوزن
شہد کو جوش دیں اور انزروت کو پیس کر اس میں خوب اچھی طرح ملا کر محفوظ رکھیں۔

مرہم عیسیٰ۔ ہر قسم کے زخموں میں مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ مصطگی۔ سہاگہ۔ پھٹکری۔ شنگرف ہر
ایک ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ الائچی سفید صمغ نیب ہر ایک ۲ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۱ ماشہ۔
مسکہ گاؤ آدھ پاؤ۔ دواؤں کو کوٹ کر کڑاہی میں ڈال کر روغن گاؤ ملا لیں۔ اور نیم کی لکڑی
کے دستہ سے خوب اچھی طرح حل کریں۔

مرہم فرنگی۔ زخموں کو خشک کرتا ہے اور جلد بھر لاتا ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ شیرہ برگ تنبول۔ روغن کتان۔ موم
زرد ہر ایک پاؤ سیر۔ تخم کتان ۲ ماشہ۔ تخم میتھی ۱۲ ماشہ۔ بیخ کنگنی۔ مسکہ گاؤ ہر ایک پاؤ سیر۔
عرق گلاب تخموں کو عرق گلاب میں پیس کر اور موم کو مسکہ گاؤ اور روغن کتان میں پگھلا
کر تمام دواؤں کو شامل کر کے مرہم تیار کریں۔

مرہم قرومانا۔ جگر کے درد کو تسکین دیتا ہے نیز تلی اور معدہ کی سختی کو تحلیل کرتا
ہے۔
استعمال۔ حسب معمول زخموں پر ملیں۔ نسخہ۔ زعفران۔ ماشہ کرویہ دشتی۔ بالچھڑ۔ حماما۔
قلقل۔ قسط۔ تج۔ لبان۔ عاقر قرحا۔ اشق۔ مصطگی۔ مرمکی۔ میعہ سائلہ۔ زراوند مدحرج۔
زراوند طویل۔ سعد۔ اکلیل الملک۔ لادن۔ قرنفل ہر ایک ۴ ماشہ۔ بیخ بنفشہ بہروزہ۔ روغن
بلسان۔ پیہ بط۔ پیہ گاؤ۔ صمغ درخت بادام تلخ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ موم حسب ضرورت
روغن ناردین بقدر حاجت بدستور متعارف تمام دواؤں کو باریک پیس کر روغن بلسان اور
روغن ناردین میں شامل کریں اور موم اور چربی کو پگھلائیں۔

مرہم قنبیل۔ ناسور اور پرانے زخموں کو بھرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت ناسور اور زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ کمیلہ ۸ ماشہ۔ شنگرف۔ توتیا ہر ایک ۲ ماشہ۔ کات سفید ۴ رتی۔ رال ٦ ماشہ۔ روغن زرد ۲ تولہ۔ موم کافوری ٦ ماشہ۔ موم اور رال کو روغن میں پگھلائیں اور تمام دواؤں کو باریک پیس کر شامل کرکے اچھی طرح یکذات کرکے محفوظ رکھیں۔

مرہم کافور۔ ورموں کو تحلیل کرتا ہے زخموں کو بھرتا ہے اور جلن و سوزش کو تسکین دیتا ہے۔ استعمال۔ زخموں کو نیم کے جوشاندہ سے دھو کر مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ سفیدہ آب۔ روغن سرسوں موم سفید۔ سفیدی بیضہ مرغ ہر ایک ۴ ماشہ کافور ا ماشہ۔ موم کو روغن میں پگھلائیں اور سفیدہ و کافور کو پیس کر شامل کریں ٹھنڈا ہو جانے پر سفیدی بیضہ ملا کر مرہم بنائیں۔

مرہم لسان الکلب۔ ناسور کے بھرنے میں عجیب الاثر ہے۔ استعمال۔ حسب معمول ناصور پر لگائیں۔ نسخہ۔ زبان سگ سوختہ ا عدد۔ کات۔ فوفل سوختہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ خرمہرہ زرد سوختہ ۴ ماشہ۔ روغن زرد کہنہ۔ موم سفید ہر دو حسب ضرورت بدستور معروف مرہم تیار کریں۔

مرہم مجرب پھوڑے پھنسیوں کو پکا کر پھوڑنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ زفت رومی۔ زنگار۔ اجوائن۔ اسپغول۔ میتھی۔ رائینج۔ بہروزہ۔ مین پھل۔ گوگل۔ سونٹھ۔ توتیائے ہندی۔ ریوند چینی۔ شیر بڑھ۔ شیر انجیر۔ شیر آک۔ موم روغن کنجد ہر دو حسب ضرورت تمام دواؤں کو شیرہ جات میں باریک پیس کر اور روغن کنجد میں پگھلا کر سب کو ملا کر مرہم تیار کریں۔

مرہم محلل سخت اورام کو تحلیل کرنے میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ ترمس شامی۔ سرگین۔ کبوتر۔ ختہ خرا۔ شیلم ہر ایک مساوی الوزن۔ زفت رومی مجموعہ وزن ادویہ۔ پیہ مرغ آبی حسب ضرورت زفت کو پیہ مرغ میں پگھلائیں۔ اور دیگر دواؤں کو باریک پیس کر شامل کرکے گھوٹ لیں۔

مرہم مسکن۔ زخموں کو مندمل کرتا ہے۔ اور سوزش درد کو تسکین دیتا ہے۔ استعمال۔ حسب ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ سیسہ مغسول۔ مردار سنگ سفید۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ۳ ماشہ۔ افیون سوختہ۔ صمغ عربی ہر ایک ۲ ماشہ۔ زعفران ا ماشہ موم سفید ا تولہ

روغن گل ۴ تولہ بطریق معلوم مرہم بنائیں۔

مرہم مصری۔ پرانے زخموں میں مفید ہے۔ استعمال۔ حسب ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ سرکہ۔ شہد ہر دو ۲۵ ماشہ۔ زنگار ۳ ماشہ۔ انزروت ۷ ماشہ۔ روغن گل ۷ ماشہ سرکہ تولہ شہد ملا کر آگ پر رکھیں اور جب قوام پر آجائے تو دیگر دوائیں شامل کرکے مرہم بنائیں۔

مرہم مقرح۔ زہریلے جانوروں کے کاٹے ہوئے مقام پر زخم ڈال کر مادہ کو نکالتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت کاٹی ہوئی جگہ پر لگائیں۔ نسخہ۔ زفت ۳ ماشہ۔ نمک نوشادر ۶ ماشہ۔ جاؤ شیر ۹ ماشہ۔ سرکہ حسب ضرورت بدستور متعارف مرہم تیار کریں۔

مرہم مقل۔ بواسیر میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت بواسیری مسوں پر لگائیں۔ نسخہ۔ موم سفید۔ روغن کنجد۔ پیہ بط۔ مغز ساق گاؤ۔ پیہ کوہان شتر۔ مقل ازرق ہر ایک مساوی الوزن۔ مقل کو لعاب اسپغول میں حل کرکے اور دیگر دواؤں کو روغن کنجد میں پگھلا کر سب کو شامل کرکے مرہم تیار کریں۔

مرہم مقوی باہ۔ باہ کو برانگیختہ کرتا ہے اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت سرخ عضو مخصوص پر طلا کریں اور اوپر سے نیم گرم پان باندھیں۔ نسخہ۔ مردار سنگ۔ سیماب۔ ہڑتال۔ سم الفار ہر ایک ۳ ماشہ۔ تخم کتائی ۵۶ ماشہ۔ روغن زرد آدھ پاؤ۔ تمام دواؤں کو شیرہ تخم کتائی میں کھرل کریں بعدہ روغن زرد میں دوبارہ کھرل کرکے مرہم بنائیں۔

مرہم ناصور۔ پرانے زخموں اور ناصور میں معمول و مفید ہے۔ استعمال۔ زخم کو دھو کر کپڑے پر مرہم لگا کر بتی بنائیں اور ناصور میں رکھیں۔ نسخہ۔ مردار سنگ۔ نیلا تھوتھا۔ پوست بیخ درخت پیپل۔ پوست درخت جھڑبیری خاکستر چرم دھوڑی کہنہ ہر ایک ۱ تولہ روغن بز ۲۰ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن مذکورہ ملا کر جوش دیں سرخ ہو جانے گھوٹ کر مرہم بنائیں۔

مرہم نورہ۔ جلے ہوئے زخم کی جلن کو دور کرتا ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت جلے ہوئے مقام پر مرہم لگائیں۔ نسخہ۔ آہک آب ندیدہ (ہفت مرتبہ دھویا ہوا) ۲۸ ماشہ۔ موم ۵۲ ماشہ۔ روغن گل حسب ضرورت۔ آہک آب ندیدہ کو ۷ مرتبہ دھو کر خشک کریں اور پھر موم اور روغن گل میں ملا کر مرہم تیار کریں۔

مرہم ہاشمی۔ آتشک کے زخموں میں عجیب الاثر ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔ نسخہ۔ آب برگ نیب آدھ پاؤ۔ روغن گل آدھ پاؤ۔ شہد خالص آدھ پاؤ۔ تینوں کو ملا کر خوب اچھی طرح یکذات کریں اور محفوظ رکھیں۔

نسخہ۔ آب برگ نیب آدھ پاؤ۔ روغن گل آدھ پاؤ۔ شہد خالص آدھ پاؤ۔ تینوں کو ملا کر خوب اچھی طرح یکذات کریں اور محفوظ رکھیں۔

مرہم ہفت دارو۔ پھوڑے پھنسی نیز دلوں کو پکاتا ہے۔ استعمال۔ مقام ورم پر نیم گرم لیپ کریں۔ نسخہ۔ کتیرا۔ تخم کتان۔ تخم مرو۔ سریش۔ ہوجوہ۔ گل بابونہ۔ گل خطمی ہر ایک مساوی الوزن شراب حسب ضرورت تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شراب میں ملا کر مرہم تیار کریں۔

مرہم ہوجوہ۔ کان کے درد اور کان سے پیپ بہنے میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت کاغذ کے ٹکڑے پر لگا کر اور بتی بنا کر کان میں رکھیں۔ نسخہ۔ انزروت سرخ۔ سفیدہ کاشغری ہر ایک ۳ ماشہ۔ ہوجوہ ۷ ماشہ۔ موم سفید ۱۱ ماشہ۔ روغن کنجد ۳ تولہ حسب دستور متعارف مرہم تیار کریں۔

مطبوخ

جوشاندہ ایک یا چند ادویہ کو پانی وغیرہ میں جوش دیا جاتا ہے اسی کا نام مطبوخ یا جوشاندہ ہے۔ بنانے کی ترکیب۔ دواؤں کو پانی یا کسی عرق میں دو تین جوش دے کر مل کر چھان لیں اور شربت وغیرہ ملا کر استعمال کریں۔ اگر دواؤں کا اثر زیادہ لینا ہو تو رات کو بھگو کر صبح جوش دیں۔ افتیمون یا تخم کشوث کی مانند دواؤں کو پوٹلی میں باندھ کر جوش دینا چاہیئے۔

مطبوخ آتشک۔ آتشک کے واسطے نہایت مفید و مجرب ہے۔ پرہیز کی بھی ضرورت نہیں ہے اور بغیر جوشش دہن کے آتشک کو زائل کرتا ہے۔ استعمال۔ دوا کو تیار کر کے شیشہ میں محفوظ رکھیں۔ تمام دوا کے سات حصے کر کے ایک حصہ روزانہ علی الصبح استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست درخت نیب۔ پوست درخت کچنال۔ بیخ خنطل۔ پھلی ببولی۔ کٹائی خورد مع برگ و پوست و بیخ۔ قند سیاہ کہنہ ہر ایک آدھ پاؤ۔ پانی ۳ سیر سب ادویہ کو پانی میں جوش دیں۔ جب چہارم حصہ پانی باقی رہے تو چھان کر محفوظ رکھیں۔ اور بطریق مذکور استعمال کریں۔

مطبوخ اختناق الرحم۔ حیض بند ہو جانے سے جب اختناق الرحم ہو جائے تو اس کا استعمال بہت مفید ہے۔
استعمال۔ بدستور جوش دے کر چند روز استعمال کریں۔
نسخہ۔ پرسیاوشان۔ مثک طرامشیع۔ بادیان۔ سداب ہر ایک ۹ ماشہ۔ شکر سفید ۳ تولہ۔ پانی بقدر ضرورت جوش دے کر پئیں۔

مطبوخ استسقاء۔ مرض استسقاء (جلندر) میں نہایت مفید ہے بالخصوص جبکہ بخار بھی ساتھ ہو۔
استعمال بطریق معروف جوش کر کے روزانہ پئیں۔
نسخہ۔ بادیان اصل السوس۔ عنب الثعلب۔ زرشک ہر ایک ۳ ماشہ۔ عناب ۵ عدد۔ تخم کاسنی ۶ ماشہ۔ مویز منقی ۱۰ دانہ جوش کر کے شربت بزوری معتدل ۲ تولہ اضافہ کر کے پئیں۔
حرارت مزاج کے غلبہ کی صورت میں میں شیرہ تخم خیارین ۶ ماشہ اور شربت بزوری بارد اضافہ کیا جائے اور بوقت ضرورت تخم کشوث۔ تخم کرفس۔ انیسون بھی اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

مطبوخ انار دانہ۔ معدہ کو قوی کرتا ہے۔ قے کو روکنے میں بہت مستعمل و مفید ہے۔
استعمال۔ بدستور
نسخہ۔ انار دانہ ۳ تولہ۔ مصطگی۔ پودینہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ پانی آدھ سیر سب دواؤں کو پانی میں جوش دیں جب ایک تہائی پانی باقی رہ جائے تو صاف کر کے شربت انار شیریں ۲ تولہ اضافہ کر کے پئیں۔

مطبوخ انتصاب نفس۔ مرض انتصاب نفس جس میں مریض بغیر کھڑے ہوئے سانس نہیں لے سکتا) میں نہایت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بدستور
نسخہ۔ خمیرہ بنفشہ اڑھائی تولہ۔ زیرہ رومی سوا تولہ پانی ڈیڑھ سیر۔ اچھی طرح جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ باقی رہ جائے تو چھان کر پئیں۔

مطبوخ انجیر۔ ادرار حیض کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ بدستور

نسخہ۔ مویز منقی۔ انجیر خشک ہر ایک ۵ عدد گل سرخ قسط شیریں۔ مجیٹھ ہر ایک ۹ ماشے سب کو جو کوب کر کے سوا سیر پانی میں جوش دیں۔ جب سوا پاؤ پانی باقی رہ جائے تو صاف کر کے شکر سفید بقدر ضرورت ملا کر پئیں۔

مطبوخ بحتہ الصوت۔ سردی کے سبب سے جب آواز بیٹھ جائے تو اس کا استعمال مفید ہوتا ہے۔

استعمال۔ بدستور تیار کر کے پئیں۔

نسخہ۔ انجیر ۳ عدد مویز منقی ایک تولہ اصل السوس مقشر ۶ ماشہ۔ گاؤ زبان ۵ ماشہ بادیان۔ تخم کتان۔ بیخ بنفشہ ہر ایک ۳ ماشہ پانی آدھ سیر میں جوش دیں جب آدھ پاؤ باقی رہے چھان کر پئیں۔

مطبوخ تپ مرکب۔ مرکب بخاروں میں بے حد مفید و مستعمل ہے۔

استعمال۔ حسب معمول

نسخہ۔ گلو۔ شاہترہ۔ تخم کاسنی ہر ایک ا تولہ رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر چھان کر شربت بزوری معتدل ملا کر پئیں اگر کھانسی ہو تو اصل السوس ۶ ماشہ اضافہ کریں اور اگر مزمن بخار ہو تو تخم کشوث بیخ کاسنی۔ گل غافث افسنتین شکاعی باد آورد۔ تخم خربزہ اضافہ کریں۔

مطبوخ چائے خطائی۔ معدہ کو برودت کو دور کرتا ہے مرض جوع البقر میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے اشتہائے صادق پیدا کرتا ہے نیز ہاضم ہے۔

استعمال۔ حسب معمول

نسخہ۔ چائے خطائی۔ بادیان خطائی۔ انیسون۔ بادیان ہر ایک ۹ ماشہ۔ الائچی سفید ۵ عدد قرنفل ۱۵ عدد سب کو نیم کوب کر کے عرق گلاب یا پانی بقدر ضرورت میں جوش دے کر نبات سفید ۲ تولہ اضافہ کر کے پئیں۔

مطبوخ حابس۔ مرض استحاضہ (زیادتی و بے قاعدگی حیض) میں نہایت مفید ہے
استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ پوست بیخ انجبار ایک حصہ سماق نصف حصہ کشنیز خشک
چہارم حصہ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے شربت نیلوفر یا شربت انجبار ۲ تولہ اضافہ کر
کے پئیں۔

مطبوخ حمائے بلغمی۔ بلغمی بخار میں نہایت مستعمل و مفید ہے۔ استعمال۔ صبح
شام بدستور معروف استعمال کریں۔ نسخہ۔ بیخ بادیان۔ گاؤ زبان۔ انیسون۔ عنب الثعلب
شکاعی باد آورد ہر ایک ۶ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانہ۔ تخم کشوث چار ماشہ۔ انجیر زرد ۲ عدد۔
اصل السوس ۴ ماشہ۔ عرق گاؤ زبان عرق مکوہ۔ عرق بادیان میں جوش دے کر شربت دینار یا
گلقند اضافہ کر کے پئیں۔

مطبوخ درد دنداں۔ دانتوں کے گرمی کے درد میں بہت فائدہ مند ہے و مجرب
ہے۔ استعمال بدستور معروف تیار کر کے پئیں۔ نسخہ۔ جو مقشر ۹ تولہ۔ تخم قرطم ۴
تولہ۔ تخم کاسنی۔ خشخاش۔ مرزنجوش۔ کشنیز خشک عناب ہر ایک ۲ تولہ۔ بیجوں کو نیم کوب کر
لیں اور سب کو دو سیر پانی میں جوش دیں جب آدھ سیر پانی رہ جائے تو صاف کر کے پئیں
اگر زیادہ دست لانے کی ضرورت ہو تو اسی میں ۴ تولہ مغز فلوس خیار شنبر اضافہ کر کے
پئیں۔

مطبوخ درد سینہ۔ سینہ کے ریحی درد میں بہت مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور
معروف تیار کر کے پئیں۔ نسخہ۔ بیخ بادیان۔ اصل السوس پرسیاؤشان ہر ایک ۷ ماشہ
انیسون۔ پودینہ خشک ہر ایک ۳ ماشہ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے نبات سفید ۲ تولہ
اضافہ کر کے پئیں۔

مطبوخ درد معدہ۔ معدہ کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔ ہیضہ میں بھی
اس کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ استعمال۔ پاؤ سیر پہلے دیویں۔ پھر تین چار گھڑی
کے بعد اسی قدر دیں۔ نسخہ۔ عود غرقی۔ زیرہ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ پودینہ۔ بادیان۔ ہیل نیم
کوفتہ ہر ایک ۷ ماشہ انیسون۔ تخم کرفس صعتر فارسی ہر ایک ۴ ماشہ۔ قرنفل ۷ عدد نانخواہ۔
مصطگی ہر ایک ۲ ماشہ گلقند ۳ تولہ تمام کو چار سیر پانی میں جوش دیں جب ۲ سیر پانی رہ جائے
اتار کر صاف کر لیں پیاس زیادہ ہو تو گلاب اضافہ کریں۔

مطبوخ ڈبہ۔ بچوں کے پسلی چلنے (ڈبہ اطفال) میں بہت مفید و مستعمل ہے۔

استعمال۔ بوقت ضرورت بلحاظ عمر روزانہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اصل السوس مقشر نیم کوفتہ۔ پرسیاؤشان۔ انجیر زرد۔ گاؤ زبان۔ گل بنفشہ تخم خبازی۔ مکوہ خشک۔ مویز منقی وزن بلحاظ عمر۔ جوش کر کے نبات سفید اضافہ کر کے پلائیں دوسرے دن اس نسخہ میں اگر بچہ قوی ہو تو بیخ سوسن زوفائے خشک اضافہ کر سکتے ہیں۔

مطبوخ ذات الجنب۔ پسلی کے درد میں بہت مستعمل و مفید ہے۔

استعمال۔ فصد لینے کے بعد صبح و شام پلائیں۔

نسخہ۔ پرسیاؤشان۔ گاؤ زبان۔ گل نیلوفر۔ تخم خطمی۔ خبازی ہر ایک ۹ ماشہ۔ اصل السوس مقشر۔ نیم کوفتہ ایک تولہ۔ عنب الثعلب ٦ ماشہ۔ عناب دانے۔ سپستان ۱۱ دانے مویز منقی ایک تولہ جو مقشر نیم کوفتہ۔ ایک تولہ گلقند ۲ تولہ بدستور جوش کر کے صبح و شام پلائیں اگر بخار بہت تیز ہو تو جوشاندہ کی بجائے نقوع کر کے دیں۔ نیز نضج مادہ کے بعد فلوس خیار شنبر بقدر ضرورت اسی میں اضافہ کر کے تنقیہ کریں۔ پانی کی بجائے عرق مکوہ پینے کو دیا جائے۔

مطبوخ ذات الجنب دیگر۔ تمام فوائد مذکورہ بالا۔

استعمال۔ بعد فصد کے صبح شام استعمال کریں۔

نسخہ۔ عناب ۱۰ دانے۔ سپستان ۱۵ عدد۔ تخم خطمی۔ خبازی ہر ایک ٦ ماشہ۔ عنب الثعلب گل بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔ گل نیلوفر ٦ ماشہ سب کو پانی میں جوش دے کر صاف کر کے لعاب بہدانہ لعاب اسپغول اضافہ کریں۔ اور ترنجبین بقدر ضرورت ملا کر پلائیں۔

مطبوخ ذات الجنب وغیرہ۔ ذات الجنب وشوشہ و برسام میں بے حد مفید ہے۔

استعمال۔ حسب معمول

نسخہ۔ سپستان ۳ دانہ۔ پانی بقدر ضرورت قند سفید ۳ تولہ۔ روغن زرد ۳ تولہ۔ سپستان کو پانی میں اچھی طرح جوش دے کر صاف کر لیں۔ بعدہ قند سفید حل کر کے روغن زرد خوب گرم کر کے پلا دیں۔ اور پیتے وقت ہاتھ سے ہلاتے رہیں۔

مطبوخ ذات الریہ۔ پھیپھڑے کے درد میں خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ موسم سرما میں گرم کر کے پلائیں۔ اور موسم گرما میں سرد کر کے۔

نسخہ۔ عناب۔ سپستان ہر ایک ۱۰ دانہ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۹ ماشہ۔ تخم خطمی ۷ ماشہ۔ شکر سفید۔ ترنجبین ہر ایک ۳ تولہ بدستور معروف تیار کریں۔ چوتھے دن جوشاندہ میں

اصل السوس و پرسیاوشان اضافہ کیا جائے۔

مطبوخ زکام حار۔ گرم زکام و نزلہ میں کثیر الاستعمال اور معمول و مفید ہے۔ استعمال۔ بطریق معلوم۔ نسخہ۔ بہدانہ ۳ ماشہ۔ عناب ۵ عدد۔ سپستان ۱۱ دانہ۔ تخم خطمی ۶ ماشہ۔ گاؤ زبان ۴ ماشہ پانی میں خفیف جوش دے کر شربت بنفشہ ملا کر پلائیں۔ اگر حرارت زیادہ ہو تو گاؤ زبان موقوف کر کے شیرہ مغز تخم کدو ۶ ماشہ اضافہ کریں اگر نزلہ کی شکایت زیادہ ہو۔ تو صمغ عربی۔ کتیرا ہر ایک ۱ ماشہ۔ باریک کر کے خمیرہ خشخاش ایک تولہ میں ملا کر پہلے کھلائیں۔

مطبوخ ربو۔ مرض ربو (تنگی نفس) نیز نزلی کھانسی میں بہت مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معروف ہر دو وقت پلائیں۔ نسخہ۔ اصل السوس مقشر نیم کوفتہ۔ گاؤ زبان۔ گل گاؤ زبان۔ زوفائے خشک ہر ایک ۵ ماشہ سبوس گندم ۶ ماشہ۔ ابریشم خام ۳ ماشہ پانی میں جوش کر کے نبات سفید ایک تولہ اضافہ کر کے پئیں۔

مطبوخ رطوبت معدہ۔ معدہ کی رطوبت کو خشک کرنے میں مفید ہے۔ استعمال ۔ جوارش مصطگی ۹ ماشہ پہلے کھا کر پئیں۔ نسخہ۔ الائچی سفید۔ بادیان۔ انیسون ہر ایک ۳ ماشہ۔ گلقند ۲ تولہ جوش کر کے بدستور مذکور استعمال کریں۔

مطبوخ زحیر۔ مسہل کے بعد جب پیچش ہو جائے تو اس کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ خس۔ ناشپاتی۔ گلنار۔ سعد۔ انار دانہ۔ کشنیز خشک گوند ببول ہر ایک ۹ ماشہ سب کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب آدھ پاؤ بچ جائے تو صاف کر کے پئیں۔

مطبوخ زحیر کاذب۔ سدی پیچش میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ۔ ریشہ خطمی۔ تخم مرو گل بنفشہ۔ بیخ کاسنی بادیان۔ مویز منقی۔ تخم کاسنی گل سرخ عنب الثعلب وزن بقدر ضرورت پانی میں جوش کر کے گلقند اضافہ کر کے پئیں۔

مطبوخ زوفا۔ جگر کے ورم صلب میں جب بخار نہ ہو تو اس کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ استعمال۔ آدھ پاؤ جوشاندہ میں روغن بادام شیریں ۴ ماشہ۔ روغن بید انجیر چار ماشہ۔ اضافہ کر کے نیم گرم پئیں۔ نسخہ۔ میتھی ۳ تولہ۔ تخم کتان ۲ تولہ۔ پرشیاوشان۔ اصل السوس ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔ مویز منقی ۶ تولہ زوفاء خشک ایک تولہ سب کو ڈیڑھ سیر پانی میں نرم آنچ پر پکائیں۔ جب آدھ سیر پانی باقی رہ جائے تو صاف کر کے محفوظ رکھیں۔

مطبوخ سدہ کبد۔ جگر کے سدوں کو خارج کرتا ہے۔ نہایت مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ بدستور۔ نسخہ۔ بیخ کاسنی۔ مجیٹھ۔ خارخسک۔ تخم خربزہ۔ عنب الثعلب ہر ایک ۶ ماشہ۔ شاہترہ تخم کشوث در پارچہ بستہ۔ اسارون۔ تخم ترب۔ تخم گزر ہر ایک ۳ ماشہ جوش دے کر صاف کر کے روغن بید انجیر ۹ ماشہ۔ اضافہ کر کے شربت دینار ملا کر پلائیں۔

مطبوخ سرفہ خشک۔ بخار کے ساتھ جب خشک کھانسی ہو تو اس کا استعمال مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ۔ بنفشہ۔ اصل السوس ہر ایک ۹ ماشہ۔ عناب ۹ دانہ۔ سپستان ۱۱ دانہ۔ مویز منقی ۱۵ دانہ تخم خطمی۔ خبازی۔ بہدانہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ جوش کر کے شربت بنفشہ ۲ تولہ اضافہ کر کے پیئیں۔

مطبوخ سعال۔ پھیپھڑوں میں بلغم غلیظ کے رکنے سے جب کھانسی ہو تو اس کا استعمال نہایت مفید ہوتا ہے۔ بلغم کو خارج کر کے کھانسی کو آرام دیتا ہے۔ استعمال۔ چند روز صبح و شام استعمال کریں۔ نسخہ۔ اصل السوس ۹ ماشہ۔ پرسیاؤشان۔ زوفائے خشک ہر ایک ۶ ماشہ۔ سپستان ا عدد سب کو جوش دے کر صاف کر کے نبات سفید ۳ تولہ اضافہ کر کے پیئیں۔

مطبوخ سل۔ مریضان سل کے واسطے بہت نافع و مجرب ہے۔ استعمال حسب معمول صبح و شام استعمال کریں۔ نسخہ۔ گلوئے سبز ایک تولہ۔ برگ بانسہ۔ اصل السوس ہر ایک ۷ ماشہ پانی میں جوش دے کر صاف کر کے نبات سفید دو تولہ اضافہ کر کے پیئیں۔

مطبوخ سنگ گردہ۔ گردہ کی پتھری میں مفید و مستعمل ہے۔ استعمال حسب معمول۔ نسخہ۔ عناب ۷ عدد۔ سپستان ۲۰ دانہ۔ گل بنفشہ۔ پرسیاؤشان ہر ایک ۶ ماشہ۔ گاؤ زبان۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی نیم کوفتہ۔ حب القلت ہر ایک ۷ ماشہ آلو بالو ۲ تولہ۔ خارخسک نیم کوفتہ ۹ ماشہ۔ برگ سنائے مکی ایک تولہ تین ماشہ۔ گل سرخ ایک تولہ سب کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح جوش کر کے صاف کر کے مغز فلوس خیار شنبر ۴ تولہ ترنجبین ۵ تولہ اضافہ کر کے پھر چھان لیں اور روغن بادام شیریں اضافہ کر کے چاہیں۔

مطبوخ شری۔ پتی میں بہت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ ۔ عناب ۷ دانہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ سرشاہترہ۔ برگ حنا۔ منڈی سرخ۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ پوست درخت کچنال۔ برم ڈنڈی۔ نیل کنٹھی ہر ایک ۳ ماشہ۔ سر پھوکہ ۵ ماشہ۔ رات کو پانی میں بھگو کر صبح کو جوش دیں اور مل چھان کر شکر سفید ۲ تولہ اضافہ کر کے پلائیں۔

مطبوخ مدر حیض۔ حیض کو جاری کرتا ہے نہایت مفید ہے۔ استعمال حسب معمول۔ نسخہ۔ پوست فلوس خیار شنبر۔ بادیان ہر ایک ۲ تولہ۔ گوکھرو ۶ ماشہ۔ انیسون۔ شونیز ہر ایک ۴ ماشہ۔ قند سیاہ ۳ تولہ جوش کر کے صاف کر کے پلائیں۔

مطبوخ مدر نفاس۔ نفاس کو جاری کرنے میں بہت مفید و مستعمل ہے۔ استعمال بدستور معروف۔ نسخہ۔ بادیان۔ پوست پھلی املتاس۔ مشک طرامشیع۔ پرسیاوشان ہر ایک ۹ ماشہ سب کو جوش دے کر صاف کر کے قند سیاہ کہنہ ۳ تولہ اضافہ کر کے پلائیں۔

مطبوخ ہندی۔ خون فاسد کی اصلاح کرتا ہے۔ جذام وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول بوقت صبح ۱۰ سے ۱۲ تولہ تک شہد خالص و مصری ہر ایک ایک تولہ اضافہ کر کے استعمال کریں۔
نسخہ۔ کنگی۔ بابڑنگ۔ درج۔ زنجبیل۔ اندر جو۔ بھنگرہ۔ کٹائی خورد۔ کٹائی کلاں۔ زرد چوب ہر ایک ۲ ماشہ موتھ۔ بابچی۔ چرائتہ۔ صندل سفید۔ پوست بکائن ہر ایک ۳ ماشہ۔ گلو۔ ہلیلہ آملہ ہر ایک ۴ ماشہ سب کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب آدھ پاؤ پانی باقی رہے تو صاف کر کے بدستور مذکور استعمال کرائیں۔

معجونات

معجون۔ ایک مرکب دوا ہے۔ جسے ادویہ کو باریک کوٹ کر شہد یا قند سفید وغیرہ کے قوام میں ملا کر تیار کرتے ہیں اور اس قدر نرم رکھتے ہیں کہ حلوے کی طرح ہاتھ سے کھائی جا سکے۔ معجون میں قند سفید یا مصری وغیرہ کی مقدار علی العموم ادویہ کے وزن سے سہ چند اور بعض نسخوں میں دو چند ہوا کرتی ہے۔
اگر معجون میں کوئی عرق شامل کرنا ہو تو مصری یا قند کا قوام صرف اسی عرق میں بنا لینا چاہیے لیکن اگر عرق کی مقدار کافی نہ ہو تو بقدر ضرورت پانی بھی شامل کر سکتے ہیں۔

قوام کے تیار کرنے میں اس امر کا لحاظ ضروری ہے کہ خشک ادویہ کے سفوف کو جذب کر کے حلوے کی مانند رہ سکے زیادہ رقیق ہو نہ غلیظ۔ اگر شہد میں معجون بنانی ہو تو اس میں پانی ملانے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ شہد کو صاف کر کے نرم آنچ پر جوش دے کر جھاگ وغیرہ اتار دیں اور آگ اتار کر ادویہ مسفوفہ ملا دیں۔

اگر معجون کو ترنجبین کے قوام میں تیار کرنا ہو یا شہد وغیرہ کے ساتھ ترنجبین کو شامل کرنا ہو تو پہلے ترنجبین کو کسی عرق یا پانی میں حل کر کے چھان لینا چاہیے۔ تاکہ تنکوں وغیرہ سے صاف ہو جائے۔ مربہ جات یا مغزیات اگر معجون میں اضافہ کرنے ہوں۔ تو اول مربہ جات کو خوب علیحدہ باریک پیس کر قوام میں لائیں بعدہ مغزیات کو اچھی طرح پیس کر ملا دیں اس کے بعد خشک پسی ہوئی دوائیں ملائیں۔

اگر معجون میں مصطگی شامل کرنی ہو تو مصطگی کو کھرل میں ڈال کر آہستہ آہستہ ہلکے ہاتھ سے پیسیں۔ اس ترکیب سے مصطگی بہت باریک ہو جاتی ہے پسی ہوئی مصطگی کو قوام کے سرد ہونے پر ملا دیں۔

خشک پسی ہوئی دوائیں ایک مرتبہ قوام میں نہیں ملانی چاہیں۔ بلکہ تھوڑا تھوڑا سفوف چھڑک کر چمچہ چلاتے جائیں۔ تاکہ اچھی طرح آمیزش ہو جائے۔

خوشبو دار دوائیں مثلاً زعفران مشک عنبر وغیرہ شامل کرنی ہوں۔ تو انہیں عرق بید مشک یا عرق کیوڑہ میں حل کر کے معجون کے سرد ہونے پر ملائیں اور موتی یا جواہرات وغیرہ شامل کرنے ہوں تو انہیں کھرل میں نہایت باریک پیس کر شامل کرنا چاہیے۔ اگر ورق طلا یا ورق نقرہ ملانے ہوں تو دوائیں ملانے کے بعد ایک ایک ورق اچھی طرح ملانا چاہیے۔

اگر قند سیاہ میں معجون تیار کرنی ہو تو اس کا طریقہ یہ ہے کہ قند سیاہ کو پانی کے ساتھ آگ پر پکائیں۔ جب قند سیاہ اچھی طرح پگھل جائے تو چھان کر رکھ دیں۔ چند منٹ کے بعد جب تلچھٹ تہ نشین ہو جائے تو نتھار کر شربت کا قوام حسب معمول تیار کریں اور آگ سے اتار کر دوائیں شامل کر دیں۔

معجون آرد خرما۔ مادہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے جریان اور سرعت و رقت کو دور کرتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔

استعمال۔ روزانہ علی الصبح بقدر ایک تولہ معجون اور کشتہ قلعی ۲ چاول ملا کر استعمال کریں۔

نسخہ۔ صمغ عربی۔ آرد خرما ہر ایک ۴ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام شیریں مغز نارجیل ہر ایک ۲ تولہ۔ الائچی خورد۔ دار چینی۔ زنجبیل ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ لونگ ۱۰ ماشہ۔

فلفل دراز ۴ ماشہ۔ شکر سفید برابر وزن ادویہ۔ شہد دو چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد اور مشک کے قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون ابریشم۔ قوت باہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم ۴ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ابریشم خام آدھ سیر۔ ابریشم مقرض ۱۰ تولہ۔ عنبرا شہب۔ مشک خالص ہر ایک ۱ تولہ عرق بید مشک ۲ سیر۔ عرق گلاب آدھ سیر۔ عرق گاؤ زبان ایک سیر۔ آب بہی شیریں ۲۰ عدد۔ آب سیب شیریں ۵۰ عدد۔ آب انار شیریں ۱۰ عدد۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ حب الزلم ہر ایک ۱۲ تولہ۔ مغز بادام ۸ تولہ۔ مغز اخروٹ۔ نارجیل تازہ ہر ایک ۶ تولہ۔ تودری سرخ۔ تودری سفید۔ بہمن سرخ و سفید ہر ایک ۴ تولہ مغز حبہ الخضرا سونٹھ ہر ایک ۳ تولہ۔ مغز فندق۔ دار چینی ہر ایک ۲ تولہ شہد خالص ایک سیر ورق طلا۔ ورق نقرہ ہر ایک ۲ تولہ ابریشم کو عرقیات مذکورہ میں خوب جوش دیں جب لعاب پیدا ہو جائے تو تمام دواؤں کو شامل کر کے اور آخر قوام میں ورق مذکورہ حل کر کے معجون تیار کریں۔

معجون ابن عیار۔ بدہضمی اور معدہ کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ جند بید ستر۔ قسط شیریں۔ بالچھڑ۔ فلفل سیاہ۔ دار چینی۔ دار فلفل ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ مرکی ۱۱ ماشہ۔ تج ۷ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔ شراب ریحانی میں مرکی کو رات بھر بھگو کر اور صبح تمام دواؤں کے ہمراہ کوٹ چھان کر شہد میں معجون تیار کریں اور ۶ ماہ بعد استعمال میں لائیں۔

معجون ابن ماسویہ۔ بلغمی اور سوداوی صرع (مرگی) میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ حب الغار سعد۔ تج۔ اکلیل الملک۔ اظفار الطیب (نکھ) ہر ایک ۷ ماشہ۔ سنبل الطیب (بالچھڑ) اذخر مکی ہر ایک ۳ تولہ چرائتہ ۳ تولہ۔ دار چینی۔ مویز منقی ملک ابطم ہر ایک ۷ تولہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون ابن ہیل۔ تقویت معدہ اور فم معدہ کے درد کی تسکین کے لئے فائدہ مند ہے

استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ فلفل۔ سونٹھ۔ دار فلفل۔ زراوند طویل۔ دار چینی۔ اسارون ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصطگی۔ زرنجور۔ پودینہ۔ انیسون ہر ایک ۳ ماشہ۔ جند بید ستر ۲ ماشہ۔ شہد ہموزن ادویہ شیرہ گلقند ہموزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر بدستور معجون تیار کریں۔

معجون ازاراقی۔ مرگی۔ رعشہ اور فالج وغیرہ نیز دیگر عصبی شکایات میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ یا عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ یا عرق عشبہ ۱۰ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کچلہ مدبر ۲ تولہ گاؤ زبان ۱۸ ماشہ اسطو خودوس۔ کتیرا۔ نارجیل۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۱۳ ماشہ۔ الائچی خورد۔ نرکچور۔ شقاقل مصری۔ صندل سفید۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ عود ہندی۔ قرنفل ہر ایک ۵ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ کر بدستور شہد میں معجون تیار کریں۔

معجون اذخر۔ قے اور معدہ کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بیخ اذخر۔ سعد ہر ایک ۳ ماشہ۔ نانخواہ چھڑیلہ۔ ہلیلہ فلفل ۔ کندر ہر ایک ۲ ماشہ۔ عود خام۔ مصطگی ہر ایک ۱ ماشہ۔ زنجبیل۔ دار چینی۔ تج۔ پودینہ ہر ایک ۶ رتی قرنفل۔ ۴ رتی۔ مویز منقی حسب ضرورت تمام دواؤں کو کوٹ کر مویز منقی کے ساتھ ملا کر بدستور معلوم معجون بنائیں۔

معجون ارز۔ سیلان الرحم میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست درخت فالسہ۔ پوست درخت ببول۔ پوست درخت گولر۔ پوست درخت کھرنی۔ پوست درخت گوندنی۔ پوست درخت لسوڑہ۔ پوست درخت کچنال۔ پوست درخت مولسری۔ پوست درخت جامن۔ ۔ پوست درخت برگد۔ پوست درخت جھربیری۔ ہر ایک پاؤ سیر۔ برنج ساٹھی آدھ پاؤ۔ نشاستہ ۶ تولہ مغز تخم خربزہ ۴ تولہ موچرس۔ گل دھاوا۔ مائیں خورد۔ مائیں کلاں۔ سونٹھ۔ اسگند۔ بنسلوچن ہر ایک ۶ ماشہ۔ فوفل (کہ شیر گاؤ جوش دادہ سفوف کردہ باشد) شکر سفید ایک سیر۔ چھیا گوند۔ تا لمکھانہ در روغن زرد بریاں کردہ ہر دو حسب ضرورت تمام چھالوں کو جوکوب کر کے ۸ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف رہ جائے صاف

کر کے چاول ڈالیں اور دوبارہ جوش دیں جب پانی بالکل جذب ہو جائے چاولوں کو خشک کر کے پیس لیں اور نشاستہ کے ساتھ گھی میں بریاں کریں اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر اور مغز خرپزہ کو پیس کر سب کو شکر کے قوام میں شامل کر کے معجون تیار کریں۔

معجون اسپند سوختی۔ امساک اور تقویت باہ کے لئے مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم ۴ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ ۲۔ اسپند سوختی۔ بسباسہ۔ جوزبوا۔ قرنفل دار چینی ہر ایک ۵ ماشہ۔ کنجد سیاہ مقشر شہد سہ چند وزن ادویہ۔ بدستور معروف کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون اسطو خودوس۔ مرگی میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق فاوانیا ۲ تولہ کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔ نسخہ۔ اسطو خودوس۔ افتیمون۔ عاقر قرحا۔ بسفائج۔ عود صلیب ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ مویز منقی۔ ۴۵ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ بطریق متعارف معجون تیار کریں۔

معجون اسود۔ بلغمی دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ رب بہی یا رب سماق ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ افیون۔ جند بید ستر۔ میعہ سائلہ۔ بزرالبنج۔ زعفران۔ مر۔ اسارون۔ تخم کرفس تج گل ارمنی گلنار ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند ادویہ بدستور معلوم دواؤں کو کوٹ کر شہد کے قوام میں معجون بنائیں۔

معجون اصطمیقون۔ معدہ کی تمام خرابیوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ قسط۔ حماما۔ بالچھڑ۔ تج مصطگی ہر ایک ۴ تولہ۔ زراوند طویل فلفل سیاہ و سفید۔ تخم کرفس۔ سوسن۔ انیسون نانخواہ۔ زیرہ کرمانی۔ تخم گندر دشتی۔ فطراسالیون۔ انجدان رومی۔ اسارون افسنتین۔ پودینہ خشک ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد سہ چند بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون اطریلال۔ جلد کے سفید داغوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ تنقیہ مواد کے بعد بقدر ۱ ماشہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ اطیلال (کاک چنگی) ۴ ماشہ۔ عقر قرحا۔ تربد سفید۔ سونٹھ ہر ایک ۴ رتی۔ شہد خالص سہ چند۔ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون اعظم۔ معدہ کو قوت بخشتی ہے اور گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑتی ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق مکوہ ۶ تولہ عرق گاؤ زبان ۶ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مربائے آملہ ۵ عدد۔ مربائے ہلیلہ ۴ عدد۔ مربائے بہی ۲ عدد۔ انجیر زرد ۵ دانہ۔ مویز منقی ۵

تلہ۔ حجر الیہود ا تولہ۔ سنگ سرماہی ۹ ماشہ زہر مہو خطائی ۵ ماشہ مغز تخم قرطم۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم خیارین۔ چوب انگور خشک سوختہ۔ مغز تخم کدو۔ گوکھرو خورد ہر ایک ا تولہ۔ تخم خطمی کاہنج۔ کاسنی ہر ایک ۷ ماشہ۔ تخم کشوث انیسون۔ تخم ہلیون ہر ایک ۵ ماشہ۔ تخم کرفس اسارون صمغ عربی ہر ایک ۴ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۹ ماشہ مصری ڈیڑھ پاؤ بدستور سابق شہد کے قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون افتیمون۔ مالیخولیا اور سوداوی تنقیہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔

استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ افتیمون۔ سفائج۔ سناکی غاریقون۔ تربد سفید مدبر ہر ایک ۱۸ ماشہ گاؤ زبان اسطو خود دس ہر ایک ۳ ماشہ۔ برنج کابلی مقشر۔ بادر نجبویہ۔ فرنجمشک۔ حجر ارمنی۔ حجر لاجورد ہر ایک ۷ ماشہ کشکی سیاہ ۳ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون افسنتین۔ درد معدہ میں مفید و معمول ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق ہاضم ۳ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ افسنتین ۲۴ ماشہ۔ انیسون۔ تخم کرفس ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ تج ۲ تولہ افتیمون جند بید ستر ہر ایک ۷ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند ادویہ بطریق معروف شہد میں معجون تیار کریں۔

معجون انطاکی۔ دماغ کے تنقیہ اور معدہ کی اصطلاح نیز درد سر کے لئے مفید ہے۔

استعمال۔۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ انیسون۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ ہر ایک ۲۴ ماشہ عود ہندی ۱۸ ماشہ ایلوا غاریقون کباب چینی ہر ایک ۱۴ ماشہ مرکی۔ زعفران ہینگ ہر ایک ۱۰ ماشہ شہد خالص سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون انیسون۔ استسقاء طبلی میں مفید ہے۔

استعمال۔ ا تولہ ہمراہ ماء الاصول ۴ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ انیسون۔ پیلا مول۔ حب الغار۔ کلونجی۔ انجدان رومی۔ سعد جند بید ستر۔ کرویہ دشتی۔ بابھڑ۔ حب بلسان۔ جاؤ شیر ہینگ۔ اسارون زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔ سکبینج وج ترکی۔ مغز بادام زیرہ سیاہ۔ سداب۔ نانخواہ۔ صعتر۔ تخم گزر دشتی۔ خولنجان برگ غار

جعدہ۔ زنجبیل۔ غاریقون۔ شاہ زیرہ۔ حماما۔ ساق گاؤ سوختہ ہر ایک ۳ ماشہ شہد خالص سہ چند ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون بزور۔ معدہ کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تج۔ حماما۔ بالچھڑ۔ نانخواہ۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ انیسون۔ انجدان رومی۔ جند بید ستر۔ تخم سویہ۔ زراوند طویل۔ مصطگی اسارون۔ کرویہ دشتی ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون بزور دیگر۔ باہ کو قوت دینے میں بے نظیر ہے۔ نہایت مجرب و مستعمل ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ سے ایک تولہ تک گائے بھینس کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم گزر۔ تخم شلجم۔ تخم پیاز۔ تخم گندنا۔ تخم حرمل۔ تخم ہلیون۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حب الزلم لسان العصافیر۔ بوزیدان۔ وج شیریں۔ تودرین۔ بہمنین۔ شقاقل۔ دار فلفل قرفہ۔ حلتیت ہر ایک ایک تولہ سب کو باریک کوٹ کر شہد خالص ونبات سفید سہ چند وزن ادویہ کے قوام میں معجون تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

معجون بقراط۔ غذا کو ہضم کرتی ہے اور بھوک لگاتی ہے نیز گردہ و مثانہ کو فضلات سے پاک کرتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نانخواہ۔ تخم گزر۔ زنجبیل ہر ایک ۳ تولہ۔ زعفران ۔سفانج ہر ایک ۳ ماشہ بیخ کرفس ۱۸ ماشہ شہد سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون بلادر۔ جلد کے سفید داغوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق مرکب مصفی خون ۷ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بلادر (کلاہ دور کردہ) پاؤ سیر شیر گاؤ ڈیڑھ سیر کنجد سیاہ پاؤ سیر قسط تلخ۔ دار چینی۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ نارمشک۔ سازج ہر ایک ۳ تولہ بابچی ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک پاؤ سیر شہد خالص نصف وزن ادویہ شکر سفید اڑھائی سیر۔ بلادر کو دودھ میں جوش دیں جب دودھ جم جائے بلادرد کو نکال کر صاف کر کے کنجد سیاہ کے ساتھ خوب اچھی طرح کوٹیں اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کر کے شہد اور شکر کے قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون بلوط۔ مرض سلسل بول میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ

استعمال کریں۔ نسخہ۔ کندر۔ حب پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ قرنفل۔ نانخواہ۔ کیلا ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ زیرہ سیاہ مدبر ۱۸ ماسہ۔ سعد کوفی۔ مصطگی۔ بزر البنج ہر ایک ۲ ماشہ بلوط ۳۲ ماشہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ بدستور متعارف معجون تیار کریں۔

معجون بند کشاد۔ تقویت باہ میں خصومیت سے فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ روزانہ نہار منہ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تا لمکھانا۔ چوب سرد۔ تخم اونٹکن۔ مغز کنوچہ۔ موصلی سیاہ۔ بیخ بند ۔بسباسہ۔ سونٹھ موچرس۔ جوزبوا۔ دار چینی ہر ایک ۲ تولہ دار فلفل ۳ تولہ شہد آدھ سیر شکر ڈیڑھ سیر بدستور معروف معجون تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

معجون بنفشہ۔ صفراء بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کرتی ہے اور درد سر کو تسکین دیتی ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بنفشہ ۷ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنامکی ڈیڑھ پاؤ تربد موصوف۔ گاؤ زبان گل سرخ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر مویز منقی ہر ایک ۳ تولہ ترنجبین ۶ تولہ شیر خشت ایک پاؤ شہد خالص ڈیڑھ پاؤ۔ عرق گلاب بقدر ضرورت شہد اور ترنجبین وغیرہ کو عرق گلاب میں حل کر کے قوام کریں۔ اور دواؤں کو کوٹ کر آخر قوام میں شامل کر کے معجون بنائیں۔

معجون بواسیر۔ بواسیری دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کہرباء گل ارمنی ہر ایک ۶ ماشہ انیس۔ نشاستہ بریاں۔ حب تیواج خطائی۔ کشنیز بریان۔ بیخ انجبار۔ طراثیت۔ رال مغز نیب۔ سعد کوفی زیرہ سفید مدبر بریاں ہر ایک ایک تولہ طباشیر ۲ تولہ شربت حب دو چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شربت مذکور میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون بولس۔ بواسیری دستوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت ۷ ماشہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق مکوہ ۶ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بلادرد برافتیون ہر ایک ۳ تولہ۔ تج۔ وج ترکی زراوند مدحرج۔ زعفران۔ دارچینی۔ مصطگی ہر ایک ۲ تولہ قسط تلخ۔ سداب۔ فلفل سفید ہر ایک ۲ تولہ غاریقون ۹ تولہ ایلوا ۲۲ تولہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور متعارف معجون تیار کریں۔

معجون پیاز۔ سدے کھولتی ہے اور زہریلے اثرات کو دور کرتی ہے۔ نیز باہ کو بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم جدید ۶ تولہ یا شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پیاز ۳ سیر دودھ ۱۵ سیر روغن زرد ۹ سیر شہد ۳ سیر شقاقل ۔ خولنجان ہر ایک ۶ تولہ۔

پیاز کو چھیل کر دودھ میں جوش دیں پک جانے پر گھی شامل کر کے بھونیں اور بعدہ پیس کر شہد اضافہ کر کے معجون تیار کریں۔

معجون پیٹھا پاک۔ مرگی اور دوران سر کو دور کرتی ہے کھانسی اور تنگی تنفس کی شکایت کو زائل کرتی ہے۔ جریان۔ سرعت انزال۔ کمزوری معدہ اور بواسیر مفید ہے۔

استعمال۔ ۲ تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں

نسخہ۔ پیٹھا ۱ عدد ورق نقرہ ۶ ماشہ زنجبیل۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ جوزبوا قرنفل۔ جاوتری۔ ثعلب مصری ہر ایک ۲ تولہ نارجیل ۴ تولہ مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز پستہ کشمش روغن گاؤ ہر ایک ۱۰ تولہ شہد خالص آدھ سیر۔ شکر سفید ایک سیر۔ پہلے پیٹھا کو چھیل کر بہ ترکیب معلومہ مربی بنائیں۔ بعدہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر اور شہد کے قوام میں شامل کریں۔ اور آخر قوام میں مربائے مذکورہ ملائیں۔

معجون تالمکھانہ۔ سرعت انزال اور باہ کو قوت دینے میں مفید ہے۔

استعمال۔ روزانہ نہار منہ بقدر ایک تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔

نسخہ۔ تالمکھانہ ۹ تولہ شیر درخت بڑ بقدر ضرورت نارجیل۔ تودری سفید۔ تودری سرخ۔ گوکھرو کلاں موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ گاؤ زبان ہر ایک ۲ تولہ ثعلب مصری سمندر سوکھ۔ اندر جو شیریں۔ موچرس۔ الائچی خورد ہر ایک ا تولہ دار چینی۔ کباب چینی سورنجان شقاقل مصری۔ طباشیر ہر ایک ۹ ماشہ چوب چینی آدھ پاؤ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ بوزیدان ۲ ماشہ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ ہر ایک ۵ تولہ بادام آدھ پاؤ مصری ۳ پاؤ۔ تالمکھانہ کو بڑھ کے دودھ میں بھگوئیں اور خشک کریں اسی طرح تین مرتبہ ترو خشک کر کے نارجیل میں سوراخ کر کے تالمکھانہ کو اس میں بھر دیں اور اسی ٹکڑے سے نارجیل کو بند کر کے آٹے میں لپیٹ کر نرم آنچ پر رکھیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے نکال کر اور آٹا دور کر کے تالمکھانہ کو علیحدہ اور مغز نارجیل کو علیحدہ باریک پیس کر دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر سب کو مصری کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون تربدی۔ قولنج میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ سقمونیا ۳ تولہ۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد۔ سونٹھ۔ دار چینی۔ قرفہ۔ نارمشک۔

زنجبیل۔ مصطگی ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ شکر سرخ۔ تربد سفید ہر ایک آدھ پاؤ سیر شہد بقدر ضرورت بدستور معجون بنائیں۔

معجون تربلاسہ۔ شدید ترین قبض اور قولنج میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ الائچی کلاں قرفہ۔ ساذج ہندی۔ فلفل۔ دار فلفل سونٹھ۔ برنگ کابلی مقشر۔ آملہ قرنفل ہر ایک ۵ ماشہ۔ کرفس۔ بالچھڑ۔ زعفران۔ مصطگی ہر ایک ۲ ماشہ تربد سفید۔ سقمونیا ہر ایک ۴ تولہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون تلخ۔ معدہ اور جگر کے درد نیز مرگی فالج اور لقوہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق مکوہ ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ غاریقون ۱۲ تولہ۔ ایلوا ۹ تولہ۔ اسارون۔ تج۔ سقمونیا ہر ایک ۴ تولہ منڈی۔ قسط شیریں۔ بالچھڑ۔ افتیمون۔ دار چینی۔ دج ترکی ہر ایک ۲ تولہ۔ عود بلسان۔ فرفیون۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ پیپل۔ پکھان بید۔ حب النیل۔ اذخر مکی۔ حماما ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ ریوند چینی ہر ایک تولہ۔ مصطگی ۸ ماشہ شہد اسیر۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون تمر ہندی۔ ازالہ قبض میں عجیب الاثر ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سونٹھ۔ فلفل سفید ہر ایک ۶ تولہ سقمونیا ۳ تولہ خرما (دانہ خارج کردہ) مغز بادام۔ برگ سداب ہر ایک ۲۱ تولہ شہد خالص اڑھائی سیر۔ چھوہاروں کو ۲۴ گھنٹہ سرکہ میں تر رکھیں۔ اور دواؤں کو کوٹ چھان کر سب کو ملا کر شہد میں شامل کر کے معجون کے قوام پر لے آئیں۔

معجون ثعلب۔ تقویت اعصاب و باہ اور ازالہ جریان و سرعت انزال میں مفید ہے۔ استعمال۔ علی الصبح نہار منہ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۷ تولہ و عرق ماء اللحم عنبری ۵ تولہ مصری ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ جند بید ستر درونج عقربی۔ ورق نقرہ۔ عنبرا شہب ہر ایک ۴ ماشہ بالچھڑ الائچی کلاں۔ عود خام۔ کنازج۔ صمغ عربی ہر ایک ۵ ماشہ پنیر مایہ شتر اعرابی۔ گاؤ زبان۔ بادر نجبویہ۔ فرنجمشک۔ ماہی رو بیاں۔ مغز سر کنجشک نر۔ مغز حب صنوبر۔ مغز نارجیل۔ مغز بادام مغز پستہ مغز خندق ہر ایک ۷ ماشہ بوزیدان۔ سورنجان تودری سرخ تودری سفید بہمن سرخ بہمن سفید زنجبیل۔ پودینہ خشک۔ خشک

عربی۔ خشخاش سفید۔ کنجد مقشر۔ تخم گزر۔ دار فلفل۔ زرنبور۔ مصطگی۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ زعفران۔ قسط شیریں۔ مغز تخم خربزہ ہر ایک ۱۱ ماشہ اندر جو شیریں۔ دار چینی۔ قرنفل الائچی خورد ہر ایک ۱۴ ماشہ خولنجان۔ شقاقل مصری۔ خصیتہ الثعلب۔ بزر البنج ہر ایک ۱۸ ماشہ شہد سہ چند ادویہ بدستور معروف شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون جالینوس لولوی۔ پٹھوں کو قوت دیتی ہے۔ قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے۔ عضو مخصوص کی تمام شکایات کو دور کرتی ہے۔
استعمال۔ موسم سرما میں ۷ ماشہ ہمراہ کشتہ طلاء ۲ چاول اور ماء اللحم خاص ۵ تولہ اتور موسم گرما میں ہمراہ بید مشک ۷ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد ہر ایک ۵ ماشہ نفاح اذخر۔ سعد کوفی۔ کزمازج۔ تج۔ دار چینی۔ اسارون مصطگی ہر ایک ۲ ماشہ انیسون۔ بہمن سفید ہر ایک ۱۱ ماشہ کاکنج۔ بیخ الخطاب ہر ایک ۳ ماشہ صمغ عربی کتیرا ہر ایک ۲ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ موتیوں کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور بسد کو پیس کر دیگر ادویات کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون جدوار۔ حافظہ کو بڑھاتی ہے اور نسیان کو زائل کرتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق آسو ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ جدوار عود صلیب۔ عود ہندی۔ بسباسہ۔ انجدان۔ بابونہ۔ اسارون۔ برگ سداب اذخر مکی۔ بیخ بنفشہ۔ جوزبوا۔ دار چینی۔ دار فلفل کندر۔ سعد کوفی ہر ایک ۱۴ ماشہ جند بید ستر زعفران مشک۔ فلفل سیاہ۔ خردل ہر ایک ۵ ماشہ ۔ قرنفل۔ پودینہ۔ فلفل سفید ہر ایک ۹ ماشہ مغز نارجیل۔ مغز پستہ مغز چلغوزہ۔ مغز فندق۔ مغز بادام ہر ایک ۲۳ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون جلالی۔ امساک لاتی لذت بخشتی اور قوت مردمی کی تمام کمزوریوں کی تلافی کرتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مشک ا ماشہ عنبر اشہب ۵ ماشہ زعفران۔ کبابہ۔ بزر البنج سفید۔ بالچھڑ۔ عود خام قرفہ۔ دار چینی۔ مصطگی ہر ایک ۹ ماشہ اندر جو شیریں۔ جوزبوا ہر ایک ا تولہ مایہ شتر اعرابی۔ خصیتہ الثعلب ہر ایک ۱۸ ماشہ پوست خشخاش۔ مغز سر گنجشک ہر ایک ۱۴ ماشہ مصری ۴ تولہ حب النیل سفید ۴ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون جنطیانا۔ معدہ اور گردہ کے درد تیز تلی اور جگر کے ورم میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق جھاؤ ۷ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پکھان بید روی۔ فلفل ہر ایک ۳۵ ماشہ قسط۔ سازج ہندی۔ باچھڑ ریوند چینی ہر ایک ۲۳ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون جوزجندم۔ بھوک لگاتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۴ ماشہ غذا سے پہلے یا بعد کھائیں۔ نسخہ۔ جو زجندم۔ ہلیلہ کابلی۔ آملہ۔ بلیلہ۔ سونٹھ۔ مصطگی۔ الائچی کلاں نانخواہ ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معلوم شہد کے قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون جو گرج گوگل۔ فالج، لقوہ اور دیگر سرد بیماریوں میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ۔ بھنگرہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ زنجبیل۔ قسط تلخ۔ دیودار۔ ابہل۔ عاقر قرحا۔ فلفلموبہ۔ نرکچور ہر ایک ۶ ماشہ تج بل۔ جند بید ستر ہر ایک ۲ ماشہ پوست چنبہ۔ کبابہ۔ تخم کاسنی ہر ایک ۳ ماشہ۔ پودینہ خشک ۵ ماشہ۔ گوگل برابر وزن ادویہ شہد سہ چند ادویہ۔ گوگل کو علیحدہ کوٹ کر روغن بادام سے چرب کر کے دوبارہ کوٹیں اور دیگر دواؤں کو کوٹ کر روغن مذکور سے چرب کر کے سب کو شامل کر کے شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون چوب چینی۔ آتشک اور گٹھیا میں مفید ہے۔ استعمال۔ علی الصبح ۷ ماشہ ہمراہ عرق عشبہ ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ گل سرخ۔ زعفران۔ نرکچور۔ خولنجان سعد کوفی ہر ایک ۵ ماشہ زنجبیل۔ دار فلفل۔ عاقر قرحا۔ جدوار خطائی ہر ایک ۹ ماشہ۔ دار چینی۔ الائچی کلاں فلفل سیاہ مصطگی۔ سورنجان۔ بوزیدان سناء مکی۔ اندر جو شیریں ہر ایک ۲ ماشہ چوب چینی ۱۱ تولہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔

معجون چوب چینی بہ نسخہ دیگر۔ خون کو صاف کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور جوڑوں کے درد کو دور کرتی ہے۔ نیز قوت باہ بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ صبح کے وقت بقدر ۷ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں خولنجان۔ قرنفل کباب چینی مشک بوزیدان زنجبیل۔ باچھڑ۔ نرکچور۔ اسارون۔ سازج

ہندی۔ فلفل دراز۔ عنبر جدوار خطائی ہر ایک ۹ ماشہ۔ دار چینی۔ سورنجان شیریں۔ شقاقل مصری۔ خصیتہ الثعلب۔ مصطگی رومی۔ عود ہندی اندر جو شیریں زعفران ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ مغز چرونجی۔ مغز حب القلقل مغز تخم مغز بن ہر ایک ۲ ماشہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز نارجیل ہر ایک ۹ ماشہ۔ چوب چینی ۱۹ تولہ۔ شہد۔ ترنجبین ہر ایک ۵۶ تولے۔ چوب چینی کو باریک تراش کر چار روز تک چار سیر پانی میں بھگوئیں۔ چار دن کے بعد جوش دیں۔ جب ایک سیر پانی رہ جائے۔ شہد اور ترنجبین شامل کر کے دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر ملائیں اور زعفران مشک و عنبر کو کیوڑہ کے عرق میں حل کر کے آخر قوام میں ملائیں۔

معجون حافظ العقل۔ تقویت دماغ اور عقل و حواس نیز ذہن و حافظہ کے بڑھانے میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ شیرہ آملہ ۴۵ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بلیلہ ہر ایک ۲۳ ماشہ۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ ابریشم مقرض۔ کندر بادر نجبویہ۔ پودینہ کوہی۔ مغز نارجیل مغز پستہ۔ اسطو خودوس۔ گل بابونہ ہر ایک ۵ ماشہ روغن بادام ۸ تولہ مویز منقی ۸ تولہ شہد خالص مصری ہر ایک ۱۳ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے معجون بنائیں۔

معجون حب الغار۔ استسقاء اور قولنج میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق برنجاسف ۶ تولہ شربت کثوث ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سداب خشک ۱۸ ماشہ۔ نانخواہ۔ زیرہ کرمانی۔ انجدان رومی۔ کلونجی۔ صعتر فارسی کرویہ دشتی فطراسالیون۔ مغز بادام تلخ۔ چلغوزہ۔ فلفل۔ پودینہ۔ دار فلفل۔ درج ترکی۔ زوفاء خشک حب الغار۔ جند بید ستر ہر ایک ۷ ماشہ جاؤشیر ۱۰ ماشہ۔ سکبینج ۲۱ ماشہ سہ چند ادویہ صمغیات کو شراب ریحانی میں حل کریں اور دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر سب کو شامل کر کے معجون تیار کریں۔

معجون حفظ۔ قوت حافظہ کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۴۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سناء مکی۔ سعد ہندی۔ فلفل سفید۔ کندر۔ عود قماری زعفران ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون حجر الیہود۔ گردہ اور مثانہ کو قوت دیتی ہے اور پتھری و ریگ کو خارج کرتی ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق اناس ۶ تولہ شربت بزوری ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ حجر الیہود ۱۲ تولہ۔ تخم خرپزہ۔ تخم گزر۔ تخم کرفس۔ حب قرطم۔ تخم خیار تخم تربوز۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم کریلا۔ کاکنج۔ اسارون۔ قردمانا (کرویہ دشتی) تخم گزر جنگلی۔ انیسون ہر ۱۸ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بطریق معلوم شہد میں معجون تیار کریں۔

معجون حمل عنبری علویخان۔ حمل کی نگہداشت کرتی ہے اور اسقاط حمل کی شکایت کو زائل کرتی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عنبر اشہب ۱۱ ماشہ مروارید ناسفتہ۔ کہرباء شمعی۔ بسد محرق۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ طباشیر۔ مازو سبز۔ درونج عقربی۔ عود صلیب۔ ابریشم مقرض۔ بیخ انجبار۔ گل ارمنی ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز تخم تربوز۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۱۸ ماشہ ورق نقرہ طلاء ہر ایک ۱۰ عدد شہد ۹ تولہ۔ شربت انگور ترش ۲۸ تولہ نبات سفید ۵۶ تولہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون خبث الحدید۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ بھوک لگاتی ہے اور خونی بواسیر میں ازحد مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عود صلیب۔ سعد کوفی۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ۔ نانخواہ۔ اذخر ہر ایک ۷ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ آملہ ہر ایک ۱۷ ماشہ خبث الحدید (در سرکہ پروردہ خشک کردہ) ۴ تولہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور سابق تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں معجون تیار کریں۔

معجون خدر۔ دماغ کی کمزوری اور سستی و کاہلی نیز مرض سن بہری میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عود غرقی ۱ ماشہ۔ قرنفل۔ نرکچور۔ زعفران ہر ایک ۲ ماشہ۔ مصطگی۔ بوزیدان۔ بہمن سرخ۔ شقاقل۔ خولنجان۔ بہمن سفید۔ گاؤ زبان۔ بادیان۔ بادر نجبویہ۔ باھمرٹ۔ چھڑیلہ۔ بسباسہ۔ قسط شیریں دانہ ہیل۔ برگ فرنجمشک۔ سعد کوفی ہر ایک ۲ ماشہ۔ عود صلیب۔ دار چینی۔ ثعلب مصری ہر ایک ۳ ماشہ سورنجان شیریں۔ ہلیلہ کابلی۔ تخم خشخاش ہر ایک ۴

ماشہ۔ دار فلفل درونج عقربی۔ اندر جو شیریں۔ پودینہ خشک۔ اسارون۔ اسطو خودوس۔ سازج ہندی۔ تج ہر ایک ۷ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ شہد چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون خدر جدید۔ مرض خدر (سن بہری) میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ روزانہ علی الصبح ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آلو بخارا ۳ سیر املی ۲ تولہ۔ عناب۔ سپستان۔ مویز منقی ہر ایک ۱۲ تولہ پوست ہلیلہ زرد۔ تخم کشوث (صرہ بستہ) افسنتین۔ گل بنفشہ ہر ایک ۵ تولہ گل سرخ ۴ تولہ تخم خطمی ۷ تولہ۔ تخم خیارین بادیان صندل سفید ہر ایک ۲ تولہ ترنجبین ۱۱ تولہ شکر سفید سوا سیر طباشیر صمغ عربی۔ کتیرا۔ نشاستہ۔ سقمونیا۔ مشوی ہر ایک ۵ ماشہ بطریق متعارف معجون تیار کریں۔

معجون خستہ انبہ۔ اسہال معدی میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیرہ بادیان بریان وزیرہ سیاہ بریان ہر ایک ۳ ماشہ۔ شربت حب ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ نانخواہ دانہ الائچی۔ کندر۔ موچرس۔ سعد کوفی۔ بیلگری۔ صمغ عربی بریان کشنیز بریان ہر ایک ۷ ماشہ مغز خستہ انبہ ۱۴ ماشہ شکر دو چند وزن ادویہ بدستور سابق معجون بنائیں۔

معجون خصیتہ الثعلب۔ منی کی پیدائش بڑھاتی ہے اور قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ خصیتہ الثعلب مصری ۴۲ تولہ مغز پنبہ دانہ ۳۵ ماشہ۔ مغز چلغوزہ۔ کنجد مقشر تخم مارچوبہ (ہلیون) دار فلفل ہر ایک ۲۴ ماشہ مایہ شترا اعرابی۔ تخم گاجر۔ شقاقل مصری۔ مغز سر گنجشک۔ قضیب گاؤ۔ (سوہان کردہ) ہر ایک ۱۱ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون خوذی۔ غذا کو ہضم کرتی ہے معدہ کی عام شکایات کو دور کرتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ جائفل ۷ عدد۔ بھیڑہ ۱۰ عدد قسط شیریں۔ خرفہ۔ باھمڑ۔ حب بلسان۔ تج ہر ایک ۷ ماشہ جاوتری۔ درونج عقربی۔ الائچی کلاں ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ قرنفل انیسون۔ اکلیل الملک

شیطرج ہندی۔ نار مشک ہر ایک ۱۴ ماشہ زراوند مدحرج چھڑیلہ۔ ریوند چینی ہر ایک ۱۷ ماشہ۔
ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۶ تولہ تخم مورد ۵ چھٹانک شکر سفید ایک سیر ۶ چھٹانک
بدستور معجون تیار کریں۔

معجون خولنجان۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ آب ترب (عرق مولی سبز) استعمال کریں۔
نسخہ۔ کلونجی۔ خولنجاں ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند دونوں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا
کر معجون تیار کریں۔

معجون دبید الورد۔ استسقاء جگر کے سدے اور معدہ کی کمزوری میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان عرق برنجاسف ہر ایک ۶ تولہ۔ شربت دینار ۴ تولہ
استعمال کریں۔
نسخہ۔ بالچھڑ۔ مصطگی۔ زعفران۔ طباشیر۔ دار چینی۔ اذخراسارون۔ قسط شیریں۔ غافث۔
تخم کشوث۔ مجیٹھ۔ لک مغسول ۔ تخم کاسنی۔ تخم کرفس۔ زراوند طویل۔ حب بلسان ۔
عود۔ قرنفل۔ الائچی خورد ہر ایک ۳ ماشہ ۔ گل سرخ برابر وزن ہمہ ادویہ شہد سہ چند ادویہ
بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون ذبیب۔ مرگی میں خصوصیت سے مفید و معمول ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ اسطوخودوس ہر ایک ۳ تولہ عود صلیب ۱۸ ماشہ۔
عاقر قرحا ۱۰ ماشہ مویز منقی آدھ سیر شہد دو چند وزن ادویہ منقی کو پیس کر شہد میں ملا کر قوام
کریں اور آخر میں تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر مربائے مذکورہ میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون راح المومنین۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ فرحت بخشی ہے
خفقان کو زائل کرتی ہے اور دمہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بہار ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ جوزبوا۔ کتیرا۔ بیخ سوسن نیلگوں۔ ہر ایک ۱۸ ماشہ گاؤ زبان ثعلب
مصری ہر ایک ۲۲ ماشہ تخم گندر۔ نارجیل۔ دار چینی۔ حب صنوبر۔ کبابہ ہر ایک " "ولہ۔
شقاقل مصری ۷ تولہ تخم خشخاش ۹ تولہ پوست خشخاش ۱۸ تولہ۔ شہد۔ آب سیب شیریں ہر

ایک ۷ ۳ تولہ آب زردک ۵۶ تولہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون راحت۔ تپ دق اور سر کے درد نیز تمام گرم بیماریوں میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ یا عرق ہرا بھرا ۷ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کافور قیصوری۔ مروارید ناسفتہ۔ یاقوت رمانی۔ طباشیر۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک دو ماشہ صندل سفید۔ تخم شاہترہ۔ انجبار۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم تربز۔ مغز تخم کدو شیریں۔ تخم خشخاش سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ آملہ مقشر حب تخم کاہو۔ تخم خرفہ۔ صمغ عربی۔ زرشک۔ بہدانہ گل سرخ۔ رب السوس ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ ترنجبین ۲ ماشہ تخم کاسنی۔ کشنیز ہرا ۲۵ ماشہ عرق گلاب عرق مشک ہر ایک ۱۴ تولہ رب بہی شیریں۔ رب انار شیریں ہر ایک ۱۸ تولہ شکر طبرزد ۲۵ تولہ آب کدو تازہ آب تربز ہر ایک ۱ عدد آب عناب ۲۰ عدد بطریق معلوم معجون بنائیں۔

معجون رب السوس۔ سینہ کی غلیظ رطوبت کو خارج کرتی ہے اور تنگی تنفس کو دور کرتی ہے۔ استعمال۔ روزانہ ۹ ماشہ کھائیں اور بعد میں خمیرہ بنفشہ پانی میں حل کر کے استعمال کریں۔ نسخہ۔ زراوند مدحرج۔ تخم انجرہ۔ کرویہ دشتی۔ فلفل مغز بادام تلخ۔ حب الرشاد۔ پرسیاؤشاں زوفائے خشک ہر ایک ۶ ماشہ رب السوس ایک تولہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معجون تیار کریں۔

معجون ربع۔ چوتھیا میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ دورہ کے روز دورہ سے ۲ گھنٹہ قبل بقدر ۷ ماشہ گرم پانی سے استعمال کریں۔ نسخہ۔ جند بید ستر۔ ہینگ۔ دار چینی۔ لونگ۔ کلونجی۔ مرصاف۔ میعہ سائلہ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ افیون۔ سداب۔ فلفل ہر ایک ۳ ماشہ شہد ولا چند ادویہ حسب دستور معجون تیار کریں۔

معجون رمان۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور بھوک لگاتی ہے نیز غذا کو ہضم کرتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ غذا کے بعد استعمال کریں۔ نسخہ۔ آب انار ترش آب انار شیریں ہر ایک ا سیر آب بہی شیریں آب بہی ترش ہر ایک آدھ سیر شکر سفید شہد خالص ہر ایک ا سیر ۔بسباسہ۔ جوزبوا۔ قرنفل دار چینی ہر ایک ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی بالچھڑ طباشیر سفید۔ ہر ایک ۲ ماشہ عود ہندی۔ پوست بیرون پستہ پوست زرد اترج۔ دانہ الائچی کلان دانہ الائچی خورد ہر ایک ۷ ماشہ۔ عرقیات مذکورہ میں شہد اور شکر ملا کر قوام کریں اور اثنائے قوام میں تمام دواؤں کو پیس کر شامل کریں۔

معجون ریگ ماہی۔ قوت باہ میں خصوصیت سے نافع ہے۔ استعمال۔ ۲ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری ۶ تولہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سقنقور ۴ تولہ۔ تخم شلغم۔ تخم اسپست۔

تخم گندر۔ تخم شلغم جنگلی۔ تخم پیاز۔ سفید۔ تخم انجرہ۔ تخم جرجیر ہر ایک ۴ ماشہ ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل سفید۔ دار فلفل ہر ایک ۲۱ ماشہ پیاز عنصل (مشوی) ۱۴ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۷ تولہ۔ عاقر قرحا مغز سر کنجشک۔ اندر جو شیریں ۲۱ ماشہ شہد دو چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر گھی میں بریان کریں اور پھر شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون ریوند۔ جگر کے ورم اور رحم کی شکایات میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ ماء العسل استعمال کریں۔ نسخہ۔ ریوند چینی۔ شہدانہ۔ وج ترکی بیخ انجدان۔ بیخ کرفس۔ بادیان۔ انیسون۔ نانخواہ ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون زجاج۔ مثانہ اور گردہ کی پتھری میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت کاکنج ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم ترب۔ تخم خربزہ۔ خارخسک۔ تخم سویہ۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم کرفس۔ حب الرشاد۔ برگ سناء کی۔ برگ مازریون۔ کلتھی۔ اجوائن خراسانی۔ انیسون ہر ایک ۷ ماشہ۔ دار چینی قلمی ۳ ماشہ۔ زجاج (کانچ) سوختہ ۲۱ ماشہ۔ شکر سفید ۶ تولہ شہد خالص ۱۲ تولہ بدستور معلومہ معجون تیار کریں۔

معجون زراوند۔ کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زراوند مدحرج۔ کرویہ دشتی۔ آرد کرسنہ۔ فلفل سفید ہالون۔ مغز بادام تلخ مقشر تخم انجرہ ہر ایک ۱۵ ماشہ۔ پرسیاوشان۔ رب السوس۔ زوفائے خشک ہر ایک ۳۵ ماشہ صمغ عربی ۱۱ ماشہ شہد سہ چند ادویہ بدستور معلوم معجون تیار کریں۔

معجون زرشک بارد۔ معدہ اور جگر کو قوت دیتی ہے۔ نیز استسقاء میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق کاسنی ۶ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرشک ۱۸ ماشہ گل سرخ ۱۴ ماشہ۔ مغز تخم خیارین تخم کاسنی ہر ایک ۱۱ ماشہ مغز تخم خربزہ۔ تخم شاہترہ۔ رب السوس۔ لک مغسول ہر ایک ۷ ماشہ طباشیر صندل (سودہ) ہاپھرٹ ہر ایک ۳ ماشہ آب انار آدھ پاؤ مصطگی ۲ ماشہ مویز منقی مساوی الوزن ہمہ ادویہ شکر سفید دو چند ادویہ بطریق مقررہ معجون بنائیں۔

معجون زرشک حار۔ استسقاء لحمی میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق مکوہ ۱۲ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ انبر باریس ۲۵ ماشہ گل سرخ۔ تخم کاسنی لک مغسول۔ زراوند ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ تخم کشوث غافث۔ ہاپھرٹ۔ اساروں۔ رازیانہ۔ انیسون۔ دار چینی ہر ایک ۷ ماشہ افسنتین۔ اذخر مکی۔ مصطگی۔ عود مجیٹھ۔ تج ہر ایک ۳ ماشہ شہد سہ چند ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔

معجون زرعونی۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ فلفل دار فلفل ۔ زنجبیل۔ قرفہ۔ دار چینی۔ قرنفل۔ خولنجان ہر ایک ا تولہ۔ تودری سرخ تودری سفید۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ بوزیدان۔ اندرجو شیریں۔ قسط شیریں سعد با بھکھڑ ہر ایک ۳ تولہ شہد سہ چند ادویہ حسب تدبیر سابق معجون تیار کریں۔

معجون زنجبیل۔ ذہن کو صاف کرتی ہے اور حافظہ کو بڑھاتی ہے اور مستورات کی رحم کی عام خرابیوں کو دور کرتی ہے۔ استعمال۔ روزانہ علی الصبح ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق گاؤ زبان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زنجبیل روغن زرد ہر ایک ۱۰ تولہ شیر گاؤ ۳ پاؤ شکر سفید ایک سیر مغز تخم خربزہ۔ مغز چرونجی۔ نشاستہ ہر ایک ۲ تولہ اسگند ناگوری موصلی سفید۔ موچرس۔ گوند ببول۔ ستاور ہر ایک ا تولہ سازج ہندی صندل سفید۔ تج ۔ گل دھاوا رہ ایک ۹ ماشہ۔ خارخسک۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ۔ سنبل الطیب۔ سعد کوفی۔ مغز تخم کونچہ۔ چینا گوند ہر ایک ۶ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول دواوں کو چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون زوفا۔ سینہ کے مواد کو نضج دیتی ہے۔ اور دمہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ جوشاندہ زوفا استعمال کریں۔ نسخہ۔ کرویہ دشتی۔ فلفل ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ مغز بادام تلخ۔ زراوند مدحرج۔ تخم اجرہ ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ رب السوس۔ زوفائے خشک۔ پرسیاؤشاں ہر ایک ۴۵ ماشہ خالص سہ چند وزن ادویہ دستور متعارف معجون تیار کریں۔

معجون سپاری پاک۔ باہ کی عام شکایات اور مرض سیلان الرحم میں مفید ہے۔ استعمال۔ بمقدار ایک تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مجیٹھ ا تولہ سپاری ۲۰ تولہ۔ چھوہارے ۴ تولہ دودھ ا سیر آرد مونگ ۱۰ تولہ گوند (برشتہ) نشاستہ (برشتہ) ہر ایک ۲۰ تولہ مغز بادام (برشتہ) ۴۰ تولہ روغن زرد ایک سیر شکر سفید ۳ سیر گوکھرو ۴۰ تولہ چینا گوند نارجیل ہر ایک ۲۰ تولہ ثعلب مصری۔ دار چینی۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ زنجبیل ہر ایک ۴ تولہ گل پستہ۔ گل سپاری ہر ایک ۱۴ ماشہ جوزبوا ۲ تولہ چھال کچنال۔ چھال سنگھا ہولی ہر ایک ۶ ماشہ ۔ زعفران ۲ تولہ مشک ۶ ماشہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون پستان۔ رقیق منی کو غلیظ کرتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ موصلی سفید۔ تخم کاہو۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم انگن۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری مغز پستہ۔ مغز حب السمنہ ہر ایک ا تولہ۔ مغز نار جیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز بادام۔ تج ہر ایک ۲ تولہ۔ تا لمکھانہ ۱۸ ماشہ دار فلفل ۔ سونٹھ بہمن سرخ بہمن سفید۔ موچرس۔ کنجد مقشر ہر ایک ۶ ماشہ۔ مصطگی۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک ۶ ماشہ پستان۔ صمغ عربی ہر ایک پاؤ سیر شہد خالص آدھ سیر شکر سفید ایک سیر روغن گاؤ ۱۰ تولہ زعفران ۳ ماشہ پستان اور صمغ عربی کو کوٹ کر گھی میں بھونیں اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر سب کو شامل کر کے شکر اور شہد کے قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون سرخس۔ مرض دیدان (پیٹ کے کیڑے) میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برنگ کابلی مقشر ہر ایک ۳ ماشہ۔ تربد سفید مدبر گوگل ہر ایک ۷ ماشہ شہد سہ چند ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون بنائیں اور استعمال سے ہر ایک گھنٹہ پہلے تازہ دودھ استعمال کریں اور تین روز یہ معجون استعمال کرنے کے بعد مسہل لیں۔

معجون سرعت۔ مثانہ اور گردہ کی کمزوری نیز سرعت انزال میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ جوزبوا ا تولہ۔ آملہ منقی۔ اذخر۔ خارخسک۔ بلیلہ۔ بسباسہ۔ قرفہ۔ خولنجان حب بلسان ہر ا ۲ تولہ۔ دار چینی۔ زنجبیل ہر ایک ۳ تولہ شہد سہ چند ادویہ ۔ بدستور متعارف معجون تیار کریں۔

معجون سفرجل۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور غذا ہضم کرتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔
نسخہ۔ زہر مہو خطائی۔ بالچھڑ۔ زیرہ۔ گل سرخ۔ پوست بیرون پستہ صمغ عربی بریان حب۔ پوست ترنج۔ سعد کوفی۔ دانہ الائچی خورد بریان۔ نرکچور ہر ایک ۷ ماشہ۔ مصطگی۔ جوزبوا۔ بسباسہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ طباشیر۔ صندل۔ کشنیز بریان۔ گل سرخ ہر ایک ۲ ماشہ شربت انار شیریں ۴ تولہ بہی خشک ۲ تولہ زرشک (بہ عرق گلاب حل کردہ) ۴۲ ماشہ بدستور معلوم معجون تیار کریں۔

معجون سقمونیا۔ ایلاؤس اور قولنج میں فائدہ مند ہے۔
استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مصطگی۔ قرنفل۔ سونٹھ۔ فلفل دار فلفل ۔ ہر ایک ہموزن سقمونیا برابر مجموع وزن ادویہ شہد سہ چند ادویہ بدستور متعارف معجون بنائیں۔

معجون سکبینج۔ قولنج میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سکبینج۔ تخم کرفس۔ جند بید ستر ہر ایک ۶ ماشہ سقمونیا ۳ ماشہ۔ سقمونیا کو روغن بادام میں پیس کر اور سکبینج کو شہد میں حل کر کے بدستور معجون بنائیں۔

معجون سناء۔ قبض اور سر کے درد میں مفید ہے
استعمال علی الصبح بقدر ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ۔ بادر نجبویہ۔ برگ گاؤ زبان۔ گل بنفشہ۔ اصل السوس ہر ایک ۱ تولہ انجیر زرد ۱۰ دانہ۔ مویز منقی۔ عناب ہر ایک ۲۰ دانہ پستان ۱۰۰ دانہ (جوشدادہ) کشمش ایک پاؤ برگ سناء مکی ۷ تولہ ہلیلہ سیاہ ۵ تولہ ہلیلہ زرد ۳ تولہ روغن بادام شیریں بقدر ضرورت اول الذکر دواؤں کو جوش دے کر صاف کر کے کشمش پیس کر شامل کر کے بعدہ دیگر دوائیں کوٹ چھان کر ملائیں۔

معجون سند روس۔ خونی دستوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت حب آلاس ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بسد سوختہ۔ سند روس۔ کہرباء پشم خرگوش ہر ایک ۶ ماشہ زہر جد۔ دندان فیل۔ دم الاخوین ہر ایک ۳ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔

معجون سنگدانہ مرغ۔ دل اور معدہ کو قوت دیتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے۔
استعمال۔ روزانہ بوقت صبح بقدر ۷ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پوست سنگدانہ مرغ۔ طباشیر کبود ہر ایک ۱ ماشہ۔ پودینہ خشک پوست بیرون پستہ پوست ترنج۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۵ ماشہ گل سرخ ۱۱ ماشہ۔ بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ صندل سفید صندل سرخ۔ معتر فارسی۔ کشنیز خشک بریان حب ہر ایک ۷ ماشہ شہد سہ چند ادویہ

بدستور معجون تیار کریں۔

معجون سنگ سرماہی۔ گردہ اور مثانہ کی ریگ وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ سنگ سرماہی۔ حجر الیسود ہر ایک ۲ تولہ مغز خسکدانہ۔ مغز آلو بالو۔ کلتھی ہر ایک ا تولہ۔ سونف ا تولہ۔ تخم کوٹ ۳ تولہ مغز تخم خربزہ ۵ تولہ شہد آدھ سیر سنگ سرماہی اور حجر الیسود کو کھرل کریں اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون سورنجان۔ لنگڑی کے درد۔ نقرس اور گٹھیا وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال ۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کرفس۔ بادیان۔ فلفل سفید۔ صعتر۔ نمک ہندی۔ سمندر جھاگ۔ برگ حنا ہر ایک ۵ ماشہ ۔ بوزیدان۔ ماہیز ہرج۔ شیطرج ہندی۔ بیخ کبر ہر ایک ۷ ماشہ ۔ گل سرخ۔ جلجلان (کشنیز کوہی) زنجبیل۔ سقمونیا ہر ایک ٦ ماشہ۔ سورنجان شیریں سفید ۷ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ تربد سفید ۵ تولہ۔ روغن بادام ۳ تولہ شہد خالص ۲۴ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون سوطیرا۔ جوڑوں کے درد نیز مرگی۔ فالج اور چکر آنے اور دیگر پرانے امراض میں نہایت ہی مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کرفس ۵ تولہ تج اذخر مرکی ہر ایک ۴ تولہ۔ جند بید ستر فطر اسالیون ہر ایک ۵ تولہ مرچ سفید ۴ تولہ۔ افیون انیسون ہر ا ۴ تولہ۔ باچھڑ ۳ تولہ قسط۔ دار چینی۔ میعہ سائلہ۔ اسارون۔ اقراص اقرقومعا ہر ایک ۳ تولہ حماما۔ زعفران۔ دار فلفل ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ سیسالیوس ۵ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں اور چھ ماہ کے بعد استعمال کریں۔

معجون سیر علویخان۔ تمام بلغمی اور سوداوی بیماریوں میں نیز سمی اثرات کے لئے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل گاؤ زبان۔ بادر نجبویہ ہر ایک ۷ تولہ ۔سفانج فستقی۔ ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی مکوہ خشک ہر ایک ۴ تولہ (جوشدادہ) لہسن تازہ آدھ سیر دودھ ایک سیر شہد خالص ایک سیر زنجبیل۔ فلفل سیاہ فلفل سفید فلفل دراز۔ قرنفل تج۔ کباب چینی۔ خولنجان۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری گل بابونہ۔

مرزنجوش ہر ایک ۲ تولہ۔ عنبر زعفران ہر ایک ۴ ماشہ اول الذکر دواؤں کو جوش دیں۔ جب نصف پانی باقی رہے چھان کر اس میں لہسن مقشر شامل کر کے دودھ ملائیں اور جوش دیں۔ جب پانی بالکل خشک ہو جائے اور دودھ رہ جائے تو گھی آدھ سیر شامل کریں اور دودھ کے جذب ہونے پر شہد میں قوام کریں اور دیگر دوائیں کوٹ چھان کر شامل کریں۔

معجون سیسالیوس۔ ہر قسم کی مرگی میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ سکنجبین عنصل استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم سیسالیوس۔ زراوند مدحرج ہر ایک ۱۴ ماشہ حب الغار عود صلیب ہر ایک ۳۵ ماشہ جند بید ستر ۱۴ ماشہ قرص اسقیل ۱۷ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون شاہترہ۔ خون کے فساد اور خارش میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ ۷ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست بلیلہ آملہ۔ برگ سرپھوکہ۔ ہلیلہ زنگی۔ ہر ایک ۱ تولہ شاہترہ ۲ تولہ۔ چرائتہ۔ اصل السوس ہر ایک ۷ ماشہ۔ تخم خشخاش ۹ ماشہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ بطریق متعارف بنائیں۔

معجون شیخ الرئیس۔ سرعت انزال اور باہ کی کمزوری میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ کابلی بریان ۶ ماشہ بہمن سفید ۳ ماشہ۔ پودینہ خشک۔ حب سندروس مر۔ کندر۔ بسباسہ ہر ایک ۱۲ ماشہ قرنفل ۳ ماشہ۔ راسن خشک۔ حب المحلب ہر ایک ۹ ماشہ شیرہ مربہ آملہ سہ چند۔ تمام کو کوٹ چھان کر شیرہ مذکور میں معجون تیار کریں۔

معجون صمغ عربی۔ رقت منی کو زائل کرتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۲ تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ صمغ عربی۔ آرد سنگھاڑا۔ آرد خرما۔ ہر ایک ۱ سیر مغز نارجیل۔ مغز پستہ۔ مغز بادام مغز چلغوزہ ہر ایک ۲ تولہ۔ الائچی خورد۔ دار چینی۔ سونٹھ ہر ایک ۸ ۱ماشہ۔ قرنفل ۹ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ شکر سفید ہموزن مجموع ادویہ شہد دو چند وزن ادویہ بطریق متعارف معجون بنائیں۔

معجون صندل۔ خفقان اور اختلاج معدہ کو دور کرتی ہے دل کو قوت دیتی اور فرحت بخشتی ہے۔
استعمال۔ علی الصبح ۵ ماشے ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق گذر ۵ تولہ نبات سفید ۲ تولہ کھائیں۔
نسخہ۔ صندل سفید ۸ تولہ آب تمرہندی۔ آب انار ترش ہر ایک پاؤ، سیر شکر سفید ڈیڑھ سیر

ملا شیر ۴ ماشہ زعفران عود ہر ایک ۳ ماشہ صندل کو پانی میں پیس کر چھان لیں اور عرقیات مذکورہ کے ساتھ شامل کر کے شکر ملا کر قوام کریں اور آخر قوام میں دیگر دواؤں کو پیس کر شامل کریں۔

معجون طحال۔ تلی کی سختی اور ورم کو تحلیل کرتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق برگ جھاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پرسیاؤشان۔ زوفا خشک۔ تخم فنجنگشت ہر ایک مساوی شہد سہ چند بدستور متعارف معجون تیار کریں۔

معجون طلا۔ چہرہ کی رنگت کو سرخ کرتی ہے اور سرعت انزال کو زائل کرتی ہے نیز قوت باہ کو بڑھاتی ہے اور مادہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ورق طلا ۴ تولہ عنبرا شہب ۷ تولہ مشک تبتی۔ مروارید ناسفتہ۔ عقیق یمنی۔ ابریشم یاقوت رمانی۔ لعل بدخشانی۔ کہربائے شمعی۔ زمرد سبز ہر ایک ۲ تولہ۔ لاجورد مغسول ایک تولہ شہد سہ چند ادویہ عنبر کو گلاب میں پگھلا کر اور دیگر جواہرات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے شہد کے ہمراہ بدستور سابق معجون تیار کریں۔

معجون عشبہ۔ خون کی خرابی۔ جوڑوں کے درد اور آتشک نیز جذام وغیرہ میں

ازحد مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ ۶ تولہ عرق عشبہ ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عشبہ ۹ تولہ۔ سفائج ۴ تولہ۔ افتیمون ا تولہ گل سرخ ۴ تولہ صندل سفید صندل سرخ۔ سنائکی ہر ایک ۴ تولہ۔ چوب چینی ۶ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد ہر ایک ا تولہ۔ بابھڑنگ کباب چینی دار چینی ہر ایک ۲ تولہ بادیان ۴ تولہ شکر سفید۔ شہد خالص ہر ایک تین پاؤ حسب دستور سابق معجون تیار کریں۔

معجون عطائی۔ قطرہ قطرہ پیشاب آنے سے سرعت انزال میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مصطگی۔ کندر۔ جفت بلوط۔ بزر البنج۔ شہدانہ۔ لبان ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معلوم معجون بنائیں۔

معجون عقرب۔ گردہ و مثانہ کی پتھری نکالنے میں عجیب الاثر ہے۔ استعمال۔ ۶ رتی معجون تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بیخ کاکنج ۱۹ ماشہ پکھان بید رومی ۱۴ ماشہ۔ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ ۹ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون عود۔ قوت ہاضمہ کو بڑھاتی ہے اور بھوک لگاتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ غذا کے بعد کھائیں اور اوپر سے عرق بادیان ۱۲ تولہ پی لیں۔ نسخہ۔ عود ۱ ماشہ۔ زرشک۔ گل سرخ۔ صندل (سودہ) ہر ایک ۷ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد باپھرڑ۔ دانہ الائچی کلاں۔ جوزبوا۔ ‌‌بسباسہ۔ طباشیر۔ دار چینی۔ فرنجمشک۔ تیزپات۔ لونگ۔ زرنب۔ گاؤ زبان۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران۔ نرکچور۔ ہر ایک ۲ ماشے مشک ۱ ماشہ مربائے بہی ۲ تولہ شربت انار شیریں ۴ تولہ ورق نقرہ ورق طلاء ہر ایک ۲ ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور معجون تیار کریں۔

معجون غیاثی۔ بھوک لگاتی ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کرتی ہے اور مرض اختناق الرحم میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ عرق گلاب ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زعفران۔ عاقر قرحا۔ بزرالبنج۔ فرفیون۔ خولنجان۔ الائچی کلاں۔ دار فلفل۔ جند بید ستر۔ ہر ایک مساوی الوزن شہد خالص سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون فالق۔ خفقان اور سر کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت بقدر ایک تولہ نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ مصطگی۔ عود ہندی۔ جوزبوا۔ دار چینی ہر ایک ۳ ماشہ سقمونیا ۱۴ ماشہ۔ مغز بادام ۔ باپھرڑ ہر ایک ۲۵ ماشہ تربد ۳۲ ماشہ۔ شہد سہ چند بدستور معروف معجون بنائیں۔

معجون فلاسفہ۔ گردہ اور کمر کو قوت دیتی ہے جوڑوں کے درد کو تسکین دیتی ہے اور آلات بول کی تمام خرابیوں کو دور کرتی ہے نیز قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ معجون ہمراہ عرق سونف ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم بابونہ ۱۸ماشہ۔ سونٹھ۔ سیاہ مرچ پپلا سول آملہ مقشر۔ ہلیلہ۔ شیطرج ہندی۔ زراوند مدحرج۔ خصیتہ الثعلب بیخ بابونہ۔ مغز چلغوزہ۔ نارجیل تازہ ہر ایک ۲ تولہ مویز منقی ۵ تولہ شہد خالص سہ چند ادویہ تمام

دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں معجون بنائیں۔

معجون فلک سیر۔ امساک اور لذت بخشتی ہے نیز قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ صبح شام ایک ایک ماشہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز بادام شیریں۔ مغز فندق۔ مغز۔ چلغوزہ۔ مغز گردگان۔ افیون۔ بھنگ مغز کدو شیریں۔ مغز کاہو ہر ایک ٦ ماشہ۔ جوزبوا۔ بسباسہ ہر ایک ۴ تولہ مشک عنبر ہر ایک ٦ سرخ شکر سفید دو چند وزن ادویہ بطریق متعارف معجون تیار کریں۔

معجون فنجنوش۔ چہرہ کو سرخ کرتی ہے بھوک لگاتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ پوست ہلیلہ چینی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ ۔ آملہ ہر ایک ۳ تولہ بسباسہ۔ الائچی خورد۔ عود قماری۔ مشک ہر ایک ۷ ماشہ فلفل سیاہ فلفل دراز۔ زیرہ سیاہ۔ مدبر تخم سویہ۔ تخم کرفس۔ تخم گندنا۔ تخم جرجیر۔ تخم شلغم۔ تخم خربزہ۔ تج دار چینی۔ قرنفل۔ جو زبوا ہر ایک ۲ ماشہ سپندان سفید ۹ تولہ۔ خبث الحدید مدبر ہموزن ادویہ۔ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون فوتنجی۔ معدہ اور جگر کے سر درد نیز قولنج میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ عرق بادیان ٦ تولہ اور عرق مکوہ ٦ تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم کرفس بابونہ حاشا ہر ایک ۴ تولہ۔ پودینہ نہری۔ پودینہ کوہی۔ فطراسالیون۔ تخم انجدان ہر ایک ۳ تولہ۔ فلفل سیاہ ۷ تولہ شہد سہ چند بدستور سابق کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں معجون بنائیں۔

معجون فیقرا۔ بھوک لگاتی ہے اور مٹی کھانے کی بدعادت کو چھڑاتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ جوشاندہ پودینہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ایارج فیقرا ۴۲ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ آملہ۔ نمک لفظی۔ شہد سہ چند بدستور معروف کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون قرطم۔ تلئین کرتی ہے معدہ کو قوت دیتی ہے اور پیشاب کھل کر لاتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ قرطم۔ مغز بادام۔ گل سرخ برگ سنا ہر ایک ٦ تولہ بادیان۔ سونٹھ ہر ایک ۲ تولہ دار چینی ۱۰ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ا تولہ انجیر ولایتی ۴۰ عدد منقی ۴۰ عدد شکر سفید سہ چند وزن ادویہ۔ مغز بادام اور حب قرطم کو علیحدہ اور منقی اور انجیر کے علاوہ تمام دواؤں کو جداگانہ پیس کر شکر کے قوام میں شامل کریں۔

معجون قسط۔ سوتے میں پیشاب نکل جانے اور مثانہ کی کمزوری میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ قسط شیریں۔ سعد کوفی۔ بلوط۔ کندر۔ دار فلفل ہر ایک ۵ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ۔ فلفل ۲ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معجون تیار کریں۔

معجون قفی۔ کھانسی اور تنگی نفس نیز سینہ اور معدہ کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ گرم پانی کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مرکی۔ میعہ سائلہ۔ کتیرا۔ صمغ عربی ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ کندر مغز بادام تلخ۔ زراوند گرد قردمانا۔ زعفران۔ پرسیاؤشان۔ ایرسا۔ فراسیون (پہاڑی لہسن) ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ زوفائے خشک مغز چلغوزہ ہر ایک ۱۸ ماشہ مویز منقی ۳۵ ماشہ شکر سفید ہموزن ادویہ۔ شہد دو چند وزن ادویہ گوندھ کر جوشاندہ نعناع میں حل کر کے دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون قولنج ہر قسم کے قولنج میں تسکین درد کے لئے مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ سداب۔ پودینہ خشک۔ فلفل۔ نانخواہ۔ کرویہ دشتی۔ انجدان رومی۔ سونٹھ۔ دار چینی۔ دار فلفل ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند بدستور متعارف معجون بنائیں۔

معجون کاسر ریاح۔ ترش ڈکاریں۔ ریاحی بواسیر اور معدہ کی کمزوری وغیرہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق هاضم ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ سداب۔ مصطگی۔ گل سرخ۔ قرنفل۔ انیسون درج ترکی۔ نانخواہ۔ بورہ ارمنی۔ پوست بیرون پستہ ہر ایک ۱ ماشہ زیرہ کرمانی مدبر ۲ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور معجون بنائیں۔

معجون کاشم۔ ہر قسم کے ریحی دردوں میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ عرق پان ۶ تولہ خمیرہ بنفشہ ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ برگ سداب۔ پودینہ۔ فلفل سیاہ۔ نانخواہ کرویہ۔ انجدان رومی۔ سونٹھ۔ دار چینی۔ دار فلفل ہر ایک ۲ تولہ شہد خالص سہ چند ادویہ بطریق معلوم معجون بنائیں۔

معجون کچلہ۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ اور اختلاج میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برادہ کچلہ مدبر سات روز برابر دودھ میں بھگوئیں۔ اور دودھ روزانہ بدلتے رہیں فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ دار چینی۔ جوزبوا۔ بسباسہ۔ مصطگی۔ عود بلسان۔ سونٹھ۔ عود ہندی۔ قرنفل سعد۔ سعد کوفی۔ آملہ۔ بابھڑنگ۔ الائچی کلاں۔ کالا دانہ۔ صندل سفید۔ زعفران۔ دار فلفل۔ بادیان ہر ایک ۳ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ بدستور معلوم معجون تیار کریں۔

معجون کشنیز۔ مرض سدر اور تبخیر میں مفید ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت ۔ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ پوست ہلیلہ کابلی۔ تخم کشنیز مقشر۔ آملہ منقی ہر ایک ۱۸ ماشہ طباشیر سفید ہر ایک پاؤ سیر ورق نقرہ ۷ ماشہ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ بدستور معروف معجون بنائیں۔

معجون الکلی۔ مثانہ اور گردوں کو قوت بخشتا ہے۔ تقویت باہ کے لئے مفید ہے۔ استعمال روزانہ علی الصبح بقدر ۱ تولہ ہمراہ آب تازہ یا شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز پستہ۔ مغز چلغوزہ۔ مغز چرونجی۔ تخم خشخاش۔ کنجد سفید مقشر۔ مغز فندق۔ مغز حب القلقل۔ مغز حبۃ الخضراء دار چینی۔ خولنجان۔ موچرس ہر ایک ۳ ماشہ مغز نارجیل بہمن سرخ۔ بہمن سفید ۔ توددری سرخ۔ توددری زرد۔ دانہ الائچی خورد۔ دانہ الائچی کلاں۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ کشمش ۔ ماشہ۔ مویز منقی ۔ ماشہ۔ چھوہارہ ۱ تولہ۔ شقاقل۔ تخم کرفس۔ اندر جو شیریں۔ درونج عقربی۔ پودینہ خشک۔ مصطگی۔ بنسلوچن۔ تالمکھانہ۔ کباب چینی۔ بسباسہ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ پوست ترنج۔ گوکھرو لونگ۔ تخم گزر تخم شلغم۔ تخم ہلیون۔ تخم کونچ۔ نرکچور میدہ لکڑی ہر ایک ۲ ماشہ۔ بابھڑنگ عنبر اشہب ہر ایک ۱ ماشہ۔ چوب چینی ۲ تولہ مجیٹھ ۲ تولہ شکر سفید ۱ تولہ۔ ترنجبین سفید آدھ پاؤ شہد خالص ۱ تولہ زعفران ماشہ۔ ترنجبین کو پانی میں حل کر کے صاف کریں اور شہد و شکر ملا کر قوام پر لے آئیں اور دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کریں اور آخر قوام میں زعفران اور عنبر کو عرق بید مشک میں حل کر کے ملا لیں۔

معجون کلاں۔ باہ کو قوت دیتی ہے۔ جریان اور سیلان رحم میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ قرنفل درونج عقربی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ نرکچور آملہ مقشر۔ گل ارمنی فاد زہر حیوانی۔ مشک

ہر ایک ۹ ماشہ یا قوت سرخ۔ یا قوت کبود۔ یا قوت زرد لعل عقیق یمنی بسد۔ کہرباء یشب۔ سانج ہندی۔ گل گاؤ زبان۔ طباشیر۔ جدوار خطائی۔ پوست بیرون پستہ پوست ترنج۔ تخم کاسنی۔ تخم خرفہ۔ مقشر۔ ورق طلاء ورق نقرہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ جند بید ستر۔ عنبرا شہب ہر ایک ۱۸ ماشہ مروارید ناسفتہ۔ دار چینی۔ مصطگی ہر ایک دو تولہ زعفران ۵ تولہ افیون ۲ ماشہ گلاب ۱ سیر شہد۔ شکر سفید۔ مصری ہر ایک ہموزن ادویہ بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون کلکلانج۔ کھانسی۔ تنگی تنفس۔ تپ کہنہ جگر کے ورم اور تلی نیز اختناق الرحم میں بے حد مفید ہے۔

استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق مکوہ سبز مروق ۶ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ فلفل۔ دار فلفل۔ فلفلموبہ۔ زنجبیل۔ نمک ہندی سرخ۔ سیاہ نمک اندرانی۔ نمک طبرزد۔ نمک خمیر۔ اندر جو شیریں۔ شیطرج ہندی۔ سعد کوفی۔ الائچی خورد۔ قرفہ قرنفل۔ معتر برنگ کابلی مقشر۔ کلونجی۔ حب النیل۔ زیرہ کرمانی۔ سانج ہندی۔ تخم کرفس۔ کشنیز خشک ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ۔ آملہ مقشر ہر ایک ۲ تولہ فلوس۔ خیار شنبر ۲ تولہ۔ تربد مجوف (خراشیدہ) ۳ تولہ مویز منقی آدھ سیر شیرہ آملہ ایک سیر شکر ۳ سیر روغن کنجد آدھ سیر۔ شیرہ آملہ اور مویز منقی کو چھ سیر پانی میں جوش دیں ایک حصہ باقی رہے صاف کر کے فلوس املتاس اور شکر نیز روغن کنجد ملا کر دوبارہ جوش دیں قوام ہونے پر دیگر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کریں اور محفوظ رکھیں۔

معجون کندر۔ مرض سلسل جول میں مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ کشتہ بیضہ مرغ ۲ چاول کریں۔

نسخہ۔ فلفل ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۳ ماشہ۔ کندر۔ قسط شیریں۔ سعد کوفی۔ بلوط۔ دار فلفل ہر ایک ۵ ماشہ شہد سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون بنائیں۔

معجون کوتوالی۔ سیلان منی اور مرض سلسل بول میں فائدہ مند ہے۔

استعمال۔ بقدر ۱۸ ماشہ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ چرائتہ۔ تخم حماض۔ صمغ عربی طباشیر ہر ایک ۷ ماشہ حب الآس ۹ ماشہ۔ اقاقیا۔ گلنار ہر ایک ۱۱ ماشہ شہد خالص دو چند ادویہ حسب معمول دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں معجون تیار کریں۔

معجون گل۔ معدہ اور جگر کے ورم میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق مکوہ ۶ تولہ و عرق کاسنی ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ ۴۰ ماشہ۔ بیخ سوسن ۲۵ ماشہ۔ ریوند چینی۔ لک مغسول ہر ایک ۵ ماشہ۔ تج۔ زعفران ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ مر ۲ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ زعفران کو سرکہ میں حل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون گھی گوار۔ تقویت باہ اور جوڑوں کے درد میں فائدہ مند ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز گھیکوار پاؤ سیر۔ شیر گاؤ۔ شکر سفید ہر ایک سوا سیر۔ مغز بادام ۷ تولہ مشک ۱ ماشہ زعفران ۲ ماشہ۔ مغز پستہ۔ خرما ہر ایک ۷ تولہ۔ گھیکوار کو ٹکڑے ٹکڑے کریں اور چھیل کر گودے کو اچھی طرح نچوڑیں اور دودھ میں ملا کر قوام پر لائیں اور مشک وغیرہ عرق گلاب میں حل کر کے اضافہ کریں۔

معجون لبوب۔ مادہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے۔ سرعت انزال کو زائل کرتی ہے اور مادہ کو بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ایک تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مغز خسک دانہ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز حب السمنہ۔ کنجد۔ خشخاش سفید۔ موصلی سنبھل موصلی سیاہ۔ ستاور۔ اسگند۔ سنگھاڑہ۔ تخم تمر ہندی مقشر۔ پستان ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم گزر۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم ترب (مولی) تا لمکھانہ بریان۔ سمندر سوکھ۔ میدہ لکڑی ہر ایک ۹ ماشہ۔ خولنجان۔ تج۔ چینا گوند۔ ناگر موتھا۔ تخم کونچ۔ گوکھرو خورد۔ اندر جو شیریں۔ پھلی ببول۔ مغز کنول گٹہ۔ گل دھاوا۔ گوند سینبھل۔ بہیجند ہر ایک ۶ ماشہ۔ اسپند گجراتی بریان۔ تخم انگن۔ عاقر قرحا۔ سونٹھ دار فلفل۔ بزر البنج ہر ایک ۳ ماشہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔ اجزائے مذکورہ بالا میں اگر مغزیات کا اضافہ کر لیا جائے تو زیاہ مقوی ہو جائے گا۔

معجون لنا۔ فالج لقوہ اور دیگر بلغمی و سرد بیماریوں میں نیز جوڑوں کے درد اور آتشک وغیرہ میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۳ ماشہ فالج وغیرہ میں ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ اور معدہ کی بیماریوں میں ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ علی ہذا آتشک اور فساد خون میں عرق عشبہ ۱۲ تولہ اور تقویت باہ کے لئے ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری ۵ تولہ استعمال کریں۔

معجون لولوی۔ اعصاب کو قوی کرتی ہے قوت باہ کو برانگیختہ کرتی ہے اور عضو مخصوص کی تمام کمزوریوں کو زائل کرتی ہے۔ استعمال۔ جماع سے دو گھنٹہ قبل بقدر ۵ ماشہ ہمراہ آب گرم استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ بسد ہر ایک ۵ ماشہ انیسون۔ بہمن سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ۔ کاکنج بیخ بیلاب ہر ایک ۳ ماشہ۔ فقاح اذخر۔ سعد کنازج۔ تج۔ دار چینی۔ اسارون۔ مصطگی ہر ایک ۳ ماشہ۔ صمغ عربی کتیرا ہر ایک ۲ ماشہ شہد خالص سہ چند وزن ادویہ بدستور متعارف معجون تیار کریں۔

معجون مازریون۔ استسقاء میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ماشہ ہمراہ شیر شتر استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست بلیلہ ۷ ماشہ آملہ۔ سونٹھ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ فلفل ۱۸ ماشہ۔ مازریون مدبر۔ تربد سفید مجوف۔ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۳۵ ماشہ شہد سہ چند ادویہ بدستور معلوم معجون تیار کریں۔

معجون ماسک البول۔ جریان۔ سلسل البول اور سیلان الرحم میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ۹ ماشہ۔ کتھ سفید ۹ ماشہ۔ جفت بلوط۔ قشر کندر۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ خصیۃ الثعلب ۵ ماشہ۔ کہرباء شمعی ۶ ماشہ۔ شہد انج۔ حب آلاس ہر ایک ۱۸ ماشہ مویز منقی ۲۳ تولہ۔ منقی کو کوٹ کر عرق گلاب میں جوش دیں اور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شامل کر کے قوام پر لے آئیں۔

معجون مبہی انطاکی۔ مثاپالاتی ہے خون کو پیدا کرتی ہے۔ حرارت اصلیہ کو قوت دیتی ہے اور باہ کو برانگیختہ کرتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق عنبر ۵ تولہ۔ عرق ماء اللحم عنبری ۵ تولہ مصری ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ نخود سفید (در آب ترہ تیزک تر و خشک کردہ) خشک ہر ایک ۸ تولہ۔ ترنجبین خراسانی ۳ تولہ۔ دار چینی۔ خولنجان ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ آب پیاز سفید ۱۷ تولہ شہد خالص ۵۱ تولہ۔ مذکورہ بالا ادویہ کو شامل کر کے قوام تیار کریں اور آخر قوام میں مندرجہ ذیل دوائیں کوٹ چھان کر ملالیں۔
تخم ترب۔ تخم گذر۔ تخم انجرہ۔ شقاقل ہر ایک ۳ تولہ۔ عاقر قرحا۔ سونٹھ ہر ایک ۲ تولہ زعفران ۱۸ ماشہ۔ فاد زہر حیوانی۔ مشک ہر ایک ۲ تولہ (در عرق گلاب حل کردہ) مغز گردگاں (اخروٹ) مغز حب الصنوبر مغز نارجیل۔ مغز جبتہ الخضراء۔ تخم شلغم۔ تخم اسپت۔ تخم کتان۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ ہر ایک ۳ تولہ قسط شیریں۔ انیسون۔ قرنفل فلفل۔ ماہی

روبیان ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ زردی بیضہ مرغ۔ مغز سر کنجشک ہر ایک ۲۰ عدد۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق عنبر ۵ تولہ عرق ماء اللحم عنبری ۵ تولہ مصری ۲ تولہ استعمال کریں۔

معجون محدبہ۔ بدن کو فربہ کرتی ہے اور باہ کو قوی کرتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۶ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ پیٹھا ا عدد۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ جاوتری۔ ثعلب مصری۔ ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ زنجبیل۔ زیرہ سفید زیرہ سیاہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ نارجیل ۵۶ ماشہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ۔ روغن گاؤ۔ کشمش ہر ایک آدھ پاؤ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ مصری ایک سیر شہد آدھ سیر بدستور سابق معجون بنائیں۔

معجون محمد زکریا۔ مرگی میں مفید ہے۔ استعمال۔ روزانہ ۳ ماشہ ہمراہ عرق معتر مرکب ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ افتیمون۔ اسطو خودوس۔ بسفائج۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک مساوی الوزن سکنجبین عنصلی حسب ضرورت دواؤں کو کوٹ چھان کر سکنجبین میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون مرجان۔ تقویت معدہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ گل سرخ۔ تخم کاسنی۔ ہر ایک ۸ ماشہ۔ گل مختوم۔ طباشیر۔ بہمن سفید۔ مرجان سرخ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباء شمعی۔ مصطگی ہر ایک ۲ ماشہ شکر سفید سہ چند عرق گلاب بقدر ضرورت حسب طریق بالا معجون بنائیں۔

معجون مروح الارواح۔ دل و دماغ عقل و حافظہ اور دیگر اعضائے رئیسہ کو قوت بخشتی ہے جسم کو توانا مضبوط اور فربہ کرتی ہے۔ قوت باہ کی کمی اور عضو مخصوص کے ہر قسم کے نقائص کو دور کرتی ہے۔ گویا از سر نوجوانی بخشتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۶ رتی ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ یاقوت رمانی۔ یاقوت کبود۔ لعل بدخشانی۔ فیروزہ۔ زبرجد۔ بسد۔ زمرد۔ کہرباء۔ یشب عقیق یمنی ہر ایک ۵ ماشہ راسن۔ دار چینی۔ سورنجان۔ آملہ۔ عاقر قرحا۔ اندر جو شیریں۔ بوزیدان۔ بعت بربری (از قسم سورنجان) قسط شیریں۔ قسط تلخ۔ دار فلفل۔ زراوند مدحرج۔ ناردین۔ نرکچور۔ درونج عقربی سعد کوفی۔ بالچھڑ۔ قرنفل۔ الائچی خورد۔ بیخ بابونہ۔ بہمن ہلیلہ زرد۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ بسباسہ۔ جوزبوا۔ چھڑیلہ گاؤ زبان۔ بالنگو۔ کبابہ۔ کشنیز

اسارون شقاقل مصری بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ انجدان۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ صمغ عربی۔ خرما۔ کتیرا ہر ایک ۲ تولہ۔ مصطگی۔ وخ کور النحل (برموم) جدوار۔ فاذ زہر حیوانی۔ گل مختوم۔ روغن بلسان۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ خبث الحدید مدبر۔ زعفران۔ ابریشم مقرض۔ جند بید ستر۔ کندر مروارید ہر ایک ۳ تولہ گوند صنوبر۔ ریگ ماہی۔ سقنقور۔ سمک میداء۔ مغز سر کنجشک۔ خصیہ مرغان۔ سرطان بحری۔ بیضہ سنگ یشب برادہ دندان فیل۔ استخوان کعب گاؤ سوختہ۔ مشک اذخر۔ عنبرا شہب۔ میعہ سائلہ۔ روغن عود ہر ایک ۴ تولہ۔ قرص اسقیل ۴ تولہ۔ مومیائی۔ دھتورہ ہر ایک ۳ تولہ مایہ شترا اعرابی۔ چوب چینی خصیتہ الثعلب ہر ایک ۵ تولہ۔ تودری گلگون۔ تودری زرد۔ فلفل۔ کرویہ دشتی۔ رازیانہ۔ انیسون۔ میتھی۔ کالا دانہ۔ تخم کرفس۔ تخم اسپست۔ تخم جرجیر۔ تخم ہیلیون۔ تخم انجرہ۔ تخم گندنا۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ تخم چقندر۔ تخم سویہ۔ تخم گاجر۔ تخم مولی۔ تخم سپندان سفید۔ تخم خشخاش ہر ایک ۱۱ تولہ۔ قرص افعی ۱۵ تولہ۔ بھنگ ۱۹ تولہ۔ بھنگرہ تیس تولہ فلفل سیاہ۔ سونٹھ نمک ہندی گندھک۔ افیون ہر ایک ۱ ماشہ۔ گوشت نیولا ۱۴ ماشہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم ہندوانہ۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز قرطم ہندی۔ مغز بادام شیریں۔ مغز بادام تلخ۔ مغز فندق۔ مغز پستہ۔ چہار مغز۔ حب قلقل مقشر۔ مغز پنبہ دانہ۔ مغز حب البان۔ مغز حب السمنہ۔ حب الزلم حب صنوبر خورد۔ بزر البنج۔ گوگل مکی۔ بیخ بنفشہ۔ اسطو خود دس۔ ریوند چینی۔ سناء مکی۔ غاریقون۔ لاجورد مغسول ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ شہد خالص مصری ہر ایک مساوی الوزن مجموع ادویہ شیرہ گذر دو چند وزن ادویہ۔ آب امرود عرق گلاب۔ عرق بہار۔ عرق بید مشک ہر ایک سوا سیر آب شیریں۔ آب سیب ہر ایک پونے تین سیر۔ شراب انگوری ۱۴ سیر۔ بدستور متعارف معجون بنائیں۔

معجون مسہل ریا۔ قولنج میں مفید ہے۔ استعمال۔ بوقت ضرورت ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زنجبیل۔ فلفل۔ دار فلفل۔ دار چینی ہر ایک رتی۔ مصطگی ۴ رتی سقمونیا ۲ ماشہ۔ تربد موصوف ۳ ماشہ۔ شہد خالص سہ چند بدستور متعارف معجون بنائیں۔

معجون مسیحی۔ قوت شہوانی کو برانگیختہ کرتی ہے۔ کمر کو طاقتور بناتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے اور تقویت باہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ جوزبوا ۳ عدد۔ مشک ترکی ۲ ماشہ۔ عنبرا شہب ۳ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ عاقر قرحا ۲۱ ماشہ۔ فلفل سفید۔ مصطگی۔ قرفہ ہر ایک ۲ تولہ۔ الائچی

کلاں۔ روغن بادام شیریں ہر ایک ۴ تولہ بھنگ ۱۱ تولہ۔ شکر سفید ۳۷ تولہ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

معجون معصفر۔ خون کی خرابی اور سوداوی نیز جلدی امراض میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ ۱۲ تولہ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ ہر ایک ۱ تولہ۔ آملہ منقی شاہترہ گلو زیرہ سفید ہر ایک ۲ تولہ۔ دھنیہ خشک۔ گل معصفر۔ برم ڈنڈی۔ برگ حناء صندل سرخ۔ شکاکی ہر ایک ۱ تولہ۔ شہد خالص دو چند کشمش برابر مجموع وزن ادویہ۔ حسب معمول دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد ملا کر معجون بنائیں۔

معجون معمول۔ خونی کھنکار میں مفید ہے۔ استعمال بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید۔ بسد محرق مغسول۔ تخم خرفہ۔ تخم خطمی۔ بیخ انجبار۔ زہر مہرہ خطائی ہر ایک ٦ ماشہ یا قوت یشب سفید۔ گل گاؤ زبان۔ ابریشم مقرض بہمن سفید۔ بہمن سرخ۔ صندل سفید۔ زرنب۔ مغز تخم خبازی۔ کتیرا۔ طراثیث شیریں۔ گل سرخ۔ ورق نقرہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ مرجان ۵ ماشہ۔ عنبرا شہب مشک خالص ہر ایک ۱ ماشہ۔ کافور قیصوری ۴ رتی۔ رب انار شیریں۔ رب بہی شیریں ہر ایک ٦ تولہ مصری ہموزن مجموع ادویہ شہد دو چند بدستور معروف معجون تیار کریں۔

معجون مغلظ۔ رقت و سرعت کو زائل کرتی ہے جریان کو دور کرتی ہے نیز باہ کو قوت دیتی ہے۔ استعمال۔ علی الصبح بقدر ایک تولہ گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مصطگی ۲ ماشہ۔ علک البطم ۳ ماشہ۔ کتیرا۔ طباشیر۔ الائچی۔ دار چینی ہر ایک ۴ ماشہ۔ گوند نشاستہ۔ ثعلب مصری ہر ایک ٦ ماشہ۔ مغز چلغوزہ ۱ تولہ۔ مغز نارجیل ۲ تولہ مغز بادام مقشر ۲ تولہ۔ شہد خالص و مصری سہ چند ادویہ بہ تدبیر معلوم معجون بنائیں۔

معجون مغنی۔ بدہضمی کو دور کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے۔ اور ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زنجبیل۔ کرویہ دشتی۔ انیسون۔ مغز چلغوزہ بریان قرنفل ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ پوست ترنج۔ مصطگی۔ عود ہندی ہر ایک ٦ ماشہ۔ برگ سداب۔ خبث الحدید مدبر سعد کوفی ہر ایک ۳ ماشہ آب لیموں ہموزن مجموعہ ادویہ آب پودینہ دو چند شہد خالص چہار چند بدستور معروف معجون بنائیں۔

معجون مفاصل۔ جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۱۲ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مغز بادام خرول سنائی ہر ایک ۲۱ ماشہ۔ مصطگی ۲ ماشہ۔ سورنجان ۸ ماشہ۔ تربد سفید شیطرج ہندی۔ عاقر قرحا۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

معجون مفرح۔ خفقان کو دور کرتی ہے اور فرحت بخشتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ شربت گڑھل ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ ۲۔ گل سرخ۔ سعد کوفی۔ درونج عقربی۔ بالچھڑ۔ دار چینی۔ زعفران۔ مصطگی۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ الائچی کلاں۔ دار فلفل۔ الائچی خورد۔ پوست ترنج۔ خولنجاں۔ عود ہندی ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید بسد کہرباء ہر ایک ۴ ماشہ زرکچور ۵ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۹ ماشہ۔ مشک تبتی۔ عنبرا شہب ہر ایک ا ماشہ۔ تخم بادر ونج ۹ ماشہ۔ شہد خالص دو چند نبات سفید مساوی مجموع ادویہ بدستور معجون بنائیں۔

معجون مقل۔ معدہ کی خرابیوں کو دور کرتی ہے۔ نیز خونی بادی بواسیر مین مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ کشتہ خبث الحدید ۲ چاول۔ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ آملہ مقشر۔ ہلیلہ کابلی۔ بلیلہ۔ تخم سپندان۔ تخم گندنا۔ تخم شاہترہ ہر ایک ۳ تولہ۔ گوگل ۳ تولہ۔ شہد سہ چند۔ گوگل کو آب گندنا میں حل کریں۔ اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون مقوی علویخان۔ باہ کو قوت دیتی ہے اور امساک لاتی ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق عنبر ۵ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مایہ شترا اعرابی ا ماشہ۔ ورق نقرہ۔ ورق طلا۔ مشک عنبر ہر ایک ۳ ماشہ۔ اجوائن خراسانی درمنہ ترکی۔ زعفران بیخ تفاح بیخ موتھ ہر ایک ۴ ماشہ۔ ناگ کیسر ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ کہربا ہر ایک ا تولہ بہمن سرخ۔ بہمن سفید شقاقل مصری۔ سونٹھ۔ خولنجان تخم انجرہ۔ تخم شلغم۔ تخم گزر۔ تخم خشخاش ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز پستہ۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز حب السمنہ۔ مغز حبتہ الخضراء۔ کنجد مقشر۔ ماہی روبیان۔ ریگ ماہی ہر ایک ۴ تولہ۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۵ تولہ۔ مغز سر کنجشک نرخانگی ۷ تولہ۔ آرد نخود۔ ۱۰ تولہ مسکہ گاؤ ۱۰ تولہ

شکر سفید۔ شہد خالص ہر ایک سوا سیر۔ شربت فواکہ شیریں شربت ہلیون ہر ایک ۲۰ تولہ۔
تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر مسکہ گاؤ سے چرب کریں اور شکر و شہد وغیرہ شامل کر کے قوام
پر لے آئیں۔

معجون مقوی معدہ۔ دستوں کو بند کرتی ہے اور معدہ کو قوت بخشتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۶ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ شیرہ آملہ ۲۱ ماشہ۔ گل سرخ ۱۱ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد۔ سعد کوفی زرشک۔ ہر ایک ۷
ماشہ زرنجور۔ بالچھڑ۔ تج صمغ عربی ہر ایک ۳ ماشہ۔ بیلگری۔ پوست پستہ ہر ایک ۲ ماشہ
شہد مصفی سہ چند وزن ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔

معجون مقوی ممسک۔ فرحت و لذت بخشتی ہے قوت دیتی ہے اور امساک لاتی
ہے۔ استعمال۔ رات کو سوتے وقت بقدر ۴ رتی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔
مشک خالص ۱ ماشہ۔ عنبرا شہب ۵ ماشہ۔ دار چینی۔ مصطگی۔ جوزبوا۔ بالچھڑ عود خام بزر
البنج سفید۔ کبابہ۔ زعفران۔ ورق الخیال ہر ایک ۹ ماشہ مایہ شترا اعرابی ۲ تولہ۔ پوست
خشخاش شاہ بلوط۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ حب النیل سفید ۴۰۰ عدد۔ مصری ۱۱ تولہ شہد خالص سہ
چند وزن ادویہ حب النیل کو ۲۴ گھنٹہ روغن بادام میں بھگوئیں۔ بعدہ تمام دواؤں کو کوٹ
چھان کر شہد ملا کر معجون بنائیں۔

معجون مکیف۔ لذت بخشتی ہے اور باہ کو قوی کرتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۹
ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ نسخہ۔ عنبرا شہب ۱ ماشہ۔ مشک خالص ۴ ماشہ۔ قرنفل۔
بادر نجبویہ۔ افیون۔ گاؤ زبان گیلانی ہر ایک ۳ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دانہ الائچی
خورد۔ دار فلفل۔ بسباسہ۔ ہر ایک ۴ ماشہ دار چینی ۵ ماشہ زعفران بیخ تفاخ۔ بیخ موتھ۔
بیغک جنگلی۔ طباشیر سفید۔ تخم خرفہ۔ گل نیلوفر۔ مغز تخم خیار۔ مغز تخم خربزہ۔ مغز تخم
تربز۔ مغز تخم کدو۔ مصطگی ہر ایک ۶ ماشہ۔ مغز بادام مقشر۔ مغز نارجیل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز
پستہ۔ کنجد مقشر ہر ایک ۱ تولہ۔ ورق طلاء ورق نقرہ ہر ایک ۱۰ عدد۔ عرق بید مشک۔ عرق
گلاب ہر ایک پاؤ سیر۔ شہد خالص ۲۰ تولہ شکر سفید ۴۰ تولہ حسب معمول معجون بنائیں۔

معجون ملوکی۔ بھوک لگاتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور باہ کو بڑھاتی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ سونف کے عرق ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ نسخہ۔ الائچی کلاں کندر
ہر ایک ۵ ماشہ چھڑیلہ ۱۲ ماشہ۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ بسباسہ اندر جوشیریں۔ بیخ اذخر۔ سونٹھ۔
دار چینی۔ مصطگی۔ زعفران۔ عود ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ شکر سفید گلاب ہر ایک ۳ تولہ شہد

خالص حسب ضرورت حسب معمول معجون بنائیں۔

معجون منڈی۔ آشوب نیز آنکھ کی دیگر شکایات میں مفید ہے۔ **استعمال۔** ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** پوست ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ آملہ۔ کشنیز خشک شاہترہ۔ اصل السوس ہر ایک ۱ تولہ۔ گل منڈی ہموزن مجموع ادویہ شکر سفید سہ چند وزن ادویات ہلیلہ جات کو روغن زرد سے چرب کر کے دیگر دواؤں کے ہمراہ کوٹ چھان کر شکر کے قوام میں معجون تیار کریں۔

معجون منشط۔ دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے باہ کو بڑھاتی ہے۔ **استعمال۔** ایک تولہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** مروارید ناسفتہ۔ مرجان۔ یشب سبز۔ کہرباء ہر ایک ۲ تولہ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ شقاقل مصری ۲ تولہ۔ دار چینی۔ قرنفل۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۴ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز چلغوزہ۔ ہر ایک ۵۰ تولہ ابریشم طباشیر۔ مصطگی۔ الائچی خورد۔ آملہ منقی۔ تخم کشنیز۔ درونج عقربی۔ پوست اترج۔ گل گاؤ زبان۔ خسک مربے۔ زراوند مدحرج۔ بیخ بابونہ۔ مشک عنبرا شہب ہر ایک ۲ تولہ۔ روغن خرم گیاہ۔ گل سرخ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ زعفران ہر ایک ۱ تولہ۔ صندل ۳ تولہ۔ پنیر مایہ شتر اعرابی ۹ تولہ عرق بید مشک بقدر ضرورت نبات سفید سہ چند حسب معمول معجون بنائیں۔

معجون منوم۔ مرض سہر (بیداری) میں مفید ہے۔ **استعمال۔** ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ رات کو سونے سے پہلے استعمال کریں۔ **نسخہ۔** بیخ موتھ ۵ تولہ بیخ تفاح۔ بزر البنج سفید ہر ایک ۲۳ ماشہ شیر مادہ گاؤ ۵ سیر جوزبوا ۵ عدد۔ افیون ۲ ماشہ۔ دار چینی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ تخم خشخاش۔ گل گاؤ زبان۔ بنفشہ۔ گل سرخ۔ خرفہ مقشر۔ کشنیز مقشر ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ ثعلب مصری مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ مغز چلغوزہ۔ مغز انجگک۔ مغز جتہ الخضراء۔ مغز حب السمنہ ہر ایک ۲۳ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۷ تولہ۔ ورق طلاء ورق نقرہ۔ عنبرا شہب۔ مشک تبتی ہر ایک ۲ ماشہ۔ شکر سفید و شہد خالص سہ چند ادویہ۔ عرق گلاب عرق بید مشک عرق گاؤ زبان۔ حسب ضرورت اول الذکر تینوں دواؤں کو کوٹ کر دودھ میں جوش دے کر ضامن ڈال کر جمائیں اور مسکہ نکال کر محفوظ رکھیں۔ بعدہ جو زبوا کو اندر سے خالی کر کے افیون بھر کر اوپر سے آٹا لیپ کر گھی میں بھونیں۔ آٹا جل جانے پر آٹے کو علیحدہ کر دیں اور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر مسکہ مذکور سے چرب کر کے شکر اور شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔

معجون موچرس۔ رحم کی رطوبت اور سیلان میں مفید ہے۔ **استعمال۔** علی الصبح بقدر ایک تولہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** موچرس۔ سپاری۔ طباشیر نشاستہ۔ گل مختوم۔ مازو سبز گل سرخ۔ حب ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۶ ماشہ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید ہر ایک ۱ تولہ۔ پوست انار ۹ ماشہ۔ رب بہی۔ رب انار شیریں۔ ہر ایک ۷ ماشہ۔ شہد و شکر سفید سہ چند وزن ادویہ بدستور معلوم معجون بنائیں۔

معجون موصلی پاک۔ کھانسی اور تنگی تنفس کو زائل کرتی ہے۔ جریان کو دور کرتی اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے نیز رحم کی خرابیوں کو زائل کرتی ہے۔ **استعمال۔** ۹ ماشہ ہمراہ عرق مکوہ ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** موصلی سفید ۴ تولہ۔ گوند ببول۔ مغز نارجیل۔ مغز بادام شیریں مقشر۔ مغز چرونجی۔ ہر ایک ۸ تولہ۔ جائفل۔ لونگ کیسر۔ بالچھڑ۔ مغز تخم کونچ۔ دار چینی۔ الائچی خورد۔ ناگ کیسر۔ پترج۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ جاوتری ہر ایک ۵ ماشہ۔ شکر سفید ڈیڑھ سیر موصلی کو کوٹ چھان کر ۵ سیر دودھ میں جوش دیں۔ یہاں تک کہ وہ کھویہ بن جائے۔ اس کے بعد گھی میں بھون کر شکر کے قوام میں شامل کریں اور دیگر دواؤں کو بھی کوٹ چھان کر ملائیں۔

معجون مومیائی۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے اور جماع کے بعد کی کمزوری کو زائل کرتی ہے۔ اور از سر نو قوت بخشتی ہے۔ **استعمال۔** ۲ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** مومیائی خالص ۵ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۱ تولہ مایہ شتراعرابی ۳ تولہ عنبرا شہب ۶ ماشہ ورق طلاء ۵۰ عدد۔ قضیب گاؤ (سوہان کردہ) ۱ عدد شکر سفید دو چند تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شکر کے قوام میں ملائیں اور آخر قوام میں ورق طلاء اور عنبر کو خوب اچھی طرح یکذات کر دیں۔

معجون میعہ۔ پرانی پیچش اور دستوں میں مفید ہے۔ **استعمال۔** ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ** افیون جند بید ستر۔ میعہ سائلہ۔ بزر البنج۔ کندر ہر ایک مساوی الوزن شہد سہ چند حسب دستور سابق معجون بنائیں۔

معجون نارمشک۔ مرض جوع کلبی (کھانے سے سیر نہ ہونا) میں فائدہ مند ہے۔ **استعمال۔** روزانہ ۶ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** نارمشک۔ فلفل دار فلفل، ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ سعد کوفی۔ بالچھڑ۔ صعتر فارسی۔ کندر ہر ایک ۳ ماشہ۔ شہد خالص

سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون بنائیں۔

معجون نانخواہ۔ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی اور معدہ کو قوت دیتی ہے بھوک لگاتی ہے اور اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۵ ماشہ۔ عرق بادیان ۶ تولہ و عرق مکوہ ۶ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔
نسخہ۔ صعتر۔ نانخواہ۔ زوفا۔ پودینہ خشک۔ کلونجی۔ زیرہ کرمانی ہر ایک ۲ تولہ وج ترکی ۔بسباسہ۔ رازیانہ۔ سونٹھ۔ جوزبوا کرفس ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ حاشا ۹ ماشہ شہد سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں معجون بنائیں۔

معجون نجاح۔ جذام اور دیگر سوداوی امراض میں مفید ہے۔ نیز اختناق الرحم میں مستعمل ہے۔ استعمال۔ روزانہ ۷ ماشہ ہمراہ عرق شاہترہ ۶ تولہ و عرق عشبہ مرکب ۶ تولہ شربت عناب ۴ تولہ۔ ملا کر استعمال کریں اگر زیادہ دست لانے منظور ہوں تو ہر خوراک میں غاریقون سفید ۲ ماشہ حجر ارمنی ۲ ماشہ۔ باریک پیس کر ملائیں۔ نسخہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ سیاہ۔ پوست بھیڑہ۔ آملہ ہر ایک ۳ تولہ افتیمون۔ .سفائج فستقی۔ اسطو خودوس۔ تربد سفید مجوف خراشیدہ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ شہد سہ چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن زرد سے چرب کر کے شہد کے قوام میں معجون بنائیں اور چالیس روز کے بعد استعمال میں لائیں۔

معجون نسیان۔ حافظہ کو بڑھاتی ہے اور مرض نسیان میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۳ تولہ جدوار ۲ تولہ۔ عود صلیب ۶ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ جند بید ستر ۶ ماشہ شہد سہ چند ادویہ بدستور متعارف معجون بنائیں۔

معجون نسیان بہ نسخہ دیگر۔ فلفل سفید۔ دار فلفل۔ زنجبیل ہر ایک ۱ ماشہ دار چینی بہمن سفید۔ بالچھڑ۔ حب بلسان۔ عود صلیب۔ مصطگی۔ زعفران۔ کندر۔ بیخ سوسن۔ درونج عقربی سعد کوفی۔ بہمن سرخ۔ اسطو خودوس۔ کباب چینی اسارون ہر ایک ۲ ماشہ۔ مغز فندق ۳ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی۔ مغز نارجیل ہر ایک ۴ ماشہ۔ ابریشم ۲ ماشہ۔ مویز منقی ۱۵ دانہ مصری ۵ تولہ۔ شہد ۲ تولہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد اور مصری کے قوام میں معجون بنائیں۔

معجون نشارہ عاج والی۔ طبقہ اناث میں حمل کی نگہداشت کرتی ہے اور بچوں کو ام الصبیان سے محفوظ رکھتی ہے۔ **استعمال۔** ۵ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ معجون مذکورہ کا ایام حمل میں استعمال کرنا مناسب ہے۔ **نسخہ۔** نشارہ عاج۔ فوفل۔ گلنار۔ ابریشم مقرض۔ شاخ گوزن۔ سوختہ ہر ایک ۱ ماشہ مرجان بسد۔ مروارید یشب سفید۔ کشنیز خشک۔ عود ہندی۔ مصطگی۔ زرنچور۔ کباب چینی۔ گل سرخ۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ ماشہ۔ شہد ۳ تولہ۔ شیرہ آملہ حسب ضرورت بدستور معروف شہد اور شیرہ مذکورہ میں معجون تیار کریں۔ اور آخر قوام میں قدرے کافور قیصوری اضافہ کریں۔

معجون نقرہ۔ خفقان اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے دل اور دماغ کو قوی کرتی ہے۔ سل اور سینہ کے دیگر نقائص کو زائل کرتی ہے۔ حرارت اصلیہ کو قوت دیتی ہے اور باہ کو بڑھاتی ہے۔ **استعمال۔** ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** مشک خالص ۱ ماشہ۔ عنبرا شہب ۴ ماشہ۔ کہرباء بسد احمر۔ یشب سبز۔ مروارید سفید طباشیر سفید ہر ایک ۶ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ۶ تولہ۔ آب سیب ولائتی ۱ تولہ۔ نبات سفید ۲ تولہ گلاب ۴۰ تولہ بیضہ مرغ ۴ عدد۔ ابریشم کو کوٹ چھان کر اور جواہرات کو عرق گلاب میں حل کر کے آب سیب و مصری و گلاب کے قوام میں ملائیں اور عنبر و ورق نقرہ وغیرہ میں خوب حل کریں۔

معجون نکچھکنی۔ سرعت کو دور کرتی ہے امساک لاتی ہے منی کو غلیظ کرتی ہے اور باہ کو قوت بخشتی ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔
نسخہ۔ نکچھکنی۔ ۲۰ تولہ شیر مادہ گاؤ سوا سیر روغن گاؤ ۱۰ تولہ۔ شکر سفید ۲۰ تولہ شہد خالص ۲۰ تولہ دار چینی ۱۱ ماشہ ۔ کباب چینی ۔ خولنجان قرنفل ہر ایک ۲ ماشہ مشک ۶ رتی بدستور معلوم معجون بنائیں۔

معجون نیب۔ فساد خون خصوصا جذام میں عجیب الاثر ہے۔ **استعمال۔** ایک تولہ ہمراہ عرق مرکب ۲ تولہ عرق عشبہ ۶ تولہ۔ شربت عناب ۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** پوست شاخ نیب برگ نیب۔ پوست شاخ۔ انجیر دشتی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ شاہترہ کشنیز۔ چرائتہ تلخ۔ پوست ہلیلہ زرد کابلی۔ پوست بلیلہ۔ آملہ۔ ہلیہ سیاہ۔ شیطرج۔ گل سرخ۔ بادیان سناء مکی ہر ایک ۷ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ۔ دواؤں کو کوٹ چھان کر بدستور شہد کے قوام میں ملا کر

معجون بنائیں۔

معجون وج۔ مثانہ کے سوء مزاج بارد کے سبب اگر مرض تقطیر بول (قطرہ قطرہ پیشاب ٹپکتے رہنا) لاحق ہو تو یہ نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ رات کو سوتے وقت ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ کندر۔ ابہل۔ سعد۔ نانخواہ۔ رب السوس ہر ایک ۳ ماشہ۔ وج ترکی ۶ ماشہ۔ شکر سفید سہ چند وزن ادویہ حسب طریق متعارف معجون تیار کریں۔

معجون و حمرثا۔ شکم کی غلیظ ریاح کو تحلیل کرتی ہے۔ تلی اور جگر کے سدے کھولتی ہے رحم کی سردی کو زائل کرتی ہے۔ اور پیشاب لاتی نیز حیض کو جاری کرتی ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ۔ عرق گاؤ زبان ۶ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ تخم حرل ۴۶ تولہ۔ لبان۔ مصطگی۔ حب بلسان۔ زعفران۔ اکلیل الملک۔ فلفل سیاہ۔ بابچھڑ ہر ایک ۳۵ ماشہ۔ ریوند چینی۔ زراوند طویل۔ زراوند مدحرج ہر ایک ۶ تولہ۔ انیسون زنجبیل۔ قسط تلخ۔ تج ہر ایک ۶۳ ماشہ۔ قرنفل ۲۱ ماشہ۔ کنگی سفید۔ گل سرخ۔ کلونجی ہر ایک ۱۴ تولہ۔ سعد کوفی ۲۰ تولہ صبر سقوطری مغسول ۵ تولہ شہد سہ چند وزن ادویہ حسب معمول معجون تیار کریں۔

معجون ہلیلہ۔ قبل از وقت بال سفید ہونے یا دیگر آثار پیری ظاہر ہونے میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ۔ ہلیلہ ۱۸ ماشہ۔ فلفل ۹ ماشہ۔ زنجبیل۔ گل سرخ۔ وج ہر ایک ۵ ماشہ کندر طباشیر سفید ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ صندل سفید۔ تخم کاسنی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ شیرہ مربی ہلیلہ سہ چند وزن ادویہ بدستور متعارف معجون بنائیں۔

معجون ید اللہ۔ گردہ اور مثانہ کی پتھری میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ جوشاندہ خسک و نخود استعمال کریں۔ نسخہ۔ خون بز چہار سالہ (مسحوق) زجاج ابیض محرق۔ رماد عقرب کرنب بنطی رمادار نب حجر اسفنج۔ رماد پوست تخم مرغ۔ حجر الیسود۔ صمغ جوز۔ وج ترکی ہر ایک ۵ ماشہ فطراسالیون تخم گذر دشتی۔ صمغ آلو۔ مشک طرا مشیع۔ تخم خطمی۔ فلفل گرد ہر ایک ۷ ماشہ شہد دو چند وزن ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مفرحات

مفرح آملہ بارد۔ دوران سر کو زائل کرتی ہے دل کی حرارت کو تسکین دیتی ہے اور مرض کے بعد کی کمزوری و نقاہت کو دور کرتی ہے۔ استعمال بقدر ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ آملہ منقی ۹ تولہ (در شیر گاؤ تازہ خیسانده) عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق صندل ہر ایک ۳ پاؤ۔ شربت سیب ا سیر۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباء شمعی۔ ابریشم مقرض۔ ورق نقرہ ہر ایک ۵ ماشہ غنچہ گل سرخ ۳۵ ماشہ زرشک منقی۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ فوفل طباشیر سفید۔ گل ارمنی مغسول۔ بادر نجبویہ۔ پوست بیرون پستہ۔ پوست زرد اترج ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ کشنیز مقشر۔ تخم خرفہ مقشر۔ گل گاؤ زبان ہر ایک ۳۲ ماشہ فاد زہر معدنی خطائی۔ ورق طلاء ہر ایک ۴ ماشہ۔ عنبرا شہب ۹ ماشہ پہلے آملوں کو دودھ میں بھگوئیں۔ پھر دوبارہ عرق گلاب میں بھگوئیں بعدہ عرقیات مذکورہ میں جوش دیں۔ نیم پخت ہو جانے پر شربت سیب شامل کر کے قوام پر لائیں اور جواہرات کو حل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملائیں اور محفوظ رکھیں۔

مفرح ابریشم لولوی۔ معدہ اور جگر نیز دل کی گرمی کو تسکین دیتی ہے خفقان کو زائل کرتی ہے بیہوشی اور وحشت میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق گلاب ۶ تولہ عرق بید مشک ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ ابریشم خام ۱۵ تولہ آب طلاء تاب۔ آب نقرہ تاب حسب ضرورت گاؤ زبان فر نجمشک گل سرخ۔ بالچھڑ۔ چھڑیلہ ہر ایک ۷ ماشہ شکر سفید دو چند ادویہ۔ مروارید نا سفتہ۔ کہرباء۔ سنگ یشب ہر ایک ۷ ماشہ۔ صندل سفید ۱۰ ماشہ۔ طباشیر سفید ۹ ماشہ۔ عنبرا شہب ۳ ماشہ۔ مشک خالص ۲ ماشہ جواہرات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے اور دیگر دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد کے قوام میں بطور معجون تیار کریں۔

مفرح اعظم۔ خون صالح پیدا کرتی ہے خفقان اور پریشانی کو دور کرتی ہے۔ فرحت بخشتی ہے معدہ کو قوت دیتی ہے۔ غذا کو ہضم کرتی ہے۔ اعضائے رئیسہ اور باہ کو قوت دیتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ صبح پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ بالچھڑ۔ قرفہ۔ الائچی کلاں۔ الائچی خورد۔ گل ارمنی۔ گل مختوم زعفران۔ جد وار خطائی۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ یاقوت رمانی۔ یاقوت زرد یشب سفید۔ کہرباء شمعی۔ کباب چینی۔ نارمشک۔ درونج عقربی۔ نرکچور۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ عنبرا

شب۔ کشنیز خشک مقشر۔ بادز ہر حیوانی ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ گاؤ زبان۔ پوست زرد اترج۔ طباشیر۔ ابریشم خام مقرض ہر ایک ۲ تولہ۔ بادر نجبویہ ۲ تولہ آب بہی شیریں آب انار شیریں۔ گلاب عرق گاؤ زبان ۔ عرق صندل۔ نبات سفید ہر ایک ۱۹ تولہ۔ شہد دو چند وزن ادویہ بدستور معلوم شکر د شہد کے قوام میں ملا کر مفروح تیار کریں۔

مفرح انبر باریس لولوی۔ دل کو قوت دیتی ہے اور گرم خفقان کو زائل کرتی ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق عنبر ۳ تولہ عرق گذر ۱ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ زرشک بیدانہ ۳۵ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ کہرباء شمعی۔ زعفران کافور ہر ایک ۲ ماشہ۔ گل سرخ۔ طباشیر۔ گل گاؤ زبان۔ بہمن سفید۔ کشنیز مقشر۔ صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو شیریں ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ تخم خرفہ ۱۷ ماشہ۔ مصری سوا سیر۔ آب سیب شیریں ۳ پاؤ۔ عرق گلاب عرق بید مشک ہر ایک ڈیڑھ پاؤ۔ ورق نقرہ ۷ ماشہ۔ مشک خالص ۱ ماشہ۔ عنبرا شہب ۲ ماشہ۔ بدستور سابق مفرح تیار کریں۔

مفرح بارد۔ تقویت قلب۔ تسکین حرارت اور اختلاج کے لئے مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۵ تولہ۔ عرق بید مشک ۳ تولہ۔ عرق گاؤ زبان ۵ تولہ شربت انار ۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ عنبرا شہب۔ ورق طلاء محلول۔ ورق نقرہ محلول ہر ایک ۲۸ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربائے شمعی ۵ ماشہ۔ گل گاؤ زبان ۔ طباشیر۔ صندل سفید۔ غنچہ گل سرخ۔ مغز کدو شیریں۔ تخم خرفہ مقشر ہر ایک ۹ ماشہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں ہر ایک ۷ تولہ۔ گلاب عرق بید مشک ۹ تولہ۔ مصری سفید ۹ چھٹانک بدستور متعارف مفرح تیار کریں۔

مفرح بارد کافوری۔ خفقان اور گرم مزاج اشخاص کے لئے مفید ہے۔

استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔

نسخہ۔ غنچہ گل سرخ۔ طباشیر۔ گل گاؤ زبان۔ کشنیز خشک۔ بہمن سفید۔ صندل ہر ایک ۳ ماشہ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو۔ خرفہ مقشر ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ کہرباء زعفران کافور قیصوری ہر ایک ۲ ماشہ۔ زرشک منقی ۲۱ ماشہ نبات سفید ۳ پاؤ۔ عرق بید مشک آدھ سیر آب سیب شیریں ڈیڑھ پاؤ بدستور معلوم مفرح تیار کریں۔

مفرح جدوار۔ دل اور دماغ کی تقویت نیز قوت باہ کے بڑھانے میں مفید ہے۔
استعمال۔ ۴ ماشہ ہمراہ عرق بید مشک ۵ تولہ۔ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ جدوار خطائی۔ عنبرا شہب ہر ایک ۵ ماشہ۔ مروارید نا سفتہ ۲ ماشہ۔ کہرباء شمعی ۲ ماشہ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ شقاقل مصری۔ خولنجان ثعلب مصری۔ تودری زرد۔ تودری سرخ۔ صمغ عربی۔ تخم خشخاش سفید۔ صندل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز بادام مقشر۔ مغز پستہ مقشر ہر ایک ۱۸ ماشہ مغز نارجیل مقشر ۳۶ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۵۴ ماشہ دار چینی ۱۸ ماشہ زعفران ۱۴ ماشہ۔ عود ہندی ۴ ماشہ۔ عطر ولایتی ۷ ماشہ۔ مصری ۳ پاؤ شہد ۱۵ تولہ رب سیب شیریں۔ رب انار شیریں۔ زب امرود ہر ایک ۱۵ تولہ مشک تبتی ۲ ماشہ۔ ورق طلاء ورق نقرہ ہر ایک ۴ ماشہ گلاب عرق بید مشک ہر ایک سوا سیر بدستور معروف مفرح تیار کریں۔

مفرح حار سادہ۔ رنگت نکھارتی ہے۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے اور مالیخولیا کو زائل کرتی ہے۔
استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ بادر نجبویہ۔ پوست اترج۔ قرنفل۔ قرفہ۔ زعفران۔ مصطگی۔ جوزبوا۔ الائچی کلاں نارمشک۔ سک۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ نرکچور۔ تخم باد روج۔ درونج عقربی۔ فرنجمشک ہر ایک ۷ ماشہ۔ مشک عنبر ہر ایک ۲ ماشہ ۔ شکر سفید سہ چند بدستور سابق مفرح بنائیں۔

مفرح دلکشاء۔ خفقان کو دور کرتی ہے۔ دل کو قوت دیتی ہے نیز دیگر پریشان کن خیالات کو زائل کرتی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۱۲ تولہ نبات سفید ۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ عنبرا شہب۔ درونج عقربی۔ ورق نقرہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ لعل بدخشان عود قماری خام یاقوت رمانی۔ یاقوت زرد ہر ایک ۵ ماشہ۔ نرکچور۔ کافور قیصوری ہر ایک ۳ ماشہ۔ کہرباء شمعی یشب سبز۔ قرنفل۔ کباب چینی۔ بہمن سرخ۔ دار چینی۔ ساذج ہندی ہر ایک ۳ ماشہ۔ بسد ۵ ماشہ بہمن سفید۔ کشنیز خشک مقشر۔ گل ارمنی مغسول۔ طباشیر سفید ہر ایک ۷ ماشہ مروارید نا سفتہ۔ تخم بادر نجبویہ۔ پوست زرد اترج۔ پوست بیرون پستہ۔ صندل سرخ۔ صندل سفید گل سرخ۔ تخم فرنجمشک ہر ایک ۱۱ ماشہ گل گاؤ زبان ۔ آملہ منقی ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ عصارہ زرشک ۳ تولہ زعفران ۴ رتی مشک تبتی ۵ رتی شربت اترج ۴۰ تولہ شربت سیب ۱۵ تولہ۔ شربت بہی ۸ تولہ بدستور معلوم مفرح بنائیں۔

مفرح دلکشا دیگر۔ گرم خفقان میں خصوصیت سے مفید ہے۔
استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق بید مشک ۵ تولہ۔ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء ہر ایک ۲ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ۳ ماشہ۔ طباشیر۔ بہمن
سرخ۔ بہمن سفید۔ گل سرخ۔ بسد۔ کہرباء۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ۴ ماشہ۔ صندل سفید۔
کشنیز خشک ہر ایک ۷ ماشہ۔ تخم خرفہ ۲۸ ماشہ۔ زرشک بے دانہ ۳۵ ماشہ۔ آب ترنج ۱۵
تولہ شکر سفید ہر ایک سیر بدستور سابق مفرح تیار کریں۔

مفرح زمردی بارد۔ اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ جگر کو حرارت کو تسکین
دیتی ہے۔ سوداوی انجرات کو تحلیل کرتی ہے اور گرم نزلات کو روکتی ہے۔
استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بید مشک ۵ تولہ عرق بہار ۶ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مشک۔ کافور ہر ایک ۲ ماشہ۔ عنبرا شہب ۴ ماشہ۔ عصارہ زرشک۔ تخم کاہو۔ مقشر
نشاستہ گل سرخ۔ گل نیلوفر۔ زمرد۔ ورق نقرہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ مغز تخم خیارین۔ مغز تخم کدو
شیریں۔ گل مختوم۔ ابریشم مقرض۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ پوست ترنج۔ گل گاؤ زبان
۔ فاد زہر معدنی۔ طباشیر سفید ہر ایک ۲۲ ماشہ۔ آملہ (بہ گلاب تر کردہ) خشخاش سفید۔ تخم
خرفہ۔ تخم کشنیز ہر ایک ۷ تولہ شیرہ ترنجبین۔ شیر خشت۔ شربت سیب شیریں ہر ایک ڈیڑھ
پاؤ۔ بدستور معلوم مفرح بنائیں۔

مفرح سوسنبری۔ ارواح کو قوت دیتی ہے۔ خفقان کو زائل کرتی ہے استسقاء
اور بد ہضمی کی شکایات کو دور کرتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۵ تولہ عرق
بید مشک ۳ تولہ۔ عرق گذر ۴ تولہ شربت انار ۴ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زرنجور۔ درونج
عقربی۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ بادرنجبویہ ہر ایک ۴ تولہ۔ فرنجمشک ۲ تولہ درج ترکی عود
ہر ایک ۲ تولہ۔ پودینہ خشک۔ سوسنبر۔ دار چینی۔ کنجد مقشر۔ جوزبوا۔ ورق نقرہ کہرباء۔
زعفران ہر ایک ۹ ماشہ۔ بسباسہ۔ یاقوت ہر ایک ۵ ماشہ عرق گلاب عرق بید مشک آب
سیب شیریں۔ آب مرزنجوش آب گاؤ زبان ہر ایک ۶ تولہ۔ شہد ۲۷ تولہ۔ شیر گاؤ تازہ ۲۷
تولہ روغن بنفشہ ۹ تولہ ورق نقرہ نیز جواہرات کے علاوہ تمام دواؤں کو عرقیات مذکورہ میں
بھگوئیں۔ اور شہد و دودھ کو جوش دیں جب دودھ جذب ہو جائے تو روغن مذکورہ شامل کر
کے دوبارہ جوش دے کر خیساندہ والی دواؤں کو ملا کر پھر جوش دیں اور ورق و جواہرات کو
کھرل کر کے ملا کر محفوظ رکھیں۔

مفرح شیخ الرئیس۔ وحشت اور خفقان گرم کو دور کرتی ہے۔ دل کو قوی کرتی ہے۔ دق اور دیگر قسم کی نقاہت و کمزوری کو زائل کرتی ہے۔ نزلات اور تبخیر کو دفع کرتی ہے۔
استعمال۔ بقدر ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۵ تولہ۔ بید مشک ۳ تولہ۔ عرق گندر ۴ تولہ شربت انار ۴ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ گاؤ زبان ۱۶ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر۔ مغز خربزہ۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم خیار مغز تخم خرفہ ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ صندل سفید الائچی خورد۔ طباشیر ہر ایک ۹ ماشہ۔ سرطان نہری سوختہ ابریشم مقرض۔ صندل سرخ۔ کافور ہر ایک ۴ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ کہوہ ۱ ماشہ۔ مشک ۴ رتی۔ آب سیب۔ آب انار۔ آب بہی ہر ایک مساوی الوزن بطریق معلوم مفرح بنائیں۔

مفرح طرب افزاء۔ دل اور دماغ کو تقویت دیتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے اور لذت و سرور بخشتی ہے۔
استعمال۔ ۳ ماشہ عرق ماء اللحم ۲ تولہ۔ عرق بید مشک ۵ تولہ۔ شربت انار ۴ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ کبابہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ دانہ الائچی خورد۔ دار چینی۔ جوزبوا۔ قرنفل۔ گل سرخ۔ فرنجمشک۔ صندل سفید۔ بسباسہ۔ زعفران ہر ایک ۱ تولہ۔ مغز بادام۔ تخم خشخاش۔ گلاب ہر ایک پاؤ سیر روغن بھنگ آدھ سیر شہد و شکر سفید ڈیڑھ سیر۔ تخم ہیلون۔ تودری زرد۔ تودری سرخ ہر ایک ۱ تولہ بدستور مفرح بنائیں۔

مفرح قابض۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور دستوں کو بند کرتی ہے۔ **استعمال**۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ کہرباء ۴ رتی۔ ورق طلاء۔ گلنار۔ تخم مورد ہر ایک ۱ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ بسد احمر ۲ ماشہ۔ عود غرقی۔ مشک خالص۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ ماشہ۔ بادر نجبویہ۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۳ ماشہ۔ یاقوت رمانی۔ لعل بدخشان۔ ورق نقرہ۔ ابریشم مقرض۔ ساق۔ گل سرخ۔ تخم کاہو مقشر۔ تخم کشنیز مقشر ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباء۔ یشب سفید۔ بہمن سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ زعفران گل گاؤ زبان۔ آملہ منقی۔ بسباسہ۔ خرفہ مقشر ہر ایک ۴ ماشہ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر ہر ایک ۷ ماشہ۔ زرشک۔ منقی ۱۵ ماشہ۔

شربت انار۔ شربت سیب۔ شربت حماض ہر ایک ۹ تولہ شہد خالص ۲۰ تولہ۔ نبات سفید ۳۲ تولہ۔ عرق بید مشک۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق گلاب عرق کاسنی ہر ایک ایک بوتل بتدبیر معروف مفرح بنائیں۔

مفرح کبیر۔ دماغی شکایات نیز دل کی کمزوری۔ اختلاج اور جگر معدہ و تلی کی عام بیماریوں اور جوڑوں کے درد میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ۔ عرق عنبر ۵ تولہ۔ نبات سفید ۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ زیرہ یاقوت سرخ ۵ ماشہ۔ یشب۔ عقیق ہر ایک ۴ ماشہ۔ عاریقون۔ افتیمون۔ فلفل۔ سونٹھ۔ قرنفل۔ مرزنجوش ہر ایک ۶ ماشہ حجر ارمنی۔ حجر لاجورد۔ نمک لفظی۔ نرکچور برادہ عاج۔ درونج عقربی۔ بہمن سرخ۔ گاؤ زبان ہر ایک ۴ ماشہ۔ بالچھڑ رومی۔ حماما۔ وج ترکی۔ تیزپات ہندی۔ دار چینی۔ صعتر۔ حاشا زوفا۔ زیرہ ہر ایک ۲ ماشہ۔ مشک طرامشیع۔ فطر اسالیون۔ ہلیون۔ حجر الیسود۔ کرفس۔ مر۔ کندر زعفران۔ فلفل سفید۔ ہر ایک ۲ ماشہ۔ ورق طلا ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۴ تولہ۔ شیرہ مربی ہلیلہ دو چند ادویہ بدستور معروف مفرح تیار کریں۔

مفرح کشنیز۔ سر کے درد اور تبخیر کو زائل کرتی ہے۔ نیز نزلات کو روکتی ہے۔ استعمال۔ بقدر ۷ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ تخم خشخاش سفید۔ تخم خشخاش سیاہ۔ تخم کاہو مقشر۔ تخم خرفہ۔ مقشر۔ مغز تخم تربز۔ مغز خیار۔ بادرنگ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ گل سرخ۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر سفید ہر ایک ۷ ماشہ۔ کشنیز خشک مقشر مساوی وزن ہمہ ادویہ شربت سیب۔ .شہد خالص ہر ایک حسب ضرورت تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر شربت اور شہد کے قوام میں بطور معجون مفرح تیار کریں۔

مفرح مسیحی۔ دماغ اور جگر کو قوی کرتی ہے۔ معدہ کو قوت دیتی ہے اور ہاضمہ بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ عرق گلاب ۷ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ برگ فرنجمشک۔ گاؤ زبان۔ بادر نجبویہ۔ قرفہ۔ گل سرخ۔ ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ خولنجان کبابہ۔ قرنفل جوزالطیب الائچی کلاں۔ الائچی خورد۔ تخم فرنجمشک۔ پوست زرد اترج۔ خصیتہ الثعلب۔ اندر جو شیریں .سباسہ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ بالچھڑ چھڑیلہ۔ عنبر اشہب مروارید ناسفتہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ زنجبیل۔ دار فلفل۔ ورق گل سفید (سیوتی) لعل بدخشانی۔ کہرباء بسد ہر ایک ۳ ماشہ۔ مشک تبتی۔ ورق طلاء ورق نقرہ ہر ایک ۲ ماشہ شہد خالص۔ سہ چند ادویہ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن زرد میں بریاں کر کے شہد کے قوام میں مفرح بنائیں۔

مفرح معتدل۔ فرحت بخشتی ہے دل اور دماغ کو قوت دیتی ہے۔ ہاضمہ بڑھاتی ہے۔

رحم کی عام شکایات کو دور کرتی ہے۔ نیز قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ **استعمال۔** ۱۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۵ تولہ عرق بید مشک ۳ تولہ عرق گذر ۴ تولہ شربت انار ۴ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** مشک عنبر ہر ایک ۱ ماشہ۔ گل سرخ۔ سعد کوفی۔ درونج عقربی۔ بالچھڑ دار چینی۔ زعفران جوزبوا۔ قرنفل۔ کبابہ۔ الائچی۔ کلاں۔ دار فلفل۔ پوست اترج۔ خولنجان۔ عود ہندی ہر ایک ۳ ماشہ۔ مروارید۔ بسد کہرباء ہر ایک ۳ ماشہ زرنجور ۵ ماشہ ابریشم خام مقرض۔ تخم تلسی جنگلی ہر ایک ۹ ماشہ نبات سفید ہموزن ادویہ شہد دو چند ادویہ حسب معمول مفرح تیار کریں۔

مفرح معتدل دیگر۔ قلب کو قوت دیتا ہے۔ حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے۔ ضعف معدہ اور خیالات متوحشہ کو زائل کرتا ہے۔ خفقان کے لئے سود مند ہے نیز سموم مشروبہ کے لئے بمنزلہ تریاق ہے۔ **استعمال۔** ۲ ماشہ سے ۳ ماشہ تک معتدل مزاج والے کو عرق گاؤ زبان و عرق کاسنی شربت سیب ملا کر استعمال کرائیں اور دیگر امزاجہ میں مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** صندل سفید۔ عود ہندی۔ درونج عقربی۔ غنچہ گل سرخ۔ تخم خرفہ۔ مغز تخم خیار۔ تخم فرنجمشک۔ تخم بادر نجبویہ ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران۔ گاؤ زبان۔ بسد احمر۔ دار چینی ۔ ابریشم خام مقرض۔ کہرباء بہمن سفید زرنباد۔ سنبل الطیب۔ نارمشک۔ اظفار الطیب۔ طباشیر۔ پوست زرشک۔ گل مختوم الائچی کلاں۔ مصطگی۔ پوست ترنج اشنہ۔ مغز تخم کدو۔ گل ارمنی ہر ایک ۹ ماشہ۔ ورق طلا ورق نقرہ عنبرا شہب ۔ مشک خالص۔ یاقوت رمانی۔ کافور قیصوری۔ کشنیز خشک مقشر لاجورد۔ قرفہ ہر ایک ۴ ماشہ سب کو جدا جدا کوٹ پیس کر رکھیں اور ۳ ماشہ سفوف کو ۶ ماشہ شربت حماض میں ملا کر استعمال کرائیں۔

مفرح منشط۔ باہ کو قوت دیتی ہے اور لذت بخشتی ہے۔ **استعمال۔** ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ **نسخہ۔** یاقوت۔ مروارید۔ کہرباء۔ ورق نقرہ۔ عنبرا شہب۔ جدوار خطائی۔ بیخ نفاخ ہر ایک ۸ ماشہ۔ ورق طلا مشک ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ گل گاؤ زبان صندل سفید۔ تخم خرفہ۔ عطر حبشی (چرس) ہر ایک ۲ تولہ۔ ابریشم مقرض ۱ تولہ۔ جوزبوا ۵ عدد۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مغز نارجیل ۴ تولہ مغز تخم خیارین ۸ تولہ۔ افیون خالص ۳ ماشہ۔ نبات سفید ۔ عرق بید مشک۔ عرق گلاب۔ عرق گاؤ زبان ہر ایک آدھ سیر شہد خالص پاؤ سیر۔ جو زبوا۔ میں سوراخ کر کے افیون بھر کر اور اوپر سے آٹا لیپ کر کے گھی میں بھونیں جب آٹا جل جائے۔ تو افیون کو نکال کر دیگر دواؤں کے ساتھ باریک پیس کر شہد اور شکر کے قوام میں مفرح تیار کریں۔

مفرح موسوی۔ خفقان۔ مالیخولیا اور صفرادی مواد کی حدت نیز سودا اور خون
کے فساد میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۹ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔
زرشک منقی ۳ تولہ۔ تخم خرفہ مقشر ۲ تولہ۔ طباشیر۔ بہمن سفید گل سرخ۔ گل گاؤ زبان ہر
ایک ۱۴ ماشہ۔ یاقوت سرخ رمانی۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباء شمعی۔ بسد صندل سفید کشنیز خشک
مقشر ہر ایک ۷ ماشہ۔ گل ارمنی مغسول ۵ ماشہ۔ بہمن سرخ۔ ورق طلاء ورق نقرہ۔ پوست
بیرون پستہ ابریشم مقرض ہر ایک ۴ ماشہ ۔ عنبر اشہب ۳ ماشہ۔ شربت اترج شکر سفید
ہموزن ادویہ بدستور معمول مفرح تیار کریں۔

مفرح یاقوتی۔ خفقان اور اختلاج قلب کو دور کرتی ہے حرارت اصلیہ کو قوی
کرتی ہے۔ معدہ اور دیگر اعضاء رئیسہ کو قوت بخشتی ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ
زبان ۵ تولہ عرق گذر ۴ تولہ شربت انار ۳ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ یاقوت
رمانی۔ لعل بدخشی۔ باور نجبویہ۔ ہر ایک ۵ ماشہ۔ عنبرالائچی کلاں۔ ورق طلاء ورق نقرہ۔
کافور قیصوری۔ گل مختوم ۔ تخم کشنیز خشک۔ لاجورد مغسول۔ گل ارمنی۔ بالچھڑ۔ نارمشک
ہر ایک ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۔ بسد کہرباء زعفران گاؤ زبان۔ مصطگی رومی۔ ابریشم خام
مقرض۔ دار چینی۔ پوست زرد اترج۔ بہمن سفید۔ نرکچور۔ چھڑیلہ۔ مغز تخم کدو۔ اظفار
الطیب۔ زرشک۔ تخم خرفہ۔ تخم فرنجمشک۔ طباشیر۔ مغز تخم خیار۔ تخم گاؤ زبان ہر ایک
۷ ماشہ ۔ صندل سفید۔ عود ہندی۔ درونج عقربی۔ گل سرخ ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ شربت حماض
۲۹ تولہ۔ شہد حسب ضرورت بدستور متعارف مفرح بنائیں۔

مفرح یاقوتی بارد۔ گرم خفقان میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ
زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ یاقوت رمانی۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباء شمعی۔ ورق نقرہ ہر
ایک ۳ ماشہ۔ لعل بدخشی۔ زمرد سبز۔ عنبر اشہب ہر ایک ۴ ماشہ۔ طباشیر سفید کشنیز خشک
مقشر ہر ایک ۱ تولہ۔ آملہ منقی ۲ تولہ۔ ورق طلاء ۳ ماشہ۔ نبات سفید آدھ سیر آب انار
شیریں پاؤ سیر شہد خالص ۵ تولہ دواؤں کو کوٹ چھان کر اور جواہرات کو عرق گلاب میں کھرل
کرکے شہد اور مصری کے قوام میں مفرح بنائیں۔

مفرح یا قوتی معتدل۔ رحم کے امراض نیز اسہال معدی میں مفید ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ۔ زعفران۔ گاؤ زبان۔ مصطگی۔ بسد۔ دار چینی۔ ابریشم مقرض۔ پوست زرد اترج۔ کہرباء شمعی۔ بہمن سفید۔ زرنجور۔ چھڑیلہ۔ مغز تخم کدو۔ شیریں اظفار الطیب (نکھ) زرشک منقی۔ تخم خرفہ مقشر۔ فرنجمشک۔ طباشیر۔ مغز۔ تخم خیار۔ تخم کاہو مقشر ہر ایک ۷ ماشہ صندل سفید۔ عود عزقی۔ گل سرخ۔ درونج عقربی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ عنبرا شہب۔ الائچی کلاں۔ ورق نقرہ۔ ورق طلاء۔ کافور قیصوری۔ کشنیز خشک۔ گل مختوم۔ لاجورد مغسول۔ گل ارمنی۔ قرفہ یا پھٹکڑے۔ نارمشک ہر ایک ۳ ماشہ لعل بدخشی۔ یا قوت سرخ رمانی۔ تخم بادر نجبویہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ مشک ۲ ماشہ۔ شربت حماض ۲۸ تولہ شہد دو چند ادویہ بدستور معروف مفرح تیار کریں۔

باب النون

نشوق

اصلاح طب میں اس سیال دوا کو کہتے ہیں۔ جو ناک میں سڑکی جائے اور بعض کے نزدیک نشوق اس دوا کو بھی کہتے ہیں۔ جو صرف سونگھی جائے تاکہ اس کی بو یا بخارات ناک میں داخل ہوں۔

نشوق حار۔ درد سر بارد میں نہایت مفید و معمول ہے۔ استعمال۔ دوا کو باریک پیس کر روغن میں آمیز کر کے ناک میں صبح و شام سڑکیں۔ نسخہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ روغن نرگس ۳ تولہ۔ بطریق مذکورہ استعمال کریں۔

نشوق سرسام۔ سرسام حار میں بہت مستعمل و مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور مذکور۔ نسخہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں۔ مغز تخم تربوز ہر ایک ۳ ماشہ۔ روغن گل ۲ تولہ بدستور ادویہ کو باریک کر کے روغن میں ملا کر ناک میں سڑکیں۔

نشوق سکتہ۔ سکتہ والے کو ہوش میں لاتا ہے۔ بہت مجرب و مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ۔ عاقر قرحا۔ دار چینی۔ سنبل الطیب ہر ایک ۱ ماشہ۔ روغن بابونہ روغن حنا ہر ایک ایک تولہ بدستور تیار کر کے ناک میں سڑکیں۔

نشوق شقیقہ۔ درد شقیقہ کو فورا آرام دیتا ہے بہت مجرب و مفید ہے۔ استعمال۔ دواؤں کو روغن میں حل کر کے ناک میں سڑکیں۔ نسخہ۔ مومیائی اصلی نصف ماشہ دار ہلد ایک ماشہ روغن بابونہ ڈیڑھ تولہ بدستور معلوم استعمال کریں۔

نشوق قروح۔ ناک کے زخموں کو پر کرنے میں بہت مفید و سریع الاثر ہے۔ استعمال بدستور معروف۔ نسخہ۔ مرہم ابیض ۳ ماشہ روغن گل ایک تولہ باہم ملا کر ناک میں سڑکیں۔

نطول
(اری گیشن یا تریڑا دینا)

سادہ نیم گرم پانی یا دواؤں کے جوشاندہ کو لوٹے میں بھر کر کسی قدر فاصلہ سے مریض کے عضو پر دھارنے یا گرانے کو عربی میں نطول اردو میں ڈھال کرنا یا تر پڑا دینا انگریزی میں اری گیشن کہتے ہیں۔

نطول اور سکوب کا فرق۔ سکوب آہستہ آہستہ قریب سے ڈالنے کو کہتے ہیں اور نطول دور سے ڈالنے کو کہتے ہیں۔

نطول جہر (جہر روز کوری) دن میں نظر نہ آنے کے مرض میں بہت مفید و مستعمل ہے۔
استعمال۔ دواؤں کو پانی میں جوش کر کے سر پر ڈھال دیں۔
نسخہ بابونہ۔ اکلیل الملک۔ خشخاش سفید تازہ ہر ایک ۲ تولہ پانی ۴ سیر دواؤں کو پانی میں اس قدر جوش دیں کہ ۲ سیر پانی باقی رہ جائے بعدہ نیم گرم ہونے پر استعمال کریں۔

نطول سکتہ۔ سکتہ کے مریض کو ہوش میں لاتا ہے نہایت مستعمل و مجرب ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ۔ مرزنجوش شبت۔ برگ اترج۔ پودینہ خشک۔ اکلیل الملک بابونہ۔ پودینہ کوہی سداب حاشا ہر ایک ۱ تولہ پانی ۵ سیر حسب معمول جوش دیں جب ساڑھے تین سیر پانی باقی رہ جائے تو بدستور صاف کر کے سر اور گدی پر نطول کریں فائدہ۔ نطول کے بعد دوا کے ثفل کو تالو کے مقام پر باندھ دیں تو زیادہ مفید ہو گا۔

نطول صداع بارد سر کے بلغمی درد نیز مرض دوار (دوران سر) وسبات (اونگھ) میں بہت مفید و مستعمل ہے۔

استعمال دواؤں کے جوش ہوتے وقت مریض کے سر کو اس کے بخارات پہنچائیں بعدہ اتار کر سر پر نطول کریں۔
نسخہ۔ پودینہ جنگلی تمام (تلسی سیاہ) بابونہ۔ اکلیل الملک۔ شیح ارمنی۔ صعتر فارسی۔ مرزنجوش برنجاسف۔ برگ غار۔ شبت۔ حلبہ۔ اسطو خود دس۔ بادر نجبویہ۔ سازج ہندی۔ قرنفل۔ درمنہ ترکی ہر ایک ۶ ماشہ سب کو ۶ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ۴ سیر پانی باقی رہ جائے تو صاف کر کے نطول کریں۔

نطول صداع حار۔ گرمی کے درد سر میں نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ حسب دستور پہلے بخارات سر کو پہنچائیں۔ بعدہ جوشاندہ کو صاف کر کے اس کا ثفل پیس کر سر پر ضماد کریں اور پانی سے نطول کریں۔
نسخہ۔ گل نیلوفر۔ بنفشہ۔ خبازی۔ پوست خشخاش۔ جو مقشر ہر ایک ا تولہ پانی ۳ سیر جب ۲ سیر پانی باقی رہ جائے تو صاف کر کے بدستور مذکور استعمال کریں۔ فائدہ۔ بوقت ضرورت جوشاندہ میں تخم کاہو۔ گل سرخ۔ پوست کدوئے تر۔ بابونہ اضافہ کیا جاتا ہے۔

نطول لیثر غس۔ مرض لیثر غس یعنی دماغ کے بلغمی ورم میں نہایت مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ حسب دستور سر پر نطول کریں۔
نسخہ۔ بابونہ اکلیل الملک۔ نمام۔ قیصوم۔ ریحان۔ مرزنجوش۔ شبت۔ پودینہ خشک ہر ایک ا تولہ پانی ۶ سیر سب دواؤں کو حسب معمول جوش دیں۔ جب ایک ثلث پانی خشک ہو جائے تو صاف کر کے نیم گرم استعمال کریں۔

نطول المجانین۔ جنون و مالیخولیا کے مریضوں کو بہت مفید ہے۔
استعمال۔ حسب معمول سر پر نطول کریں۔
نسخہ۔ تخم خشخاش۔ گل سیوتی۔ بابونہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ بیخ خطمی۔ تخم خطمی۔ برگ بید۔ جو مقشر۔ برگ کاہو۔ برگ عنب الثعلب۔ تراشہ کدوئے تر۔ برگ خبازی۔ برگ بزر قطونا ہر ایک ا تولہ پستان ستر عدد سب کو ڈیڑھ سیر پانی میں جوش دیں جب نصف پانی رہ جائے تو صاف کر کے روغن بنفشہ یا روغن کدو۔ اڑھائی تولہ اضافہ کر کے استعمال کریں۔

نطول وجع رحم۔ رحم کے درد اور اس کی صلابت کے رفع کرنے میں بالخصوص مفید ہے۔ **استعمال۔** جوشاندہ کو صاف کر کے رحم پر نطول کریں۔ **نسخہ۔** مرزنجوش۔ برگ مرد۔ پرسیاؤشان۔ عنب الثعلب۔ مشک طرامشیع۔ ابہل۔ تخم خطمی۔ تخم خرپزہ۔ قیصوم۔ تخم کثوث۔ تخم ہلیون۔ تخم کرفس۔ تخم خبازی۔ نیم کوفتہ۔ گل خطمی۔ عدس مقشر گل سرخ۔ قنطوریون دقیق۔ برگ شبت۔ گل خیری ہر ایک ۶ ماشہ۔ پانی اڑھائی سیر سب کو جوش دیں۔ جب دو سیر پانی باقی رہ جائے تو صاف کر کے رحم کے مقام پر نطول کریں۔ فائدہ ۔ اس جوشاندہ میں بیٹھنا بھی مفید ہے۔

نطول وجع المفاصل۔ مرض وجع المفاصل میں از حد مفید بلکہ بے مثل ہے بہت مجرب و سریع الاثر ہے۔ **استعمال** درد والے جوڑوں پر پہلے یہ نطول کیا جائے اس کے بعد روغن گل کی مالش کی جائے۔ **نسخہ۔** امربیل دو حصہ برگ عنب الثعلب سبز ایک حصہ دونوں کو بقدر ضرورت پانی میں جوش دے کر نطول کریں۔

نطول ورم پستان۔ پستان میں دودھ ٹھیر جانے سے جب ورم پیدا ہو جائے تو اس کا استعمال نہایت مفید ہوتا ہے۔ ورم کو بہت جلد تحلیل کرتا ہے۔ **استعمال۔** سینہ اور پستان پر نطول کریں۔ **نسخہ۔** بابونہ۔ شبت تمام۔ حلبہ۔ قیصوم۔ جند بید ستر ہر ایک ۶ ماشہ پانی دو سیر سب کو پانی میں جوش دیں جب ڈیڑھ سیر پانی رہ جائے تو اس کا استعمال کریں۔

نفوخ

ان سفلے شن یاناس

خشک پسی ہوئی ناس لینے کی دواء کو عربی میں نفوخ کہتے ہیں۔

نفوخ درد سر مزمن۔ سر کے پرانے درد کو چھینکیں لا کر زائل کرتا ہے بہت مجرب اور سریع الاثر ہے۔ **استعمال۔** باریک پیس کر ناک میں سعوط کریں۔ **نسخہ۔** مرزنجوش۔ فلفل گرد۔ کائپھل۔ تمباکو۔ ڈوڈہ بندال ہر ایک ۱ ماشہ۔ زعفران سرخ بدستور مذکور استعمال کریں۔

نفوخ رعاف۔ نکسیر کے بند کرنے میں بہت نافع و عجیب الاثر ہے۔ استعمال۔ دوائیں باریک پیس کر ناک میں چھڑک دیں۔ نسخہ۔ حفض مکی۔ گل ارمنی۔ کدوئے سوختہ۔ کاغذ سوختہ۔ آملہ خشک۔ افیون صمغ عربی۔ کتیرا۔ کہربائے سوختہ۔ طباشیر۔ بریان ہر ایک نصف ماشہ سب کو باریک پیس کر کام میں لائیں۔

نفوخ سکتہ۔ سکتہ کے مریض کو فی الفور ہوش میں لاتا ہے۔ استعمال۔ سب دواؤں کو باریک پیس کر ناک میں چھڑکیں۔ نسخہ۔ جند بید ستر۔ فلفل۔ کندش۔ سداب ہر ایک مساوی سب کو باریک پیس کر استعمال کریں۔
فائدہ۔ روغن ناردین میں فرفیون حل کر کے تمام جسم کو چرب کر دیں۔ تو بہت مفید ہو گا۔

نفوخ شقیقہ۔ درد شقیقہ نیز درد سر بلغمی میں اس کا استعمال نہایت مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ آفتاب کی طرف منہ کر کے ناس لیں۔ نسخہ۔ سمندر پھل ایک عدد۔ مرچ سیاہ دکنی ایک عدد نوشادر ایک ماشہ سب کو باریک پیس کر رکھ لیں۔

نفوخ صرع۔ مرض صرع میں بہت فائدہ کرتا ہے۔ استعمال۔ زور کے ساتھ ناک میں پھونکیں۔ نسخہ۔ تخم مہوہ نصف عدد۔ فلفل سیاہ اڑھائی عدد بہت باریک پیس کر قوت کے ساتھ ناک میں پہنچائیں۔

نفوخ مخرج کرم۔ دماغ کے کیڑوں کے خارج کرنے میں بہت مفید ہے۔ استعمال ۔ بدستور ناک میں نفوخ کریں۔ نسخہ۔ برگ چرچٹہ۔ بھنگرہ۔ شکر خام ہر ایک مساوی باریک پیس کر استعمال کریں۔

نقوع ۔ انفیوزن یا خیساندہ

وہ دوا جو پانی میں یا عرق میں بھگو کر چھان کر استعمال کی جائے انگریزی میں انفیوزن ۔ فارسی میں خیساندہ اور عربی میں نقوع کہلاتی ہے۔

نقوع استحاضہ۔ کثرت حیض کو بند کر کے صحیح حالت میں لاتا ہے بہت مفید و مجرب ہے۔ استعمال۔ بدستور معروف رات کو دوائیں بھگو کر صبح مل چھان کر پئیں۔ نسخہ۔ آملہ منقی۔ بادیان ہر ایک ا تولہ پانی ادھ پاؤ شکر سفید ا تولہ دوائیں پانی میں رات کو تر رکھیں۔ صبح مل چھان کر شکر سفید اضافہ کر کے پئیں۔

نقوع بول الدم۔ پیشاب میں خون آنے کو روکتا ہے نیز سوزاک کہنہ میں مفید و مجرب ہے۔

استعمال۔ حسب معمول

نسخہ۔ زرد چوب ۶ ماشہ۔ آملہ نیم کوفتہ ۱ یکتولہ پانی آدھ پاؤ شہد خالص ۲ تولہ دواؤں کو رات کو پانی میں بھگو کر صبح زلال لے کر شہد ملا کر پلائیں۔

نقوع تپ لرزہ۔ جاڑے کے بخار نیز پرانے بخاروں کے زائل کرنے میں بہت مجرب و مفید ہے۔

استعمال۔ حسب معمول رات کو بھگو کر صبح صاف کر کے پئیں۔

نسخہ۔ تخم کاسنی۔ گلو سبز ہر ایک ۶ ماشہ۔ چرائتہ تلخ ۵ ماشہ۔ ریوند چینی ۲ ماشہ سب کو نیم کوب کر کے رات کو ۳ چھٹانک پانی میں بھگو کر صبح چھان کر استعمال کریں۔

نقوع حامض۔ دماغ و معدہ و جگر کے صفرادی امراض میں نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب معمول۔ نسخہ خوبانی۔ عناب ہر ایک ۷ ماشہ۔ آلو بخارا ۵ عدد۔ تمہندی ۲ تولہ۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ ہر ایک ۷ ماشہ سب کو ۳ چھٹانک پانی میں رات کو بھگو کر صبح مل چھان کر استعمال کریں فائدہ۔ بجائے تمہندی کے بوقت ضرورت انار دانہ شامل کیا جاتا ہے۔

نقوع حلو۔ بدن کی گرمی اور خشکی نیز غلبہ و جوش خون کے رفع کرنے میں بہت مستعمل و مفید ہے۔ استعمال۔ بدستور معلوم۔ نسخہ۔ خوبانی۔ عناب۔ آلو بخارا ہر ایک ۷ عدد۔ گل نیلوفر۔ گل بنفشہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ عدس مقشر۔ کشنیز خشک ہر ایک ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی نیم کوفتہ ۵ عدد شب کو ۳ چھٹانک پانی میں تر کر کے صبح مل چھان کر استعمال کریں۔ فائدہ۔ تسکینی کی ضرورت سے ترنجبین ۴ تولہ اضافہ کر سکتے ہیں۔

نقوع حمیٰ صفرادی۔ صفرادی بخاروں میں نہایت مفید و مجرب و معمول ہے۔ استعمال۔ حسب معمول تیار کر کے بوقت صبح استعمال کریں۔ نسخہ۔ گل سرخ۔ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ تخم کاسنی نیم کوفتہ۔ عنب الثعلب ہر ایک ۶ ماشہ تخم کاہو تخم خیارین ہر ایک ۶ ماشہ۔ نبات سفید ۲ تولہ۔ دواؤں کو حسب معمول رات کو تین چھٹانک پانی میں تر کر کے صبح چھان لیں۔ اور تخم کاہو تخم خیارین کا اس میں شیرہ نکال کر نبات سفید حل کر کے استعمال۔

میں لائیں۔

نقوع سوزاک۔ سوزاک کے واسطے نہایت مفید و معمول ہے۔ **استعمال۔** بدستور معروف استعمال کریں۔ **نسخہ۔** پوست بیخ فالسہ ۹ ماشہ ریزہ ریزہ کر کے رات کو قدرے پانی میں تر کر کے صبح کسی قدر مل چھان کر استعمال کریں۔

نقوع قولنج۔ درد قولنج میں اس کا استعمال بہت مفید و سریع التاثیر ہے سدہ کو خارج کر کے فوراً درد کو تسکین دیتا ہے۔ **استعمال۔** بوقت ضرورت چند گھنٹہ ادویہ کو تر کر کے حسب معمول استعمال کریں۔ **نسخہ۔** سناء مکی ۹ ماشہ۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ بیخ بادیان ہر ایک ٦ ماشہ انیسون ۳ ماشہ خسکدانہ ۹ ماشہ۔ مویز منقی ۲ تولہ۔ عرق گلاب پاؤ سیرر۔ گلقند ۲ تولہ۔ روغن بیدانجیر ایک تولہ عرق کو گرم کر کے دوائیں بھگو کر صاف کر لیں بعدہ گلقند ملا کر روغن بید انجیر اضافہ کر کے پلائیں۔

نقوع مالیخولیا۔ مالیخولیائے مراقی میں اس کا استعمال بہت مفید ہے۔ **استعمال۔** حسب معمول۔ **نسخہ۔** گاؤ زبان۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید ہر ایک ٦ ماشہ۔ کشمش ڈیڑھ تولہ رات کو بھگو کر صبح صاف کر کے شربت انار ۲ تولہ اضافہ کر کے استعمال کریں۔

نقوع مدر حیض حیض کو جاری کرنے میں خصوصیت سے مفید و مستعمل ہے۔
استعمال۔ ہر روز آدھ پاؤ کی مقدار میں ۴ ماشہ روغن بادام شیریں اضافہ کر کے استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم خربزہ ۲ تولہ۔ تخم کرفس انیسون ۔ بادیان ہر ایک ۹ ماشہ۔ سب کو نیم کوب کر کے سوا سیر پانی میں تین شبانہ روز تر رکھ کر چھان کر محفوظ رکھیں فائدہ ان دواؤں کا جوشاندہ بھی مفید ہے۔

نقوع سودادی۔ تمام سودادی امراض میں عموماً اور ابتدائے جذام میں نیز دادو خارش وغیرہ کے لئے خصوصاً اس کا استعمال بہت مفید ہے۔ **استعمال۔** اکیس سے چالیس دن تک متواتر استعمال کریں۔ **نسخہ۔** برگ شاہترہ ڈیڑھ تولہ پانی ایک سیر دونوں کو اس قدر جوش دیں کہ نصف باقی رہ جائے بعدہ اچھی طرح مل کر صاف کر لیں۔ اور چرائتہ۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۴ ماشہ نیم کوب کر کے اس میں اضافہ کریں اور سرپوش ڈھانک کر کھلے میدان میں رات بھر رکھا رہنے دیں صبح بغیر ملے ہوئے صاف کر کے شیر گرم پیئیں۔ فائدہ۔ اگر

زیادہ قوی کرنے کی ضرورت ہو تو برگ حناء خشک۔ افتیمون ہر ایک ۷ ماشہ۔ عناب نیم کوفتہ ۱۰ عدد پستان نیم کوفتہ ۳۰ عدد نقوع میں اضافہ کریں۔

باب الواوٗ

وجور

جب دوا بچے یا ناتوان مریض کو جب کہ وہ خود دوا کھانے پینے سے عاجز ہو چمچے وغیرہ سے دی جائے اسے اصطلاح طب میں وجور کہتے ہیں۔

وجور ڈبہ اطفال۔ بچوں کے مرض ڈبہ (پسلی چلنا) میں نہایت مفید ہے۔
استعمال۔ ایک یا دو گولی ماں کے دودھ میں حل کر کے بچے کو دیں۔
نسخہ۔ چوک ترش۔ مرچ سیاہ۔ ہلیلہ رسوت مساوی الوزن سب کو خوب باریک پیس کر مونگ کے برابر گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں۔

وجور سرفہ۔ بچوں کی ہر قسم کی کھانسی میں بے حد مفید و مجرب ہے۔
استعمال۔ بوقت ضرورت بلحاظ عمروں میں دو مرتبہ استعمال کرائیں۔
نسخہ۔ بھکر مول۔ بچ۔ کاکڑا سینگی۔ پیپل۔ پوست۔ بیخ جوانسہ۔ سب کو باریک پیس کر شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

وجور صرع۔ بچوں کے مرض ام الصبیان میں بے حد مفید ہے۔ استعمال۔ تین جو بھر دودھ میں حل کر کے حلق میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ صعتر۔ جند بید ستر۔ زیرہ کرمانی۔ مساوی الوزن باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

وجور غشی۔ غشی کی حالت میں اس کا استعمال نہایت مفید و عجیب الاثر ہے۔
استعمال۔ بیہوشی کی حالت میں چمچے وغیرہ سے حلق میں پہنچائیں۔ نسخہ مشک عنبر ہر ایک ۲ سرخ قدرے عرق بید مشک میں حل کر کے استعمال کریں۔
فائدہ۔ ہیضہ کی حالت میں دل و دماغ کی طرف انجرات چڑھنے سے جب غشی لاحق ہو تو اسی نسخہ میں قدرے نارجیل دریائی اضافہ کر کے دینا از حد فائدہ مند ہوتا ہے۔

وجور مقوی قلب۔ تقویت قلب و انبساط حرارت غریزی کے واسطے غشی کی

حالت میں مجرب و نہایت مفید ہے۔ استعمال۔ حسب دستور حلق میں ٹپکائیں۔ نسخہ۔ دواء المسک معتدل ۳ ماشہ۔ عرق کیوڑہ۔ عرق گاؤ زبان ہر ایک ۱ تولہ میں حل کر کے استعمال کریں۔
فائدہ۔ صفراوی مزاج کے مریضوں کو دوا المسک معتدل کی بجائے دواء المسک بارد۔ عرق نیلوفر و گلاب میں حل کر کے دینی مناسب ہے۔

باب الیاء

یاقوتی

یاقوتی بارد۔ فرحت بخشتی ہے۔ وحشت اور گھبراہٹ کو زائل کرتی ہے۔ خفقان گرم میں بے حد مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔
نسخہ۔ تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربز۔ مغز تخم خیارین۔ تخم کاہو مقشر ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ تخم خرفہ مقشر ۱۸ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ صندل سفید۔ بالچھڑ۔ طباشیر سفید۔ فوفل۔ صندل سرخ ہر ایک ۹ ماشہ۔ بسد۔ کہرباء۔ سرطان محرق ہر ایک ۹ ماشہ۔ زمرد سبز ۲ ماشہ۔ ابریشم مقرض۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ دانہ ہیل۔ گل گاؤ زبان۔ غنچہ گل سرخ۔ شقاقل مصری۔ دار چینی ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ آملہ منقی ۲۲ ماشہ۔ زعفران عنبرا شہب۔ ورق طلاء مشک تبتی ہر ایک ۱ ماشہ۔ ورق نقرہ ۹ ماشہ۔ نبات سفید ۱۸ تولہ۔ آب سیب شیریں۔ آب بہی شیریں شربت فواکہ شیریں۔ عرق گلاب۔ شہد خالص۔ عرق صندل ہر ایک ۸ تولہ۔ جواہرات کو عرق گلاب میں کھرل کر کے اور تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر عرقیات میں شہد ملا کر قوام پر لے آئیں اور درمیان قوام میں تمام کٹی چھنی دوائیں شامل کریں اور آخر قوام میں جواہرات شامل کر کے یاقوتی تیار کریں۔

یاقوتی حار۔ اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ اور امراض باردہ میں مفید ہے۔
استعمال۔ بقدر ۳ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ۔ عرق گذر ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ یاقوت رمانی ۴ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔ کہربا شمعی ۲۱ ماشہ۔ مشک۔ لاجورد۔ مغسول ہر ایک ۳ ماشہ کندر نمام ہر ایک ۹ ماشہ زعفران عود ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ درونج عقربی ۷ ماشہ۔ عنبرا شہب ۹ ماشہ۔ اسطو خودوس ۷ ماشہ۔ دار چینی ۱۳ ماشہ۔ شہد سہ چند ادویہ بدستور سابق

یاقوتی بنائیں۔

یاقوتی شیخ الرئیس۔ جنون۔ مالیخولیا اور دیگر سوداوی امراض میں مفید ہے۔ استعمال۔ بقدر ۱ ماشہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۲ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ یاقوت رمانی۔ گل گاؤ زبان۔ تخم کاسنی۔ مشک تبتی۔ کافور قیصوری ہر ایک ۵ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ۔ کہرباء شمعی ہر ایک ۵ ماشہ ابریشم مقرض سرطان محرق ہر ایک ۴ ماشہ طلاء مکلس ۲ ماشہ۔ تخم فرنجمشک۔ تخم بادروج۔ اسطو خودوس ہر ایک ۱۴ ماشہ۔ بہمن سفید۔ عود خام۔ حجر ارمنی۔ لاجورد۔ تج دار چینی۔ زعفران الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ جدوار خطائی ہر ایک ۵ ماشہ افتیمون ۷ ماشہ۔ درونج عقربی۔ ترنجبین۔ بالچھڑ۔ عنبرا شہب ہر ایک ۷ ماشہ۔ مغز تخم خیار۔ گل سرخ ہر ایک ۱۸ ماشہ۔ گلاب ۳۲ تولہ۔ شراب حماض شربت سیب۔ شربت انار شیریں ہر ایک ۱۵ تولہ شہد خالص حسب ضرورت بدستور معروف یاقوتی بنائیں۔

یاقوتی معتدل۔ فرحت بخشتی ہے اور اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔ استعمال ۔ ۳ ماشہ ہمراہ عرق گذر ۵ تولہ عرق گاؤ زبان ۷ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔ کہرباء شمعی ۳ ماشہ۔ گل گاؤ زبان۔ بادر نجبویہ۔ کشنیز ہر ایک ۱ تولہ۔ یاقوت رمانی ۸ ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں۔ مغز تخم تربز ہر ایک ۲ تولہ صندل سفید۔ طباشیر سفید ۔ دانہ الائچی خورد ہر ایک ۱ تولہ۔ ابریشم مقرض ۶ تولہ۔ بہمن سرخ بہمن سفید ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم خرفہ ۲ تولہ۔ لاجورد مغسول ۸ ماشہ۔ عنبرا شہب ۴ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مشک خالص۔ ورق طلاء ہر ایک ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ ۶ ماشہ۔ شربت فواکہ ۱ تولہ شربت سیب ۲۰ تولہ۔ نبات سفید ۱۰ تولہ۔ عرق گلاب۔ عرق بید مشک۔ عرق شاہترہ ہر ایک ۲۰ تولہ حسب دستور سابق یاقوتی تیار کریں۔

یاقوتی مقوی باہ۔ دل کو قوت دیتی ہے اور قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ استعمال۔ ۷ ماشہ ہمراہ عرق ماء اللحم عنبری ۵ تولہ استعمال کریں۔ نسخہ۔ یاقوت۔ کہرباء ہر ایک ۵ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۔ سنگ یشب ہر ایک ۶ ماشہ۔ مرجان ۹ ماشہ۔ مغز تخم خربوزہ۔ مغز تخم خیارین ہر ایک ۱۸ ماشہ شقاقل مصری تودری سرخ۔ تودری زرد۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید ہر ایک ۱ تولہ۔ تخم ہیلون۔ بوزیدان۔ کباب چینی۔ دار چینی ہر ایک ۶ ماشہ اندرجو۔ بادر نجبویہ گل سرخ ہر ایک ۷ ماشہ۔ پترج ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۴ ماشہ۔ طباشیر۔ ورق نقرہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ ورق طلاء زعفران ہر ایک ۳ ماشہ ابریشم مقرض ۲۰ تولہ مربائے سیب۔ شربت انار شیریں ہر ایک پاؤ سیر شہد خالص نبات سفید ہر ایک ڈیڑھ پاؤ۔ عرق گلاب آدھ سیر۔ بدستور معروف یاقوتی بنائیں اور چالیس روز کے بعد کام میں لائیں۔

ضمیمہ معلم دوا سازی

دوا سازی کے متعلق بہت سی باتوں کا بیان خود متن کتاب میں مختلف عنوانات مرکبات کے
ماتحت ساتھ ساتھ ہی کیا جا چکا ہے۔ مگر ذیل میں وہ دیگر تمام باتیں بھی جو اس کتاب کے
ساتھ تعلق رکھتی ہیں۔ اور جن کا جاننا طلباء پر ضروری ہے۔ ردیف وار درج کی جاتی ہیں۔

آبزن

اردو نام	طبی نام	انگریزی نام
آبزن	حمام نصفی	ہپ باتھ Hip Bath

دیکھئے صفحہ نمبر ۵

آبزن کے واسطے ادویات کے تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مناسب ادویہ (مندرجہ نسخہ) لے
کر پانچ سات سیر پانی میں جوش دی جاتی ہے۔ جب پانی دو ثلث کے قریب رہ جاتا ہے۔ تو
اس کو صاف کر کے ناند یا ٹب میں جس میں بقدر ضرورت شیر گرم پانی بھر لیا گیا ہوتا ہے
ڈال دیا جاتا ہے۔ جب اس کی حرارت اس قدر رہ جاتی ہے کہ مریض اس کو برداشت کر
سکے تو مریض کو اس میں بٹھا دیا جاتا ہے۔ اور اس کے اعضاء کو آہستہ آہستہ آدھ آدھ
گھنٹہ تک ملا جاتا ہے حتیٰ کہ مریض ضعف۔ سستی اور کرب محسوس کرنے لگے یا پانی شیر
گرم ہو جائے اس کے بعد مریض کو ناند وغیرہ میں سے باہر نکال کر اس کے بدن کو کپڑے
سے خشک کر کے ہوا سے بچایا جاتا ہے۔

نوٹ۔ زیرین اطراف کے امراض اور معدہ گردہ مثانہ رحم امعاء وغیرہ کے
امراض میں ناف تک اور سینہ و پہلو وغیرہ کے امراض میں شانے تک اور
تمام جسم کے امراض میں گردن تک مریض کو آبزن کے پانی میں ڈوبا رہنا
چاہئے۔

اثاناسیا۔ اثاناسیا یونانی لفظ ہے جس کے معنی ہے۔ آؤں اور فائدہ پہنچاؤں
اس کو دواء الذہب بھی کہتے ہیں۔ کیونکہ اس میں بھیڑیے کا جگر شامل ہوتا ہے۔
اس کو معجون کے طریقہ پر تیار کیا جاتا ہے۔ یعنی تمام ادویات کو کوٹ پیس کر
شہد کے قوام میں ملا لیا جاتا ہے۔

اثیر

اثیر عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں عالی یا بلند مگر اصطلاح طب میں اس مرکب دوا کو کہتے ہیں جو حلق میں پھونکی جاتی ہے۔

اس کے تیار کرنے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ تمام ادویات کو علیحدہ علیحدہ خوب اچھی طرح پیس لیا جاتا ہے۔ بعدہ سب کو اچھی طرح ملا کر سفوف بنا کر رکھ لیا جاتا ہے۔ اور بوقت ضرورت کسی سوراخ دار نلکی میں ڈال کر یا آلہ نفوخ منفاخ۔ ان سفلیٹر Insuflator کے ذریعے حلق میں پھونکا جاتا ہے۔

نوٹ۔ ان سلفیٹر ولایتی آلہ ہے۔ جو انگریزی دوا فروشوں کے ہاں مل جاتا ہے۔

احراق

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
آگ میں جلانا۔ کشتہ کرنا	ترمید	انسنریشن Incineration

تعریف عمل۔ احراق عربی لفظ ہے۔ جس کے معنی ہیں۔ آگ میں جلانا۔ اصطلاح دوا سازی میں بھی معدنی یا غیر معدنی چیز کو آگ میں جلا لینے کو احراق کہتے ہیں۔ اس عمل کو اردو میں کشتہ کرنا اور انگریزی میں انسنریشن (Incineration) کہتے ہیں۔

نوٹ۔ احراق کی ہوئی چیز کو محرق یعنی انسنرٹیڈ Incinerated کہا جاتا ہے۔

ضرورت۔ یہ عمل ادویات کی قوت کم کرنے ان کی تیزی و حرارت کو توڑنے یا مذکورہ صفات زیادہ کرنے یا ان کو لطیف بنانے یا قابل سائیدن (پسنے) بنانے یا ان کی ردائت کو یعنی خرابی کو دور کرنے کی غرض سے کیا جاتا ہے۔

طریقہ۔ احراق یعنی کشتہ کرنے کا عام طریقہ یہ ہے کہ جس چیز کا کشتہ کرنا منظور ہو اس کو کسی برتن یا کوزہ گلی (مٹی کا کوزہ) یا بوتہ وغیرہ میں رکھ کر مناسب آگ دی جاتی ہے۔ آگ دینے کے لئے اکثر اوقات مذکورہ برتن وغیرہ کو گل حکمت کر لیا کرتے ہیں۔ تاکہ آگ کے تیز اثر سے وہ ٹوٹنے یا پھٹنے نہ پائے۔

نوٹ۔ بوتہ کٹھالی کو کہتے ہیں۔ اس کے بنانے کی ترکیب ہے چکنی مٹی اور ملتانی مٹی (گاچنی) یا ان میں سے کوئی ایک لے کر خوب اچھی طرح کوٹ لیتے ہیں۔ بعدہ اس میں روئی اور قدرے پرانی مونج کتر کر ملا دیتے ہیں اور پھر دوبارہ تھوڑا پانی ملا کر کوٹتے رہتے ہیں۔ حتیٰ کہ وہ یکذات ہو جاتی ہیں۔ اس سے پھر حسب ضرورت کٹوری نما کٹھالی یعنی بوتہ

بنا لیتے ہیں۔ بعض اوقات ان کو آگ میں پکا کر سرخ بھی کر لیتے ہیں۔ سناروں کی کٹھالیاں زیبا اسی طرح سے تیار کی ہوئی ہوتی ہیں۔

گل حکمت۔ گل حکمت کپڑوتی کرنے کو کہتے ہیں اور یہ اس طرح کیا جاتا ہے کہ گیلی مٹی میں روئی ملا کر ہاون دستہ سے اچھی طرح کو، جاتا ہے جب خوب مل جاتی ہیں۔ تو اس کو شیشی یا بوتہ وغیرہ کے ہر طرف لگا کر خشک کر لیا جاتا ہے۔

آگ دینے کا طریقہ۔ آگ دینے کا چونکہ مختلف معیار ہوتا ہے اس لئے بہ حسب اختلاف ان معیارات کے مختلف معیار کو مختلف ناموں سے نامزد کیا جاتا ہے۔

بارہ پٹ۔ ایک ہاتھ لمبے ایک ہاتھ چوڑے ایک ہاتھ گہرے گڑھے میں آگ دینے کو کہتے ہیں۔

نوٹ۔ ہاتھ کی لمبائی کہنی سے لے کر درمیانی انگلی کے پورے تک ہوتی ہے۔

بالوپٹ۔ ایک مٹی کے گھڑے میں ریت بھر کر اور درمیان میں دوا رکھ کر منہ بند کر کے چاروں طرف اپلوں یا کوئلوں کی مقررہ آنچ دینے کو کہتے ہیں۔

بجرپٹ۔ تین ہاتھ لمبے تین ہاتھ چوڑے اور تین ہاتھ گہرے گڑھے کے ایک تہائی حصے میں پہلے مینگنیاں پھر اپلے پھر لکڑیاں بچھا کر اوپر بوتہ وغیرہ رکھ کر پھر لکڑیاں پھر اپلے پھر مینگنیاں بچھا کر بیس پہر تک آگ دینے کو کہتے ہیں۔

بھانڈ پٹ۔ ایک گھڑے میں چاول کی بھوسی بھر کر درمیان میں دوا رکھ کر چولھے پر مقررہ وقت تک آگ دینے کو کہتے ہیں۔ اگر مٹی بھر کر اسی طرح آگ دیں تو اس کو مرد بھانڈ پٹ کہتے ہیں۔

بھودھر پٹ۔ زمین کو دو انگل کھود کر اس میں سمپٹ رکھ کر اس کے اوپر مقررہ وزن کے مطابق اپلے رکھ کر آگ دینے کو کہتے ہیں۔

نوٹ۔ دوا کو کسی دھات کی ڈبیہ یا ہموار لبوں کی دو بوتلوں کو کوزوں یا پیالوں میں رکھ کر کپڑوتی کرنے کو سمپٹ کہتے ہیں پیالوں اور کوزوں میں سمپٹ کرنے کو شراہ پٹ اور پٹ جنتر بھی کہتے ہیں۔

ستیل پٹ۔ چھوٹے سے گڑھے میں ایک دو سیر اپلوں کی آگ دینے کو کہتے ہیں۔

گگٹ پٹ۔ ایسے گڑھے میں جس میں صرف دو تین اپلے آسکیں آگ دینے کو کہتے ہیں اس کو منکھ پٹ بھی کہتے ہیں۔

کنبھ پٹ۔ ایک گڑھے میں متعدد سوراخ کر کے اس میں کوئلے بھر کر اور اس کے درمیان میں دوا رکھ کر اس کے اوپر چند سلگتے ہوئے کوئلے اور رکھ دینے کے بعد منہ بند کر کے آگ دینے کو کہتے ہیں۔
بجپٹ۔ ڈیڑھ ہاتھ مکعب (لمبے چوڑے گہرے) گڑھے میں آگ دینے کو کہتے ہیں۔
گوبر پٹ۔ چھوٹے گڑھے میں جس میں ایک سیر گوبر کا چورہ آ سکتا ہو آگ دینے کو کہتے ہیں۔
مہابجر پٹ۔ کمہاروں کے آوہ کی طرح دس بارہ من اپلوں کی آنچ دینے کو کہتے ہیں۔
مہاپٹ۔ گز مکعب گڑھے میں آگ دینے کو کہتے ہیں۔
آگ نہایت احتیاط سے دینی چاہئے۔ اپلوں کی آگ دینے میں آدھے اپلے، نیچے اور پھر دوا رکھ کر آدھے اپلے اوپر رکھ کر آگ دینی چاہیے۔ آگ ایسے مقام پر دینی چاہئے جہاں پر ہوا تیز نہ لگے اگر کھلی جگہ میں آگ دینا ہو تو اس غرض کے لئے گھڑے کے اوپر ناند جس کے وسط میں سوراخ کر لیا گیا ہو رکھ دیں یا آگ پر مٹی وغیرہ اس طرح بچھاویں کہ درمیان کا کچھ حصہ کھلا رہے کپڑے کی آگ دینے میں کپڑے کو دھجیاں دھجیاں کر کے دوا کے اوپر لپیٹ لینا چاہئے اور محفوظ مقام میں رکھ کر آگ دینی چاہئے۔
دوا کو اس وقت آگ میں سے نکالنا چاہئے جب کہ وہ بالکل سرد ہو جائے۔ اب چند ضروری اشیاء کی جن کے محرق کرنے کی ترکیب کشتہ جات کے بیان میں درج نہیں ہے یہاں ذیل میں بیان کی جاتی ہے۔
احراق اسفنج۔ اسفنج کو صابن سے اچھی طرح دھونے کے بعد نچوڑ کر دھوپ میں سکھا لیں بعدہ باریک کتر کر کسی لوہے یا مٹی کے برتن میں آگ پر رکھ کر کسی چیز سے چلاتے رہیں حتیٰ کہ سخت اور پسنے کے قابل ہو جائے۔ مگر بالکل جل کر راکھ نہ ہونے پائے۔
احراق بارہ سنگھا۔ مختلف طریقوں سے کیا جاتا ہے سب سے بہتر اور آسان طریقہ یہ ہے کہ اس کے باریک ورق کتر کر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کریں اور تیز آنچ میں پھونک دیں۔ یا بارہ سنگھے کو ایک برتن میں ڈال کر اس میں آکھ کا کافی دودھ ڈال دیں۔ بعدہ اس کا منہ بند کر کے ۲۰ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ دو تین دفعہ یہ عمل کرنا زیادہ بہتر ہے۔
احراق بورہ۔ مٹی کے برتن میں رکھ کر سر محکم باندھ کر چنگاریوں پر رکھیں۔ جب سرخ ہو جائے اتار لیں۔

احراق پیتل۔ پیتل کے باریک پترے بنا کر چار پانچ روز تک ترشی میں ڈال کر جوش دیں۔ پھر پانی سے دھو کر پتروں کے ہم وزن گندھک آک کے دودھ میں کھرل کرکے پتروں پر لیپ کریں۔ بعدہ سمپٹ میں رکھ کر گل حکمت کرکے مہاپٹ کی آگ دیں۔

احراق جست۔ اس کے بھی مختلف طریقے ہیں ان میں سے بہتر اور آسان یہ ہے کہ جست کو آگ پر رکھ کر آہنی سیخ سے ہلاتے جائیں اور ترپھلے (ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ) یا سفوف مازو یا سفوف سنکھیا کی چٹکی دیتے رہیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔ نوٹ۔ اس کے دھوئیں سے بچتے رہیں۔

احراق جوکھار۔ مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور الٹ پلٹ کرتے رہیں حتیٰ کہ جل جائے۔

احراق چمگادڑ۔ چمگادڑ کے بچے کو بال و پر اور شکمی آلائش سے پاک و صاف کرکے دھو لیں اور اس پر نمک چھڑک کر مٹی کی کلیا میں رکھ کر اور اس کا منہ بند کرکے تیز آنچ میں جلالیں۔

احراق حجرالیہود۔ برگ پیلو کی آدھ سیر نگدی میں دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اگر ایک بار نہ ہو دوبارہ عمل کریں۔

احراق سرطان۔ (کیکڑا) سرطان نہری جبکہ آفتاب برج اسد میں ہو لے کر اس کے پیر نکال کر پیٹ کو اندرونی آلائش سے صاف کرلیں اور انگور کی لکڑی کی راکھ و نمک سے دھو کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے تیز آنچ یا تنور میں جلالیں۔

احراق سنگ پشت۔ (کچھوا) پیٹ چاک کرکے آلائش سے صاف کرلیں اور کسی مٹی کے برتن میں رکھ کر گل حکمت کرکے تیز آنچ یا تنور میں جلالیں۔

احراق سنگ جراحت۔ گھیکوار کے لعاب میں حل کرکے دو مٹی کے سکوروں میں بند کرکے آگ دیں شگفتہ ہو جاوے گا۔

احراق سمندر جھاگ۔ کوزہ گلی آب نادیدہ (مٹی کے کورے کوزے) میں بھر کر گل حکمت کرکے گرم تنور میں رکھ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔

احراق سنکھ د کوڑی۔ اس کے اوپر مٹی لگا کر یا گل حکمت کرکے تیز آنچ یا تنور میں جلا لیں۔

احراق سونا مکھی۔ شہد میں سان کر اور کپڑے میں لپیٹ کر آگ میں ڈالیں۔ سرخ ہونے پر نکال لیں۔ یا کورے پیالے میں گل حکمت کرکے آگ میں پھونک لیں۔

احراق سیپ۔ سچے سیپ (صدف صادق) لے کر گل حکمت کرکے جلالیں۔

احراق سیسہ۔ سیسہ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے کوزہ مصری میں کھرل کریں۔ یا کڑچھے میں پگھلا کر برگد (بڑ) کی گیلی لکڑی سے ہلاتے جائیں اور قلمی شورے کی چٹکی دیتے رہیں جل کر سرخ ہو جائے گا۔

احراق سیماب۔ (پارہ) رتن جوت کے ایک پاؤ پانی میں ایک تولہ سیماب خالص (خالص پارہ) کھرل کرکے کوزہ گلی (مٹی کے کوزے) میں گل حکمت کرکے نصف اپلوں کی آگ دیں۔

نوٹ۔ اس طرح گاہے پارہ اڑ بھی جایا کرتا ہے۔

احراق سیماب دیگر۔ پارہ ایک تولہ تیزاب گندھک ۲ تولہ۔ تیزاب شورہ ۲ تولہ ان سب کو لال چولائی کے پانی میں رکھ کر آگ پر خشک کریں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

احراق عقرب۔ (بچھو) نر بچھو مٹی کے برتن میں زندہ رکھ کر سرپوش سے بند کرکے اوپر آٹا لگا کر تنور کو انگور کی لکڑی سے اچھی طرح گرم کرکے اس کے اندر رات کو رکھ کر صبح نکال لیں۔

احراق کہربا۔ باریک کرکے کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے پھونک لیں۔

احراق مار۔ زندہ سانپ کو کسی ظرف گلی میں گل حکمت کرکے بدستور عقرب تنور میں جلالیں۔

احراق ہاتھی دانت۔ برادہ ہاتھی دانت کو مٹی کے برتن میں تین مرتبہ گل حکمت کرکے مہاپٹ کی آگ دیں۔

احراق ہلیلہ۔ آٹے میں لپیٹ کر آگ میں رکھ کر جلالیں۔

ازباد۔ ارغاء

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
میل صاف کرنا۔ جھاگ اتارنا	ازباد۔ ارغاء	ڈسپومیشن Despumation

ازباد عربی لفظ ہے جس کے معنی ہیں جھاگ اتارنا۔ اصلاح دواسازی میں کسی سیال چیز کو گرم کرکے جھاگ اتار کر اس کی میل صاف کرنے کو کہتے ہیں۔

ضرورت۔ یہ عمل دوا کے کثیف اور ردی اجزاء کو علیحدہ کرنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔

طریق۔ جس دوا کی جھاگ اتارنا مقصود ہوتا ہے اس کو آگ پر رکھ کر خوب جوش دیتے ہیں جس

سے اس کی کثافت میں کف یا جھاگ کی شکل میں سطح پر آجاتی ہیں۔ پھر اس کف یعنی جھاگ کو کفگیر یعنی چمچے کے ذریعے اتار اتار کر پھینک دیا جاتا ہے۔ اسی طریقہ سے عام طور پر شربت وغیرہ کی چاشنی کو صاف کیا جاتا ہے۔

اشنان

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
کھار یا نمک بنانا	عمل اشنان	لکزیوی ایشن Lexiviation

اصطلاح دوا سازی میں عمل اشنان اس عمل کو کہتے ہیں جس سے ایک مرکب جامد دوا میں سے پانی میں حل ہونے والے نمک کو علیحدہ کر لیتے ہیں۔

ضرورت۔ یہ عمل دوا کے خاص قسم کے اجزاء کو علیحدہ کرنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔

طریقہ۔ پہلے دوا یا دوا کی راکھ کو پانی میں حل کر لیتے ہیں جس سے اس کے پانی میں حل ہونے والے اجزاء حل ہو جاتے ہیں۔ اور باقی تہ نشین ہو جاتے ہیں۔ پھر اس پانی کو نتھار کر جسے انگریزی میں لائی Lye کہتے ہیں آگ پر راکھ اڑا لیتے ہیں جس سے پانی اڑ جاتا ہے اور حل شدہ اجزاء باقی رہ جاتے ہیں۔ چنانچہ سجی وغیرہ اسی طریقہ سے بنائی جاتی ہے۔

کھار ترب۔ (مولی) ترب کو خشک کر کے بڑے برتن ناند وغیرہ میں جلائیں۔ جب راکھ ہو جائے تو اس کو بہت سے پانی میں حل کریں اور اچھی طرح ہلا کر کچھ عرصہ تک ٹھہرائیں۔ بعدہ اوپر کا پانی نتھار لیں۔ اور اس کو کپڑے سے چھان کر دیگچے وغیرہ میں ڈال کر آگ پر رکھ کر اڑا دیں پانی بخارات بن کر اڑ جائے گا۔ اور کھار باقی رہ جائے گی۔

کھار چرچٹہ۔ بدستور ترب۔

کھار جو۔ جو کے مسلم پودوں کو جلا کر راکھ بنا کر مذکورہ بالا طریقوں پر کھار نکالیں۔

اصلاح

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
درست کرنا۔ صاف کرنا۔ دھونا	اصلاح	کوریکشن Correction

تعریف۔ اصلاح عربی لفظ ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں درستی اصلاح دوا سازی میں بھی کسی دوا کی درستی یعنی اس کے مضر اثرات کو مختلف طریقوں سے زائل کرنے کو کہتے ہیں۔ انگریزی میں اس عمل کو کوریکشن Correction کہتے ہیں۔

ضرورت۔ یہ عمل ادویات کے مضر اور نقصان رساں اثرات کو زائل کرنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔

طریق۔ اس کے مختلف طریقے ہیں بعض اوقات کوئی دوسری دوا جس کو مصلح یعنی کوری جینٹ Corrigent یا کوریکٹیو Corrective کہتے ہیں شامل کر کے اصلاح کر لی جاتی ہے اور گاہے اصلی دوا کی ہی۔ تصفیہ۔ غسل یا تدبیر وغیرہ کے اعمال سے اصلاح کرلی جاتی ہے۔ اس کے لئے دیکھئے مذکورہ اعمال کا بیان۔

اصلاح خربق سفید وسیاہ۔ خربق کو لے کر گندھے ہوئے آٹے میں لپیٹ کر آگ میں رکھ دیں جب پک جائے تو خربق اس میں سے نکال لیں۔ بعض ادویہ کو خاص صورتوں میں اور بعض کی خاص طور پر اصلاح کر کے پھر ان کو مرکبات میں شامل یا استعمال کیا جاتا ہے۔ ان کے متعلق نسخہ میں اس دوا کے ساتھ ایک دو الفاظ ایسے لکھے ہوئے ہوتے ہیں جن سے ان کے اعمال کے متعلق پتہ چل جاتا ہے مثلاً "نیم کوفتہ یا نیم کوب۔ مقشر مقرض، مدبر، محمص، بریان، مغسول، محرق، مجوف، مسلم، منقی، مصفی، مکلس، صرہ بستہ ان اصطلاحات وذیل میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔

نیم کوفتہ یا نیم کوب۔ (ادھ کٹا) اکثر تخم نیم کوفتہ کر کے استعمال کئے جاتے ہیں مثلاً" تخم خیارین نیم کوفتہ۔ اس عمل کا طریق یہ ہے کہ تخموں کو ہاون دستہ میں ڈال کر اس قدر کوٹ لیا جاتا ہے کہ دردرے ہو جائیں اس سے بعض تخمون کے اوپر کا سخت چھلکا ٹوٹ جاتا ہے۔

مقشر۔ چھیلا ہوا خواہ چاقو سے چھیلا گیا ہو یا کوٹ کر چھلکا اتار لیا گیا ہو۔ یہ لفظ بعض ادویہ کے ساتھ مخصوص ہوتا ہے مثلاً" اصل السوس مقشر یا جو مقشر اصل السوس کو چاقو سے چھیل کر مقشر کیا جاتا ہے۔ اور جو کو کوٹ کر مقشر کیا جاتا ہے اس عمل سے بھی سخت اور مضرت رساں چھلکا دور کیا جاتا ہے نوٹ۔ بعض کتب میں اصل السوس کے مقشر کرنے کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ سانپ اس کے پودے کو چاٹتا رہتا ہے۔

مقرض۔ (کترا ہوا) یہ لفظ ابریشم کے ساتھ مخصوص ہے مثلاً" نسخوں میں لکھا ہوا ہوتا ہے ابریشم مقرض۔ مقرض کرنے کا طریق یہ ہے کہ قینچی سے نہایت باریک باریک کتر لیا جاتا ہے۔

مدبر۔ (اصلاح کیا ہوا) دیکھئے بیان تدبیر۔

محمص (بھونا ہوا) دیکھئے بیان تحمیص۔

بریان۔ محمص کو ہی کہتے ہیں۔

مغسول۔ (دھویا ہوا) دیکھئے بیان غسل۔

محرق۔ (جلایا ہوا) دیکھئے بیان احراق۔

مجوف۔ جوفدار۔ بعض ادویہ کے ساتھ یہ لفظ مخصوص ہے۔ مثلاً" تربد مجوف یہ عمل اس طریق سے کیا جاتا ہے کہ بیچ میں سے سخت لکڑی نکال دیجاتی ہے۔ جس کے نکالنے سے بیچ میں سوراخ یا جوف ہو جاتا ہے۔ اس لئے مجوف لکھتے ہیں۔ گاہے مجوف کے ساتھ خراشیدہ بھی لکھا ہوا ہوتا ہے۔ خراشیدہ سے مراد اوپر سے بھی چھلی ہوئی ہے۔ گاہے صرف تربد موصوف لکھ دیتے ہیں۔ اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ مذکورہ طریقے پر صاف کر لی گئی ہو۔

مسلم۔ (ثابت) اکثر اوقات داخلی استعمال کے نسخوں میں اسپغول مسلم لکھا ہوا ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ اسپغول کو کوٹ کر شامل نہ کیا جائے کیونکہ کوٹا ہوا گاھے آنتوں میں چپک کر زہر کی خاصیت پیدا کر دیتا ہے۔

منقیٰ۔ (صاف کیا ہوا) یہ لفظ مویز وغیرہ کے لئے مخصوص ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ بیج نکال کر استعمال کیا جائے۔

نوٹ۔ کثرت استعمال کی وجہ سے مویز منقیٰ کی بجاء گاہے صرف منقیٰ ہی لکھ دیتے ہیں۔

مصفی۔ (صاف کیا ہوا) دیکھئے بیان تصفیہ۔

مکلس۔ (کشتہ کیا ہوا) دیکھئے بیان تکلیس۔

صرہ بستہ (پوٹلی میں بندھا ہوا) جس دوا کے ساتھ صرہ بستہ لکھا ہوا ہو اس کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر استعمال کرنا چاہیئے۔

اطریفل

دیکھئے صفحہ ۸۔

ہلیلجات کے سفوف کو چرب کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ بادام روغن یا روغن گاؤ ہتھیلی پر لگا کر سفوف کو ملیں حتیٰ کہ سب سفوف چکنا ہو جائے۔

اطریفل کی ادویات کو بہت باریک نہیں کرنا چاہیے تاکہ معدہ سے جلدی منحدر ہو جائے اور اس میں زیادہ ٹھیرا کر اپنے بکھے پن سے معدے کی سطح کو کھردرا نہ کر دے اس کے لئے دواؤں کو کپڑے یا تاروں کی باریک چھلنی میں چھان لیں۔ جو باریک غبار سا اس میں سے چھنے اس کو پھینک دیں۔ ایسا کرنے سے اس کا بکھٹا پن اور قبض کم ہو جاتی ہے۔

شہد کا قوام کرنے میں اگر اس میں تھوڑا سا پانی ملا دیا جائے تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ ایسا

کرنے سے اس کا جھاگ صاف ہو جاتا ہے۔

انقرویائے

دیکھئے صفحہ ۱۶

انقرویائے رومی لفظ ہے جس کے معنی ہیں۔ مشابہ دل چونکہ اس مرکب میں بلادر جس کی شکل صنوبری یعنی دل کے مشابہ ہوتی ہے۔ شامل ہوتا ہے اس لئے اس کو اس نام سے نام زد کرتے ہیں۔ یہ معجون کے طریقے پر تیار کی جاتی ہے۔

انکباب

اردو نام	طبی نام	انگریزی نام
بھپارہ	انکباب	ویپرباتھ Vapour Bath

دیکھئے بیان انکباب صفحہ ۱۴

ترکیب تیاری۔ ادویات کو کسی برتن میں ڈال کر اس میں حسب ضرورت پانی ڈال کر آگ پر اچھی طرح جوش دیا جاتا ہے بعد اس برتن میں یا کسی دوسرے برتن میں اس پانی کو ڈال کر حسب ہدایت بھپارہ دیا جاتا ہے۔

انوشدارو

دیکھئے صفحہ ۱۷

انوشدارو فارسی لفظ ہے جس کے معنی ہیں دوائے ہاضم چونکہ جملہ انوشدارو ہاضم طعام ہوتی ہیں۔ اس لئے غالباً" یہ نام مقرر ہوا ہے۔ بعضے طبیب اس کو جوارش کندی کہتے ہیں۔ اس کو چالیس روز کے بعد استعمال کرنا چاہئے اس کی قوت دو برس تک باقی رہتی ہے۔

ایارج

دیکھئے صفحہ ۲۰

اس کی تیاری کی ترکیب یہ ہے کہ اجزاء کو سفوف کر کے شہد کف گرفتہ میں ملا رکھیں۔

بادمہرج

دیکھئے صفحہ ۲۲

بتیسا

بتیسا ہندی مرکب ہے جس میں علی العموم بتیس ادویات شامل ہوتی ہیں۔ اسی مناسبت سے

اس کا نام بتیسا رکھا گیا ہے۔

بخور

اردو نام	طبی نام	انگریزی نام
دھونی لینا	بخور	فیومی گیشن Fumigation

دیکھئے صفحہ ۲۳

اس کی ترکیب یہ ہے کہ مریض کو بید کی بنی ہوئی سوراخ دار چوکی وغیرہ پر بٹھا کر گردن کے گرد اس طرح کپڑا لپیٹ دیتے ہیں کہ صرف منہ باہر کی طرف رہے اور باقی تمام جسم اور کرسی وغیرہ کپڑے کے نیچے آ جائے پھر کرسی کے نیچے کسی برتن یا انگیٹھی وغیرہ میں آگ رکھ کر اس پر دوا ڈال دی جاتی ہے جس کے بخارات اٹھ کر مریض کے تمام جسم تک پہنچتے ہیں۔

برشعثا

دیکھئے صفحہ ۲۳

برشعثا در حقیقت براء الساعۃ تھا جس کے معنی ہیں ایک گھنٹے میں اچھا کرنے والا اس کا مخترع جالینوس اور بعض کے نزدیک ہبتہ اللہ ابوالبرکات ہے۔

اس کو تیار کرنے کے دو سال یا کم از کم چھ ماہ بعد استعمال کرنا چاہیئے اس کی قوت اکیس سال تک باقی رہتی ہے۔ تیار کرنے کی ترکیب کے لئے دیکھئے صفحہ ۲۴

برود

اردو نام	طبی نام	انگریزی نام
چٹکی	برود	آئی واش Eye Wash

دیکھئے صفحہ ۲۴

برود عربی لفظ ہے جس کے معنی ہیں۔ ٹھنڈک ڈالنے والی دوا اس کی ترکیب میں زیادہ ترمبردات ہوتی ہیں۔ اس کا مخترع سلیاطوس کو خیال کیا جاتا ہے۔

اس کی ترکیب تیاری اور استعمال یہ ہے کہ ادویات کو سرمہ کے طور پر اچھی طرح سے پیس لیتے ہیں۔ اور پھر سلائی سے آنکھ میں لگاتے ہیں۔ سلائی اگر سونے کی ہو تو زیادہ بہتر ہے۔

پاشویہ

اردو نام	طبی نام	انگریزی نام
پاشویہ	پاشویہ	فٹ باتھ Foot Bath

دیکھئے صفحہ ۲۶

ترکیب تیاری و استعمال۔ آب خالص کو خوب گرم کر کے یا ادویات کو پانی میں ڈال کر اور یہاں تک جوش دے کر کہ چوتھا حصہ پانی جل جائے کسی ٹب یا ناند وغیرہ میں ڈال کر کچھ عرصہ تک رکھ دیں تاکہ اس کی گرمی یہاں تک رہ جائے کہ مریض کا جسم برداشت کر سکے۔ پھر مریض کو کرسی یا چارپائی پر اس طرح بٹھائیں کہ اس کے پاؤں نیچے لٹکتے رہیں اور سر پیچھے کو جھکا رہے تاکہ اوپر کو اٹھنے والے بخارات مریض کے چہرے یا دماغ کو نہ لگیں (اس کے لئے اگر مریض کے زانوؤں اور منہ کے درمیان ایک کپڑا وغیرہ تان لیا جائے تو زیادہ بہتر ہے) پھر مذکورہ ٹب یا ناند اس کے پاؤں کے نیچے لا کر رکھ دیں۔ اور پانی کو کسی دوسرے چھوٹے سے برتن سے اٹھا اٹھا کر اس کے زانوؤں اور پنڈلیوں پر ڈالتے رہیں اور ساتھ ساتھ مریض کے زانوؤں سے لے کر گٹوں تک اوپر سے نیچے کی طرف دونوں ہاتھوں سے سونتتے رہیں۔ جب مریض کی طبیعت کو ناگوار معلوم ہونے لگے یا جب پانی شیر گرم رہ جائے تو چھوڑ دیں اور خشک کر کے دونوں پنڈلیوں کو زانوؤں سے لے کر پاؤں کے گٹے تک اوپر سے نیچے کی طرف باندھ دیں۔ کچھ عرصہ بعد ہوا سے محفوظ جگہ میں آہستہ آہستہ نیچے سے کھولنا شروع کریں اور اوپر تک کھول دیں۔

پاشویہ دماغی امراض مثلاً" سر درد۔ سرسام وغیرہ میں مفید ہے۔

نوٹ۔ دست شویہ یعنی ہاتھوں کو مذکورہ طریق پر دھونا دل کے بعض امراض مثلاً" خفقان وغیرہ میں مفید ہے۔ ہاتھوں پر مہندی لگانا بھی دل کی زائد گرمی میں تسکین دیتا ہے۔

تبخیر

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
انجرات بنا کر اڑنا	تبخیر	ایواپوریشن Evaporation

تبخیر عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں بخارات بنا کر اڑنا۔ اصلاح دوا سازی میں کسی سیال دوا کو آگ پر اڑا کر غلیظ کرنے کو کہتے ہیں۔

یہ عمل اس لئے کیا جاتا ہے کہ دوا قوی العمل ہو جائے۔

یہ عمل اس طرح کیا جاتا ہے کہ دوا کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ دیا جاتا ہے حرارت پا کر دوا کے سیال اجزا بخارات بن کر اڑ جاتے ہیں۔ اور غلیظ اجزا باقی رہ جاتے ہیں۔ نوٹ۔ خلاصات و عصارات اسی طرح تیار کیے جاتے ہیں۔

تبلور

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
قلمیں بنانا	تبلور	کرسٹل لائی زیشن Crystallization

تعریف۔ تبلور عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں بلور بنانا۔ اصطلاح دوا سازی میں کسی دوا کی بلور کی مانند قلمیں بنانے کو کہتے ہیں۔

ضرورت۔ اس عمل کی ضرورت یہ ہے کہ کسی دوا کے خالص اجزا کو مختلف طریقوں سے علیحدہ کر کے قلموں کی شکل میں محفوظ کر لیا جائے اس سے وہ اجزاء سریع السحق (جلدی سے پسنے کے قابل) بھی ہو جاتے ہیں۔

نوٹ۔ یہ عمل جدید دوا سازی میں مستعمل ہے۔

طریقہ۔ اس کے چار طریق ہیں۔

(ا) بذریعہ تبخیر یعنی اواپوریشن Evaporation ایسے سیال کو جس میں کہ وہ مادہ موجود ہو کہ جس کی قلمیں بندھنی ہیں آنچ پر رکھ کر اڑاتے ہیں۔ پس اس کا آبی حصہ بذریعہ تبخیر اڑ جاتا ہے اور باقی مادی حصہ جم کر قلمدار شکل اختیار کر لیتا ہے۔ جیسا کہ پھٹکری اور کسیس کی قلمیں بندھتی ہیں۔

(۲) بذریعہ تذویب بالحرارت یعنی فیوزن Fusion کسی چیز کو آگ کی حرارت سے پگھلا کر قلمیں بنا لی جاتی ہیں۔ جیسا کہ بعض ہماری ادویہ مثلاً" گندھک وغیرہ کی قلمیں بنائی جاتی ہیں۔

(۳) بذریعہ تصعید یعنی سبلی میشن Sublimation کسی چیز کا جوہر اڑا کر قلمیں بنائی جاتی ہیں جیسے کروسو سبلی میٹ یعنی دار چکنہ وغیرہ کے جوہر اڑائے جاتے ہیں (دیکھئے بیان تصعید)

(۴) بذریعہ ترسیب یعنی پریس پی ٹیشن Precipiation کسی چیز کو سیال میں تہ نشین کر کے قلمیں باندھ لی جاتی ہیں۔ جیسا کہ ریڈ مرکیورک اکسائڈ (راسب الاحمر) وغیرہ۔

تجفیف

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
خشک کرنا۔ سکھانا	تجفیف۔ تنسیف	ڈیسی کیشن ڈرائی انگ Desication or Drying

تجفیف عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں سکھانا۔ اصطلاح دوا سازی میں بھی بناتی ادویہ کے سکھانے کو کہتے ہیں۔

یہ عمل اس لئے کیا جاتا ہے کہ نباتی ادویہ پتے۔ پھول۔ بیج۔ چھال۔ جڑیں وغیرہ دھوپ میں یا کسی اور طریقہ سے سکھا کر رکھ لی جائیں تاکہ وہ دیرپا ہو جائیں۔

یہ عمل اس طرح کیا جاتا ہے کہ جس چیز کو سکھانا منظور ہوتا ہے۔ اس کو کچھ عرصہ دھوپ میں یا تنور میں یا گرم کمرہ میں جس کو مصنوعی حرارت پہنچا کر گرم کر لیا جاتا ہے رکھ دیتے ہیں جب وہ خشک ہو جاتی ہیں تو مقام مذکور سے اٹھا کر محفوظ کر لیا جاتا ہے۔

تحمیص

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
بریان کرنا۔ بھوننا	تحمیص	ٹوری فیکشن Torrefaction

تعریف۔ تحمیص عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں۔ بھوننا یا شگفتہ کرنا۔ اصطلاح دوا سازی میں کسی دوا کو آگ پر رکھ کر خشک کرنا یا بھوننا مراد لی جاتی ہے۔ اسے بریان کردہ یا بو داوہ بھی کہتے ہیں۔ انگریزی میں اس عمل کو ٹوری فیکشن Torrefaction کہتے ہیں اس عمل سے تیار کی ہوئی چیز کو محمص یا بریان کہتے ہیں۔

ضرورت۔ یہ عمل اس غرض سے کیا جاتا ہے کہ بعض تخم وغیرہ اشیاء جو باآسانی نہیں پیسے جاسکتے۔ وہ سریع السحق (آسانی سے پسنے والے) ہو جائیں یا ان میں خشکی آکر ان کی قوت قابضہ وغیرہ بڑھ جائے۔

طریق۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ کسی برتن کو آگ پر رکھ کر جب خوب گرم ہو جائے۔ نیچے اتار لیں اور جس چیز کو بھوننا منظور ہو۔ اس کو اس میں ڈال دیں۔ اور تیزی سے اس کو حرکت دیتے رہیں۔ جب سخت یا سرخ ہو جائے یا اس میں بو آنے لگے۔ اتار لیں۔ مگر جلنے نہ پائے۔ اس کے لئے مٹی کا کورہ برتن زیادہ بہتر ہے۔

تحمیص ابریشم۔ ابریشم کو پاک صاف کر کے باریک تراشیں اور مذکورہ بالا طریقے پر محمص کرلیں۔ جب سخت ہو کر پسنے کے قابل ہو جائے۔ اتار لیں۔

تمیس افیون۔ افیون کو ریزہ ریزہ کرکے مٹی کے برتن میں تھوڑا تھوڑا بھونیں اور جلد جلد حرکت دیتے رہیں۔ یا سرسوں کے تیل والے چراغ پر کسی لوہے کی سیخ کے ساتھ پٹ پٹا لائیں۔
تمیس انیسون۔ شہد میں بھگو کر کپڑے میں باندھ کر گل حکمت کرکے ایک رات معتدل آگ کے تنور میں رکھ کر ممحص کرلیں۔

تمیس بھنگ۔ بھنگ کو گردو غبار سے صاف کرکے گھاس کے پانی میں ملا کر خشک کرلیں۔ بعدہ اجوائن کے پانی میں بھگو کر خشک کرلیں اس کے بعد گائے کے گھی میں چرب کرکے کورے مٹی کے برتن میں آگ پر رکھ کر شگفتہ کرلیں۔

تمیس تخم ریحان۔ (سہاگہ) کڑچھے میں رکھ کر تیز آگ دیں۔ حتیٰ کہ پگھل کر خشک ہو جائے

تمیس تخم ریحان۔ مٹی کے کورے برتن میں آگ رکھ کر بدستور معروف نیم بریان کرلیں۔

تمیس تخم کنوچہ۔ بدستور تخم ریحان۔

تمیس شب یمانی۔ (پھٹکری) بدستور بورق (سہاگہ)

تمیس موع (بال) صابن سے دھو کر خشک کرکے کنگھی کرلیں اور باریک باریک کتر کر آگ پر اس قدر بھونیں کہ ان میں سے بو آنے لگے۔

تدخین

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
دھواں نکالنا	تدخین	فیومی گیشن Fumigataion

تدخین عربی لفظ دخان کا مصدر ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں دھواں کرنا۔ اصطلاح طب میں دوا کو ایک ہانڈی میں رکھ کر اور اس کے منہ پر سوراخ دار سرپوش وصل کرکے آگ پر رکھ کر اس کا خراب دھواں نکال دینے کو کہتے ہیں۔
اس عمل سے دوا کے مضر اثرات کو اور ناریت کو زائل کیا جاتا ہے۔ طریق۔ یہ عمل مندرجہ بالا طریقے پر کیا جاتا ہے۔ نوٹ۔ مذکورہ طریقے سے بعض ادویات کا دھواں اکٹھا کیا جاتا ہے۔ یعنی سرپوش کے اوپر کاغذ کا خول کلاہ نما چپکا دیا جاتا ہے۔ اور دھواں اٹھ کر اس میں جمع ہوتا جاتا ہے۔ بعدہ اس کو اتار کر کام میں لایا جاتا ہے۔ چنانچہ دخان کندر وغیرہ اسی طرح حاصل کیا جاتا ہے۔

تدبیر

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
مدبر کرنا۔ صاف کرنا۔ درست کرنا	تدبیر	کوریکشن (Correction)

تعریف۔ تدبیر عربی لفظ ہے۔ جس کے لغوی معنی ہیں انجام کو سوچنا۔ اصطلاح دوا سازی میں اس عمل کو کہتے ہیں۔ جس سے کسی دوا کے فاسد اخراجات دور کئے جاتے ہیں اس کو اصلاح یا پرورده کرنا بھی کہتے ہیں۔ ہندی میں شدھ کرنا کہا جاتا ہے۔ ضرورت۔ یہ عمل ادویات کی تیزی یا کسی قسم کی روایت کو دور کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔ طریق۔ جس دوا کو مدبر کرنا ہو اس کو کسی مناسب سیال میں کچھ عرصہ تک بھگو کر یا آگ پر بھون کر صاف کرلیا جاتا ہے۔

تدبیر اجوائن تین شبانہ روز تیز سرکہ میں چو چار انگل اجوائن سے اوپر رہے بھگو کر سایہ میں خشک کرلیا جاتا ہے۔

تدبیر افیون۔ افیون کو گلاب خالص میں ۴ پہر تک بھگو کر چھان لیں اور پھر اس قدر پکائیں کہ گولی باندھنے کے قابل ہو جائے۔ بعض لوگ اس کی مضرت دفع کرنے کی غرض سے اس میں بقدر ضرورت زعفران اور مشک بھی گولی باندھنے سے قبل حل کر کے ملا لیا کرتے ہیں۔

تدبیر اقلیمیا۔ آب بادیان۔ آب سماق۔ آب انگور ترش یا عرق بید مشک میں ملا کر پیس کر کھالیں۔

تدبیر املتاس۔ گلاب یا عرق کیوڑہ میں مغز خیار شنبر (املتاس) کو بھگو کر چھان لیتے ہیں۔

تدبیر آملہ ایک شبانہ روز گائے وغیرہ کے دودھ میں تر کریں۔ بعدہ اچھی طرح دھو کر اس قدر پکائیں کہ وہ گل جائیں۔ پھر کسی چھلنی میں مل کر شیرہ نکالیں۔

تدبیر انزروت۔ انزروت کو شیر الاغ (گدھی کے دودھ) یا لڑکی والی عورت کے دودھ میں گوندھ کر جھاؤ کی لکڑی پر لگا کر کباب کی طرح بھونیں۔ اگر زیادہ اصلاح منظور ہو تو یہ عمل دوبارہ کریں۔

تدبیر ایلوا۔ ایلوے کو سیب۔ بہی۔ گاجر شلغم یا ناشپاتی میں سوراخ کر کے اس میں رکھ دیں۔ اس کے اوپر کپڑا لپیٹ کر آٹا لگا دیں اور آگ (بھوبھل) میں دبا دیں۔ جب حرارت آٹے کو پکا کر ایلوے تک پہنچ جائے اس کو نکال کر خشک کریں۔

تدبیر بابچی۔ سرخ گائے کے پیشاب میں جو ابھی بچہ نہ جنی ہو تر کریں۔ جس وقت پیشاب خشک ہو جائے اور ڈال دیں اکیس دن کے بعد پوست دور کر کے سایہ میں سکھالیں۔

تدبیر پارہ۔ پارے کو کسی موٹے کپڑے میں ڈال کر چالیس مرتبہ نچوڑیں۔ حتیٰ کہ اس کی سیاہی جاتی رہے پھر گھیکوار کے گودے کے ہمراہ کھرل کر لیں۔

تدبیر بھلاواں۔ بھلاواں کو دو ٹکڑے کر کے سنسی یا چمٹی کے منہ سے جسے آگ میں رکھ کر سرخ کر لیا گیا ہو۔ پکڑ کر اچھی طرح دبا دیں اور جو رطوبت اس میں سے نکلے اس کو کسی لکڑی سے علیحدہ کر دیں۔ تاکہ رطوبت مذکور ہاتھ یا جسم کے کسی دوسرے عضو پر نہ لگنے پائے بعدہ بھلاواں کو روغن اخروٹ یا روغن ناریل میں ملا کر استعمال کریں۔

تدبیر بچھناک۔ (میٹھا تیلیا) ایک تولہ پوٹلی میں مضبوط باندھ کر بارہ سیر تازہ دودھ میں اس قدر پکائیں کہ دودھ نصف رہ جائے۔ دو تین مرتبہ ایسا کرنے سے مدبر ہو جائے گا۔

تدبیر بھنگ۔ دیکھو تحمیص بھنگ۔

تدبیر بہروزہ۔ ہانڈی میں پانی بھر کر اس کا منہ کپڑے سے باندھ کر آگ پر رکھیں اور کپڑے کے اوپر بہروزہ رکھ دیں۔ جب گرمی پا کر بہروزہ پانی میں چلا جائے۔ تو صافی دور کر کے اس کو نکال لیں اسی طرح پانچ سات مرتبہ کرنے سے مدبر ہو جائے گا۔

تدبیر بھنگرہی۔ بھنگرہی کو لے کر اس پانی میں جوش دیں جس میں پہلے سپاری توڑ کر جوش دے لے گئی ہو۔

تدبیر توتیا۔ توتیا کو انگوروں کے پانی میں گھس کر شیشے یا چینی کے برتن میں نو روز تک انگوروں کے پانی میں بھگوئے رکھیں۔ مگر ہر روز پانی بدلتے رہیں۔ بعدہ نکال کر سنگ ساق پر پھر انگوروں کے پانی سے پیس کر خشک کر لیں۔

تدبیر تیلنی مکھی۔ (ذراریح) تیلنی مکھی کو باندھ کر کھولتے ہوئے سرکہ میں ڈال دیں جب مر جائے نکال لیں

تدبیر چاکسو۔ پوٹلی میں باندھ کر برگ نیب۔ بادیان یا گدھے کی لید کے ساتھ جوش دے کر چھیل لیں۔ یا پیاز یا آٹے کے اندر رکھ کر بھوبھل میں دبا دیں۔ جب آگ کا اثر اس تک اچھی طرح پہنچ جائے تو نکال کر مقشر کر لیں (مقشر کرنا۔ چھیلنا)

تدبیر جمالگوٹہ۔ جمالگوٹہ کو لے کر پوٹلی میں باندھ لیں اور گوبر یا گدھے کی لید میں پانی ملا کر اس میں ڈال کر جوش دیں پھر اس میں سے نکال کر دہی میں ڈال کر جوش دیں۔ بعدہ نکال کر مقشر کر کے ٹکڑے کر لیں اور اس کے اندر جو سفید رنگ کا ناخن کی مانند چھوٹا سا پردہ ہوتا ہے اس کو نکال دیں۔

تدبیر خاکسی۔ (خوب کلاں) کدوے دراز (لوکی) کے اندر رکھ کر اس کو گل حکمت کرکے بھوبھل میں ایک رات دبائے رکھیں۔ بعدہ نکال کر سائے میں خشک کرلیں۔

تدبیر خبث الحدید۔ خبث الحدید کا سفوف کرکے چھان لیں۔ اور سرکہ مقطر شراب انگوری میں جو اس سے چار انگل اوپر رہے چودہ روز تک بھگوئے رکھیں بعدہ نکال کر روغن بادام میں بریان کرلیں

تدبیر خرول۔ (رائی) دودھ میں جوش دے کر صاف کرلیں۔ امراض چشم میں استعمال کرنے کے لئے بدستور چاکسو مدبر کی جاتی ہے۔

تدبیر رسکپور۔ رسکپور ایک تولہ کی ڈلی برگ منڈی ایک پاؤ کے ہمراہ حقہ کی متعفن پانی میں ڈال کر پکائیں۔ جب پانی نصف کے قریب رہ جائے تو نکال لیں۔ یا رسکپور پوٹلی میں باندھ کر شیر گاؤ بقدر مناسب (جن میں برگ بھنگ ایک پاؤ ڈال لئے گئے ہوں) میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب دودھ تیسرا حصہ رہ جائے اتار کر نکال لیں۔

تدبیر ریوند چینی۔ ریوند چینی کو پانی میں جوش کرکے خشک کرلیں۔

تدبیر زیرہ۔ بدستور اجوائن۔

تدبیر سجی۔ پانی میں حل کرکے کپڑے میں چھان لیں۔ سات مرتبہ یہ عمل کریں۔

تدبیر سرمہ۔ سرمے کو ترپھلے (ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ) کے پانی میں ڈال کر صبح سے شام تک جوش دیں

تدبیر سقمونیا۔ سیب یا بہی کے اندر جوف کرکے سقمونیا کو اس میں رکھ کر جوف مذکور کو کنجد سفید سے بھر کر اسی سیب یا بہی کے ٹکڑے سے منہ بند کردیں اور اس کے اوپر تمام طرف آٹا لگا کر تنور میں جس کی حرارت معتدل ہو یعنی بہت زیادہ گرم نہ ہو رکھ دیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے۔ نکال لیں۔ سقمونیا مدبر ہو جائے گا۔ اس کو سقمونیا مشوی کہتے ہیں۔

تدبیر سنکھیا۔ چرچٹے کی راکھ کے مقطر پانی میں سنکھیا کو پیس کر ڈالیں اور اس قدر پکائیں کہ خشک ہو جائے۔

تدبیر سنگ بصری۔ سنگ بصری کو آگ میں سرخ کرکے گلاب ماء الجبن آب برگ انار یا عرق لیموں وغیرہ میں سات دس یا اکیس مرتبہ حسب ضرورت بجھالیں۔

تدبیر شورہ۔ شورہ ۲ تولہ۔ گندھک ۱۴ ماشے مٹی کے کورے برتن میں رکھ کر کوئلوں کی آگ پر اس وقت تک رکھیں کہ ان میں سے شعلہ نکل کر موقوف ہو جائے۔ بعدہ کانسی کر

برتن میں ڈال کر جمالیں۔

تدبیر غاریقون۔ کمبل میں اس قدر چھانیں کہ اس کے سخت سمیت دار ریشے علیحدہ ہو جائیں۔

تدبیر کٹکی۔ تازہ دودھ میں تین رات دن تر رکھیں مگر ہر آٹھ پہر کے بعد دودھ بدل دیا کریں۔ بعدہ خشک کرلیں۔

تدبیر کچلہ۔ ایک شبانہ روز پانی میں تر کر کے اوپر کا چھلکا دور کریں بعدہ خشک کر کے سوہان سے ریت کر برادہ بنالیں۔ پھر یا تو برادہ مذکور ایک شبانہ روز سرکہ میں تر کر کے خشک کرلیں اور یا پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں جوش دے لیں۔

تدبیر کسیس۔ ایک تولہ کسیس کو عرق بھنگرہ میں ڈال کر پکائیں بعدہ تل کے تیل میں سرد کرلیں۔

تدبیر کندش۔ چینی یا شیشے کے برتن میں سرکہ انگوری ڈال کر ایک شبانہ روز اس میں تر رکھیں بعدہ خشک کرلیں۔

تدبیر گندھک۔ ایک ہانڈی میں بقدر نصف دودھ بھر کر اس کے منہ پر باریک کپڑا باندھ دیں اور گندھ کو جوکوب کر کے اس کپڑے کے اوپر پھیلا کر اوپر ابرک کا ٹکڑا یا توا رکھ دیں۔ پھر توے پر آگ رکھیں جب گندھک حرارت سے پگھل کر دودھ میں گر پڑے تو نکال لیں مدبر ہو جائے گی۔

تدبیر گوکھرو۔ گوکھرو کو تین شبانہ روز دودھ میں بھگو کر سایہ میں خشک کرلیں تین مرتبہ یہ عمل کرنے سے مدبر ہو جائے گا۔

تدبیر لوہا۔ برادہ آہن (لوہا) کوزہ گلی آب نادیدہ کورے مٹی کے کوزے میں رکھ کر آگ پر سرخ کریں۔ اچھی طرح سرخ ہو جانے کے بعد روغن کنجد میں بجھالیں۔ اور خشک کرنے کے بعد دوبارہ سرخ کر کے سرکہ انگوری میں بجھائیں۔ پھر تیسری مرتبہ سرخ کر کے بیل کے پیشاب اور چوتھی مرتبہ گائے کی ترش دہی کے توڑ میں بجھا کر پیس لیں اور دھو کر تہ نشیں کرلیں یا برادہ آہن کو صاف کر کے عرق لیموں میں کھرل کریں اور پھر شراب میں اور تیسری مرتبہ چھاچھ (لسی) میں کھرل کریں۔

تدبیر مازریون۔ تین شبانہ روز سرکہ میں جو اس سے چار انگل اوپر رہے بھگوئے رکھیں بعدہ اس کو خشک کر کے جوکوب کر کے روغن بادام میں چرب کرلیں۔

ترویق

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
مروق کرنا۔ پھاڑنا	رویق	ڈ-لیپومیشن Depumation

تعریف۔ ترویق یعنی مروق کرنا ایک عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں شراب کو نچوڑنا اور صاف

کرنا۔ طبی اصطلاح میں پتیوں کا عرق نچوڑ کر اس کو آگ پر پھاڑ کر صاف کرنے کو ترویق کہتے ہیں اور اس عمل سے تیار کئے ہوئے پانی کو مروق کہتے ہیں۔

ضرورت۔ یہ عمل اس لئے کیا جاتا ہے کہ کثیف اجزاء علیحدہ ہو جائیں اور لطیف اجزاء علیحدہ ہو کر غیر مضر سریع النفوذ اور قوی العمل ہو جائیں اکثر اوقات داخلی استعمال کے لئے کیا جاتا ہے۔ خارجی استعمال کے لئے ایسا کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

طریق عمل۔ جن پتیوں کا پھاڑا ہوا پانی (آب مروق) لینا منظور ہوتا ہے۔ ان کو ہاون دستہ وغیرہ میں کوٹ لیا جاتا ہے اور پھر ایک کپڑے میں ڈال کر ان کو نچوڑ لیا جاتا ہے بعدہ کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ دیا جاتا ہے جس کی حرارت سے جوش کھا کر سبزی علیحدہ ہو جاتی ہے اور میلا سا پانی علیحدہ ہو جاتا ہے جس کو کپڑے میں آہستگی سے چھان لیا جاتا ہے زیادہ زور سے دبا کر چھاننے میں سبزی بھی چھن لی جاتی ہے۔

ترویق برگ بارتنگ۔ پتوں کو دھو کر صاف کر کے پیس اور ان کا عرق نچوڑ کر آگ پر پکائیں۔ جب پھٹ جائے چھان لیں۔

ترویق برگ کاسنی۔ پتوں کا پانی نچوڑ کر رات بھر محفوظ رکھیں صبح رقیق اجزا غلیظ اجزاء سے علیحدہ ہو جائیں گے کسی موٹے کپڑے سے چھان لیں یا بدستور مذکور مروق کر لیں۔

ترویق برگ مکو۔ بدستور مذکور۔

برگ شلجم ۔ چقندر۔ ترب وغیرہ کا پانی بھی بدسور مذکورہ مروق کیا جاتا ہے۔

تریاق

تریاق کو معجون کے طریقے پر تیار کیا جاتا ہے۔ (تریاق کے لئے دیکھو صفحہ ۲۷)

تسقیہ

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
پانی دینا	تسقیہ	

تسقیہ عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں پانی دینا۔ اصلاح طب میں دوا کو مسلم یا سفوف کر کے کسی سیال چیز میں تر رکھ کر خشک کر لینے کو کہتے ہیں۔

ضرورت۔ یہ عمل دوا کی حرارت کو کم کرنے یا اس کی کسی روایت کو دور کرنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔ اور حسب ضرورت ایک دفعہ یا کئی دفعہ کیا جاتا ہے۔

طریق۔ دوا کو حسب ہدایت مسلم یا سفوف کر کے مناسب سیال میں تر کر دیا جاتا ہے بعدہ اس کو نکال کر خشک کر لیا جاتا ہے۔

تشویہ

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
بھلبھلانا	تشویہ	روسٹنگ Roasting

تعریف۔ تشویہ عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں بھلبھلانا یعنی بھوبھل میں دبا کر حرارت پہنچانا۔ اصطلاح دوا سازی میں کسی رطب پھل یا جڑ وغیرہ کو بھوبھل میں بھلبھلا کر اس کا عرق نکالنے کو کہتے ہیں۔ اس طرح تیار کی ہوئی دوا کو مشوی کہا جاتا ہے۔

ضرورت۔ یہ عمل مختلف اغراض کے واسطے کیا جاتا ہے یا تو کسی چیز کی رطوبت کو خشک کرنے کے واسطے یا لطیف یا کثیف اجزاء کو علیحدہ علیحدہ کرنے کے واسطے یا ایک دوا کا اثر دوسری دوا میں پہنچانے کے واسطے یا بعض ادویات کی ردایت کو دور کرنے کے واسطے۔

طریق۔ اغراض کے لحاظ سے اس عمل کے طریق بھی مختلف ہیں چنانچہ جب کسی رطب پھل یا جڑ وغیرہ کا صرف پانی نکالنا مطلوب ہوتا ہے تو اس کو کپڑوتی کر کے یا بغیر کپڑوتی کرنے کے بھوبھل۔ گرم ریگ۔ تنور۔ بھٹی یا نرم آگ میں رکھتے ہیں اور کچھ دیر کے بعد نکال کر اس کا پانی نچوڑ لیتے ہیں مثلاً" کدو۔ کھیرا۔ پیاز۔ تربوز۔ بینگن وغیرہ کو اسی طرح مشوی کیا جاتا ہے۔ یا جب ایک دوا کا اثر دوسری دوا میں پہنچانا منظور ہوتا ہے تو اس کو اس شئے کے نگدہ میں یا اگر رطب پھل وغیرہ ہو تو اس کو کھوکھلا کر کے اس کے اندر رکھ کر مذکورہ طریق سے آگ دی جاتی ہے۔ مثلاً" سقمونیا وغیرہ اسی طرح مسوق کیا جاتا ہے گاہے گل حکمت کر کے یا آٹے میں لپیٹ کر آگ میں یا بھوبھل وغیرہ میں رکھا جاتا ہے۔

تشویہ پیاز دشتی۔ پیاز دشتی پرت دار لے کر اس پر گندھا ہوا آٹا لپیٹ دیں اور گرم بھوبھل میں دبائیں جب آٹا پک جائے یعنی سرخ ہو جائے اور حرارت پیاز تک پہنچ جائے نکال لیں۔

نوٹ۔ پیاز دشتی دو قسم کا ہوتا ہے (۱) گودیدار (۲) پرت دار۔ گودیدار سمی ہوتا ہے اور قریب قریب غیر مستعمل۔

تشویہ خاکسی۔ خاکسی کو آٹے کے اندر رکھ کر اس کو آگ پر خوب گرم کریں بعدہ نکال کر دھو کر صاف لیں۔

تشویہ سنگ بصری۔ باریک پیس کر پانی میں تر کر کے ٹکیاں بنائیں اور سفالہ (ٹھیکری) پر رکھ کر دھیمی آنچ پر رکھیں اور الٹتے پلٹتے رہیں۔ حتیٰ کہ خشک ہو جائے۔

تشویہ کدوے دراز۔ (لوکی) کدو کے اوپر پنڈول (چکنی مٹی) لگا کر بھوبھا

دو پہر تک دبائے رکھیں۔ بعدہ نکال کر مٹی دھو دیں اور چھل کر نچوڑ لیں۔

تشویہ خیارین۔ (کھیرا و ککڑی) بدستور کدوے دراز۔

تشویہ سقمونیا۔ دیکھیے تدبیر سقمونیا۔

تصویل

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
نتھار کر صاف کرنا	تصویل	اے لیوٹری ایشن

تصویل عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں زیادتی کرنا۔ اصطلاح طب میں کسی دوا کو خوب باریک کر کے پانی پر سے اس کا غبار لینے کو کہتے ہیں۔ کیونکہ اس میں بھی کسی چیز کو پانی میں ملا کر زیادہ کیا جاتا ہے اور بعد میں نتھار کر غبار لے لیا جاتا ہے۔

ضرورت۔ یہ عمل تصفیہ و اصلاح دوا کے واسطے کیا جاتا ہے۔

طریق عمل۔ کسی غیر محلل سفوف کو پانی میں ملا کر اسے تھوڑی دیر تک ٹھیرا دیتے ہیں تاکہ اس کے موٹے ذرات اور کنکر ریت وغیرہ تہ نشین ہو جائیں۔ پھر اس کے اوپر کا پانی نتھار لیتے ہیں اور تہ نشین کنکر ریت وغیرہ کو پھینک دیتے ہیں۔ پھر اس نتھرے ہوئے پانی کو کچھ دیر ٹھیرا کر مکرر سہ نتھارتے ہیں۔ پھر اس آخری نتھرے ہوئی پانی میں جو دوا کے نہایت باریک ذرات تہ نشین ہوتے ہیں۔ ان پر سے پانی کو نتھار کر انہیں جمع کر کے خشک کر لیتے ہیں۔ چنانچہ کھڑیا مٹی وغیرہ کو اسی طریق سے صاف کیا جاتا ہے۔

تصفیہ

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
صاف کرنا۔ سودھنا	تصفیہ	کلیری فیکیشن Clarification

تصفیہ عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں صاف کرنا۔ اصطلاح دوا سازی میں بھی کسی دوا کو چھان کر یا کسی دوسرے طریقے سے صاف کرنے کو تصفیہ کہتے ہیں اس طرح سے صاف کی ہوئی دوا کو مصفیٰ کہتے ہیں۔ ضرورت۔ یہ عمل دوا کی ردائت اور مضر اثرات کو دور کرنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔ طریقہ۔ مختلف طریق سے کیا جاتا ہے کبھی ہانڈی میں پانی یا کوئی دوسری سیال چیز بقدر نصف کے ڈال کر اس کے منہ پر کپڑا باندھ کے اوپر دوا رکھ دی جاتی ہے۔ اور کناروں پر آٹا لگا کر اوپر توا وغیرہ جس کی پشت دوا سے ملی رہتی ہے رکھ دیا جاتا ہے۔ اب توے کے اوپر اس قدر آگ رکھ دی جاتی ہے کہ اس کی حرارت سے دوا پگھل کر ہانڈی کے

اندر سیال مذکور میں گر پڑتی ہے یا دوا کو سرپوش سے بند کر کے ہانڈی کے نیچے آگ جلائی جاتی ہے جس سے سیال چیز کے جوش سے دوا پگھل کر ہانڈی کے اندر ٹپک پڑتی ہے یا نیم جامد ادویہ مثلاً" شہد و چربی وغیرہ کو فلالین کی صافی میں چھان لیا جاتا ہے۔ کلیری فیکیشن Clarification یا عمل ترویق (دیکھو صفحہ ۴۰) سے تصفیہ کیا جاتا ہے۔ ڈیسپومیشن Despumation یا نباتی دوا کو شراب میں بھگو کر ٹپکا لیتے ہیں۔ پرکولیشن Percolation یا مناسب عرقیات میں ایک دفعہ یا متواتر کئی دفعہ بھگو کر جوش دے کر ادویات کو مصفی کیا جاتا ہے (نیز دیکھئے اصلاح۔ تدبیر ترویق تقطیر تصویل وغیرہ۔

تصفیہ ابرک۔ ابرک کو آگ میں گرم کر کے دودھ یا چولائی کے رس میں بجھائیں۔

تصفیہ ایلوا۔ بیس حصے کھولتے ہوئے پانی میں ڈال کر تین روز تک دھوپ میں رکھیں بعدہ چھان کر رکھ دیں جب گاد نیچے بیٹھ جائے نتھار کر پانی علیحدہ کر دیں اور تہ نشین اجزا کو گاڑھا کر لیں۔

تصفیہ افیون۔ دیکھئے تدبیر افیون۔

تصفیہ پارہ۔ دیکھئے تدبیر پارہ

تصفیہ پیتل۔ پیتل کے پترے لے کر پہلے سات مرتبہ روغن کنجد میں پھر گائے کے پیشاب میں پھر آب ترپھلہ (ہلیلہ' بلیلہ' آملہ) میں پھر جوشاندہ اصل السوس میں آگ سے سرخ کر کے سات سات مرتبہ بجھالیں۔

تصفیہ تانبا۔ تانبا پگھلا کر تین بار تیل اور چھاچھ میں سرد کر دیں۔

نوٹ۔ اگر جلدی پگھلانا منظور ہو تو قدرے سنکھیا یا کانچ کا ٹکڑا ڈال دیں۔

تصفیہ جست۔ پہلے آب اطریفل یعنی ترپھلہ میں سات دفعہ پھر فلفل سیاہ زنجبیل اور فلفل دراز کے خیساندوں میں پھر آب برگ کو آب برگ بکائن اور روغن میں پگھلا کر بجھائیں۔

تصفیہ سجی۔ دیکھئے تدبیر سجی

تصفیہ سلاجیت۔ گائے کے دودھ جوشاندہ ترپھلہ یا عرق بھنگرہ میں بھگو کر ایک دن کے بعد جوش دیں اور بعدہ مل کر کپڑے میں چھان کر سکھالیں۔

تصفیہ سنکھیا۔ سنکھیا کو عرق لیموں میں کھرل کر کے عرق مذکور اس میں جذب کریں گیارہ مرتبہ ایسا کرنے سے مصفی ہو جائے گا۔

تصفیہ سونا۔ بدستور پیتل۔
تصفیہ سونا مکھی۔ سونا مکھی اور نمک لاہوری ہم وزن ہر دو کو پیس کر لوہے کی کڑاہی میں آگ پر رکھیں۔ اور اس میں کانجی کی ترشی چھان کر ڈالیں۔ اور چار پہر اس کے نیچے آگ جلاتے رہیں۔ ساتھ ساتھ لوہے کے چمچے سے ہلاتے رہیں۔
تصفیہ سہاگہ۔ گائے کے پیشاب میں ڈال کر چار پہر تک جوش دے کر خشک کر کے تیل میں بھگو دیں۔
تصفیہ سیسہ۔ سیسے کو پگھلا کر چھاچھ میں روغن کنجد میں گائے کے پیشاب میں کانجی میں جوشاندہ ہا آب ترپھلہ میں اور شیر مدار (آکھ کے دودھ) میں سات سات مرتبہ بجھائیں۔
نوٹ۔ گاہے شیر مار میں نہیں بجھاتے۔
تصفیہ شنگرف۔ عرق لیموں یا شیر گاؤ میں دن بھر کھرل کر کے خشک کر لیں۔
تصفیہ شہد۔ شہد کو جوش دے کر اتار لیا جاتے جوش فرد ہونے پر جو کف باقی رہے اس کو علیحدہ کر دیں۔ اسی کو شہد کف گرفتہ بھی کہتے ہیں۔
تصفیہ شورہ۔ باریک پیس کر پانی میں حل کر کے نتھار لیں اور پھر آگ پر خشک کر لیں۔ دو مرتبہ ایسا کرنے سے صاف ہو جائے گا۔
تصفیہ عقیق۔ عقیق کے ٹکڑوں پر برانڈی شراب۔ عرق گاؤ زبان۔ عرق گلاب اور سرکہ ہم وزن ڈال کر آنچ دیں۔
تصفیہ فلزات یعنی دھاتیں۔ دھاتیں دو قسم کی ہوتی ہیں (۱) سریع الذوبان جلدی پگھلنے والی مثلاً" سیسہ۔ جست وغیرہ (۲) بطی الذوبان (دیر میں پگھلنے والی) مثلاً" لوہا۔ تانبا وغیرہ ہر ایک کے تصفیہ کی ترکیب ان کے بیان میں درج ہے۔
تصفیہ کافور۔ دودھ کو گرم کر کے چینی کے برتن میں ڈال کر کافور کے ٹکڑے اس میں ڈال دیں اور انگلی سے آہستہ آہستہ ملیں۔ پھر نکال کر تار کی چھلنی پر ڈال کر خشک کر لیں۔
تصفیہ کانسی۔ بدستور پیتل
تصفیہ سنگ پشت۔ خاکستر چوب انگور۔ نمک۔ آب گرم سے چند مرتبہ دھوئیں۔
تصفیہ کمیلا۔ پانی میں ڈالیں جو اوپر تیر تار ہے وہ مصفی ہے۔
تصفیہ گندھک۔ پیس کر سات مرتبہ گھی میں پگھلا کر دودھ میں ڈالیں۔
تصفیہ گندہ بہروزہ۔ دیکھئے تدبیر گندہ بہروزہ

تصفیہ کیچوا۔ اجوائن کو عرق لیموں یا دودھ میں پیس کر کیچوؤں میں ڈالیں سب مٹی اگل کر مصفی ہو جائیں گے۔

تصفیہ لوہا۔ برادہ آہن لے کر نمک اور پانی کے ساتھ کھرل کریں۔

تصفیہ مونگا۔ (شاخ مرجان) پوٹلی میں باندھ کر مٹی کے برتن میں دودھ بھر کر پوٹلی مذکور اس میں لٹکا دیں اور نرم آنچ پر پکا کر پانی سے دھو ڈالیں۔

تصفیہ مروارید۔ چاولوں کا آٹا ملیں یا چاولوں کے نیم گرم آب جوش میں دھوئیں۔

تصفیہ ہڑتال۔ گائے کے چھاچھ میں چار پہر کھرل کریں یا باریک پیس کر پوٹلی میں باندھ کر ایک پہر ترپھلے کے پانی میں پھر سرکے میں پھر خالص پانی میں پھر روغن کنجد میں بطریق ڈول جنتر پکائیں۔ مصفی ہو جاوے گی۔

نوٹ۔ ڈول جنتر اس کی ترکیب یہ ہے کہ ہنڈی میں نصف تک مناسب سیال بھر کر دوا کو پوٹلی میں باندھ کر ایسی کڑی نے باندھتے ہیں ہو ہانڈی کے منہ پر برابر آ جاوے اور پھر پوٹلی مذکور ہانڈی مذکور میں اس طرح لٹکائیں کہ پیندے تک نہ پہنچے ہانڈی کو ٹھیکرے وغیرہ سے ڈھک دیتے ہیں۔ اگر ہوا بند رکھنی ہو تو کپڑوتی بھی کر دیتے ہیں۔ ورنہ یونہی آگ پر رکھ کر پکاتے ہیں۔ اگر دوا سیال شئے میں ڈوبی رہے تو اسے ڈول جنتر غرقی کہتے ہیں اگر سیال کے اوپر رہے تو صرف ڈول جنتر کہا جاتا ہے۔

تصفیہ یاقوت۔ بدستور عقیق

تصعید

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
جوہر اڑانا	تصعید	سبلی میشن Sublimation

تصعید عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں چڑھاوا۔ اصطلاح طب میں کسی چیز کے بذریعہ بخارات جوہر اڑانے کو کہتے ہیں۔

ضرورت۔ یہ عمل اس غرض کے لئے کیا جاتا ہے کہ ادویات کے اصلی ثقیل اجزاء کو بذریعہ حرارت اڑا کر علیحدہ کر لیا جاتا ہے۔ تاکہ وہ قوی التاثیر اور سریع العمل ہو جائیں۔

طریق۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ دو برتن لے کر ایک میں دوا جس کا جوہر اڑانا مطلوب ہوتا ہے ڈال کر آگ پر رکھ دیا جاتا ہے اور دوسرے کو اس کے اوپر اوندھا کر کے یا مٹی وغیرہ سے ان کے منہ اچھی طرح ملا دیئے جاتے ہیں۔ اوپر والے برتن پر موٹا کپڑا تر کر کے رکھ دیا جاتا ہے جو

گرم ہونے پر دوسرے تر کپڑے سے بدلتے رہتے ہیں۔ اس سے دوا کا جوہر آگ کی حرارت سے اوپر کو چڑھتا ہے اور اوپر والے برتن کے پیندے میں جا کر سردی سے جمتا جاتا ہے۔ اسی طرح جوہر اڑا کر سرد ہونے پر علیحدہ کر لیا جاتا ہے۔ نوٹ۔ اگر بخارات مذکورہ بشکل کتلہ و ٹکڑہ جمع ہوں تو ان کو انگریزی میں سبلی میٹ اور عربی میں مصعد کہتے ہیں جیسے کروسو سبلی میٹ (جوہر سنکھیا) اور اگر وہ مثل پر کے ہوں تو ان کو انگریزی میں فلاورس اور اردو میں پھول کہتے ہیں۔

تصعید شورہ۔ شورہ قلمی مصفیٰ لے کر پیسیں اور کوری ہانڈی میں بقدر ۲ انگل کے ایک تہ بچھا دیں اس کے اوپر تخم سریالی کا سفوف چھڑکیں پھر دوسری تہ شورے کی بچھا کر اسی طرح سفوف مذکور چھڑکیں۔ علیٰ ہذا سات تہیں جمائیں بعدہ ایک دوسری ہانڈی لے کر پہلی کے اوپر منہ سے منہ ملا کر اوندھا کر رکھ لیں۔ بعدہ گل حکمت کر کے دھیمی آنچ پر رکھیں دن بھر آنچ دے کر اتار لیں۔ سرد ہونے پر اوپر والی ہانڈی کے پیندے سے جوہر اتار لیں۔

تصعید کافور۔ ایک کوری ہانڈی میں بھر کر بدستور مذکور جوہر اڑا لیں۔

تصعید نوشادر۔ پہلے نوشادر کو عرق لیموں میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کر لیا جائے بعدہ بدستور مذکور جوہر اڑا لیں۔ یا نوشادر باریک پیس کر ایک برتن میں ڈال کر اس میں سات حصے پیشاب ڈال دیں۔ اور برتن کے منہ پر کاغذ رکھ کر خوب باندھ کر گرمی کے موسم میں ایسی جگہ رکھیں۔ جہاں تمام دن دھوپ رہے۔ مگر برتن آدھا خالی رہنا چاہیئے۔ اس ترکیب سے بھی جوہر اڑ کر برتن کے خالی حصوں میں لگ جائے گا۔

تصعید لوبان۔ لوبان کے ٹکڑے کر کے مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر ہانڈی کے منہ پر ایک ٹوپی بقدر نصف یا پونگز لمبی بنا کر چسپاں کر دیں۔ اور نیچے تیل کے چراغ کی ہلکی آگ دیں۔

تصعید رسکپور۔ بدستور معروف۔

تطبیخ

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
جوشاندہ بنانا	تطبیخ	ڈی کاکشن De coction

تعریف۔ تطبیخ عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں پکانا۔ اصطلاح طب میں کسی سیال چیز کو دیگچی میں ڈال کر آگ پر رکھنا اور دوا کو پوٹلی میں باندھ کر اس میں اس طرح لٹکا کر پکانا کہ دوا تہ نشین نہ ہو یا اجسام صلب (سخت اجسام) کو کسی سیال میں یا صرف پانی میں ایک دفعہ یا کئی دفعہ

جوش کر لینا۔ اس طرح سے تیار کی ہوئی دوا کو مطبوخ یا جوشاندہ کہتے ہیں۔ نیز دیکھئے بیان مطبوخ۔ ضرورت۔ ادویات مناسبہ کے اجزاء موثر کو سیال مناسب میں علیحدہ کر لینے کے واسطے یہ عمل کیا جاتا ہے تاکہ وہ آسانی سے استعمال کیا جا سکے اور اس سے مطلوبہ اثرات جلدی حاصل ہو سکیں۔

طریق عمل۔ ادویات کو آب مقطر یا مناسب سیال میں ڈال کر ڈھکنے دار برتن میں ۵ - ۱۰ منٹ تک جوش دے کر سرد کر کے چھان لیں۔ گاہے ادویات کو رات کے وقت گرم پانی میں بھگو کر صبح صاف کر لیا جاتا ہے۔

نوٹ۔ مطبوخ چونکہ عرصہ تک پڑا رہنے سے خراب ہو جاتا ہے اس لئے بوقت ضرورت تازہ تیار کر لینا چاہیئے۔

تطفیہ

اردو نام	عربی نام	انگریزی نام
بجھانا	تطفیہ	

تعریف۔ تطفیہ عربی لفظ ہے جس کے لغوی معنی ہیں بجھانا۔ اصطلاح دوا سازی میں سخت معدنی ادویات کو آگ میں گرم یا سرخ کر کے پانی میں یا کسی دوسرے مناسب سیال میں بجھا لینے کو کہتے ہیں یہ عمل دوا کو لینے کے قابل بنانے کے واسطے یا اس کی کوئی روایت دور کرنے کے واسطے یا اس میں سے حدت و حرارت کو کم کرنے کے واسطے کیا جاتا ہے۔

